سرکاری رپورٹ

صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات 2024

سوموار،24۔جون 2024

(یوم الاثنین،17۔ذوالحج 1445ھ)

اٹھارہویں اسمبلی: گیارہواں اجلاس

جلد11: شمارہ7

525

فہرست کارروائی

برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

سوموار، 24۔جون 2024

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

عام بحث

"سالانہ بجٹ برائے سال 25-2024 پر عام بحث"

527

صوبائی اسمبلی پنجاب

اٹھارہویں اسمبلی کا گیارہواں اجلاس

سوموار، 24۔جون 2024

(یوم الاثنین، 17۔ذوالحج 1445ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں دوپہر 12 بج کر 38 منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر ملک محمد احمد خان منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ قاری عبد الماجد نور نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم o

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَ اسْجُدُوْا وَ اعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَ افْعَلُوا الْخَیْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ(77)
وَ جَاهِدُوْا فِی اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَ مَا جَعَلَ عَلَیْكُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ
مِلَّةَ اَبِیْكُمْ اِبْرٰهِیْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِیْنَ ۙ۬ مِنْ قَبْلُ وَ فِیْ هٰذَا لِیَكُوْنَ الرَّسُوْلُ
شَهِیْدًا عَلَیْكُمْ وَ تَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۖۚ فَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اعْتَصِمُوْا
بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِیْرُ(78)

سورۃ الحج (آیات نمبر 77 تا 78)

اے ایمان والو! رکوع اور سجدہ کیا کرو اور اپنے رب کی بندگی کرو اور بھلائی کرو تا کہ تمہارا بھلا ہو(77) اور اللہ کی راہ میں کوشش کرو جیسا کوشش کرنے کا حق ہے۔ تمہارے باپ ابراہیم علیہ السلام کا دین ہے۔ اسی نے تمہارا نام پہلے سے مسلمان رکھا تھا۔ اور اس قرآن میں بھی۔ تا کہ رسول ﷺ تم پر گواہ بنے اور تم لوگوں پر گواہ بنو۔ پس نماز قائم کرو۔ اور زکوٰۃ دو اور اللہ کو مضبوط ہو کر پکڑو۔ وہی تمہارا مولا ہے۔ پھر کیا ہی اچھا مولا ہے اور کیا ہی اچھا پروردگار ہے(78)

وما علینا الا البلاغ o

نعت رسول مقبول ﷺ جناب اختر حسین قریشی نے پیش کی۔

نعت رسول مقبول ﷺ

لوح بھی تو قلم بھی تو تیرا وجود الکتاب
گنبدِ آبگینہ رنگ تیرے محیط میں حباب
شوق تیرا اگر نہ ہو میری نماز کا امام
میرا قیام بھی حجاب میرا سجود بھی حجاب
تیری نگاہِ ناز سے دونوں مراد پا گئے
عقل و غیاب و جستجو عشق حضور و اضطراب

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

جناب سجاد احمد: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: اگر آپ اجازت دیں تو میں ایک بات کر لوں۔

جناب سجاد احمد: جناب سپیکر! جی، ٹھیک ہے۔

RULING OF MR SPEAKER REGARDING SIGNING THE PUNJAB DEFAMATION BILL 2024 AS ACTING GOVERNOR

جناب سپیکر: وزیر خزانہ کی بجٹ تقریر کے بعد لیڈر آف اپوزیشن نے debate open کرنی تھی تو ان سے پہلے جناب آفتاب احمد خان نے ایک پوائنٹ آف آرڈر raise کیا تھا جس کی detailed ruling میں ابھی ہاؤس میں پڑھ رہا ہوں اور ان کا subject matter یہ تھا کہ

I as being acting Governor have acted in a manner which was either in conflict of interest and secondly raised the question of political morality. Now in respect of point of order raised by Mr. Aftab Ahmed Khan MPA PP-108 regarding granting an assent to the Punjab defamation Bill 2024 by the Speaker as the acting Governor. The facts of the point of order on Thursday 20th June 2024 Rana Aftab Ahmed Khan MPA PP-108 raised a point of order that granting of assent to the Punjab defamation Bill 2024 by the Speaker as acting governor is immoral and hit by the principle of conflict of interest. He contended that it was a violation of the principles of separation of powers and checks and balances. He asserted that he was not challenging the legal position of this action of Speaker rather he was only questioning him on moral

grounds. I had reserved my ruling on the point of order in order to give serious and detailed consideration to the matter having given due deliberation on the matter in light of the constitution, our rules and prevalent practices, political morality and the principles of parliamentary supremacy. I hereby rule as under.

The point of order raised by the Rana Aftab Ahmad Sahib Realized on two points i.e conflict of interest and political morality. Before addressing both the objections it is imperative to take up the validity of the point of order from a jurisdictional aspect. Rule 209 of the rules of procedure of provincial assembly of the Punjab 1997, the rules provides the full scope of the point of order even from the cursory consideration of the said rule specially sub-rule 1 and 2 it is evident that it can only relate to the business of the assembly, not any business outside the assembly. The key point here is that the point of order is a parliamentary tool designed to ensure the business of the House in assembly is conducted according to the rules and only those constitutional provisions that regulate the business of the assembly. In so far as the instant point of order is concerned the same raises no questions that require interpretation or enforcement of the rule nor has any article of the constitution that regulates the business of the assembly been referred to. The instant point of order is raised on the grounds that the actions of the Speaker in his capacity as acting Governor are questionable on moral grounds. The same neither relates to the rules of

procedure nor does it raise any concerns regarding the articles of the constitution that relate to the regulation of the conduct of business in the assembly. The assent of the Governor to a bill passed by assembly is clearly outside the scope of both the rules and the articles of the constitution. Governing the regulation of the conduct of business in assembly, thereby not qualifying for a point of order, the provision of 209 of the rules effectively. The instant point of order remains completely out of jurisdiction of the power vested in me. Ruling on merits, however on merits the point of order doesn't have a substance. Role of acting governor, firstly it is crucial to note that Speaker in the absence of the Governor is required to perform the functions of the Governor of the province by the constitution under article 104 of the constitution. Article 104 stipulates that when the Governor by reason of absence from the Pakistan or for any other cause is unable to perform his functions, the Speaker of the provincial assembly in his absence and any other person as the president may nominate shall perform the functions of the Governor until the Governor returns to Pakistan or as the case may be he resume his functions. In this context article 260 of the constitution defines the office of Governor as Governor of a province and includes any person for the time being acting as the Governor of the province. Therefore, from a collective reading of article 104 and article 260 it is evident that the Speaker acting as the Governor has same

powers as the regular Governor. This interpretation has also been advanced by the constitutional courts of Pakistan in number of judgments, particularly in a judgment titled as "Aurangzeb Shah Barki vs Province of Punjab". The function of giving assent can always be performed by the acting Governor to interpret the provisions differently would nullify the very concept of the appointment of the acting Governor to carry out day to day functions and would result in total paralysis of the provincial government in case of temporary absence of the Governor which would never be the intentions of the law makers. The Punjab defamation bill 2024 was passed by the provincial assembly of the Punjab on 20th May 2024 and was sent to the Governor for action under article 116 of the constitution. It was received in Governor's secretariat on 28th May 2024. As per article 116 the Governor had two options, either assent the bill or returns the bill to the assembly with in ten days i.e 7th June 2024. The bill remained in the office of the Governor from 28th May to 6th June 2024. When I assume the charge of the Governor in the terms of article 104 of the constitution, I had only two options mentioned there in before and had only one day i.e 7th June 2024 for taking action under article 116. Since, I as a Speaker was bound by the constitution to send a bill passed by assembly to the Governor for assent and for assuming charge of the acting Governor I was also bound by the constitution to take action under article 116. Hence I acted

according to the constitutional authority vested in me and assented to the bill. I could not have waited for the return of the Governor as the time of ten days stipulated by the constitution would have lapsed. As far as conflict of interest, secondly I found no factual basis for the conflict of interest. In exercise of the constitutional duty I was not party to the bill, as a Speaker I only perform my job as a custodian of the House diligently observe the rules and the procedures for the passage of the bill, referred it to the special committee, allow time for debate in the assembly. I played the role of an impartial referee and did not vote for the bill. There is no factual basis for conflict of interest. As far as political ethics and morality, thirdly from the perspective of political morality, I hold that political morality required me to give assent to will of the people not impede it. Political ethics also known as political morality or public ethics is the practice of making moral judgments about political actions and political agents. From the perspective of the political theory and the development of historic arc of parliamentary supremacy in our country the non-elective executive's role of Governor Rule has been progressively curtailed. Especially after the 18th amendment to the constitution, the offices of the President and the Governor previously…and the left hand Governor is colonial institutions. Governor's office was originally designed to rule over the people and later modified to control the elected representatives of the people. From counsel of

the lieutenant Governor of the Punjab 1897 to Punjab legislative council 1921 to Punjab provincial assembly government of India act 1935 to provincial assembly of the Punjab post 18^{th} amendment in the constitution of the 1973. The people of the Punjab have come a long way through democratic struggle to empower the elected houses of the people not one individual. Even though he may be the Governor after the 18^{th} amendment the office of the Governor is require to effectuate the will of the elected representatives during the exercise of the powers vested in him. Politically and constitutionally Governor is required to facilitate the will of the people not create hurdles. As a custodian of the house head of the legislative branch of the government politically morality ethic democratic values required that I uphold the sanctity of the will of the assembly while exercising any further powers vested in me by the constitution. Ensure that executive functionary such as the Governor do not impede to the legislative domain an in effect the parliamentary sovereignty is up held. Therefore in giving the assent I have up held and advanced the will of assembly without creating any hurdles as is my constitutional and democratic duty. My act as acting Governor required me to either assent to the bill or returns it for reconsideration. I chose the former as it remained consistent with the will of assembly without requiring any reconsideration which was the less invasive with the will of the assembly of the two

options available to me. Lastly it is pertinent to mention that assenting to the acts passed by our assembly by the acting Governor is not a novel example, at least six laws passed by the assembly between 2008 to 2013, seven by the assembly 2013 to 2018 and one by the assembly 2018 to 2023 were ascended to by the acting Governor. There is not a single example that anyone challenged assenting of these laws by the acting Governor or any ground whatsoever. Conclusion is that with the four mentioning reasoning the point of order raised by the honourable Rana Aftab Ahmad Khan member from PP 108 is ruled out of order both on jurisdictional grounds and on merits.

اس کی کاپی آفتاب احمد خان کو بھی دے دیں گے۔جی، سجاد صاحب!

جناب سجاد احمد: جناب سپیکر! میں آپ سے گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ میرا شہر صادق آباد عید الاضحیٰ سے پہلے کا سیور تج کے پانی میں ڈوبا ہوا ہے کیونکہ وہاں تاج چوک تک مین سیور لائن بیٹھ گئی ہے اور آج پورے صادق آباد even 20 سال سے جو ہمارے ایم پی اے اور منسٹر رہے ہیں، ان کے گھر کے پاس کی گلیوں میں سارا سیور تج کا پانی کھڑا ہے۔ میری وزیر خزانہ سے گزارش ہے کہ ہماری سیور تج کی سکیم اس بجٹ میں نہیں رکھی گئی تو مہربانی کر کے ایک تو ہنگامی طور پر ہماری TMA کو مشینری کے لئے کچھ پیسے دیئے جائیں کہ 20 سال سے ہمیں صرف وہاں پر تجربہ ملا ہے کہ جو صاحب ہم پر مسلط تھے ان کے پاس تجربہ بہت زیادہ تھا۔ اُن کے پاس تجربہ تھا کہ انہوں نے ایف آئی آرز کروانی تھی، ان کے پاس تجربہ تھا کہ وہ نوکریاں بیچ سکتے تھے، ان کے پاس تجربہ تھا کہ۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کا جو سیور تج کا مسئلہ تھا ابھی ہاؤس میں وزیر لوکل گورنمنٹ موجود تھے۔ ابھی اُن سے کہتے ہیں وہ اس مسئلے کو حل کراتے ہیں۔

جناب سجاد احمد: جناب سپیکر! میری ایک منٹ کی اسی سے متعلقہ بات ہے وہ سن لیں۔ اُن کے پاس تجربہ تھا کہ وہ نوکریاں بیچ سکتے تھے۔۔۔

جناب سپیکر: آپ پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں میں آپ کو تقریر کیسے کرنے دوں گا؟ کیا آپ اپنے سیور تیج کے مسئلے کو حل کروانا چاہتے ہیں؟

جناب سجاد احمد: جناب سپیکر! میں بالکل حل کروانا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: تو پھر آپ اس پر تقریر کرنا شروع ہو گئے ہیں؟

جناب سجاد احمد: جناب سپیکر! آپ ہماری بات تو سنیں، ہمارے پاس یہی فورم ہے جہاں ہم اپنی بات کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: آپ پھر relevant رہیں۔ مجھے 80 افراد سے تقریر کروانی ہے، اگر آپ کا اُس میں نام ہے تو آپ کی تقریر ہو گی۔ پلیز، آپ پوائنٹ آف آرڈر پر تقریر نہ کریں۔ آپ کا سیور تیج کا مسئلہ ہے میں منسٹر لوکل گورنمنٹ سے کہتا ہوں کہ اُس کو حل کروائیں۔ آپ تشریف رکھیں۔

جناب سجاد احمد: جناب سپیکر! پلیز، بات کرنے دیں۔ ہمیں آپ نے ہی حوصلہ دیا ہے تو ہم بات کر سکتے ہیں۔ یقین کریں ہمارے پاس تو یہی ایک فورم ہے جس پر ہم اپنی گزارش کریں گے۔ میری آخری بات یہ ہے کہ ہماری ایک سڑک تھی اُس کے پیسے شکر الحمدللہ انہوں نے رکھ لئے لیکن کان کبھی اِدھر سے پکڑتے ہیں کبھی اُدھر سے پکڑتے ہیں۔ ہمارا پچھلے ADP میں 50 کروڑ روپیہ سیور تیج اور ٹف ٹائلوں کا رکھا تھا وہ کاٹ کر ادھر دوبارہ رکھ لیا۔ میری فنانس منسٹر صاحب سے گزارش ہے کہ براہ مہربانی ہمیں ان کے پیسے بھی دیئے جائیں۔ بہت شکریہ

بجٹ

سالانہ بجٹ برائے سال 25-2024 پر عام بحث (۔۔۔جاری)

جناب سپیکر: سالانہ بجٹ 25-2024 پر بحث کا آج آخری دن ہے۔ آج کے لئے میرے پاس معزز اراکین کی لمبی فہرست موجود ہے۔ اراکین سے استدعا ہے کہ مختصر وقت میں اپنی بات مکمل کر لیں۔ آخر میں وزیر خزانہ بحث کو wind up کریں گے۔ میری آپ سب سے درخواست

ہو گی کہ آپ اپنے مخصوص ٹائم میں بات کریں کیونکہ بہت سے ممبران نے بات کرنی ہے۔ محترمہ حنا پرویز بٹ!

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! آج کی بحث تو میں نے open کرنی تھی۔

جناب سپیکر: میرے پاس جو لسٹ ہے اُس میں اُن کا نام اوپر ہے، آپ کا نام اوپر نہیں ہے۔

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! میں نے تو اپنا نام بھیجا تھا۔

جناب سپیکر: جی، آپ کا نام چِٹ پر لکھا آگیا ہے۔ چلیں، میں اب حنا پرویز بٹ کو دعوت دے چکا ہوں اِن کے بعد پھر رانا صاحب بات کر لیں گے۔ جی، محترمہ!

محترمہ حنا پرویز بٹ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

جو ہے ذاتِ اقدس علیماً قدیرا
اُسی کی ثناء ہے کثیراً کثیرا
طلوع اظہرِ لطف جس نے کیا ہے
شبِ تارِ ہستی میں قمراً منیرا

جناب سپیکر! میں آپ کی بہت شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے آج اس ایوان میں بجٹ پر بات کرنے کا موقع دیا۔ تاریخ گواہ ہے کہ شریف خاندان نے وطنِ عزیز پاکستان کو سیاسی اور معاشی طور پر مضبوط کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میرے قائد میاں محمد نواز شریف اور خادم اعلیٰ میاں محمد شہباز شریف نے اپنے دور میں پنجاب کی ترقی سے یہ ثابت کر کے دکھایا کہ عوام کی خدمت کیسے کی جاتی ہے۔ اب تاریخ رقم کرنے والی پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ، آئرن لیڈی محترمہ مریم نواز شریف کی 100 دن کی شاندار کارکردگی نے وزیر اعظم شہباز شریف کو بھی یہ کہنے پر مجبور کر دیا Well done Punjab, Well done Mariam Nawaz Sharif (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! Institute of Public Opinion and Research کے سروے نے بھی ثابت کیا کہ پنجاب کی حکومت وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی performance پر کتنی

خوش ہے۔ چاہے وہ روٹی کی قیمت میں کمی ہو، سولر پروگرام کی مقبولیت ہو یا موبائل کلینک کے تحت ایک مہینے میں 10 لاکھ مریضوں کا علاج ہو۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! اس کے علاوہ ایرانی سفیر نے بھی محترمہ مریم نواز شریف کے عوام دوست اقدامات کی تعریف کی۔ سابق حکومت جب شریف فیملی پر ظلم و ستم کر رہی تھی تو اس وقت میری لیڈر مریم نواز شریف نے کہا کہ مجھے نواز شریف کی کمزوری سمجھنے والے جان لیں کہ اِن شاء اللہ میں اُن کی طاقت بن کر دکھاؤں گی۔ پھر ہم نے دیکھا کہ یہ بہادر بیٹی اپنے بے گناہ باپ کی طاقت بن کر سامنے آئیں۔(نعرہ ہائے تحسین)

ہم نہیں وہ جن کا طوفاں سے دہل جاتا ہے دل
ہمت بڑھتی ہے گردش میں ستارہ دیکھ کر

جناب سپیکر! میں محترمہ چیف منسٹر اور ہمارے فنانس منسٹر مجتبیٰ شجاع الرحمٰن کو پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا، ٹیکس فری اور عوام دوست بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ ہم نے دیکھا کہ مریم نواز شریف اپنی انتھک محنت اور commitment سے پنجاب کی طاقت بن کر اُبھری۔ اِن کی قیادت میں روز نئے پراجیکٹس شروع ہوئے۔ آج ہم بتا سکتے ہیں کہ ہم نے 100 دن میں کیا کام کئے لیکن ایسے لوگوں کی حکومت بھی ہم پر مسلط کی گئی تھی جنہوں نے دعویٰ کیا کہ 100 دنوں میں تبدیلی لے کر آئیں گے لیکن تبدیلی کیا خاک آئی ہر گزرتے دن کے ساتھ تباہی آتی گئی۔ اِن لوگوں نے ملکی معیشت، سیاست اور سماج کا بیڑہ غرق کیا۔ پاکستان کو default کے دہانے تک پہنچا دیا۔ محترمہ مریم نواز شریف نے اپنے 100 دنوں میں 100 کام کر کے سنچری مکمل کی جبکہ دوسری طرف گنڈا پور صاحب نے 100 دنوں میں 100 بھڑکیں مار کر ریکارڈ قائم کیا۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ایک کروڑ نوکریوں کے جھوٹے وعدے کئے۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے 50 لاکھ گھر بنانے کے جھوٹے خواب دِکھائے۔ یہ وہی ہیں جنہوں نے معیشت کو ڈبو دیا۔ تاریخ کا سب سے بڑا قرض لیا اور ایک دھیلے کا کام بھی نہیں کیا اور اب جب ہم

کچھ کر کے دکھانا چاہتے ہیں تو اپوزیشن کو چاہئے کہ تنقید کرنے کی بجائے پنجاب کی ترقی میں ہمارا ساتھ دیں۔ ہر شخص پہلے اپنے گریباں میں جھانکے پھر باصد شوق کسی اور پر تنقید کرے۔

جناب سپیکر! اب وہ کام جو پنجاب حکومت نے پچھلے 100 دنوں میں عوام کی ویلفیئر کے لئے کئے ہیں ان میں سے چند کاموں کا ذکر کرنا چاہتی ہوں کہ نگہبان رمضان پیکیج، مریم کی دستک پروگرام، نواز شریف IT city، کسان پیکیج اور کسان کارڈ، اپنا گھر اپنی چھت پروگرام، Chief Minister Skilled Development Program، سی ایم بائیک سکیم، فری وائی فائی، گارمنٹس سٹی، First CM Pink Games اس کے علاوہ پراجیکٹس کی ایک لمبی لسٹ ہے میں نے جب بجٹ documents کا جائزہ لیا تو مجھے خوشی ہوئی کہ women empowerment پنجاب حکومت کی top priority میں سے ہے۔ پنجاب میں خواتین پر پنجاب حکومت نے special attention دی ہے۔ خواتین ہماری آبادی کا نصف سے زیادہ حصہ ہیں۔ ان کو economy کی mainstream میں شامل کئے بغیر ملکی ترقی اور خوشحالی کا سفر ناممکن ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ کے حیثیت سے محترمہ مریم نواز شریف نے خواتین کی welfare and development کے لئے بجٹ میں 2۔ارب روپے کی رقم allocate کی ہے جس میں ڈے کیئر سنٹر کا قیام ہو، ورکنگ وومن ہاسٹلز کی تعمیر، virtual women police station کا قیام ہو، خواتین کے لئے سوشل ویلفیئر کی فراہمی ہو، وراثت میں حصہ ہو، انصاف کی تیز ترین فراہمی یا domestic violence and harassment کا خاتمہ ہو۔ جیسے میں نے پہلے بھی کہا کہ ہماری خواتین، ہماری آبادی کا نصف سے زیادہ حصہ ہیں تو میں فنانس منسٹر کو یہ درخواست کروں گی کہ ان کے لئے allocated budget میں مزید اضافہ کیا جائے۔۔۔

(اذان ظہر)

جناب سپیکر: جی، محترمہ حنا پرویز! اپنی بات جاری رکھیں۔

محترمہ حنا پرویز بٹ: جناب سپیکر! جیسا کہ میں نے ابھی mention کیا کہ خواتین ہماری آبادی کا نصف سے زیادہ حصہ ہیں تو میں فنانس منسٹر سے یہ درخواست کروں گی کہ خواتین کے لئے allocated budget میں مزید اضافہ کیا جائے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! خاتون وزیر اعلیٰ ہونے کے ناطے یہ یقینی بنایا جاسکے کہ پنجاب خواتین کے لئے ایک مثالی اور محفوظ صوبہ ہے۔ جیسا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے محترمہ مریم نواز شریف کی 100 دن کی کارکردگی پر ان کی تعریف کی تو میں بھی CM کو مبارکباد پیش کرنا چاہتی ہوں well done Punjab اور well done Maryam Nawaz (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! یہ ہے ہماری 100 دن کی کارکردگی، یہ بجٹ ایک glimpse ہے اور اسی طرح یہ جو 100 دن کی کارکردگی ہے یہ ہمارے اگلے پانچ سال کا وژن ہے۔ ہم وطن کے جانثار ہیں، ہم وطن کے کام آئیں گے۔ ہم اس زمین کو ایک دن آسماں بنائیں گے۔ اللہ ہمارا حامی وناصر رہے۔

جناب سپیکر: جی، محترمہ حنا پرویز شکریہ۔ جناب آفتاب احمد خان!

جناب آفتاب احمد خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! شکریہ۔ ایک کہاوت ہے کہ عزت اور خوشامد میں بڑی thin line ہوتی ہے تو مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ یہ تعریف کر رہی ہیں یا خوشامد تو اس پر ہمارے شہر کے ایک بہت بڑے انقلابی شاعر حبیب جالب رہے ہیں تو میں ان کے اشعار سے شروع کرتا ہوں کہ:

نہ گفتگو سے نہ وہ شاعری سے جائے گا
عصا اٹھاؤ کہ فرعون اسی سے جائے گا
اگر ہے فکر گریباں تو گھر میں جا بیٹھو
یہ وہ عذاب ہے دیوانگی سے جائے گا
بُجھے چراغ لٹیں عصمتیں چمن اجڑا
یہ رنج جس نے دیئے کب خوشی سے جائے گا
جیو ہماری طرح سے مرو ہماری طرح
نظام زر تو اسی سادگی سے جائے گا
جگا نہ شہہ کے مصاحب کو نیند سے جالب
اگر وہ جاگ اٹھا نوکری سے جائے گا

جناب سپیکر! یہاں پر پہلی تو بات یہ ہے کہ ہمارے محترم وزیر خزانہ نے ہمیں ایک کتابچہ دیا تھا جس پر ہم نے کچھ تجاویز دینی تھی مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جو لوگ اس طرف بیٹھے ہیں یا تو انہوں نے دیکھا نہیں یا انہوں نے مناسب نہ سمجھا۔ میرا خیال ہے کہ اس میں سے اس پر کوئی 5 فیصد بھی غور نہیں کیا گیا۔ میں John Paul Getty کی ایک کتاب پڑھ رہا تھا اس نے کہا تھا کہ never try to become rich at the expense of the poor. آپ یہ غریب کی بات کر رہے ہیں جو آج غریب کی حالت ہے اور جو آپ نے بجٹ رکھا ہے تو آپ صرف یہ non-development budget دیکھ لیں تو بڑی خطرناک حد تک چلا گیا ہے۔ میں non-development budget کے حوالے سے آپ کو صرف ایک ہی مثال دے دیتا ہوں کہ کس طرح سے یہ لوٹ مار کی جارہی ہے۔ میں سب سے پہلے ہیلتھ سیکٹر پر آجاتا ہوں کہ آپ نے جو ہیلتھ سیکٹر کی development میں پیسے رکھے ہیں تو اس میں آپ نے ریسرچ کے لئے کیا رکھا ہے؟ آپ نے لیبارٹریز کے لئے کیا رکھا ہے؟ مگر اس وقت جو حالت ہے میں صرف آپ کو ایک Faisalabad Institute of Cardiology کا بتاتا ہوں کہ وہاں پر اس وقت 2890 مریض انتظار کر رہے ہیں کہ اُن کی open heart surgery ہونی ہے اور وہاں پر صرف ایک ڈاکٹر ہے اور cardiac surgeon جس نے 795 آپریشن 11 ماہ میں کئے ہیں اگر آپ کے پاس ٹائم ہو اُس کو دیکھیں اور آپریشن تھیٹر کی یہ پوزیشن ہے کہ ساہیوال والا واقعہ ہونا ہے۔ ہمارے ایک نوجوان ڈاکٹر نے یہاں کہا ہے، یہاں پر ہر جگہ ڈاکٹر ہڑتال پر ہیں آپ کے پاس پیرا میڈیکل سٹاف کی shortage ہے آپ نے یہ جو revamping, restructuring کی ہے ان پر آپ کو کوئی فائدہ نہیں ہے۔ آپ یہاں پر نہیں تھے اگر معزز اراکین کو میڈیسن نہیں دے رہے تو آپ کس کو دیں گے؟

جناب سپیکر! non-development میں سب سے پہلے آپ کو یہ چیز چاہئے کہ پاکستان کو، پنجاب کو اس وقت دو issues ہیں 1) The population explosion, 2) Corruption آپ بتائیں آپ سپیکر صاحب ہیں میں آپ کو مان جاؤں گا، آپ ہائی کورٹ کے وکیل بھی ہیں کہ آپ مجھے وہاں سے نقل بغیر رشوت کے لے کر دکھا دیں؟ مجھے فرد بغیر پیسے کے لے کر دکھا دیں، مجھے بجلی کا کنکشن بغیر پیسے کے لے کے دکھا دیں، کوئی بھی کام کرنا ہو تو کرپشن ہے۔ پولیس آپ کے سامنے ہے آپ نے کہا تھا کہ نہیں پرچے ہوں گے۔ آج بھی پرچے ہو گئے ہیں اُن پر کارروائی بھی ہو رہی ہے۔

کبھی آپ نے سنا تھا کہ کارکنوں پر تشدد ہوتا ہے؟ کبھی نہیں سنا تھا۔ آپ تعلیم کی طرف آجائیں، تعلیم کی حالت یہ ہے کہ آپ کہہ رہے ہیں ہم نے سکولز کو outsource کرنا ہے، کر سکتے ہیں۔ میرے نزدیک آپ کے لئے ایک بڑی چھوٹی سی تجویز ہے کہ آپ نے اتنی چیزیں outsource کرنی ہیں، آپ گورنمنٹ کو outsource کر دیں کسی کو ٹھیکے پر دے دیں اور اپنا حصہ لے لیں۔

جناب سپیکر! میں آپ کو پولیس کی کارکردگی پر تھوڑی سی روشنی ڈال دوں، پنجاب crime profile میں، میں reported cases پر نہیں جاتا، یہ میں صرف prosecution کا بتاتا ہوں جن کو آپ پیسے دے رہے ہیں۔

جناب سپیکر! 17348 لوگ convict ہوئے ہیں، یہ 29-02-2024 تک کا ہے اور 24510 لوگ acquit ہو گئے ہیں۔ یہ تو آپ acquital کی ratio ہے، prosecution department بالکل کام نہیں کر رہا ہے۔ justice میں یہ آتا ہے اگر آپ کی اجازت ہو میں اس کو پڑھ دوں وہ کہتے ہیں کہ The worst form of injustice is pretending justice. Injustice anywhere is a threat to justice everywhere. It is the spirit and not the form of law that keeps the justice alive. Law without justice is a wound without a cure. Without justice there can be no peace. Law is not law if it violates the principle of eternal justice آپ مجھے بتائیں کہ کیا پاکستان تحریک انصاف کے کارکنوں کے ساتھ اس کو political نہ لیں میں legal بات کر رہا ہوں۔ کیا ان کو Article 9A کے تحت free trial مل رہا ہے؟ کیا آپ کی کورٹس اس وقت آزاد ہیں؟ کیا آپ کو پتا ہے کہ یہ جو press conference میرے خلاف بھی کی گئی کہ he is pressurizing تو میرا تو کوئی نہیں مگر جس معاشرے میں آپ کے ججز انصاف مانگ رہے ہوں تو وہ کیا کسی کو انصاف دیں گے۔ یہاں پر جو بھوک افلاس پھیل رہا ہے یہ کبھی بھی آپ کی سکیموں سے نہیں جائے گا، یہ خیرات سے نہیں جاتا، یہ صرف انصاف سے جاتا ہے اور انصاف آپ کو آج خریدنا پڑ رہا ہے۔ آپ نے اس کے لئے کیا allocation کی ہے؟ مجھے نہیں پتا ہے۔ زمیندار کا سوچ لیں، اریگیشن کا دیکھ لیں، ایگریکلچر میں آپ دیکھ لیں کہ زمیندار کی جو آپ نے حالت کی ہے اُس پر آپ کیا کریں گے؟ زمیندار آج بالکل مقروض ہونے کے علاوہ خودکشی پر اُتر

آیا ہے، اُس کے سارے پیسے ختم ہو گئے ہیں، وہ مقروض ہو گیا ہے، اُس کو بیج نہیں مل رہے۔ آپ یونیورسٹیوں کا حال دیکھیں، یونیورسٹیز میں یہ ہو رہا ہے کہ 40,40 ہزار طالب علم ہیں، آپ کی کیا research ہو رہی ہے؟ یہاں معزز ممبران بیٹھے ہیں میں بڑے وثوق سے کہتا ہوں کہ آپ کو ہر دو کلومیٹر پر مدرسہ بھی مل جائے گا، مسجد بھی ملے گی مگر آپ کو کوئی اعتماد والا بندہ نہیں ملے گا۔ آپ کو ایک کلو دودھ لینا ہو میں کہتا ہوں کراچی سے خیبر تک چلے جائیں، آپ ایک کلو خالص دودھ نہیں خرید سکتے جس معاشرے میں آپ کو خالص دودھ نہیں ملتا، دوائی تو بہت دور کی بات ہے۔

جناب سپیکر! میری گزارش ہے کو جو points بتا رہا ہوں، یہ میں کوئی figures پر نہیں جا رہا ہوں کیونکہ figures پر ادھر ultimately یہ ہوگا کل آپ cut motions لائیں گے، اس پر ہماری کسی بھی تجویز پر غور نہیں کیا جائے گا۔ اب میں آپ کی environment policy علاوہ health facilities کا تو میں نے ذکر کیا ہے امید ہے یہ اس پر غور کریں گے کیونکہ آپ کو میں ایک interesting چیز بتانا بھول گیا کہ اتنی امیر حکومت ہے کہ سیکرٹری ہیلتھ نے 3 بندے رکھے ہوئے ہیں ملازم as consultants تو consultants کو پہلے 6 ماہ کے لئے رکھا گیا پھر ایک دن پہلے اُن کو نکال کر دوسری جگہ پر لے گئے اور اُن کی daily تنخواہ 45 ہزار روپے فی بندہ ہے اور وہ کس چیز کے consultant ہیں یہ کسی کو نہیں پتا کہ کس چیز میں وہ graduate بنا ہے اور یہ کر رہا ہے۔

جناب سپیکر! اس کا audit para بنا ہوا ہے وہ بھی آئے گا جب آپ پی اے سی کی کمیٹی بنائیں گے۔ اس کے بعد environment protection جتنی environment میں اس وقت آلودگی ہے میرا خیال ہے unbelievable ہے۔ آپ ٹریفک دیکھ لیں، اب جو سب سے اہم چیز آئی ہے کہ جو آپ نے development کا پیسا خرچ کرنا ہے، کیا وزیر صاحب نے کسی بھی ہیڈ میں بتایا ہے کہ یہ جو allocation رکھی گئی ہے، اس کو آپ bifurcate کیسے کریں گے، کتنا ریسرچ پر جائے گا، کتنا Laboratories پر جائے گا؟ آپ کی پی ایچ ڈیز کے brain drain کی یہ حالت ہو گئی ہے کہ آپ کے جو طالب علم باہر کورس پر جاتے ہیں وہ واپس نہیں آرہے ہیں، آپ کا یہ سب سے لمحہ فکریہ ہے اور آپ نے اپنی ایجوکیشن کو جو commercialize کیا ہے۔ اس سے آپ کو مزید problems آرہی ہیں تو میری گزارش ہے I have few suggestions اگر آپ اس کو دیکھ لیں کہ ایجوکیشن میں you should increase the allocation of

education infrastructure, teacher training and scholarship and in agriculture, you should support farmer by giving subsidies, irrigation projects and market access.

جناب سپیکر !اریگیشن میں اگر ہماری کینال ہے اس کا ہیڈ سے جو پانی آ رہا ہے اس کا 500 cusec وہیں سے کم آرہا ہےundisclosedجو وارہ بندی بھی ہو رہی ہے تو اس میں بھی آپ توجہ دیں، پھر آپ کے جو ایک social welfare allocate more funds for poverty alleviation. [******************************]

جناب سپیکر: راناصاحب!میں آپ کے یہ الفاظexpungeکر رہاہوں۔ میں آپ سے ان کی توقع نہیں کر رہا تھا ،یہ statementکارروائی سے expungeکر دی جائے this is their constitutional rightمیری آپ سے یہ توقع نہیں تھیthis is their constitutional right

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! there was also a Constitutional provision that these seats to be decreased to some percentage alsoیہ بھی تھی۔ آپ نے جو percentageکی آپ کی گورنمنٹ نے اُس۔۔۔

جناب سپیکر: راناصاحب دیکھیں۔ i am just to the extent to your comments which I felt are derogatory I have expunged them

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر !آپ کریں۔ This is the problem of legal aid services آپ وکلاء حضرات بڑی فیس لیتے ہیں،کچھ لوگ بڑی مشکل سے گزارہ کر کے یہاں پر آتے ہیں اُن کے لئے آپ کو سوچنا پڑے گا کہ how to facilitate those people اُن کے لئے کوئی ایسا fund createکیا جائے تا کہ وہ بھی انصاف لے سکیں اور speedy justiceکا ایکdenial justiceہے کہ جب ایک کیس اُس کا فائل ہو تا ہے تو15,15 سال

* بحکم جناب سپیکر الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

لگ جاتے ہیں اُس کے لئے آپ یہاں کوئی legislation لے آئیں تاکہ it should be disposed of in a quick manner اس کے بعد How much money has been allocated to control the corruption? آپ کی ڈویلپمنٹ میں جو percentage جاتی ہے جو آپ نے پیسے لگانے ہیں اس کو آپ کیوں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پر نہیں کرتے؟ آپ کے معاملات بہتر ہو جائیں گے اور اس طرح آپ کے پیسے بھی بچ جائیں گے۔ یہاں پر کتنے محکمے involve ہوتے ہیں ان سے آپ کو نقصان ہو گا۔ دوسرا you should not try to penalize the people for the political affiliations آپ جس طرح بھی ruling دیتے ہیں the way we are being harassed, victimized or being tortured is unprecedented آپ کو پتا ہے کہ آپ نے ہمارے 81 اراکین کو ECL میں ڈال دیا ہے کیا وہ دہشت گرد ہیں؟ اگر وہ دہشت گرد ہیں تو they should confirm کہ آپ دہشت گرد ہیں کیونکہ آپ نے یہ جرم کیا ہے۔ کیا آپ نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ اپوزیشن کو نہیں رکھنا کیونکہ بجٹ آپ نے through brute majority سے پاس کروانا ہے آپ کے پاس brute majority ہے، کل آپ کے ماشاءاللہ 200 ممبرز ہاؤس میں حاضر ہوں گے اور ہم بھی حاضر ہوں گے۔ آپ مجھے اپنے تجربے سے بتائیں کہ کبھی آپ نے یا کسی حکومت نے بجٹ تقریر پر عمل کیا ہے؟ اگر پہلے کسی نے عمل نہیں کیا تو آپ اس پر عملدرآمد کر لیں۔ ہماری جو solid تجاویز ہیں جیسا کہ بریگیڈیئر صاحب نے سی اینڈ ڈبلیو محکمہ کے حوالے سے کہا تھا اس پر بات کر لیں۔ ہیلتھ سیکٹر، ایجوکیشن، اریگیشن، ایگریکلچر، سوشل سروسز یا آپ کے جتنے بھی محکمے ہیں اس پر بات کر لیں، آپ نے سپورٹس کے حوالے سے اس بجٹ میں کیا رکھا ہے تو آپ نے کچھ بھی نہیں رکھا؟ آپ کے ملک پاکستان میں سب سے بڑا مسئلہ drugs کے حوالے سے آرہا ہے، drugs کا آپ نے ایک بل پاس کر لیا ہے تو already آپ کے پاس انٹی نارکوٹکس فورس ہے اور آپ نے ایک نیا ڈیپارٹمنٹ create کر لیا ہے، you have to rationalize things you have to make things easy آپ ون ونڈو آپریشن کی بات کرتے ہیں، میں کہتا ہوں کہ یہ بڑی اچھی بات ہے، آپ ضرور کریں ہے آپ کریں if you do something good we'll definitely appreciate مگر legislation جو کر رہے ہیں، مجھے آپ ایمانداری سے بتائیں کہ اس میں کیا ہمارے ممبران کی کوئی input ہے؟ آپ نے Defamation Bill دیا

ہے اور اس حوالے سے اب کیسز چلنا شروع ہو گئے ہیں اب آپ نے ایک نیالاء بنادیا ہے جس کے تحت آپ گریڈ16 کے ملازمین کو گریڈ18 میں لگادیں گے۔اب جو پولیس آرڈر 2002 ہے don't make this police your public your private force keep it as a discipline force اگر آپ پولیس کو اپنے سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کریں گے تو یہی پولیس کل آپ کے خلاف استعمال ہوگی rest assure don't leave such impression کہ ہمیں بھی اس طرح react کرنا پڑے۔ آپ ایجوکیشن سیکٹر کو دیکھ لیں آپ کے 90 لاکھ سے زیادہ پڑھے لکھے نوجوان بے روزگار پھر رہے ہیں ان کے پاس jobs نہیں ہیں 38percent of the population of Punjab is living below poverty آپ کی ٹیکسٹائل انڈسٹری بند ہو چکی ہے۔لوگ بجلی اور گیس کا بل ادا نہیں کرسکتے۔آپ کہتے ہیں ہم بہت اچھے کام کر رہے ہیں، یہ کہتے ہیں کہ ہم بہت اچھا کام کررہے ہیں۔ آپ ٹیکسز ضرور لگائیں لیکن جب آپ پہلے ہی ہر چیز پر ٹیکس ادا کر رہے ہو تو پھر کون سا نیا ٹیکس لگانے کے لئے رہ جاتا ہے، کیا آپ نے سارا ٹیکس لاہور میں ہی استعمال کرنا ہے، کیا فیصل آباد ملتان اور گوجرانوالہ میں ٹرانسپورٹ کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ تمام افسران نے بھی لاہور میں گھر بنا لئے ہیں اور سیاستدانوں کے پہلے ہی یہاں گھر موجود ہیں؟ مگر آپ یہ دیکھیں what are you doing for the province میرے خیال میں ابھی تک ہمیں آپ کا کوئی مثبت رویہ نظر نہیں آیا جسے ہم کہہ سکیں کہ آپ بہت اچھا کام کر رہے ہیں۔مگر میری گزارش ہے کہ سب سے اہم بات how to maintain law and order اس میں آپ miserably fail کر گئے ہیں that is to improve the health sector that is in shambles. تیسرا اگر agriculture کا you have not provided anything to the agriculture sector your irrigation system is going below جب پاکستان بنا تھا you are the best irrigation system you are the best railway system وہ spoil ہو گیا ہے پھر آپ کا جو education system ہے تو آپ مجھے بتائیں کیا آپ کے زمانے میں کوئی اکیڈمی ہوتی تھی ،کیا آپ کے زمانے میں کوئی ٹیوشن سنٹر کا concept ہوتا تھا تو ایسا کچھ بھی نہیں ہوتا تھا؟ لیکن اب پرائیویٹ ایجوکیشن ہو گئی ہے اور پرائیویٹ ایجوکیشن ہونے کے بعد آپ اس سے پیسے کماتے ہیں اور academies بھی بن گئی ہیں اور وہاں academies میں وہی ٹیچرز پڑھاتے

ہیں ،جو بچے اس کے باوجود پڑھ جاتے ہیں ان کو نوکریاں نہیں ملتیں اور جو باقی رہ جاتے ہیں وہ باہر کے ممالک میں چلے جاتے ہیں۔اب میں آپ کے سامنے ایکimportant issue رکھنا چاہتا ہوں کہ گورنمنٹ نے کہا ہے کہ جو لوگ باہر کے ممالک میں رہتے ہیں اگر ان کے پاسپورٹ ایکسپائر ہو گئے تو ہم ان کوrenew نہیں کریں گے تو جناب یہ لوگ روزگار کمانے کے لئے باہر کے ممالک میں جاتے ہیں یہ کوئی شوق سے باہر کے ممالک میں نہیں جاتے اور کوئی اس طرح اپنا گھر بار چھوڑ کر نہیں جاتا ہے، وہ اگر باہر کے ملک چلے جاتے ہیں تو وہاں سے اپنے ملک میں فارن ایکسچینج بھیجتے ہیں، وہاں باہر کے ممالک میں وہ مزدوری کرتے ہیں، دہاڑی دار ہوتے ہیں تو کیا آپ نے اس کے ساتھ اس طرح کا سلوک صرف اس لئے کیا ہے کہ وہ پی ٹی آئی کے ووٹرز، سپورٹرز ہیں تو اس طرح نہ کریں بلکہ ان کو آپ پاسپورٹ دیں کیونکہ وہ آپ کو ریونیو اکٹھا کر کے دے رہے ہیں، اگر آپ ان کو یہاں ملازمت نہیں دے سکتے تو وہاں کس طرح سے دیں گے؟تو میں نے جن ایشوز پر بات کی ہے تو مجھے امید ہے کہ اس پر عملدرآمد کیا جائے گا۔ دوسرا میں وزیر خزانہ کی توجہ چاہوں گا انہوں نے میرے متعلق ایک فقرہ پیپلز پارٹی سے وابستگی کے حوالے سے کہا تھا میرے خیال میں ان کی ایک منسٹر صاحبہ بھی یہاں پر تشریف رکھتی ہیں،جناب سمیع اللہ،نوشیر لنگڑیال اور پیر ولایت شاہ کھگہ بھی پیپلزپارٹی میں رہے ہیں میں نے ہمیشہ میاں صاحب کا احترام کیا ہے لیکن انہوں نے جو فقرہ میرے متعلق استعمال کیا ہے اس سے میری دل آزاری ہوئی ہے مگر میں ان سے کہوں گا کہ یہ بڑا پن دکھائیں کیونکہ میں نے ان کو اس پر کوئی react نہیں کیا تھاI can more shout in a better louder voice تو وہ جو کہتے ہیں کہ پہلے اپنی منجی تھلے ڈانگ پھیر لو۔آپ کے وزیر تو آپ کی وزیراعلیٰ کے کندھے بھی دباتے ہیں میں تو نہیں دباتا اس لئے آپ کسی کے متعلق کوئی بھی فقرہ کہنے سے پہلے سوچ لیا کریں کہ کہیں کسی کی دل آزاری نہ ہو کیونکہ میں نے کبھی آپ کے متعلق ایسا کوئی فقرہ استعمال نہیں کیا تھا مگر مجھے بھی یہ بات کہنے میں کوئی شرم یاآر محسوس نہیں ہوتی ہے کہ مجھے کسی نے کہا کہ میاں صاحب کو کہیں کہ اے بھولا ریکارڈ ہے میں نے کہا کہ مجھے تو پتا ہی نہیں ہے کہ بھولا ریکارڈ کون ہے تو انہوں نے بتایا کہ وہ ٹک ٹاک بناتا ہے تو میں نے ان سے کہا کہ یہ بات مناسب نہیں ہے کیونکہ وہ میرے دوست ہیں اور میرے ان کے ساتھ فیملی termsہیں، مگر

میاں صاحب نے میرے متعلق یہ فقرہ استعمال کیا ہے تو میں نے آپ کی موجودگی میں یہ بات کی ہے he should refrain from saying something like to me تو میری آپ سے یہی درخواست ہے اور آخر میں، میں نے آپ کو ایک شعر ہی سنانا ہے، وہ کہتے ہیں کہ:

جھکے گا ظلم کا پرچم یقین آج بھی ہے
میرے خیال کی دنیا حسین آج بھی ہے
بہت ہوائیں چلیں میرا رُخ بدلنے کو
مگر نگاہ میں وہ سر زمین آج بھی ہے
صعوبتوں کے سفر میں کاررواں حسین
یزید چین سے مسند نشین آج بھی ہے

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! میں نے صرف ایک شعر کہنا ہے۔

جناب سپیکر: امجد صاحب! وقت بچانا ہے۔ رانا صاحب نے شعر کیا اے تے تسی وی شعر ای کہنا اے۔ پلیز۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! اینہاں نے حبیب جالب صاحب دا شعر پڑھیا اے۔

ٹبہ ٹویا اک برابر،
کریاں ہویا اک برابر
یار کلیماں جو گی اگے
سپ گنڈویا اک برابر

جناب سپیکر: اب چودھری اکرم صاحب you have leave for hospital کیا آپ اس ہاؤس میں موجود ہیں؟ میں ان کو out of the order list سے پہلے بات کرنے کا موقع دے رہا ہوں کیونکہ ان کی ایک ایمرجنسی ہے. and he has to speak and leave.

جناب محمد اکرم چودھری: جناب سپیکر! شکریہ۔ یہ جو عوام دوست بجٹ پیش کیا جا رہا ہے تو اس کو اگلے دو ماہ میں غریب مکاؤ بجٹ سمجھا جائے گا۔ آج گندم 2000 روپے فی من کوئی نقد خریدنے کو تیار نہیں ہے۔ چھوٹے شہروں کی مارکیٹوں میں اس وقت تمام دکاندار پریشان

ہیں کیونکہ ان کی دکانوں کے کرائے بھی پورے نہیں ہو رہے ہیں کیونکہ نہ ہی زمیندار کو اس کی فصل کی قیمت ملی ہے، زمیندار اپنی جگہ پریشان ہیں، مارکیٹس نہیں چل رہیں اس وجہ سے دکاندار بھی پریشان ہیں چونکہ اس وقت ان کے پاس کوئی جانے کو تیار ہی نہیں ہے۔اب چاول کی فصل کاشت ہونی ہے لیکن زمیندار پریشان ہے چونکہ اس کی inputs بہت مہنگی ہیں، کھاد مہنگی ہے، ادویات مہنگی ہیں، بیج مہنگے ہیں، جو زمیندار ٹریکٹر پر ٹیوب ویل چلا رہے ہیں ان کے ڈیزل کا خرچہ بھی پورا نہیں ہو گا اس لئے وہ آئندہ کی فصل کاشت کرنے پر پریشان ہیں کہ ہم کاشت کریں یا نہ کریں۔

جناب سپیکر! اس وقت جو روٹی سستی کی گئی ہے اس میں گورنمنٹ کا کوئی کردار نہیں ہے بلکہ اس دفعہ ہمارے زمیندار نے وافر مقدار میں گندم پیدا کی لیکن اسے اس کی پوری قیمت نہیں ملی۔ آج کوئی زمیندار کی گندم 2000 روپے فی من لینے کو تیار نہیں ہے اس وجہ سے روٹی سستی ہوئی ہے۔ آپ نے دیکھا ہے کہ وزیراعظم وزیر اعلیٰ کو مبارکبادیں دے رہا ہے اور وزیر اعلیٰ وزیر اعظم کو مبارکبادیں دے رہی ہیں چونکہ اور تو کوئی مبارکباد دینے کے لئے تیار نہیں ہے۔ میں جناب عمران خان کو سیلوٹ پیش کرتا ہوں کہ ان کی حکومت میں کاشتکار خوشحال تھا، inputs سستی تھیں، کسان کو گنے کی پوری قیمت مل رہی تھی، گندم کی پوری قیمت مل رہی تھی اور باقی فصلات کی قیمتیں بھی نقد وصول ہوتی تھیں۔ آج شوگر ملز مالکان ہمارے کاشتکاروں کو گنے کی قیمت نہیں دے رہے جس وجہ سے ہمارا کاشتکار پریشان ہے، اسے اب گندم کی قیمت دو ہزار روپے فی من بھی نہیں مل رہی۔ اس وقت کاشتکار چاول کی فصل کاشت کرنے کو تیار نہیں ہے اگر انہیں اس کی بھی قیمت نہ ملی تو یہ کاشتکار مکاؤ بجٹ ثابت ہو گا۔

جناب سپیکر! آپ کی انتظامیہ کے بارے رانا صاحب نے بات کی ہے اور میں بھی عرض کرتا ہوں کہ آپ کی انتظامیہ اور خاص طور پر پولیس جس کے سپرد تھانے کئے ہوئے ہیں وہاں رشوت کا یہ حال ہے کہ وہ گندی نالی سے بھی اپنے منہ سے پیسے اٹھانے کے لئے تیار ہیں۔ میں ایک تجویز دیتا ہوں کہ بجائے یہاں آفیسر لگانے کے ان تھانوں کو ٹھیکے پر دے دیں تاکہ ان کی تنخواہ کے پیسے تو بچ سکیں۔ اتنی زیادہ رشوت ہے کہ عوام کا جینا حرام کر دیا ہے۔

جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے جڑانوالہ کی سڑک کا حال بتانا چاہتا ہوں اور جناب وزیر خزانہ سے عرض کروں گا کہ ہماری جڑانوالہ فیصل آباد روڈ جو عمران خان کی حکومت میں کمشنر صاحب کی وساطت سے ایک side جو فیصل آباد سے جڑانوالہ کو آتی تھی اس کو repair کیا گیا تھا۔ یہ dual carriageway ہے لیکن سنگل سڑک ہے ہم ہر ماہ تقریباً ایک سو کے قریب جنازے پڑھتے ہیں، وہاں روزانہ ایکسیڈنٹ ہوتے ہیں آپ اپنی انتظامیہ سے، ڈی سی صاحب اور پولیس افسران سے پوچھ سکتے ہیں کہ وہاں روزانہ کتنے ایکسیڈنٹ ہوتے ہیں۔ اس سڑک پر ہونے والے حادثات کی وجہ سے ہم ایک ماہ میں سو کے قریب جنازے پڑھ رہے ہیں۔ میری استدعا ہے کہ اس بجٹ میں اس سڑک کے لئے اتنی رقم دے دیں کہ یہ سڑک بن سکے اور جو عوام کی جان کا نقصان ہو رہا ہے اس سے بچ سکیں۔

جناب سپیکر! میں جڑانوالہ کے THQ ہسپتال کے حوالے سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہاں چار ماہ سے کوئی ایم ایس نہیں ہے کوئی ڈاکٹر نہیں ہے، عارضی طور پر ڈاکٹر بٹھائے ہوئے ہیں اور رشوت لے کر روزانہ کی بنیاد پر میڈیکولیگل کے رزلٹس دیئے جا رہے ہیں اس سے علاقے میں زیادہ سے زیادہ لڑائیاں بڑھ رہی ہیں۔ میں آپ سے گزارش کروں گا کہ THQ ہسپتال جڑانوالہ میں ایم ایس اور ڈاکٹروں کی تعیناتی کی جائے۔

جناب سپیکر! میں نے جڑانوالہ کی ایک سڑک اور ایک THQ ہسپتال میں ایم ایس اور ڈاکٹروں کی تعیناتی کے بارے عرض کیا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ میری ان دونوں گزارشات پر عملدرآمد کیا جائے۔ بہت شکریہ

جناب سپیکر: چودھری صاحب! شکریہ۔ جی، محترمہ عطیہ افتخار!

محترمہ عطیہ افتخار: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ تمام تعریفیں اس رب کریم کے نام جو تمام جہانوں کا مالک ہے۔ جناب سپیکر! آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے اس مقدس ہاؤس میں بولنے کا موقع دیا۔ میں اپنی بات کے آغاز میں یہ بتانا چاہوں گی کہ جب ہماری گورنمنٹ آئی تو پنجاب کو سیاہ کوٹھڑی سے نکال کر ترقی کی راہوں پر گامزن کیا گیا۔ میرے قائد میاں نواز شریف اور بالخصوص مریم نواز صاحبہ کا خواب تیزی سے حقیقت میں بدل رہا ہے۔ 100 دنوں کی قلیل مدت میں مریم نواز صاحبہ

کے شب و روز اپنے وعدوں کی تکمیل کی طرف گامزن ہیں۔ بجٹ کی بات ہو تو یہ بجٹ مساوات اور روشن مستقبل کا بجٹ ہے، عوام دوست بجٹ ہے اس میں سب کا خیال رکھا گیا ہے۔ کوئی حکومت میں ہو یا اپوزیشن میں ہو، شہر میں ہو یا گاؤں میں، کوئی فیکٹری کا مالک ہو یا مزدور ہو، کسان ہو یا دہاڑی دار ہو، خواتین ہوں یا طالب علم ہوں، ڈاکٹرز، مریض حتیٰ کہ ہر طبقے کے لوگ اس بجٹ سے مستفید ہوں گے۔

جناب سپیکر! جو کنٹینرز والے معاملات ہیں، بتایا گیا کہ کنٹینرز صرف۔۔۔

(معزز ممبران حزب اختلاف کی طرف سے آوازیں کنٹینرز گندم کے لئے ہوتے ہیں)

محترمہ عطیہ افتخار: گندم کے لئے نہیں، کنٹینرز صرف احتجاج کے لئے استعمال نہیں ہوتے بلکہ کنٹینرز پر عوام کی فلاح و بہبود کے لئے انہیں صحت کی سہولیات دی جا رہی ہیں وہ پنجاب میں صحت کی سہولیات deliver کرنے کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ عوام کی کیسے خدمت کی جاتی ہے یہ کوئی ہماری CM صاحبہ سے پوچھے (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: یہ مناسب نہیں ہے۔ اگر آپ ایسے کریں گے تو مجھے یقین ہے کہ پھر آپ میں سے کوئی بھی تقریر نہیں کر سکے گا چونکہ پھر یہ بھی ایسے ہی کریں گے۔ جی، محترمہ!

محترمہ عطیہ افتخار: جناب سپیکر! ستھرا پنجاب جیسے پروگرام میں جس طرح سے پنجاب کو صاف ستھرا رکھا جا رہا ہے وہ بھی اپنی مثال آپ ہے عید پر جس طرح سے الائشوں کو اُٹھانے اور سُتھرا پنجاب بنانے کا پروگرام جاری رہا وہ قابل ستائش ہے۔ جب سے ہماری مریم نواز صاحبہ وزیر اعلیٰ بنی ہیں تب سے پنجاب کی عوام نے سُکھ کا سانس لیا ہے۔ پچھلے دور میں جب بزدار صاحب وزیر اعلیٰ تھے تو وہ کہا کرتے تھے کہ میں ہمیشہ پردے کے پیچھے خاموشی سے کام کرنے کا قائل ہوں۔ پردے کے پیچھے خاموشی سے کام نہیں کئے جاتے، اس طرح عوام کی خدمت نہیں ہوتی اور ان کے دور میں جو کچھ ہوا اسے پورا پنجاب اور پاکستان جانتا ہے۔ انہوں نے عوام کو کچھ deliver نہیں کیا۔

جناب سپیکر! ہماری حکومت نے اپنے مختصر ترین 100 دنوں کے period میں آٹا، گندم، چاول اور دوسری تمام ضروریات زندگی کو سستا کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ غریب عوام کو فائدہ ہو سکے۔ ہماری حکومت عوام کو deliver کر رہی ہے۔ اس سے اچھا بجٹ پیش نہیں کیا گیا۔

جناب سپیکر! اب میں اپنے علاقے کے حوالے سے بات کرنا چاہوں گی۔ میں شیخوپورہ سے belong کرتی ہوں۔ شیخوپورہ اور لاہور میں سیوریج کے نظام کی بہت ابتر صورتحال ہے۔ میں گزارش کروں گی کہ ہمارے ونڈیالہ دیال شاہ پر خصوصی توجہ دی جائے۔ اس کی چار ملحقہ یونین کونسلیں ہیں تو ان کے سیوریج سسٹم کو بہتر کیا جائے۔ بہت شکریہ

جناب سپیکر: میری معزز اراکین سے درخواست ہے کہ جب کوئی معزز رکن اپنی بات کر رہے ہوں تو مہربانی کر کے cross talk and sloganeering سے اجتناب کریں۔ اب میں چودھری محمد اعجاز شفیع سے بجٹ پر بات کرنے کی درخواست کروں گا۔

چودھری محمد اعجاز شفیع: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم O ایاک نعبد وایاک نستعین O جناب سپیکر!۔۔۔

آغا علی حیدر: اعجاز شفیع! باز آجا۔

جناب سپیکر: آغا علی حیدر صاحب! مہربانی کر کے آپ اس چیز سے refrain کریں۔

آغا علی حیدر: جناب سپیکر! ان کو کوئی اعتراض نہیں ہے کیونکہ یہ ہمیں بھی پریشان کرتے رہتے ہیں۔

جناب سپیکر: آغا علی حیدر صاحب! مجھے اعتراض ہے۔ یہ مسئلہ میرا ہے۔ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ ان کی تقریر میں مداخلت نہ کریں۔ آپ اعجاز شفیع صاحب سے کیا کہنا چاہ رہے ہیں؟

آغا علی حیدر: جناب سپیکر! جب ہماری طرف سے ایک خاتون تقریر کر رہی تھیں تو حزب اختلاف کے اراکین ان کی تقریر کے دوران بلا وجہ مداخلت کر رہے تھے تو اب ہماری باری ہے اور ہم ان کی تقریر میں بھی مداخلت کریں گے۔

جناب سپیکر: کیا اعجاز شفیع صاحب ایسا کر رہے تھے؟

آغا علی حیدر: یہ ہمیں پریشان کر رہے تھے۔[***********]۔

جناب سپیکر: یہ مناسب نہیں ہے۔ میں[****]کا لفظ expunge کرتا ہوں۔

چودھری محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! یہ غیر پارلیمانی الفاظ ہیں۔

جناب سپیکر: جی، بالکل یہ غیر پارلیمانی الفاظ ہیں اور یہ absolutely expunged ہیں۔ پیر اشرف رسول صاحب! آپ کیا کہنا چاہ رہے ہیں؟

جناب محمد اشرف رسول: جناب سپیکر![***********] ۔

جناب سپیکر: یہ بہت بُری بات ہے۔ دونوں ممبران کے الفاظ expunge کئے جاتے ہیں۔ جی، اعجاز شفیع صاحب!

چودھری محمد اعجاز شفیع: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم O ایاک نعبد وایاک نستعین O اے اللہ! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ جناب سپیکر!

میں جُھکا نہیں میں بِکا نہیں
کہیں چُھپ چُھپا کے کھڑا نہیں
جو ڈٹے ہوئے ہیں محاذ پر
مجھے ان صفوں میں تلاش کر

جناب سپیکر! آپ مجھے تھوڑا سا زیادہ وقت دیں گے تاکہ میں اپنی باتیں مکمل کر سکوں۔ دراصل یہ بجٹ 2024-2025 بیوروکریسی کا ایک گورکھ دھندہ ہے۔ ہمارا صوبہ پنجاب ایک زرعی صوبہ ہے۔ میں آپ کی وساطت سے منسٹر فنانس سے کہوں گا کہ جب وہ wind up تقریر کریں تو میرے points کا جواب ضرور دیں۔ میرے بڑے logical points ہیں لہٰذا ان کو نوٹ کرتے جائیں اور ان کا جواب دیجئے گا۔

* بحکم جناب سپیکر الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

جناب سپیکر! یہ بجٹ نہ تو research based ہے اور نہ ہی اس کا کوئی master plan بنایا گیا ہے بلکہ یہ بجٹ ٹک ٹاکر چیف منسٹر کا directive based ہے۔ میں شعبہ زراعت کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہوں گا کہ اس بجٹ میں ریسرچ کی صرف ایک سکیم GS.No.3241 رکھی گئی ہے جو citrus کے بارے میں ریسرچ کے لئے ہے۔ کیا پورے پنجاب میں صرف citrus پر ہی ریسرچ کرنی ہے؟ بہت اچھی بات ریسرچ کرنی چاہئے کیونکہ ہم citrus export کرتے ہیں لیکن کاٹن کے حوالے سے کوئی policy and research نہیں ہے۔ اسی طرح گندم، چاول، مکئی، سورج مکھی، آم اور آلو کی فصلوں کی research کے لئے ایک پیسا نہیں رکھا گیا۔ ہماری گندم کی پیداوار تقریباً پچاس من فی ایکڑ ہے جبکہ ہمارا ہمسایہ ملک انڈیا 120 من فی ایکڑ پیداوار حاصل کر رہا ہے۔

(اس مرحلہ پر جناب ڈپٹی سپیکر کرسئ صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، آپ جاری رکھیں۔

چودھری محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! ہماری حکومت نے research کے لئے پیسے مختص نہیں کئے جبکہ للّے تللّے کاموں کے لئے پیسے رکھے گئے ہیں۔ اس بجٹ میں Chief Minister's initiative کے لئے بہت زیادہ پیسے رکھے گئے ہیں۔ یہاں پر ایک بہت بڑا واویلا کیا گیا کہ عید الاضحیٰ پر ہم نے سڑکیں دھوئیں اور ان پر عرق گلاب نچھاور کیا گیا۔ میری بھی ایک گزارش ہے کہ اس ہاؤس میں فارم 47 کا جو گند ہے اس کو صاف کیا جائے اور جب یہ گند صاف ہو گا تو میں اس سارے ہاؤس میں ان شاء اللہ تعالیٰ آب زم زم کا چھڑکاؤ کروں گا۔

جناب سپیکر! اس بجٹ میں Water Management کے لئے کوئی پیسا نہیں رکھا گیا اور نہ ہی کوئی پالیسی دی گئی ہے۔ اسی طرح Pest Warning and Quality Control of Pesticides کے لئے کوئی پیسا نہیں رکھا گیا۔ اس کے علاوہ agricultural extension کی research and development کے لئے کوئی پیسا نہیں رکھا گیا۔

جناب سپیکر! سال 2024-2023 کے ADP میں جو ہم نے مارچ میں پاس کیا تھا ایک P.M Package تھا جو میرے مرشد عمران خان نے introduce کروایا تھا۔ سال 2019 میں اس P.M Package کی سکیموں کی ECNEC allocation سے ہوئی تھی۔ یہ چار سالہ پروگرام

تھا۔ جب سال 24-2023 کا بجٹ منظور ہوا تو اس میں ان سکیموں کے لئے ڈیڑھ ارب روپے throw forward کے لئے رکھے گئے تھے۔ وہ ساری سکیمیں agriculture research کی تھیں۔ اب ان سکیموں کو اس ADP میں remove کر دیا گیا ہے۔ میں اپنے فنانس منسٹر سے کہوں گا کہ وہ اپنی windup تقریر میں ضرور بتائیں کہ ان سکیموں کو کیوں remove کیا گیا ہے اور کیا وہ عمران خان کا vision تھا اس لئے ان سکیموں کو remove کر دیا گیا ہے؟ عمران خان اس ملک اور صوبے کی زراعت کو ترقی دینا چاہتا تھا۔ موجودہ حکومت نے P.M Package کی وہ سکیمیں جو کہ سال 25-2024 تک مکمل ہونی تھیں ان کو ADP سے remove کر دیا گیا ہے۔

جناب سپیکر! ماشاءاللہ انہوں نے اس بجٹ تقریر میں بھی لکھا تھا اور سال 24-2023 کی بجٹ تقریر میں بھی لکھا گیا تھا کہ ہم Model Agriculture Center or Mall بنائیں گے۔ مارچ 2024 میں انہوں نے آخری 3 ماہ کا بجٹ پاس کیا اُس میں 2۔ارب 50 کروڑ روپے کا بجٹ رکھا تھا لیکن مجھے تو کوئی ماڈل ایگریکلچر مال نظر نہیں آئے۔ اب انہوں نے دوبارہ اس کے لئے پیسے رکھ لئے ہیں۔ یہ ماڈل ایگریکلچر مال بنائیں وہاں تصویریں لگائیں، اُس کا نام نواز شریف ماڈل ایگریکلچر مال رکھیں لیکن آپ نے تب 2۔ارب 50 کروڑ روپیہ رکھا اور اب ایک ارب 25 کروڑ روپیہ رکھ لیا تو کیا وہ 2۔ارب 50 کروڑ روپیہ خرچ ہو گیا تھا اس ADP میں کہیں اُس کا ذکر نہیں کیا گیا کہ وہ ongoing ہیں یا اتنا efficient ہے تو very well-done۔ مارچ 24-2023 کی بجٹ تقریر کے اندر بڑا زور دے کر کہا گیا تھا کہ ہم نے ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پروگرام 2۔ارب 50 کروڑ روپے کا شروع کیا ہے وہ پیسا reimburse میں گیا ہے لیکن یہاں کہیں اس کا ذکر نہیں ہے۔ اسی طرح گندم کی بات ہو گئی ہے اس لئے میں یہاں اُس پر ابھی زیادہ بات نہیں کروں گا۔ کسان کارڈ کے ذریعے کسان کو ایک لاکھ 50 ہزار روپیہ دیا گیا ہے اور گندم کا نقصان 6۔کھرب روپے کا ہے۔ ایک کروڑ 74 لاکھ ایکڑ پر ہماری گندم کاشت ہوتی ہے اور یہ 22 میٹرک ٹن گندم تھی۔ ہر کاشتکار نے فی من گندم پر تقریباً ایک ہزار روپے کا نقصان کیا ہے۔ 29 سو روپے فی من average بھی کر لیں تو پونے چھ کھرب روپے کا نقصان ہے اور آپ کسان کو ڈیڑھ لاکھ روپیہ دے رہے ہیں اور اس پر آپ نے 4۔ارب روپیہ رکھا ہوا تو یہ بھونڈا مذاق نہ کریں۔ یہ کاشت کار مر گیا تو اس ملک کی معیشت ڈوب جائے گی یہ ملک اور یہ صوبہ پنجاب تباہی کے دہانے پر جا رہے ہیں۔

جناب سپیکر! ایک اور بڑے مزے کی بات ہے بجٹ کی اس کتاب میں لکھا ہوا ہے "چیف منسٹر روشن گھرانہ" اُس کے لئے 9 کروڑ 50 لاکھ روپے رکھے گئے ہیں۔ "ڈان نیوز" کی خبر جولائی 2022 کی ہے Punjab Chief Minister Hamza Shahbaz announce free electricity for house holding consuming up to 100 units from July. انہوں نے اپنے بجٹ میں کہا اس کے نیچے ہے About half of the population of the province will be provided free electricity more than 9 Million. انہوں نے کہا تھا کہ 9 Million لوگ اس category میں آتے ہیں اور ان 90 لاکھ لوگوں کے لئے انہوں نے 100 بلین روپے رکھے تھے اور ہماری محترمہ وزیر اعلیٰ نے 9 کروڑ 50 لاکھ روپے رکھے ہیں۔ مجھے نہیں سمجھ آ رہی کہ اُس وزیر اعلیٰ کی calculation ٹھیک تھی یا اس وزیر اعلیٰ کی calculation ٹھیک ہے میں اگر اس وزیر اعلیٰ کی calculation کو ٹھیک مان بھی لُوں تو مجھے یہ بتا دیں کہ ایک ہزار روپے میں کون سا سولر پینل لگے گا؟ 9 کروڑ 50 لاکھ روپے کو اگر 90 لاکھ پر تقسیم کیا جائے تو یہ ایک ہزار 55 روپے بنتے ہیں۔

جناب سپیکر! اس بجٹ میں واٹر سپلائی کی کوئی سکیم نہیں رکھی گئی۔ پورے بجٹ کے اندر واٹر سپلائی کی کوئی نئی سکیم نہیں ہے۔ یہ سوشل سیکٹر ہے تو کیا پنجاب میں sanitation کا کوئی منصوبہ ادھورا نہیں پڑا؟ میرے ہی شہر کے اندر میگا سیوریج فیز I زون II جس میں پاکستان کالونی، جنگی بستی، فریدہ آباد، غریب آباد وغیرہ یہ سیوریج کا منصوبہ چار سال سے بند پڑا ہے اُس ایریا میں 2 لاکھ کی آبادی ہے جو اس مسئلے کو face کر رہی ہے۔ یہاں پر water supply and sanitation میں ایک روپیہ بھی نہیں رکھا میں صرف اپنے حلقے کی بات نہیں کر رہا پورے پنجاب میں کوئی ایک سکیم بھی نہیں رکھی گئی۔

جناب سپیکر! لوکل گورنمنٹ میں Chief Minister Initiatives کے لئے 59۔ارب روپے رکھے گئے ہیں اور یہ سارا لاہور، اربن ڈویلپمنٹ میں 88۔ارب روپے رکھے گئے ہیں سارا لاہور، تو اگر لاہور میں ہی سارا کچھ کرنا ہے تو پھر باقی صوبے کا کیا بنے گا اور میں گارنٹی کے ساتھ کہتا ہوں کہ یہ جو مرضی کر لیں لاہور نے وہی result دینا ہے جو 8۔فروری کو دیا ہے۔

جناب سپیکر! ہمارا ایجوکیشن سیکٹر اور میں صرف سکول ایجوکیشن کی بات کروں گا۔ 24-2023 میں سکول ایجوکیشن کا بجٹ 44۔ارب 4 کروڑ روپیہ تھا، 25-2024 میں اُس کا بجٹ 42۔ارب 50 کروڑ روپے ہے یعنی سکول ایجوکیشن کا بجٹ 4.5 فیصد کم ہوا ہے۔ میں یہ ریکارڈ کی بات کر رہا ہوں کیونکہ ان کی توجہ صرف سڑکوں اور پُلوں پر ہے کیونکہ انہوں نے سڑکوں پر جاہل لوگوں کو چلانا ہے جبکہ تعلیم پر ان کی کوئی توجہ نہیں ہے۔

جناب سپیکر! کیڈٹ کالج خان پور کے لئے ایک پیسا بھی نہیں رکھا گیا اور اُس کیڈٹ کالج میں آپ کا بھی حصہ ہے۔ سکول سے ہی تو ہماری غریب عوام کے بچوں نے پڑھ کر سپیکر بننا ہے، اعجاز شفیع بننا ہے یا میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن بننا ہے وہاں پر انہوں نے ایک پیسا بھی نہیں رکھا بلکہ پچھلے سال کے مقابلے میں 4.5 فیصد بجٹ کم کر دیا ہے۔

جناب سپیکر! میں law and order کی بات کروں تو صرف ایک شعر عرض کرتا ہوں:

اُٹھ شاہ حسینؔ ویکھ لَے ساڈے بیڈ رُوماں دا حال
ہر پاسے لگّے کیمرے بے شرمی پاوے دھمال
ساڈے جج نمانے کُوکدے تے کردے پئے فریاد
سانوں سَنگ بچاؤنے پے گئے اَسین کی دینا انصاف

بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، محترمہ قدسیہ بتول!

محترمہ قدسیہ بتول: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شروع کرتی ہوں میں اللہ کے بابرکت نام سے جو نہایت رحم کرنے والا اور تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ اُس کے ساتھ کروڑوں لاکھوں دُرود و سلام حضرت محمد ﷺ اور اُن کی ذات اقدس پر۔

جناب سپیکر! اللہ کی مہربانی اور جناب رسول پاک ﷺ کی نگاہِ عنایت کی بدولت پنجاب کی تاریخ کا منفرد اور اعلیٰ ٹیکس فری بجٹ پیش کرنے پر میں اپنے عظیم قائد میاں محمد نواز شریف اور اُن کی عظیم بیٹی محترمہ مریم نواز کو خراجِ تحسین اس شعر کی صورت میں پیش کروں گی:

دِل سے جو صدا نکلے اسے دِل کی آواز کہتے ہیں
جو پنجاب کے غریبوں اور مظلوموں کا آسرا بن جائے اُسے مریم نواز کہتے ہیں

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں وزیر خزانہ میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن صاحب کو ٹیکس فری اور غریب پرور بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں اور اس کے ساتھ "سُتھرا پنجاب" کی مہم کے تحت ہمارے ڈی سی فیصل آباد عبداللہ نیئر، کمشنر ثروت صاحبہ اور اے سی نے عید الاضحیٰ کے موقع پر آلائشوں کو ٹھکانے لگانے پر انتھک محنت کی ہے میں اُنہیں اس فورم پر appreciate کرتی ہوں۔

جناب سپیکر! قائد محترم میاں محمد نواز شریف کی ہونہار بیٹی وزیر اعلیٰ پنجاب کی پہلی ترجیح صوبے کے غریب عوام کی فلاح و بہبود، خوش حالی اور ترقی ہے۔ اللہ کے فضل و کرم سے جو روٹی غریب دشمن عمران نیازی کے دور میں 25 روپے کی تھی آج غریب پرور وزیر اعلیٰ محترمہ مریم نواز شریف کے دور میں 14 روپے کی ہو گئی ہے۔

جناب سپیکر! معذور افراد کے لئے صحت کارڈ اور کسانوں کے لئے بلاسود قرضے کے اقدامات ہوں گے نہیں بلکہ ہو گئے ہیں۔

جناب سپیکر! جب کوئی شخص بیمار ہوتا ہے تو وہ بیماری اس کے لئے کسی آزمائش سے کم نہیں ہوتی اس صورتحال کو دیکھتے ہوئے ہماری وزیر اعلیٰ نے فیلڈ ہسپتال اور clinic on wheel جیسے انقلابی اقدامات کئے جو کہ پنجاب کے ہر دورافتادہ گاؤں میں بہترین تجربہ کار ڈاکٹروں کی ٹیم فیلڈ ہسپتال میں غریبوں کا مفت علاج کر رہی ہے۔

جناب سپیکر! میں ایک پنجابی کی کہاوت سناؤں گی کہ "گلاں کرنیاں سوکھیاں نیں پر کر وکھانیاں اوکھیاں نیں" اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ میری وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف عملی کام کر کے دکھاتی ہیں۔ میں ایک شعر میں وزیر اعلیٰ پنجاب کا وژن بیان کروں گی کہ:

خالق مخلوق کی خدمت میری عبادت ہے
کسی کے کام نہ آئے تو یہ زندگی کیا ہے

جناب سپیکر! میرے ایک معزز ممبر نے تین دن پہلے کہا تھا کہ گوجرانوالہ سمیت پورے پنجاب میں کئی ایکڑ جگہ farming کے لئے درکار ہے تو پنجاب حکومت نوجوانوں کو یہ جگہ

کیوں فراہم نہیں کرتی۔ اس کے ساتھ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ laptop کیا ہے اور اس کی نوجوانوں کو کیا ضرورت ہے۔ میں ان سے یہی سوال کرنا چاہوں گی کہ کیا بزدار حکومت کو یہ جگہ نظر نہیں آئی تھی اور انہوں نے نوجوانوں کو یہ جگہ کیوں الاٹ نہیں کی تھی۔ یہ ملک کو کیا سنواریں گے اور یہ laptop کی اہمیت کو کیا سمجھیں گے۔ انہوں نے تو نوجوانوں کے ہاتھ میں آگ کے گولے تھمائے ہیں۔ انہوں نے نوجوانوں کو گالی گلوچ کا کلچر دیا ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو شہداء کی توہین اور والدین کی نافرمانی سکھائی ہے۔ ہم ان شاء اللہ تعالیٰ وزیر اعلیٰ کی قیادت میں زراعت اور کاشتکاری کے شعبہ میں انقلابی اقدامات اٹھائیں گے بلکہ اٹھائے جا چکے ہیں۔

جناب سپیکر! ہمیشہ جب بھی مسلم لیگ (ن) کی حکومت آئی ہے تو انہوں نے مفت کتابوں کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو laptop اور سکالرشپ بھی دیئے ہیں۔

جناب سپیکر! میں آخر میں اپنے حلقہ کی بات کروں گی کہ میری تحصیل ضلع فیصل آباد کی ایک تحصیل ہے اور اس سے 48 کلومیٹر دور ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ میری تحصیل 48 سال ضلع فیصل آباد سے پیچھے ہے۔ سب ڈویژن کے باوجود میری تحصیل میں آج تک نہ کوئی یونیورسٹی بنی ہے اور نہ کوئی کیمپس ملا ہے۔ طالب علموں کا دوسرے شہروں میں جا کر تعلیم حاصل کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ اگر یہ سہولت ہمارے اپنے علاقے میں مل جائے تو میں سمجھتی ہوں کہ بہت سارے طالب علم زیادہ سے زیادہ تعلیم حاصل کر سکیں گے۔

جناب سپیکر! اس کے علاوہ جو دوسری بڑی محرومی ہے وہ یہ ہے کہ وہاں ناقص سیوریج سسٹم ہے۔ اسی سیوریج سسٹم کی وجہ سے جب تھوڑی سی بارش ہوتی ہے تو نالے اُبل پڑتے ہیں اور overflow ہو جاتے ہیں اور لوگوں کا وہاں سے گزرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ میں آپ کی وساطت سے وزیر خزانہ سے درخواست کروں گی کہ جدید سیوریج سسٹم اس بجٹ میں ہماری تحصیل کو بھی دیا جائے۔

جناب سپیکر! ہمارے شہر کے تمام داخلی، خارجی اور جتنی بھی گاؤں کو جانے والی سڑکیں ہیں وہ تمام ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں۔ اس کے ساتھ فیصل آباد اور اوکاڑہ کو ملانے والا پل ہے۔ وہ بہت زیادہ خستہ حالی کا شکار ہے۔ اگر اس کی مرمت کا کام نہ کیا گیا تو میں سمجھتی ہوں کہ وہ کسی حادثے کا سبب بن سکتا ہے اس لئے اس پل کی تعمیر و مرمت کے لئے فنڈز رکھے جائیں۔ بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ! بہت شکریہ۔ جی، جناب شہاب الدین سیہڑ!

جناب شہاب الدین خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ ایاک نعبدو وایاک نستعین۔ جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ میں جناب دے توسط نال سرائیکی وچ گفتگو کریساں۔ میں تہاڈے توسط نال میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن دی نذر اک شعر کریندا آں۔

ایتھاں انصاف سستا ہے مگر ملدا اونہا کوہے

جو گناہ کر کے اپنی بے گناہی جیب وچ رکھدا اے

جناب سپیکر! بجٹ25-2024 کل حجم5446۔ارب، آمدن دا تخمینہ 4643۔ارب اے۔ سب کوں پہلے ایس بجٹ دے خدوخال وچ ونجوں تے او ہی روائتی بجٹ اے جیہڑا ہمیشہ مسلم لیگ(ن) دی حکومت40 سال توں پیش کریندی آندی اے تے ساڈا رونا جنوبی پنجاب دا جس کو سرائیکی وسیب وی آہندے آں۔

جناب سپیکر! اگر ایس بجٹ نوں چا کے ویکھو تے میں ساؤتھ دے تمام ممبران اسمبلی کلوں ایہہ سوال کریناں کہ خدا واسطے کیا ساؤتھ پنجاب دے ٹیکس تخت لاہور تے لگنے نیں، کی تخت لاہوری ای ساڈھے تے راج کریسی۔ میں اج بڑے کھلے لفظاں وچ آکھ ساں کہ ایہہ بجٹ جیہڑا مسلم لیگ(ن) دی حکومت پیش کیتا اے تو اوہناں دی سب توں وڈی اتحادی پارٹی پاکستان پیپلز پارٹی نوں وی onboard نہیں کیتا۔ کیونکہ ایہہ بجٹ جتھوں بن کے آئے نیں نہ حکومت کوں پتا اے نہ ای کسی نوں پتا اے۔ جیہڑے بجٹ پیش کرن والے نیں اوہ وی جتھوں آئے نیں اوہ پورے پاکستان نوں پتا اے۔ میں گزارش کریساں کہ خدا واسطے اگر ایس بجٹ دے اعداد و شمار وی آپس وچ ٹکرا جان تے ایہہ وی نہیں ٹکر دے پے۔ جنوبی پنجاب نال اتنا ظلم کیتا جا رہیا اے۔ میں فخر نال آہنداں آں کہ ساڈھے قائد ساڈھے چیئرمین عمران خان ساڑھے تریہہ سال اچ جیہڑا بجٹ جنوبی پنجاب کوں دیتا اے۔ میں اوہ اعداد و شمار نال تاکوں دس سکناں آں کہ ساڑھے تریہہ سال اچ 197۔ارب روپے دی سکیماں دتیاں۔ میں کوں اپنے قائد عمران خاں تے فخر اے کہ اوہ جیہڑا بجٹ allocate کیتا اوہ خرچ وی کیتا۔ اوہدے اچ چند سکیماں جیہڑیاں ساڈی حکومت ongoing رکھ گئی ہئی، چاہے تعلیم دا شعبہ ہوئے

چاہے ہیلتھ دا ہوئے چاہے زراعت ہوئے جیہڑے شعبے نوں چا ویکھو اوہنا دیاں ongoing سکیماں وی ایس بجٹ اچ ختم کر دیتاں گئیاں نیں۔

جناب سپیکر! ساکوں اٹھارہویں ترمیم توں بعد جیہڑا NFCایوارڈ دتا۔ ساڈے صوبے دے بجٹ دینڈے اوہدا حجم 3683۔ ارب روپے اے۔ ای 3683۔ارب اچ 21۔ارب جنوبی پنجاب دا حصہ اے۔ صوبائی محصولات اچ جیہڑا ای بجٹ اچ 54 فیصد اضافہ کیتا اے۔ اوہندے اچ ایہناں 960۔ارب روپے دا تخمینہ لایا اے۔ میں ایہہ پچھنا چاساں کہ ایہہ 960۔ ارب روپے کون ڈے سی؟ کیا او جنوبی پنجاب دا کسان نہ ڈے سی، او جنوبی پنجاب دا دکاندار نہ ڈے سی، او جنوبی پنجاب کا مزدور نہ ڈے سی، کیا او جنوبی پنجاب دا تاجر نہ ڈے سی؟ سائیں ایہا تا گزارش ایں صوبے کوں ایں ملک کوں ہک عمران خان vision ڈتا ہئی کہ ملک کوں اگھاں ودھاؤ۔ ہمیشہ ہی مسلم لیگ (ن) دی حکومت جڈن آئی ہے اے صوبہ خصوصاً جنوبی پنجاب پستی آلے پاسے گیا (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! اے ٹیکسیشن دی مد اچ پنجاب ریونیو اتھارٹی جیکوں ٹارگٹ ڈتا گیا اے کہ 300 ارب روپیہ تساں وصول کرناں ایں۔ اوہ کیندی جیب چوں نکل سی؟ جیندی جیب اچ بجلی دا بل ڈیون واسطے تے پیسے کائی نئیں، سبزی گھنن دی اونہاں دی طاقت کوئی نئیں، بالاں کو پڑھاون دی اونہاں دی اوسط کوئی نئیں۔ خدا واسطے کیونکہ اے گال میں فلور آف دی ہاؤس کریندا اں کھڑاں ساکوں اے وی پتا اے کہ حکومت دی عددی اکثریت وی موجود اے۔ بجٹ وی بآسانی پاس کر گھن سن جو اینہاں غیر ملکی آقاؤں کوں خوش کرنا اے۔ اینہاں عوام واسطے کجھ نئیں سوچنا۔ جیندے اساں غلام ہن جیندی غلامی کولوں ساکوں کڈن واسطے اللہ تعالیٰ نے ہک لیڈر عمران خان پیدا کیتا اوکوں جیل اچ رکھ کے اے باہر دے آقاؤں کوں خوش کرن واسطے بجٹ ڈیندے پئے ہن۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! ایویں ای بورڈ آف ریونیو دی ٹیکسیکشن اچ اضافہ 105۔ارب روپیہ۔ اوں کسان کولوں تساں ٹیکس گھن سکوں جیندی کنک دا کیا حال کیتا وے۔ او کنک جیہڑی bumper crop تھئی اے اوندے وچ کیونکہ اے بجٹ یا پچھلا نگران دور اے اوندا تسلسل اے۔ او پچھلا بجٹ ہووے یا اے بجٹ ہووے، اے غریب واسطے او کوں فاقے کرن، خودکشیاں

کرن تے مجبور کریسی۔ ایں کسان دی گندم جیہڑی سڑکاں تے رُل دی رئی اے کساناں دا او حال تھیا اے کہ اج 2500 روپے من فی کنک گھنن واسطے کوئی تیار نئیں۔ کیا میں جناب دی توسط نال وزیر خزانہ کو پچھ سکناں کہ کتھاں گئی او شوباز سپیڈ دی سپیڈ جیں نگران حکومت دے خلاف انکوائری کمیشن بٹھایا کہ کیوں گندم امپورٹ کیتی گئی؟ ساڈے کول جو اتنی وڈی گندم دی فصل آندی پئی ہئی کیا اوں 87۔ ارب روپے دی جیہڑی لُٹ مار ہئی اوندی انکوائری کیہڑے پاسے گئی۔ کیا او کوں چُپ کر ڈتا گیا اے۔ کیا ایں بجٹ اچ کوئی پالیسی کسان واسطے ڈتی گئی اے۔ شوگر کین گنے کو ڈیکھ گھنوں کہ حالی تک چینی دی بر آمد دی اجازت نئیں ڈتی ویندی پئی۔ ساکوں غریب کساناں کو خدشہ اے کہ ساڈے گنے دا ریٹ ساکوں جیہڑا ساڈی حکومت 400 روپے من کیتا ہئی او وی ملن مشکل اے۔

جناب سپیکر! چاول دا ریٹ ڈیکھو چا، تلی دا ڈیکھو چا میری گزارش سنو کہ آون والا وقت تہاکو ڈسے سی کہ جنوبی پنجاب جیندے نال اے ظلم تھیندا پیا اے کہ او تہاکو اپنی ووٹ دی طاقت نال ایں حکومت کو ڈکھے سی کہ جیویں اگے ڈکھائی اونہاں کہ۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! جلدی سے wind up کی طرف آئیں۔

جناب شہاب الدین خان: جناب سپیکر! اے ظلم اے جبر کڈئیں نیں چلدا رہندا تے گزارش اے کہ میں ڈو ترے heads تے آساں صرف ہک یا ڈومنٹ گھن ساں جناب دے۔ سائیں! تعلیم، صحت، لاء اینڈ آرڈر اچ اتنی ای گزارش کریساں اگر figures اچ ونجاں تے تساں اتنا time نہ ڈیسو۔ میڈی گزارش تہاڈے توسط دے نال اے ہئی کہ خدا دے واسطے، میں 23-2022 دا بجٹ جیہڑا ساڈی حکومت پیش کیتا ہئی۔ میں 19-2018 کول چا کے تے 2022 تک آواں تے او ہندا اگر موازنہ کراں۔ جنوبی پنجاب دا ڈس گیاں کہ تہاکو 197۔ ارب روپیہ، اگر لیہ دے حوالے نال تہاکو میں ڈساں تے "مدر اینڈ چائلڈ ہسپتال" ارباں روپے دا منصوبہ 90 فیصد مکمل اوندا بجٹ اچ on going اچ کوئی ذکر نئیں۔ تساں ایں جنوبی پنجاب کو کھنڈر بناوناں چاہندے وے کہ اتنا پیسا کیا قصور اے ہئی کہ او عمران خان تے وژن مطابق او تھاں

"مدر اینڈ چائلڈ ہسپتال" ڈتا گیا اے۔ سائیں 400 کلومیٹر carpeted سڑکاں میکوں ایں بجٹ اچ کوئی ہک سڑک ڈکھاؤ جا جنوبی پنجاب دی۔

جناب سپیکر! ایہ یونیورسٹی میگا پراجیکٹ جیندا ایہ ہووے یا بھکر ہووے پی ٹی آئی دی حکومت یونیورسٹی ڈتی تے ایں بجٹ اچ ہک penny نہ رکھ کے اوکوں ختم کرن دی کوشش کریندے پئے ہن۔ 14 BHUs کو RHCs بناونا ایہ دے وچ 5 گرلز ڈگری کالج بناونے، DHQ ہسپتال 200 bed کنوں گھن کے 400 bed تے شامل کرنا۔ اگر موازنہ کرو تاں میں پی ایم ایل (ن) کی حکومت نوں آکھاں جا خدا واسطے ہوش دے ناخن گھنن۔

جناب سپیکر! آخری گال 187۔ارب روپے پولیس کوں ڈیون دا مقصد صرف اے ہئی کہ او پی ٹی آئی دے ورکرز تے کارکناں کو کُٹن۔ میں تساں کوں اے ڈسیندا بیٹھاں کہ جیہڑی اج سیاسی طور تے پولیس اے حکومت استعمال کریندی پئی اے آئے دن پرامن احتجاج تے ساڈے ممبران تے پرچے، ساڈے کارکناں تے پرچے، ساڈے عہدیداراں تے پرچے، ایہو ای پولیس کل اینہاں تے ای استعمال تھی سی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، سردار صاحب! بہت شکریہ

جناب شہاب الدین خان: جناب سپیکر! میں ڈومنٹ منگے ہن تے ہک منٹ ڈے ڈیو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جلدی سے wind up کریں۔

جناب شہاب الدین خان: جناب سپیکر! اے آئی جی پولیس، سی ایم صاحبہ کو وردی پوا تے اگر اینہاں پی ٹی آئی دے کارکناں کوں کُٹنے تے وردی پوا کے صوبے اچ لُٹ مارنی کرنی اے کہ تہاڈے تھانے ایں ویلے ٹھیکے دے چلدے پئے نیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! بہت شکریہ۔

جناب شہاب الدین خان: جناب سپیکر! ایک شعر تے ختم کریساں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، پڑھیں۔

جناب شہاب الدین خان: جناب سپیکر! شعر عرض کیتا اے:

فکر دا سِجھ اُبھر دا ہے سُجیندا شام تھی ویسی
خیالاں وچ سکون اجکل گُلینداں ہاں شام تھی ویسی

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، سردار خالد واران!

ملک خالد محمود بابر: نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! شکریہ۔ تہاڈی اجازت نال میں اپنی سرائیکی زبان وچ بجٹ تے بحث کرنا چاہناں۔ جناب دی اجازت درکار اے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بات کریں۔

ملک خالد محمود بابر: جناب سپیکر! شکریہ۔ اج بجٹ دے اتے بحث دا موقع فراہم کرتے جناب میں ایں بجٹ وچ گفتگو کرن توں پہلے اپنے ایں سائیڈ تے بیٹھے ہوئے ممبران اسمبلی چوں میرے کافی سارے colleagues ہن میڈے نال کوئی چار turn توں ایں اسمبلی وچ آندے پئے ہن۔ رانا آفتاب صاحب نے تقریر کیتی تے اتنے پرانے parliamentarian کوں ایہہ لفظ زیب ناں ڈیندے ہن جیہڑے قانون اور آئین دے خلاف اونہاں نے بولے کیونکہ قانون اور آئین اجازت دتی اے عورتاں دے تحفظ واسطے، عورتاں دے حقوق واسطے، عورتاں کوں نمائندگی ڈیون واسطے ہر جماعت نے جیہڑی جماعت نال رانا صاحب ہن منتخب تھی تے آئے نیں اے وی جماعت عورتاں دے حقوق دی علمبردار، پیپلز پارٹی وی علمبردار تے نون لیگ وی علمبردار اے۔ تے کوئی جماعت عورتاں دی سیٹاں واسطے مخالفت کائی نی کیتی۔ میکوں اے سمجھ نئیں لگی کہ رانا آفتاب صاحب اج کیہڑے خیال اچ ہن تے اونہاں نیں میڈے خیال اچ اے اک لفظ زیب ناں ڈیندے ہن کہ عورتاں دی سیٹاں دے متعلق او ایہو جئے الفاظ استعمال کرتے اپنی خود دی توہین کیتی ہن بجائے عورتاں دی۔ میں سمجھداں کہ اینہاں دے ان الفاظاں دی مذمت کریناں تے سپیکر صاحب داوی شکر گزار آں کہ اونہاں نیں اونہاں دے او الفاظ ختم کرتے عورتاں دے واسطے جیہڑا اساں پاکستان دے اندر قانون بنایا تے عورتاں دے واسطے سیٹاں مقرر کیتیاں کیونکہ

50 فیصد آبادی عورتاں دی ہے تے کیوں او اسمبلی اچ نہ ہووے؟ میں رانا صاحب دے اینہاں الفاظاں دی مذمت کریندا اور سردار شہاب الدین سیہڑ صاحب کوں اے چیلنج کرتے اکھیناں کہ اونہاں دی اے گفتگو اونہاں دی ایں عمر دے حساب نال اونہاں دے پرانے parliamentarian ہوون دے ناتے نال اے لفظ زیب ای ناں ڈیندے ہن کہ او میرے قائد میاں نواز شریف تے اونہاں دی فیملی دے متعلق اے لفظ آکھن تے 40 سال توں حکومت کریندے پئے ہن نال اے لفظ اتنے مقدس ایوان دے اندر کھڑتے آکھن کہ 40 سال دے اندر (ن) لیگ نیں جنوبی پنجاب واسطے کجھ نئیں کیتا میڈے خیال اچ کوئی نواں بندہ کرے تے کرے ہا۔ سردار صاحب کوں اے لفظ زیب ناں ڈیندے ہن۔ (ن) لیگ دے قائد میاں محمد نواز شریف نے ایں ایوان دے اندر اگر 40 سال توں ساڈی جماعت حکومت کریندے پئی اے تے اساں جنوبی پنجاب دے لوکاں واسطے، پنجاب واسطے، پاکستان واسطے تے ایں قوم واسطے، ایں لوکاں واسطے اتنے بھلائی دے کم کیتے ہن جیہڑی وجہ توں پاکستانی قوم پنجاب دی قوم تے خصوصاً سرائیکی وسیب دی قوم میاں محمد نواز شریف تے اوہندی پارٹی کوں ووٹ پاندی اے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں سردار صاحب کوں یاد کراواں تے اونہاں دے نال بیٹھے تمام معزز اراکین کو یاد ڈویناں اے بجٹ دے اندر تے ضرور رکھیا ہوسی عمران خان نے تے اوہندے وزیر اعلیٰ صاحب نے جنوبی پنجاب واسطے پر ایتھاں میرے colleague اعجاز شفیع صاحب تشریف فرما ہن۔ چنی گوٹھ توں لاتے رحیم یار خان صادق آباد تک one way road میکوں نظر نئیں آئی عمران خان دے دور اچ بن دی ہوئی۔ میرے قائد دے دور دے اندر ڈی جی خان توں مظفر گڑھ one way road بنی، میرے قائد دے دور دے اندر تاں بہاولپور توں حاصلپور one way road بنی، میرے قائد دے دور دے اندر بہاولپور توں خانیوال تک one way road بنی جنوبی پنجاب دے علاقے اچ۔ پتائنیں اینہاں دا جنوبی پنجاب دا لیڈر کیہڑا وزیر اعلیٰ ای جینہے one way road ای نہ بنائی ساڈے واسطے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! پتائنیں او کیہڑا بجٹ ہئی جیندے واسطے ترقیاتی منصوبے سرائیکی قوم واسطے بنائے گئے۔ اے تاں ٹھیک اے کہ وزیر اعلیٰ ساڈے سرائیکی علاقے دا ہئی لیکن ہئی بے اختیار غریب۔ لاہور داناں تے تھی گیا میاں شہباز شریف لاہور دا وزیر اعلیٰ اے تے مریم نواز شریف

لاہور دی رہن والی اے لیکن اونہاں دے دل سرائیکی قوم ناں دھڑکدے ہن۔ اونہاں نے ثابت کیتا اے کہ ملتان توں گھن تے سکھر تک موٹروے میرے قائد نے تے میرے قائد دے بھائی نے بنائی۔ جیکوں اے الفاظ "شہباز شریف سپیڈ" آہندے پئے ہن توں ہن اینہاں دے دور دے اندر تاں اے امن امان دی صورت حال قائم تھئی۔ اونہاں دے دور دے اندر تاں لوکاں کوں جداں روز گار دے مواقع اگر سڑکاں نہ بن سن تے غریب سرائیکی علاقے دا بندہ مزدور روزی کیویں گھن سی؟ تساں ہک سڑک تے میکوں ڈساؤ جیہڑے تہاڈے قائد عمران خان صاحب نے سرائیکی علاقے کوں تحفہ ڈتا ہووے؟ ساڈے قائد نے سکھر توں اگے کراچی تک موٹروے بنا دتی ہووے تا کہ اوں علاقے سندھ دے لوک وی استفادہ کر سکن اور ان شاءاللہ جے میڈے قائد دی بیٹی محترمہ مریم نواز جنہاں 20 ڈن دے اندر ثابت کرتے اے ڈکھایا اے کہ میرے حلقے توں موٹروے گزردی پئی اے تے اونہاں نے 20 دیہاڑے اچ 34 کلو میٹر double road احمد پور شرقیہ بنا تے ڈکھائی اے جیہڑی کہ ساڈے واسطے او تحفہ اے میں اونہاں کوں خراج تحسین پیش کرناں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں تہاڈے توسط ناں آکھن چاہناں وزیر موصوف کوں کہ جیہڑی سڑک مریم نواز نے ساکوں تحفہ ڈتا اے او ساڈے واسطے مریم نواز نے اک بجٹ اچ تحفہ رکھیا اے بہاولپور توں گھن تے جھانگڑا انٹر چینج تک one way road اور چند جانے تک، میں ایں side دے سارے ایم پی ایز کو دعوت ڈے ساں بہاولپور کہ آؤ ڈیکھو لاہور دی طرح ڈوہاں سائیڈاں توں one way road ہے بہاول پور یا کائی نئیں۔ تہاڈے ساریاں کوں میں دعوت ڈے ساں۔ جنوبی پنجاب دے اونہاں ممبران کوں چند جانے تک میں ڈکھاساں کہ میری قائد مریم نواز جیہڑی میرے قائد دی بیٹی اے امید دی سحر اے اور مظفر گڑھ توں گھن تے چنداں محمد رحیم یار خان ضلع تک one way road بن دی ہوئی ڈیکھ سو تساں۔ چند جانے تک تساں ملتان کبیر والا road توں گھن تے پنڈی بھٹیاں تک one way road بن دی ڈیکھ سو اور جنوبی پنجاب دے اندر حاصل پور توں گھن تے منچن آباد تک double road one way بن دی ڈیکھ سو اور تہاڈے نصیباں اچ کائی نئیں سرائیکی علاقے دے کم کراناں۔ میرا قصور کیا اے؟ تہاڈے وزیر اعلیٰ صاحب ہن تاں سرائیکی لیکن ساڈے بہاولپور واسطے اونہاں ایہو جئے اقدام نہیں اٹھائے۔ ہن میرا دل کیویں لاہور آلے واسطے نہ آکھے جیہڑا ساڈے واسطے ٹھردے۔ مریم نواز صاحبہ نے جیویں ایتھاں کھڑتے

وعدہ کیتا ای اونہاں نے کرتے وکھایا ای اور جیہڑی گفتگو میرے سائیڈ دے دوست کریندے پئے ہن تو اونہاں کو میں ڈیسناں کہ صاف ستھرا پنجاب مریم نواز دا دعویٰ ہے لیکن او صاف ستھرا پنجاب تہاکوں نظر آسی۔ تساں ساڑھے ترے پونے چار سال جیہڑے کم نئیں کیتے اساں تہا کو 100 دیہاڑیں اچ کرتے ہووے ڈکھے سوں۔

جناب سپیکر! میں اینہاں دوستاں کوں اے وی ڈیسناں کہ اینہاں نے الفاظ ایں اسمبلی دے اندر آکھے ہن کساناں دے بارے اچ ساکوں وی کسان الحمد للہ میں خود کسان دا پوتر آں۔ میں تہاڈے توسط ناں وزیر موصوف کوں اکھے ساں کہ جیہڑی انکوائری stop ہے یا چلدی پئی اے اساں کساناں دے خلاف جیہڑے اقدامات نگران حکومت نے کیتے ہن ساڈی خودکشی واسطے اوں انکوائری کو fast کیتا ونجے اور اونہاں کردار کوں کیفر کردار تک پہنچایا ونجے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! Please wind up کریں۔

ملک خالد محمود بابر: جناب سپیکر! میں کریندا اں۔ جیہڑی انکوائری stand کیتی گئی اے اوندے تے پورے دا پورا عملدرآمد کیتا ونجے اور میں گزارش کریساں جناب دے توسط نال جیویں مریم بی بی ساکوں جھانگڑے توں road دا تحفہ ڈتا ایویں جھانگڑے توں احمد پور شرقیہ one way road دا وزیر موصوف دی توجہ چاواں گا کہ او note کرن کہ ساڈے او جھانگڑا انٹر چینج کوں احمد پور شرقیہ دے one way نال link کیتا ونجے۔ جیویں تعلیم واسطے ساڈی قائد بھرپور کوششاں کریندے پئی اے میرے حلقے دے اندر مبارک پور اچ ڈگری کالج بوائز بنایا جاوے۔ جھانگڑا انٹر چینج دے قریب ٹراما سنٹر بنایا ونجے تاکہ حادثیاں وچ جیہڑے لوک زخمی تھیندے تے اونہاں کوں فوری طبی امداد ڈتی ونجے۔ ایویں جیویں بنیادی ہیلتھ یونٹ RHC بن دے پئے ہن تے میرے حلقے دے اندر اک بنیادی ہیلتھ سنٹر حقے جی اے کوں RHC بنایا ونجے اور جھانگڑا بہاولپور one way road توں احمد پور شرقیہ دے نال براستہ احمد پور شرقیہ double road بنائی ونجے۔ میں جناب دا شکر گزار آں کہ تساں میکوں موقع فراہم کیتا اور میری گزارشات وزیر موصوف تک پہنچیاں۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ جناب ندیم قریشی!

جناب محمد ندیم قریشی: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب سپیکر! بہت شکریہ

اے یقینوں کے خدا شہر گماں کس کا ہے
نور تیرا ہے چراغوں میں دھواں کس کا ہے
کیا یہ موسم تیرے قانون کا پابند نہیں ہے
موسمِ گل میں دستور خزاں کس کا ہے
(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! پانچ روز سے پاکستان کے سب سے بڑے صوبے کی اسمبلی میں بجٹ جو پورے سال کے اخراجات اور آمدن کا تخمینہ اور سارے صوبے کے بسنے والوں کے ایک سال کے کاروبار اور زندگی کے مختلف معاملات ترجیحات کا تعین کرتا ہے۔ میرے لئے تو بڑی حیرانی کی بات ہے کہ حکومتی بنچوں کا یہ رویہ کہ پچھلے پانچ دن میں منسٹر فنانس کے علاوہ کسی وزیر صاحب نے اس ساری بحث کو اس قابل نہیں سمجھا کہ وہ یہاں بیٹھ کر معزز اراکین چاہے وہ حکومتی بنچوں سے ہوں یا اپوزیشن سے ہوں اِن کی تجاویز کو نوٹ کریں۔ جہاں ہمارے حکومتی بنچوں کے دوست بیٹھے ہیں اِن سے تو شاید اللہ تعالیٰ نے یہ توفیق ہی لے لی کہ یہ عوام کے منتخب نمائندہ ہونے کا حق شاید اس لئے ادا نہیں کر رہے کہ یہ فارم 47 کی پیداوار ہیں۔ اگر یہ فارم 45 کی پیداوار نہ ہوتے تو 95 فیصد لوگ اپنی بجٹ تقریر نواز شریف کی خوشامد سے لے کر اور مریم نواز صاحبہ کی خوشامد نہ کرتے۔ آج اس ایوان میں ہمارے اپوزیشن کے دوستوں نے جس طرح سے شاندار تجاویز دیں، لیڈر آف دی اپوزیشن نے بڑی ہی سیر حاصل گفتگو کی اور اُن نکات کی نشاندہی کی جو پنجاب کے لوگوں کو آج کے رنج والم سے نجات دے سکتا ہے۔ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ یہ گیلری جو نوکر شاہی سے سجنی چاہئے تھی، وہ یہاں بیٹھ کر points نوٹ کرتے لیکن ستم ظریفی، حالات کی ستم ظریفی کہ سب کو پتا ہے کہ یہ اسمبلیاں نہیں یہ ربڑ سٹیمپ ہیں۔ میرے لئے بڑی حیران کن بات ہے کہ اتنا بڑا ظلم کہ کوئی سیکرٹری آپ کو اس قابل بھی نہیں سمجھتا کہ آپ کے 12 کروڑ صوبے کے نمائندگان کی گفتگو کو نوٹ کرنے کے لئے ٹائم دے سکے۔ آج اگر ہم یہ فرماتے ہیں، میرے وزیر موصوف کو میں سن رہا

تھا، مجھے اپنے بھائی کی بڑی عزت ہے، بڑی شاندار تقریر کی لیکن میں نے تو ہمیشہ یہ دیکھا کہ جیہڑے پنجاب دے شہزادے ہوندے نے اوزنانیاں نوں ویکھ کے ادب کردے نے، احترام کردے نے اور دھیمہ بولدے نے[**************************************]۔

جناب ڈپٹی سپیکر: قریشی صاحب! اس طرح نہیں یہ نا مناسب بات ہے۔ میں ان الفاظ کو کارروائی سے حذف کرتا ہوں۔

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر! میں اپنی بات کروں گا یہ جو مرضی جواب دیں۔ میں سمجھتا تھا کہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن جیسے شاندار شخص ایک تحمل اور تدبر سے گفتگو کریں گے۔ جب میں نے اِن کو بھی دیکھا کہ یہ خوشامدیوں کی اُس لائن میں آگے آنے کے لئے، نمبر بنانے کے لئے دوڑ لگا رہے ہیں تو مجھے بہت افسردگی ہوئی۔ (نعرہ ہائے تحسین)

وہ شاعر نے کہا کہ:

کوئی آکھے وارث شاہ نوں اَج قبراں وچوں بول
اَج فیر کتابِ عشق دا کوئی اگلا ورقہ پھول
اِک روئی سی دھی پنجاب دی تو لکھ لکھ مارے بین
اَج سارا پنجاب روندا اے کوئی وارث شاہ نوں کہن

(شوروغل)

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز، خاموشی اختیار کریں۔No cross talk اِس طرح نہ کریں۔

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر! یہ اِس book کو پڑھیں۔ اِن کو شرم نہیں آتی یہ حوصلہ کریں، ہمت کریں یہ خوشامدیں کام نہیں آئیں گی۔ (شوروغل)

جناب ڈپٹی سپیکر: ندیم صاحب! ایک منٹ ذرا رکیں۔ میاں صاحب! یہ کوئی طریقہ نہیں ہے جب ایک معزز ممبر بات کر رہا ہو تو اُس کو بات کرنے دیں۔ جی، قریشی صاحب!

---

* بحکم جناب ڈپٹی سپیکر الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر! میں یہ کہنا چاہوں گا کہ:

جاہل کو اگر جہل کا انعام دیا جائے
اِس حادثہ وقت کو کیا نام دیا جائے
میخانے کی توہین ہے رندوں کی ہتک ہے
کم ظرف کے ہاتھوں میں اگر جام دیا جائے

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! آپ میرے چھوٹے بھائیوں کی طرح سے ہیں، جنوبی پنجاب سے ہیں۔ ہمیں اس ایوان کے تقدس کا بڑا خیال ہے لیکن اگر یہ غنڈا گردی سے، ROs کو دبا کر یہاں آ گئے ہیں تو ہم اِن سے دبنے والے نہیں ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: قریشی صاحب! پلیز آپ بجٹ پر بات کریں۔

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر!

باطل سے دبنے والے طوفاں نہیں ہیں ہم
سو بار کر چکا ہے تُو امتحاں ہمارا

جناب سپیکر! میرے وزیر موصوف مجھے جواب دیں کہ جون 22-2021 کا بجٹ تھا اور پورے جنوبی پنجاب نے دیکھا، پورے پنجاب نے دیکھا ابھی ملک خالد وارن صاحب سرائیکی میں تقریر کر کے چلے گئے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کو میں سرائیکی وسیب کا دشمن کہتا ہوں۔ یہ خوشامد میں اتنے آگے چلے جاتے ہیں کہ یہ حق بات نہیں کر سکتے۔ 371 کے اس ایوان میں کسی شخص نے اس حکومت سے نہیں پوچھا کہ 22-2021 کے بجٹ میں جنوبی پنجاب کے 32 فیصد لوگوں کے لئے جو علیحدہ budget book شائع کی جسے اس اسمبلی نے پاس کیا، اس وقت کی کیبنٹ نے پاس کیا تو عمران خان کا کارنامہ ان سے کیوں ہضم نہیں ہوا۔ میں سوال کرتا ہوں اہل اقتدار سے مجھے مریم نواز صاحبہ آ کر یہاں بتائیں، ہمیں اُن کا احترام ہے، ہم اُن کی عزت کریں گے وہ خاتون ہیں لیکن عزت کرنے کا یہ مطلب نہیں کہ پنجاب کے 12 کروڑ لوگوں پر ڈاکے کا سرٹیفکیٹ ان ڈاکوؤں کو دے دیا جائے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں آپ سے سوال کرتا ہوں آپ جنوبی پنجاب کے بیٹے ہیں، آپ کے آفس میں جائیں تو 50 تصویریں لگی ہوئی ہیں۔ کل آپ کی بھی تصویر رہ جائے گی، ہماری بھی تصویر رہ جائے گی۔ رہے گا وہی جس کا کردار زندہ رہے گا۔ اڈیالہ جیل میں بیٹھے جس قیدی نے جنوبی پنجاب کے ساڑھے چار کروڑ لوگوں کو جنوبی پنجاب سول سیکرٹریٹ دیا تھا اِن چوروں نے، اِن پراجیکٹ چوروں نے عمران خان کے 8 منصوبے تو شامل کر لئے۔ کسان کارڈ بجٹ میں شامل ہو سکتا ہے، اس پر بڑے میاں کی تصویر لگے گی۔ لیبر کارڈ عمران خان کا منصوبہ چوری ہو کر بجٹ میں شامل ہو سکتا ہے اس پر بی بی کی تصویر لگے گی۔ ساؤتھ پنجاب سول سیکرٹریٹ کو بند کرنے کی سازش کیوں کی جا رہی ہے؟ آج یہاں ہمارے دوست آتے ہیں سرائیکی میں تقریر کر کے جاتے ہیں۔ سرائیکی صوبے کے دوستوں کو سرائیکی وسیب کے دوستوں کو آپ کی یہ میٹھی باتیں نہیں سننی۔ وہ شاکر شجاع آبادی نے کہہ دیا تھا:

آساں شوق دے پنجرے بھن چھوڑے ہُن فصلی بٹیرے نئی رکھنے
آساں جنگل اچ جھگیاں پاء لیسوں تیرے صحن اچ ڈیرے نئی رکھنے

جناب ڈپٹی سپیکر: قریشی صاحب! پلیز wind up کریں۔

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر! آپ public کے representative ہیں۔ یہاں میرے دس بارہ بہن بھائیوں نے بڑی اچھی گفتگو کی میں انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ بہت سارے لوگ وہ تھے جنہیں پنجاب کی عوام سے کوئی غرض نہیں تھی۔ وہ چاہتے تھے کہ میڈم کی نظروں میں آ جائیں، میڈم کی نظروں میں نہیں آؤ گے تم پاکستان کی عوام کی نظروں میں آئے ہوئے ہو۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! جس طرح 8۔ فروری کو پنجاب کی عوام نے تمہیں ووٹ سے تہس نہس کر دیا، آنے والا وقت یہ ثابت کرے گا کہ پاکستان کے لوگ شعوری منزل کی اُس حد تک پہنچ چکے ہیں جہاں آپ اگر دبئی میں محلوں کا ذکر نہ کریں اور لوگوں پر سٹامپ ڈیوٹی ایک سے 15 سو، 2 روپے سے 3 ہزار، 5 سو سے 50 ہزار۔ آپ 1800 کنال کے گھروں میں رہنے والے جاتی امراء

کے مکینوں! آپ کسی کا 5 مرلے کا گھر برداشت نہیں کر سکتے، آپ کسی کا 10 مرلے کا گھر برداشت نہیں کر سکتے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! یہ چالیس سال سے اقتدار میں ہیں یہ چالیس سال سے حکمران ہیں کیا انہیں شرم ہی نہیں آتی، یہ انگریزوں سے آزادی کے بعد بھی انگریزوں کے غلام ہیں 1870 کا ایکٹ آج بھی چل رہا ہے ایکٹ نہیں بدلہ ترمیم کر دی، کورٹ فیس میں ترمیم کر دی جو 15۔ارب روپے کا ڈاکا لیکن ٹریژری بنچوں سے ایک دوست نے بھی نشاندہی نہیں کی۔ مجھے وزیر موصوف حلف دیں اور ان کی پارلیمانی پارٹی حلف دے کہ کیا یہ بجٹ ان کی مشاورت سے بنایا گیا ہے اس کو impose کیا گیا۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمد ندیم قریشی! آپ please wind up کریں۔ آپ کے پاس آخری ایک منٹ ہے آپ please wind up کریں۔

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر! میں آپ کے تحمل اور تدبُر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، وجہ یہ کہ میں آپ کے دل کی بات کر رہا ہوں، آپ مجبور اور قیدی ہیں لیکن آپ کو پتا ہے کہ میں آپ کی بات کر رہا ہوں اور میں آپ کے پنجاب کے عوام کی بات کر رہا ہوں۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: قریشی صاحب! نہ مجبور ہیں اور نہ ہی قیدی ہیں۔

جناب محمد ندیم قریشی: آج یہ فرماتے ہیں کہ دستک مریم، میں اس بجٹ کو روزنامہ بری خبر قرار دیتا ہوں۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کے پاس آخری منٹ ہے آپ wind up کریں۔

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر! یہ دستک مریم نہیں ہے یہ حسرت مریم ہے یہ پنجاب کو فتح کرنے کی ایک سازش ہے لیکن۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: قریشی صاحب! بہت شکریہ

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر! آخری ایک منٹ دے دیں۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ نے آخر میں شعر پڑھنا ہے؟

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر!وہ شخص جو آج اپنے رفقا کے ساتھ پابند سلاسل ہے عمران خان، شاہ محمود قریشی، عمر سرفراز چیمہ، اعجاز چودھری، محمود الرشید اور ڈاکٹر یاسمین راشد خدا کی قسم 50 ٹمپریچر کی اس گرمی میں جیلوں میں رہ کر انہوں نے ان کے دماغوں سمیت ان کو فتح کر لیا ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ قریشی صاحب!آپ نے جنوبی پنجاب سول سیکرٹریٹ کا ذکر کیا تو وہ آپ کو بھی پتا ہے اور مجھے بھی پتا ہے کہ آپ کے دور حکومت کتنا functional تھا اور وہ کس مقصد کے لئے بنایا گیا۔ یہ ایک علیحدہ debate ہے اس پر ہم بیٹھ کر بات کریں گے (نعرہ ہائے تحسین)

وزیر خزانہ وپارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر!۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر خزانہ وپارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر!میں تھوڑی سی گزارش یہ کرنا چاہوں گا کہ قریشی صاحب جوش خطابت میں بہت سے غیر پارلیمانی الفاظ بولے ہیں تو خاص طور پر جو ہماری لیڈرشپ کے بارے میں بولے ہیں تو ان الفاظ کو حذف کیا جائے۔ ویسے میں ان کو بہت مبارکباد پیش کروں گا کہ میں پچھلے چار دن سے پی ٹی آئی والوں کی تقریریں سن رہا ہوں تو انہوں نے آج خوشامد کی ساری حدیں توڑ دیں اور یہ ان کی بہترین تقریر تھی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سردار خان بہادر ڈوگر!(قطع کلامیاں)

جناب خان بہادر: مجھے پتا ہے غیر پارلیمانی الفاظ میرے سے نہ ادا ہو جائیں۔ مجھے پتا ہے کہ آپ لوگوں کی اور میری تربیت ایک جگہ پر ہوئی ہے وہ کیسی ہے مجھے بات کرنے دیں میں نے بجٹ پر اور اپنے حلقے پر بات کرنی ہے۔

شروع کرتا ہوں اللہ کے پاک نام سے جو مہربان اور رحم کرنے والا ہے اور بے شمار درود وسلام آقائے دوجہاں حضرت محمد ﷺ کی ذات عطر اور آل پر۔

جناب سپیکر! یہ بجٹ مزدور دوست بجٹ ہے، یہ بجٹ کسان دوست بجٹ ہے، یہ بجٹ انسان دوست بجٹ ہے یہ بجٹ مشاورت سے اور مساوات سے بنایا گیا ہے۔ یہاں تو میرے بھائی جو اپوزیشن بنچوں پر بیٹھے ہوئے ہیں میں پھر سے ان سے request کرتا ہوں کہ میری بجٹ پر تقریر کو سماعت فرمائیں نہ کہ آپ تیلے پر زور رکھیں اور ڈی چوک سے شروع کرکے آپ 9۔ مئی تک نہ آئیں۔ آپ ہمارے بھائی ہیں آپ بھی منتخب ہو کر آئے ہیں ان کو بھی برداشت کریں جو کل جہاں آپ بیٹھے تھے وہ آج وہاں بیٹھے ہیں۔ 100 دن کے مختصر ترین وقت میں جو کارکردگی میری CM کی ہے اس کی مثال شہباز سپیڈ سے دے سکتے ہیں لیکن بزدار جو دوخواتین کی سوچ سے وزیراعلیٰ آیا ہے اس سے نہیں دے سکتے۔ اس وقت کے لیڈر نے کہا، یہ کتنا بڑا جھوٹ ہے کہ میں پنجاب کو وہ وزیراعلیٰ دے رہا ہوں جس کے گھر میں بجلی بھی نہیں ہے۔ آپ دیکھیں کہ اس کے پیچھے سوچ کیا تھی؟ اس کے پیچھے سوچ تھی کہ صرف خواتین نے اس کو وزیراعلیٰ لگانا تھا۔ یہ مجھے جواب دے دیں کہ اگر یہ سوچ نہیں تھی تو اگر کوئی تیسری طاقت تھی وہ بھی سامنے لے کر آجائیں۔ میری تقریر کے بعد جس کا دل چاہے سپیکر آفس میں بیٹھ جاتے ہیں، میں پی ٹی آئی کے حوالے سے ایک ایک بات سے بخوبی واقف ہوں،۔۔۔(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: please no cross talk.۔جی، خان صاحب! آپ اپنی بات جاری رکھیں۔

جناب خان بہادر: یہ کچھ لوگ اُس وقت نہیں تھے، اُس وقت اسلام آباد دھرنے میں نہیں تھے اور اس دھرنے میں جو موجودہ تھے وہ آپ لوگوں میں سے چند ہیں، اس کے بعد آئندہ الیکشن میں آپ نہیں ہونا۔ عمران خان ہر وقت بندے بدلتے رہتا ہے۔۔۔(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! آپ please Chair کو address کریں۔

جناب خان بہادر: اپنا دھیان کرو اور ان دوستوں سے اپنے پلّے اکٹھے رکھو۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ please Chair کو address کریں۔

جناب خان بہادر: جناب سپیکر! میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ میری بات غور سے سنیں چونکہ میں آپ سے واقف ہوں اور آپ میرے سے واقف ہیں۔

جناب سپیکر! اس 100 دن کے مختصر ترین وقت میں صحت کے میدان میں، تعلیم کے میدان میں، بالخصوص پنجاب کی وہ خستہ حال سڑکیں جو ان کی ساڑھے تین سال پونے چار سال کی روداد بتا رہی تھیں اس کو دیکھیں اور بالخصوص لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے صورتحال ہوئی ہے وہ ان کے وزیر اعلیٰ کے دور کی FIRs بھی نکلوالیں اور اس 100 دن کی FIRs بھی نکلوالیں تو آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ نالائقی اور نااہلی کے دور میں کیا ہوا؟ اور جب Madam Mariam Nawaz Sharif وزیر اعلیٰ بنیں تو اس کے بعد لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال کیسے بہتر ہوئی۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! اس 100 دن میں میڈم مریم نواز نے اس پنجاب کو بدلنے کی وہ کوشش کی، مینار پاکستان پر 2018 کے آخری جلسے میں عمران خان نے کہا کہ میرے پاس 200 بندے کی expert team ہے تو میں اس ملک کو 90 دن میں ٹھیک کر دوں گا اور اپنا منشور دیا۔ اب پتا نہیں کس کس کے انٹرویو کرنے سے کس کس کی مدد سے 2018 میں اس کو وزیر اعظم بنایا گیا تو جب 90 دن گزرے تو 90 کے بعد پاکستانی قوم اور صحافیوں نے پوچھا تو اس نے کہا کہ یہ 90 دن کا وقت بہت قلیل ہے اس عرصہ میں میں یہ ٹھیک نہیں کر سکتا تو مجھے اور 90 دن دے دیں جب دوبارہ پھر 90 دن دے دیئے گئے تو وہ 90 دن بھی گزر گئے اور اس کے بعد پھر پاکستانی قوم نے پوچھا تو اس نے کہا کہ یہ 6 مہینے کا وقت بہت کم ہے مجھے ایک سال کا وقت چاہئے پھر سال کا وقت دے دیا اور سال کے بعد پوچھا۔۔(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: Please order in the House. آپ لوگ اس طرح نہ کریں۔ وہ بجٹ پر بات کر رہے ہیں آپ خاموشی اختیار کریں اور آپ اسے interrupt نہ کریں۔

جناب خان بہادر: ایک سال کی کارکردگی کے بعد بھی جب پاکستانی قوم نے پوچھا تو وہ کہتے ہیں کہ اس ملک میں ہے ہی کچھ نہیں، میں اس کو کیسے ٹھیک کر سکتا ہوں؟ اس ملک میں سب کچھ تھا۔ میاں نواز شریف سب کچھ چھوڑ کر گیا، آپ کی نالائقی اور نااہلی کی وجہ سے ملک کھنڈرات بنا اور آپ کی نالائقی اور نااہلی کی وجہ سے آپ کے خلاف عدم اعتماد آیا۔ میں اس سے زیادہ گفتگو اس پر نہیں کرنا چاہتا ہوں ان کی مہربانی ہے کہ یہ خاموش ہو گئے ہیں۔ میں زیادہ گفتگو آج اپنے حلقے پر کرنا چاہتا ہوں۔ یہ بجٹ پنجاب عوام دوست بجٹ ہے، ہمارے وزیر خزانہ نے بڑی محنت سے یہ بجٹ پیش کیا اور اُس دن کی اِن کی speech بڑی خوبصورت speech تھی اور یہ ہماری وزیر اعلیٰ صاحبہ کی ٹیم کا

مین حصہ ہیں۔ میرا تعلق تحصیل جڑانوالہ سے ہے جڑانوالہ تحصیل پنجاب کے 18 اضلاع سے بڑی ہے اور اُس تحصیل میں 60 بیڈ کا hospital ہے تو میری منسٹر فنانس سے یہ درخواست ہے کہ اس کو آپ نوٹ فرمائیں کہ 160 بیڈ کا hospital اُس آبادی کے لحاظ سے کم ہے مہربانی فرما کر اُس کو 120 بیڈ کا hospital بنایا جائے۔ دوسرا ہماری تحصیل جڑانوالہ ایک ضلع کا درجہ رکھنے والی تحصیل ہے 2013 میں میاں محمد نواز شریف نے وہاں الیکشن سے قبل ضلع بنانے کا اعلان کیا تھا میری یہ درخواست ہے کہ اُس اعلان کو عملی شکل پہنائی جائے اور ہمارے جڑانوالہ کا جو موٹروے انٹر چینج شیر شاہ سوری کے وقت کے روڈ پر منظور ہو چکا ہے۔ میاں شہباز شریف نے پچھلی گورنمنٹ میں منظور کیا ہے اُس کے لئے ہمیں وفاق سے فنڈ لے کر دیں تاکہ وہ فنکشنل ہو جائے۔ دوسری میری گزارش یہ ہے کہ میرے حلقے میں پانچ دیہات ہیں جن کا نیچے کا پانی کھارا ہے، وہاں واٹر سپلائی کا کوئی اچھا انتظام نہیں ہے، وہاں بالخصوص اسی بجٹ میں اُن پانچ دیہاتوں کو واٹر سپلائی دی جائے۔ ننکانہ صاحب جڑانوالہ روڈ، ننکانہ صاحب بابا گرونانک کا شہر ہے اور ضلع بھی ہے وہاں یونیورسٹی بھی ہے تو ہمارے جڑانوالہ سے ننکانہ صاحب کا جو رابطہ ہے اُس سڑک کی صورتحال بہتر نہ ہے تو میری وزیر خزانہ سے گزارش ہے کہ اس کو اسی اے ڈی پی میں شامل کرایا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، سردار صاحب! wind up کریں۔

جناب خان بہادر: جناب سپیکر! ہمارے جڑانوالہ میں 17 لاکھ کی آبادی کی تحصیل میں یونیورسٹی نہیں ہے وہاں کے لئے یونیورسٹی منظور کی جائے، وہاں سرکاری رقبہ شہر کے قریب بہت پڑا ہے وہاں رقبے کی بھی کسی قسم کی problem نہیں ہے تو میری گزارش ہے کہ وہاں کے لئے یونیورسٹی کو ضرور منظور کیا جائے۔ ہمارے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کو ڈبل کرنے کے ساتھ ساتھ وہاں جن ڈاکٹروں کی کمی ہے اُن کو فوری پورا کیا جائے۔ ہمارا جڑانوالہ گندم اور چاول کی فصل کو زیادہ کاشت کرتا ہے گندم میں ہمارا زمیندار dishearth ہوا ہے انہوں نے بہت اچھا کسان دوست بجٹ دیا ہے اس میں آپ مزید کسان کی جتنی بھی مدد کر سکتے ہیں اس کو مزید بڑھایا جائے۔ بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! بہت شکریہ۔ جی، محترمہ نادیہ کھر!

محترمہ نادیہ کھر: جناب سپیکر!

قتل گاہوں سے چن کر ہمارے الم
اور نکلیں گے عشاق کے قافلے
جن کی راہ طلب سے ہمارے قدم
مختصر کر چلے درد کے فاصلے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین۔ اے اللہ میں تیری عبادت کرتی ہوں اور تجھ سے مدد مانگتی ہوں۔

جناب سپیکر! آپ کے توسط سے میں Annual development program budget پر بات کرنا چاہوں گی۔ میں نے بجٹ کو بڑے غور سے پڑھا ہے اور ہمارے وزیر خزانہ کی تقریر کو بھی غور سے سنا ہے۔ میں معذرت سے کہتی ہوں کہ منسٹر صاحب نے تو بہت بڑی بڑی باتیں کی ہیں لیکن اگر آپ ADP کی کتاب کو غور سے پڑھیں گے تو بنیادی چیزوں پر بڑا فرق ہے۔ ان کا تمام تر بجٹ mostly ان کا development اس میں نہیں ہے، کوئی نئی پالیسی، کوئی نہیں سکیمز نہیں ہیں، ان کا تمام بجٹ صرف کاپی پیسٹ ہے۔ اس بجٹ میں جو سب سے مین بات ہے کہ جو اس پورے بجٹ کا خسارہ 800۔ارب ہے جو ہمارے expenses 5400 billions ہیں اور ہمارا 4600 revenue ہے، ہمارے revenue 4600 billion جو expenses ہمیں چاہئے وہ 5400 ہیں۔ اس کے اندر جو 800۔ارب کا خسارہ ہے، ہمارے ملک کا یہ خسارہ کون پورا کرے گا، ان کا پروٹوکول ان کے luxury lifestyle یہ پورا کریں گے۔

جناب سپیکر! میں بجٹ پر بات کرنے سے پہلے میں نادیہ پاکستان کی بیٹی دختر جنوبی پنجاب اپنے ساؤتھ پنجاب کی بات کروں گی۔ جب بات بجٹ کی آتی ہے، جب بات سکیمز کی آتی ہے، جب بات میگا پراجیکٹ کی آتی ہے، جب میرے جنوبی پنجاب کو علیحدہ صوبہ بنانے کی بات آتی ہے، یہ میر الیڈر عمران خان جس نے بغیر کسی مفاد کے بغیر کسی اقتدار کے اپنی محنت اور جدوجہد سے لاہور میں شوکت خانم کینسر ہسپتال دیا۔

جناب سپیکر! یہ بھول جاتے ہیں کہ جنوبی پنجاب بھی پنجاب کا حصہ ہیں نواز شریف کینسر ہسپتال 56۔ارب کی لاگت سے state of the art،67 کروڑ کی لاگت سے آئی ٹی پروگرامز، آئی ٹی سکول۔ یہاں پر میرا سوال ہے کیا جنوبی پنجاب، پنجاب کا حصہ نہیں ہے؟ انہوں نے ٹیکس کا جو ٹیکہ میری عوام پر لگایا ہے جو ایک بے روزگار ہے، جو اپنے دو وقت کی روٹی روزی کو پورا نہیں کر سکتا۔ آپ بتائیں وہ یہ ٹیکسز کیسے بھرے گا، ایک آکسیجن اللہ کی طرف سے ملتی ہے اِن کا بس چلے تو اس آکسیجن پر بھی یہ ٹیکس لگا دیں۔ میں بات کروں گی، اپنے علاقے کی، اپنے وسیب کی، اپنی عوام کی جو میرا مزدور بھائی ہے، جو میرا موچی بھائی ہے، جو میرا مہاجر بھائی ہے، جو میرا غریب طبقہ ہے، جو میرا کسان بھائی ہے میں جب ان کی آہیں سنتی ہوں، جب میں ان کا رونا سنتی ہوں، اُن کا رونا دیکھتی ہوں، مجھے بڑی تکلیف آتی ہے کہ میں ایک صوبائی اسمبلی کا ممبر ہونے کے باوجود اگر ہائی کورٹ جاتی ہوں تو مجھے انصاف نظر نہیں آتا[**************************]

جناب ڈپٹی سپیکر: غیر پارلیمانی الفاظ کارروائی سے حذف کئے جاتے ہیں۔

محترمہ نادیہ کھر: اگر میں اپنے صوبے کی سی ایم صاحبہ کے پاس آتی ہوں جو کسی کی بیٹی ہے، جو کسی کی ماں ہے جو کسی کی بیوی ہے ہماری خواتین بغیر کسی گناہ کے ایک سال سے زیادہ عرصے سے جیلوں میں پڑی ہیں صرف سیاسی انا جو اپنے دل میں ایک بیٹی کا ایک ماں کا جذبہ نہیں رکھ سکتی میرا سوال ہے وہ ساڑھے 13 کروڑ عوام کی نمائندگی کیسے کرے گی، اُس کی محافظ کیسے بنے گی؟ میں فارم 47 والوں کے بارے میں تو بس اتنا کہوں گی کہ:

برباد گلشن کرنے کو بس ایک ہی شخص کافی تھا
یہاں پر ہر شاخ پہ الو بیٹھا ہے انجام گلستاں کیا ہو گا

جناب سپیکر! اب میں بجٹ پر آؤں گی، میں سب سے پہلے ایجوکیشن کی بات کروں گی انہوں نے سکول ایجوکیشن کے لئے 42۔ارب 50 کروڑ روپے رکھے ہیں اُس میں آپ دیکھ لیتے صفحہ نمبر 10 پر کہتے ہیں کہ 42۔ارب 50 کروڑ سرکاری سکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے کاموں کو تیزی کے ساتھ مکمل کیا جائے گا نئی کلاس رومز، آئی ٹی لیب اور dangerous buildings کے

* بحکم جناب ڈپٹی سپیکر الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

حوالے سے کام ہو گا۔ آپ ADP کا سیریل نمبر۔1 پڑھیں تو ڈویلپمنٹ کے لئے بجٹ 0.000 فیصد ہے۔ اگر آپ سیریل نمبر 12 پر توجہ فرمائیں آپ یہ سیریل نمبر خود دیکھ لیں جس میں یہ کہتے ہیں کہ کہ 20 کروڑ روپے سے پورے پنجاب میں boundaries wall, water block and toilets کی missing facilities پوری کریں گے۔ میرا یہ ان سے سوال ہے کہ اگر 26 ہزار 70 سکولوں میں سے اگر ہم 10 ہزار سکولوں پر بھی اس رقم کو تقسیم کریں تب بھی یہ رقم 22 ہزار روپے فی سکول بنتی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ! آپ اپنی speech wind up کریں۔

محترمہ نادیہ کھر: جناب سپیکر! مہربانی کریں میں نے ابھی اور بھی باتیں کرنی ہیں اس لئے میں آپ سے مزید وقت لوں گی۔ ابھی یہاں پر سڑکوں کے حوالے سے بات ہو رہی تھی کہ انہوں نے جنوبی پنجاب کی سڑکیں اس طرح بنائی ہیں تو بالکل انہوں نے سڑکوں کے لئے 143۔ارب روپے کا فنڈ رکھا ہے یہ فنڈ انہوں نے اس لئے رکھا ہے کیونکہ ان کو وہاں سے کمیشن ملتا ہے ان کے ایم پی ایز سے لے کر ایم این ایز، ایکسیئن اور ان کا ہر افسر وہاں سے کمیشن کھاتا ہے۔ جو ہماری بنیادی ایجوکیشن ہے تو اس حوالے سے انہیں ایمرجنسی نافذ کر دینی چاہئے 64 فیصد آبادی نوجوانوں کی جن کی عمر 25 سال سے کم ہے اور ان میں سے 40 فیصد ان پڑھ لوگ ہیں۔ میں بجٹ کو سائیڈ پر رکھ کر آپ سے گزارش کروں گی کہ آپ میرے حلقے میں آ کر دیکھیں کہ وہاں 15 کلو میٹر تک کے فاصلے پر کوئی سکول موجود نہیں ہے، ہمارے سکولوں میں ایک ایک کلاس میں 100 بچے ہیں جو زمین پر بیٹھ کر پڑھتے ہیں اور کیڑے مکوڑے ان کے آس پاس رینگتے ہیں تو جس ملک کے بچے کی بنیاد اس طرح کی ہو گی تو آپ مجھے بتائیں کہ اس کا مستقبل کیا ہو گا؟

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ! آپ اپنی speech wind up کریں۔ آپ کے پاس ایک منٹ کا وقت ہے آپ نے اپنی بات کو ایک منٹ میں conclude کرنا ہے۔

محترمہ نادیہ کھر: جناب سپیکر! یہاں پر سب نے بات کی ہے تو مجھے بھی تھوڑا بات کرنے کا موقع دیں کیونکہ جو رہی سہی کسر تھی وہ انہوں نے ہمارے سارے سکول PEF کے حوالے کر

دیئے ہیں۔ آپ مجھے بتائیں میرا ایک بھائی مزدور جو دو وقت کی روٹی بھی نہیں کما سکتا وہ اپنے بچوں کی کس طرح سے پرائیویٹ سکولوں کی فیس ادا کرے گا تو میرا یہ آپ سے سوال ہے ؟میں ایجوکیشن پر بات کروں گی یہاں کہتے ہیں کہ اگر آپfigures پر بات نہ کریں تو logically آپ کی speech نہیں ہوتی تو ہم کیا figures پر بات کریں کیا یہ figures صحیح ہیں، کیا یہ figures پورے کرتے ہیں یہ صرف ان کی ایسے ہی کارروائی ہے۔ میرا حجرہ شاہ مقیم جو کہ اڑھائی لاکھ آبادی اور سات یونین کونسلز پر مشتمل ہے۔ میں نے ایک دن اپنے حلقے کے RHC کا وزٹ کیا ہے تو آپ یقین کریں کہ ڈلیوری کے دوران اور ایمرجنسی میں 80 / 70سالہ بزرگ موجود تھے لیکن وہاں پر بجلی نہیں تھی تو مجھے دیکھ کر انہوں نے کہا کہ ممبران صوبائی اسمبلی آگئی ہیں تو انہوں نے پھر جنریٹر چلایا تو پانچ منٹ کے بعد اس جنریٹر میں سے فیول بھی ختم ہو گیا۔ یہ خدا کا قہر ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محترمہ! اب آپ تشریف رکھیں۔اب محترمہ نیلم جبار چودھری اپنی بات کریں۔

محترمہ نادیہ کھر: جناب سپیکر! میں نے ایک منٹ مزید بات کرنی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ! آپ بے شک چیک کر لیں کہ آپ نے آٹھ منٹ بات کی ہے۔ جی، محترمہ نیلم جبار!

محترمہ نیلم جبار چودھری جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے۔

سب سے پہلے ابھی یہاں پر میری بہن نے تقریر کی ہے تو انہوں نے شعر پڑھا ہے:

قتل گاہوں سے چن کر ہمارے عَلم
اور نکلیں گے عشاق کے قافلے

جناب سپیکر! پاکستان پیپلز پارٹی اس ملک میں وہ واحد جماعت ہے جس کے قائدین نے اس ملک میں جمہوریت کے لئے قربانیاں دی ہیں اور اس پارٹی کے کارکنان نے اپنی جانوں کی قربانیاں دی ہیں، انہوں نے اپنی جانوں کے نذرانے اس ملک کے لئے پیش کئے ہیں۔ اس ملک پاکستان میں آج ہمیں جو جمہوریت نظر آتی ہے اس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے

لیڈران کا خون شامل ہے۔ میں یہ کہنا چاہوں گی کہ ان کی انگلی بھی نہیں کٹی اور یہ شہیدوں کی صف میں شامل ہونا چاہ رہے ہیں۔میں اپنی تقریر کا آغاز کروں گی جیسا کہ میں نے اس ہاؤس میں ایک روایت دیکھی ہے کہ بجٹ پر تقاریر کم اور اپنے اپنے لیڈران پر زیادہ speeches کی جا رہی ہیں۔میرا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی سے ہے تو میں اپنی قائد شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنی بات کا آغاز کروں گی کہ پاکستان پیپلز پارٹی وہ پارٹی ہے جو شہید ذوالفقار علی بھٹو سے لے کر شہید محترمہ بے نظیر بھٹو تک، ہم نے اور ہماری پاکستان پیپلز پارٹی کے قائدین نے اس ملک اور اس ملک کی عوام کے لئے اور ان کو ان کے حقوق دلوانے کے لئے اپنی ساری زندگی وقف کرتے ہوئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر دیئے۔ ہمارے کارکنان نے کوڑے کھائے،پھانسیوں پر چڑھے لیکن اس کے باوجود بھی ہمارے کارکنان کبھی نہیں جھکے۔ہمارے لیڈر شہید ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی پر چڑھا دیا گیا لیکن شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اپنے ارد گرد کبھی بھی اپنے کارکنان کی ہیومن شیلڈ نہیں بنائی اور اپنے آپ کو بچانے کی کبھی کوشش نہیں کی۔ہمارے کارکنان نے خود سوزیاں کیں لیکن ہمارے کارکنان نے کبھی بھی اپنے ہاتھوں میں پٹرول بم نہیں پکڑے ۔پاکستان پیپلز پارٹی وہ پارٹی ہے جس نے ہمیشہ عوام کے لئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے ہیں اگر میں اپنے قائد آصف علی زرداری کی بات کروں تو اس شخص نے 11 سال تک بے گناہ جیل کاٹی ہے۔ انہوں نے اپنی زندگی کے بہترین 12 سال جو وہ اپنے بیوی اور بچوں کے ساتھ گزار سکتے تھے لیکن انہوں نے اپنی زندگی کے وہ بہترین سال جیل میں کاٹ دیئے اور کبھی اُف تک بھی نہیں کیا۔جب ہماری قائد محترمہ بے نظیر بھٹو کو شہید کر دیا جاتا ہے اور جب یہ ملک ٹوٹنے کے قریب ہوتا ہے تو اس وقت کون یہ نعرہ لگاتا ہے کہ پاکستان کھپے، پاکستان کھپے، پاکستان کھپے تو یہ فرق جمہوری لوگوں اور ان لوگوں کے درمیان ہوتا ہے جنہوں نے آج تک اس ملک میں تماشا لگانے کے علاوہ، اس ملک میں اداروں کو آپس میں لڑانے کے علاوہ، تشدد اور نفرت کی سیاست کو ہوا دینے کے علاوہ انہوں نے آج تک کوئی constructive work اس ملک کی عوام کے لئے نہیں کیا۔ہم unfortunately ابھی بھی جو ہم ان اسمبلیوں میں بیٹھے ہیں، ہم دیکھ رہے ہیں کہ ان کی عوام نے ان کو ووٹ دے کر یہاں

ایوان میں بھیجا ہے تا کہ یہ ایوان میں جا کر ہماری نمائندگی کریں، ان کے لئے جو راستے یا جو یہ ان کے لئے خدمت کر سکتے ہیں وہ کریں لیکن یہاں پر یہ ہوتا چلا آ رہا ہے کہ بجائے کسی موضوع یا عوامی ایشوز پر بات کرنے کے یہاں ہر وقت ایک تماشالگا ہوا ہے، یہاں ہر وقت ایک لیڈر کو جو جیل میں ہے اس کو مہاتما بنا کر پیش کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس طرح نہیں ہونا چاہئے کیونکہ اس عوام کا وقت بہت قیمتی ہے یہاں جو اجلاس اور سیشن بلائے جاتے ہیں یہ پنجاب کی عوام کی بہتری کے لئے بلائے جاتے ہیں نہ کہ کسی لیڈر کی بے جا حمایت یا اس کے لئے بے جاآوازاٹھانے کے لئے بلائے جاتے ہیں۔ یہاں پر ایک روایت بن چکی ہے کہ تمام ممبران شعر پڑھ رہے ہیں تو ایک شعر میرے ذہن میں بھی آرہا ہے کہ:

جب بھی چمن کو لہو کی ضرورت پڑی
سب سے پہلے ہی گردن ہماری کٹی
پھر بھی کہتے ہیں یہ اہل چمن
یہ وطن ہے ہمارا تمہارا نہیں

جناب سپیکر! اب میں بجٹ پر بات کرتی ہوں بجٹ پلاننگ کا ایک اہم جزو ہوتا ہے میں سمجھتی ہوں کہ اگر ہم اپنے بجٹ کو بہترین طریقے سے plan کرتے ہیں اگر ہم بہترین طریقے سے اپنے وسائل کا استعمال کریں تو اسی کے اندر ہمارے بہت سارے وسائل حل ہو سکتے ہیں اگر حکومت اپنے شاہانہ خرچوں کو کم کرے ،بیوروکریسی پر جو اخراجات ہو رہے ہیں ان کو کم کرے اور اسی طرح بہت ساری federal ministries میں ہم نے دیکھا ہے۔ جیسا کہ آپ نے اور ہم سب نے دیکھا ہے کہ عوام پر ٹیکسز کی بھرمار کر دی گئی ہے اگر پلاننگ کے ساتھ چلا جاتا تو ان تمام مسائل کا حل نکالا جا سکتا تھا۔ میں سمجھتی ہوں کہ پاکستانی عوام کی مثال اور ان کی حالت اس وقت اس طرح ہے کہ ایک گدھے کے اوپر بھی اگر حد سے زیادہ بوجھ ڈال دیا جائے تو وہ بھی بیٹھ جاتا ہے اور وہ چل نہیں سکتا کیونکہ ایک گدھے پر اتنا زیادہ وزن لاد دینا انتہائی غیر مناسب ہوتا ہے تو unfortunately یہی حال ہمارے ملک کی عوام کا اس وقت ہو رہا ہے already پاکستانی عوام اس وقت بے تحاشا ٹیکسز ادا کر رہی ہے

اور وہ مزید ٹیکسز کے بوجھ تلے دب جائے گی اور ہمیں نظر آرہا ہے کہ آئندہ آنے والے وقت میں کم از کم ڈیڑھ کروڑ سے زائد لوگ خطِ غربت سے نیچے چلے جائیں گے تو ہمیں اس طرف سوچنے کی ضرورت ہے کہ حکومت اپنے اخراجات کم کرتے ہوئے پاکستانی عوام، پنجاب کی عوام کی خوشحالی پر زیادہ توجہ دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ! پلیز wind up کریں۔

محترمہ نیلم جبار چودھری: جناب سپیکر! میں نے تو ابھی تقریر شروع کی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ! پلیز سات منٹ ہو چکے ہیں۔

محترمہ نیلم جبار چودھری: جناب سپیکر! مجھے پہلی دفعہ ٹائم ملا ہے۔ میں تھوڑے تھوڑے پوائنٹ لوں گی اور میں کوشش کروں گی کہ جلدی wind up کروں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ

محترمہ نیلم جبار چودھری: جناب سپیکر! جیسے زراعت پر سب نے بات کی ہے، زراعت ہماری معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور ہم بچپن سے یہ پڑھتے چلے آئے ہیں کہ زراعت ہماری معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے لیکن ہم نے یہ دیکھا ہے کہ جس طرح سے ہماری معیشت پر ہماری ریڑھ کی ہڈی پر کاری ضرب لگائی گئی ہے۔ ہمارے کسان نے bumper crop پیدا کی لیکن اس کی crop کو خریدا نہیں گیا۔ اس سے پہلے نگران حکومت میں کسان کے ساتھ وعدہ کیا گیا تھا کہ اسے 20۔ ارب روپے کا پیکیج دیا جائے گا اسے وہ پیکیج نہیں دیا گیا بلکہ اس نے جو bumper crop پیدا کی ہے اس کا اسے نقصان یہ ہوا کہ اس کی اس سے فصل بھی نہیں خریدی گئی۔ ہماری فوڈ سکیورٹی ہی ہماری نیشنل سکیورٹی ہے۔ کیا ہم یہ risk لے سکتے ہیں کہ ہمارا کسان جس کے پاس اگلی فصل کاشت کرنے کے لئے پیسے نہیں ہیں اور اگر ہمارا کسان اگلے سال گندم کاشت نہیں کرتا تو کیا ہمیں مہنگے داموں میں دوبارہ سے گندم باہر سے منگوانی پڑے گی اور کیا اس وقت ہمارے پاس اتنے ڈالر موجود ہیں کہ ہم اربوں ڈالر لگا کر دوبارہ سے مہنگے داموں گندم منگوا سکیں۔

جناب سپیکر! میں تھوڑی تھوڑی گزارشات کر کے اپنی تقریر wind up کرنے کی کوشش کروں گی۔ اگر ایجوکیشن کی بات کی جائے تو کسی بھی ملک کا جو ایجوکیشن سسٹم ہوتا ہے وہ یہ

determine کرتا ہے کہ آیا اس کی نوجوان نسل آیا حاکم بنے گی یا محکوم بنے گی یا وہ کسی cult میں مبتلا ہو کر یوتھیا بنے گی۔ میں سمجھتی ہوں کہ ہمیں اپنے ایجوکیشن سسٹم کو upgrade کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ اس ٹائم ہمارا ایجوکیشن سسٹم بہت زیادہ out dated ہو چکا ہے۔ ہم نے اپنے بچوں کے لئے ایجوکیشن کو اس گلوبل مارکیٹ کے لئے human resource بنانا ہے، ہمیں اس رٹا سسٹم سے نجات حاصل کرنی ہے۔ اگر آپ دیگر ممالک میں دیکھ لیں تو پرائمری لیول تک وہ بچے مائیکرو سافٹ پر اپنی پوری enjoy حاصل کر چکے ہوتے ہیں لیکن آج بھی ہمارے بچے کو نویں دسویں میں floppy disk پڑھائی جا رہی ہے۔ میں کہنا چاہوں گی کہ آج ہمارے بچے کو نہ تو غالب کے اشعار یاد کرنے سے کوئی مطلب ہے نہ ہی اسے پرانا فرسودہ رٹا سسٹم سے کوئی غرض ہے لہٰذا ہمارے اس سارے تعلیمی سسٹم کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ خدارا اس پر غور کیا جائے جب ایک بچہ دسویں کلاس سے فارغ التحصیل ہو کر کالج جانے کے لئے نکلتا ہے اس وقت تک وہ ایک سمجھ دار اور mature بچہ ہوتا ہے لیکن بد قسمتی سے سولہ سترہ سال کی عمر تک اس بچے کے پاس نہ کوئی skill ہے نہ ہی اس کی کوئی career counselling کی جاتی ہے کہ اس نے further کیا کرنا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، محترمہ!

محترمہ نیلم جبار چودھری: جناب سپیکر! میں wind up کرتی ہوں۔ میں اپنے حلقے کے حوالے سے ایک دو تجاویز ضرور آپ کے سامنے رکھنا چاہوں گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ! بس آخری منٹ۔

محترمہ نیلم جبار چودھری: جناب سپیکر! جی بالکل۔ میرا تعلق ٹوبہ ٹیک سنگھ سے ہے میں 2008 میں اس ہاؤس کی ممبر منتخب ہوئی تھی۔ میں یہ کہنا چاہوں گی اور میں نے اس سے پہلے تحریری طور پر منسٹر صاحب کو دیا تھا اور وہاں سے ہمارے منتخب ایم پی اے نے بھی یہی بات کی ہے کہ ہمارا علاقہ ٹوبہ ٹیک سنگھ دو موٹرویز کے بیچ واقع ہے۔ ان دو موٹرویز کے بیچ سینکڑوں ایکڑ سرکاری اراضی ہے جو بنجر پڑی ہوئی ہے۔ اگر ہمارے بچوں کے لئے اس بنجر زمین پر سمال انڈسٹریل زون بنا دیا جائے تو ٹوبہ ٹیک سنگھ وہ علاقہ ہے جس کا لٹریسی ریٹ میں ایک نمایاں مقام ہے لیکن ہمارے بچے، ہمارے نوجوان کے پاس روزگار کے لئے کوئی سلسلہ نہیں ہے۔ اگر وہاں پر کوئی سمال انڈسٹریل زون کا قیام

عمل میں لایا جاتا ہے تو ہمارے جو نوجوان فارغ پھر رہے ہیں انہیں اچھا روزگار مہیا ہو سکے گا۔ میں اسی کے ساتھ جڑی ہوئی دوسری بات کرنا چاہوں گی کہ ان دو موٹرویز۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ! اب بس کر دیں۔

محترمہ نیلم جبار چودھری: جناب سپیکر! بس یہ آخری گزارش ہے۔ان دو موٹرویز کی وجہ سے ہماری جو ذیلی روڈز ہیں ان پر ٹریفک کا اس قدر pressure ہے کہ وہاں آئے روز خوفناک حادثات ہو رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بہت شکریہ۔جی محترمہ صائمہ کنول!

محترمہ صائمہ کنول: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین۔جناب سپیکر! شکریہ کہ آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا ورنہ یہاں پر یہ ہوتا ہے کہ خواتین دو دو دن پہلے منتیں کرنا شروع کرتی ہیں تب جا کر اس دن بھی ان کو اپنی باری کا انتظار کرنے کے لئے سارا سارا دن بیٹھنا پڑتا ہے۔ بجٹ تقریر سے پہلے حکومتیں بنانے اور گرانے والی طاقتوں کے لئے اپنے قائد اور امت مسلمہ کے لیڈر عمران خان کے حوالے سے ایک شعر عرض کروں گی:

کوئی کہہ دے ذرا وقت کے فرعونوں سے
خاک ہو جاتے ہیں سورج کو بجھانے والے

جناب سپیکر! بجٹ پیش کرنے والے صاحب وزیر خزانہ جب بجٹ پیش کر رہے تھے تو بجٹ کم پیش کر رہے تھے معذرت کے ساتھ وہ کسی پنجابی فلم کے ولن کی طرح بڑھکیں مار رہے تھے۔بجٹ میں ایک چیز جو سب سے نمایاں تھی وہ اس طرح کہ جس طرح کابینہ پر لاہور کا قبضہ ہے اسی طرح سارا بجٹ ہی لاہور کے لئے بنایا گیا ہے۔میں اس پر تو اتنا ہی کہوں گی:

جانے کس کا حق دبا کر گھر میں دولت لائے ہو
اس پر ستم یہ کہ اس میں برکت بھی چاہئے

کیا لاہور ہی پنجاب کا شہر ہے؟ میرا حلقہ پی پی۔260 کیا وہ پنجاب کا حصہ نہیں ہے؟

جناب سپیکر!میں آپ کی توجہ چاہوں گی آج اس ایوان کے ذریعے اس وسیب کی بیٹی کی حیثیت سے میں تخت لاہور کی فارم 47 والی ملکہ سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ میرے وسیب کے ساتھ ناانصافی کیوں کی جا رہی ہے ؟ کیوں میرے وسیب کے باسیوں کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کیا جا رہا ہے ؟ آج جیل میں ناحق قید اپنے کپتان کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں جس نے وسیب کے لوگوں کی آواز سنی اور جنوبی پنجاب میں سیکرٹریٹ قائم کیا۔فارم 47 والی ملکہ کو چاہئے یہ تھا کہ اس سیکرٹریٹ میں آکر کھلی کچہری لگاتیں وہاں پر بیٹھتیں تاکہ لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہوتے لیکن انہوں نے تو وہ سیکرٹریٹ ہی بند کر دیا اور میرے وسیب کے لوگوں کی پریشانیوں میں اضافہ کر دیا ہے۔ جیل میں ناحق میرے کپتان کا دوسرا جرم وسیب کے لوگوں کے لئے ملازمت کا کوٹا تھا، نوکریوں کا کوٹا تھا، اس کو بھی فارم 47 کی پیداوار حکومت نے ختم کر دیا۔ میں اسی لئے کہتی ہوں کہ:

پہاڑوں سے جو ٹکرائے اسے طوفان کہتے ہیں
جو وسیب کی محرومیوں کا ازالہ کرے اسے عمران خان کہتے ہیں

جناب سپیکر!میرے ضلع رحیم یار خان کے باسیوں کا کیا قصور ہے ؟ کیا میرے رحیم یار خان کے باسیوں کا یہ جرم ہے کہ انہوں نے ناجائز مقدمات دھونس دھاندلی کے باوجود اپنے کپتان کے امیدواروں کو جتوا کر ایوان میں پہنچایا ہے۔مجھ سمیت سات ایم پی اے جیت کر، منتخب ہو کر یہاں پر آئے ہیں اور باقیوں کو فارم 47 کی گولی سے شہید کیا گیا ہے ۔ہمارے بہادر غیرت مند ووٹرز، سپورٹرز نے ہمیں یہاں تک ایوان میں پہنچایا ہے اس ایوان کے ذریعے ضلع رحیم یار خان بالخصوص حلقہ پی پی۔260 والوں کا ایک پیغام دینا چاہوں گی کہ میرے لوگوں نے مجھے کہا کہ اگر عمران خان کا ساتھ دینا جرم ہے تو میڈم ہم یہ جرم کریں گے، بار بار کریں گے اور ڈنکے کی چوٹ پر کریں گے۔ کیونکہ میرے لوگوں نے کچھ نہیں مانگا، میرے لوگوں نے اپنے ووٹ کے بدلے عمران خان کی رہائی مانگی ہے۔ حالانکہ انہیں گیس چاہئے بجلی چاہئے لیکن اس دور میں بھی میرے حلقے کے لوگ زمانہ جاہلیت کی طرح زندگی گزار رہے ہیں، پوری کی پوری بستیوں میں بجلی نہیں ہے، گیس نہیں ہے، پینے کا صاف پانی نہیں ہے۔ میرا حلقہ مسائل کا مسائلستان ہے۔ میں جب وہاں پر جاتی ہوں تو ایک گاؤں میں جاؤں تو وہاں پر بجلی نہیں ہوتی تڑپنے لگ جاتی ہوں کہ میں اتنی تھوڑی دیر کے لئے آئی ہوں لیکن وہاں

کے لوگ کیسے زندگی بسر کر رہے ہیں لیکن ان لوگوں کی ہمت اور غیرت کو داد دیتی ہوں کہ وہ کہتے ہیں کہ ہمارے ہاں سکول ہونا چاہئے، ہماری بچیاں چار چار پانچ پانچ کلومیٹر پیدل چل کر جاتی ہیں۔ چھوٹے چھوٹے ننھے بچے گرمی میں بلکتے تڑپتے سکولوں تک جاتے ہیں۔ وہاں پر سکول نہیں ہیں، وہاں نہ سڑکیں ہیں نہ سولنگ ہیں جب وہ جاتے ہیں تو ان کا دائیاں گردہ بائیں اور بائیاں گردہ دائیں گردے میں جا کر لگتا ہے اس طرح کی وہاں روڈز ہیں، روڈز تو نہیں ہیں ٹوٹے پھوٹے راستے ہیں۔ وہاں پینے کا صاف پانی میسر نہیں ہے۔ وہاں آئے روز بدمعاشی ہوتی ہے ٹرانسفارمر خراب ہو گئے ہیں تاریں گر گئی ہیں، پورا پورا ایک ایک مہینہ دو دو مہینے لوگ بلکتے تڑپتے رہتے ہیں لیکن بدمعاشی کنٹرول نہیں ہو رہی۔ زمانہ جاہلیت کی طرح آج بھی میرے حلقے کی نہروں پر کھجور کے چھوٹے چھوٹے درخت گرا کر پُل بنائے گئے ہیں اور پوری بستیوں کی آمدورفت وہاں سے ہوتی ہے۔ کوئی بڑا حادثہ پیش آ سکتا ہے کیونکہ یہاں سے گزر کر بچے سکول جاتے ہیں۔ میں آپ کو ویڈیوز بھیجوں گی آپ دیکھئے گا کہ آج بھی میرے حلقے کے لوگ پانی میں سے اپنے پیاروں کی لاشیں لے کر گزرتے ہیں۔ میرے حلقے کے لوگوں کے بہت زیادہ مسائل ہیں لیکن اس کے باوجود میرے حلقے کے لوگوں نے مجھ سے کبھی کوئی مطالبہ نہیں کیا۔ انہوں نے صرف میرے لیڈر عمران خان کی رہائی مانگی ہے۔ انہوں نے مجھے عمران خان کے لئے ووٹ دیئے ہیں اور میں عمران خان کے mandate پر جیت کر یہاں پر آئی ہوں۔ اپنے کپتان سے محبت کرنے والوں کو اتنا حق حاصل ہے کہ ان کا لیڈر قید میں ہے تو وہ احتجاج کر سکیں۔ جب لوگ احتجاج کے لئے باہر نکلتے ہیں تو پولیس دندناتی ہوئی آتی ہے ان کو اُٹھاتی ہے اور ان کے خلاف جھوٹے مقدمات درج کرتی ہے۔ میرے حلقے میں کچھ روز قبل عوام نے احتجاج کیا تھا۔ ہمارے ضلع کے صدر رئیس محبوب صاحب Dubai میں بیٹھے ہیں یعنی وہ یہاں موجود ہی نہیں لیکن ان کے خلاف ایف۔ آئی۔ آر درج ہو گئی ہے۔ ہمارے صادق آباد کے سٹی صدر راؤ عطاءالرحمٰن کے خلاف ایف۔ آئی۔ آر درج کی گئی ہے۔ میں کہتی ہوں کہ کچھ سوچ لیا کریں اور کوئی تحقیق کر لیا کریں لیکن خیر کوئی بات نہیں، یہ مقدمات تو کیا اگر ہماری جان بھی چلی جائے تو ہم اپنے لیڈر کو رہا کروا کر ہی دم لیں گے۔ اپنے لیڈر کی جُدائی میں تڑپتے بلکتے لوگ کیا پُرامن احتجاج بھی نہیں کر سکتے؟ ہم تو اپنے قائد کی رہائی کے ایسے منتظر ہیں کہ جیسے روزہ دار مغرب کی اذان کا منتظر ہوتا ہے۔

جناب سپیکر! میں آخر میں آپ کی توجہ ایک اہم issue کی طرف دلانا چاہوں گی۔ میرا لیڈر عمران خان کہتا ہے کہ تمام سرمایہ اپنے بچوں کے اُوپر لگا دو کیونکہ یہ بچے ملک کا سرمایہ ہیں۔ حکومت وقت محکمہ تعلیم کو بہتر کرنے کی بجائے ہماری نسل کو غیر ملکی نظریہ کی طرف راغب کر کے بگاڑنا چاہتی ہے۔ نوجوان بچوں اور بچیوں نے ایم فل کیا ہوا ہے لیکن ان کے پاس jobs نہیں ہیں اور گھر میں بے روزگار ملازمت کے انتظار میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ ایسی تعلیم کا کیا فائدہ ہے؟ حکومت کی کوشش ہے کہ نجکاری کے ذریعے -/12000 روپے تنخواہ پر ٹیچرز بھرتی کر کے تعلیم کا بیڑہ غرق کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، محترمہ! مہربانی کر کے wind up کر لیں۔

محترمہ صائمہ کنول: جناب سپیکر! مجھے ایک منٹ مزید بات کر لینے دیں۔ کیا IMF کو نجکاری کے لئے صرف محکمہ تعلیم ہی نظر آتا ہے؟ پولیس اور دیگر اداروں کو کنٹرول کریں تاکہ عوام سُکھ کا سانس لے سکے۔ ایک لاکھ اسامیاں خالی ہیں لیکن بھرتیاں نہیں کی جارہیں۔ یہ خود بھکاری ہیں اور ہماری نسل کو بھی بھکاری بنانا چاہتے ہیں۔ اس پر میں اتنا ہی کہوں گی کہ:

بہتر ہے نہ ڈالو ستاروں پہ کمندیں
انسان کی خبر لو وہ دم توڑ رہا ہے

جناب سپیکر! میں اپنے حلقے کے حوالے سے آخری request کر کے اپنی تقریر کو wind up کر لوں گی۔ میرے علاقے کی خواتین اپنے ہاتھوں سے مختلف چیزیں بناتی ہیں۔ ان چیزوں کی فروخت اور نمائش کے لئے رحیم یار خان میں ایک display center قائم کیا جائے تاکہ دیہاتی خواتین کا فن اور آرٹ ضائع نہ جائے۔ وہاں پر سلائی سنٹرز بنائے جائیں، ووکیشنل سنٹرز بنائے جائیں اور تعلیم عام کی جائے۔ آج بھی میرے حلقے میں لوگ پینے کے صاف پانی کے لئے ترستے ہیں۔ میرے حلقے کے پڑھے لکھے بچے بے روزگار پھر رہے ہیں۔ اس بجٹ میں پنجاب کے لوگوں کے لئے کیا رکھا گیا ہے اور خصوصاً میرے حلقہ پی پی۔260 کے لوگوں کے لئے اس بجٹ میں کیا ہے؟ میں فارم 47 کی ملکہ سے درخواست کروں گی کہ آپ اتنے بڑے بڑے کیمرے ساتھ لے کر آئی تھیں اور یہاں پر آپ نے کہا تھا کہ میں تمام ایم پی اے صاحبان کو ساتھ لے کر

چلوں گی۔میرے حلقے میں میرا ذاتی ایک ووٹ بھی نہیں اور نہ ہی وہاں پر میرا کوئی رشتہ دار ہے۔میں عمران خان کے mandate پر جیت کر آئی ہوں۔میرے حلقے کے لوگوں کو انسان ہی سمجھ لیں۔یہ ان کا جمہوری حق تھا کہ انہوں نے مجھے ووٹ دے کر جتوایا ہے لیکن ان کے ساتھ اتنا غیر منصفانہ سلوک نہ کیا جائے۔میرے حلقے کے لوگوں کے لئے اپنی زندگی کی ضروریات پوری کرنا مشکل ہے۔میں فارم 47 کی ملکہ سے درخواست کروں گی کہ وہ ایک مرتبہ میرے حلقے میں visit کریں تاکہ ان کو معلوم ہو سکے کہ میرا حلقہ مسائل کا مسائلستان بن چکا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بہت شکریہ۔اب سردار صلاح الدین خان کھوسہ بات کریں گے۔

جناب صلاح الدین خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیمO جناب سپیکر! ہر جگہ اور ہر ملک میں experts بجٹ بناتے ہیں اور وہ باقی محکموں سے input لے کر اس بجٹ کو مکمل کرتے ہیں۔میں اپنے آپ کو شامل کرتے ہوئے یہ کہوں گا کہ جو اپنے گھر کا بجٹ نہیں بناتے وہ صوبہ پنجاب کے بجٹ پر بحث کر رہے ہیں۔ہمیں اس اسمبلی میں سچ بولنا چاہئے۔اس کے لئے میں گزارش کروں گا کہ:

سچ گھٹے یا بڑھے تو سچ نہ رہے
جھوٹ کی کوئی انتہا ہی نہیں

جناب سپیکر! میرا تعلق ضلع ڈیرہ غازی خان سے ہے۔میرے علاقے میں سرائیکی اور بلوچی دونوں زبانیں بولی جاتی ہیں تو اگر میں ایک زبان سے دوسری پہ switchover کرتا ہوں تو مہربانی کر کے مجھے بات کرنے دیجئے گا۔

جناب سپیکر! میرے ضلعے دے بہوں سارے مسائل ہن۔سال 2018 وچ جہڑے ویلے PTI دی حکومت آئی تے اساں وی خوش تھیوے کہ شاید ہن ساڈے ضلعے دے وچ ترقی تھیوے کیونکہ PTI دی حکومت نیں ساکوں اُتھاں بزدار صاحب دی شکل دے وچ تحفہ ڈِتا ہائی۔اوہناں دا حلقہ اور میرا حلقہ ڈوہیں bordering حلقے ہن۔ہک دوجے نال اساں touch کریناں آں۔ایہہ علاقہ غریب اے۔غریب ہون تے نااہل ہون دے وچ بڑی باریک line اے۔میں ایہہ گزارش کریساں کہ:

ایویں ناں بدنام ہے غربت دا دراصل رولیندی اے قسمت
نہیں غربت دست دراز تھیندی در در پنویندی اے قسمت
ہر قدم تے گل وِچ غربت دے آ طوق پویندی اے قسمت
آندا حرف نصیر غربت تے خود آپ ڈگیندی اے قسمت

جناب سپیکر! بزدار صاحب دا تقریباً سارا حلقہ tribal ہے۔ اوتھاں ساڈے کول Border Military Police (BMP) اے لیکن 1987 توں لے کے اوتھاں اج تک بھرتیاں کوئی نئیں تھِیاں۔ اوتھاں law and order دی situation ایہہ ہے کہ تھانے یعنی BMP دیاں posts خالی پیاں ہن۔ ایہہ بزدار صاحب دے کارنامے ہن کہ BMP وچ بھرتیاں نئیں کرا سکے حالانکہ اوہناں دے پورے حلقے دے اندر جیہڑی force policing کریندی اے اوہ BMP اے۔

جناب سپیکر! گزارش ایہہ ہے کہ ایتھاں اساں گفتگو کریندے ہاں In a word deluged by irrelevant information. Clarity is power. ساکوں ایتھاں سچ بولنا چاہی دا اے۔ عوام نیں ساکوں ووٹ ڈے کے ایتھاں بھیجیا اے اور ساکوں ایتھاں عوام دی نمائندگی کرنی چاہی دی ہے۔ ہن ایں پاسے دے دوست، حزب اختلاف دے دوست الزام لیندے نیں کہ تُساں خوشامد کریندے او۔ اوہ جناب! فوٹو ساڈے کولوں زیادہ تُساں لائی بیٹھے او۔ آپ خوشامد کریندے او تے دوجیاں تے الزام لیندے او۔ پچھلے الیکشن دے وچ اُونجھے ویلے پاکستان تحریک انصاف دا منشور اِہ ہاہ کہ اَساں نوجواناں کُوں ٹِکٹاں ڈیسوں۔ ہُن میں تواکُوں اپنے علاقے دے نوجوان دساں کہ ساڈے علاقے وچ مصطفیٰ کھر صاحب وَت اوہناں دی عمر 85 سال ہائی اوہ یوتھ، ذوالفقار خان کھوسہ صاحب ایویں ای جناب نصر اللہ خان دریشک اِہ اُس وقت دے یوتھ ہان، تے میکوں سمجھ پئے گئی تے ولا اہناں بُزدار صاحب نوں وزیر اعلیٰ بنا دتا تے میکوں سمجھ پئے گئی کہ اساں سرائیکی وسیب رُل گئے آں۔ باقی اِہ نئیں کہ اوتھے اقتدار نئیں ریا۔ اقتدار تے مصطفیٰ کھر توں اتھاں کھڑا ریا اور بُزدار صاحب تک ریا لیکن ہُن جہلے کم ناں کرُوں اوہندے بعد اِہ گلے کُروں کہ جناب فلانے نے کم نئیں کیتا یا اِہ ہے کہ فلانا ساڈے حصے دا کم کر دین۔

جناب سپیکر! ساڈا اِہ بڑا اہم issue ہائی میرے جھیڑے دوست ڈیرہ غازی خان تے راجن پور تُوں تشریف رکھدے ہِن اوہ وی اہندے اُتے گال کریسن کہ ساڈی law and order situation خاص طور تے کوہ سلیمان اِچ ٹھیک نئیں، جہندی وجہ اِہ ہے کہ 1987 سے وہاں BNP میں بھرتیاں نہیں ہوئیں تو وہاں کے بلوچی لوگ یہ بات کرتے ہیں کہ "سَر دَر کے دُزے یار بھی نموز و نام گار بھی"، تو وہاں کے ہمارے بلوچ یہ بات کرتے ہیں۔

جناب سپیکر! ہمارے علاقے میں رود کوہی کا بہت بڑا مسئلہ ہے جب پہاڑوں میں بارشیں ہوتی ہیں تو یہ hint torrent وہاں سے نکلتے ہیں۔ بعض اوقات اگر بارشیں کم ہوں تو یہ فصلوں کے کام آتی ہیں لیکن جب پانی زیادہ ہو تو یہ تباہی مچاتی ہوئی دریائے سندھ میں جاتی ہیں اور ہمارے ضلع کی بدقسمتی یہ ہے کہ جہاں سے یہ رود کوہیاں نکلتی ہیں وہاں پینے کا پانی موجود نہیں ہے۔ مہربانی کر کے ہمارے پہاڑی اور خاص طور پر بارانی علاقے میں پینے کے RO Plant دیئے جائیں تاکہ جس علاقے سے پانی دریائے سندھ میں جاتا ہے اور دریائے سندھ کو وسعت دیتا ہے اور یہ پانی سندھ سے ہوتا ہوا سمندر تک جاتا ہے یہاں پر لوگ پینے کے پانی سے محروم ہیں۔ یہ وہ علاقہ ہے جہاں ہم نے پچھلے پونے چار سال وزیر اعلیٰ بھی دیکھا۔

جناب سپیکر! گزارش یہ ہے کہ ہماری نہر جو ڈی جی خان ششماہی کینال ہے ہم کوہِ سلیمان کی رود کوہیوں سے اتنا پانی دریائے سندھ میں ڈالتے ہیں تو ہماری اس نہر کو بھی سالانہ کیا جائے اور بہت سے علاقے کا drinking source بھی یہی نہر ہے کیونکہ ہمارے پنجاب کے علاقے میں پانی پینے کے قابل نہیں ہے۔

جناب سپیکر! ہمارا ایک بہت بڑا مسئلہ آبادی کا پھیلاؤ ہے جس پر نہ پہلے کسی حکومت نے توجہ دی اور نہ آج تک کوئی حکومت توجہ دے رہی ہے اس پر مہربانی کر کے اس بجٹ میں خاص توجہ کی جائے کہ آبادی کے اس پھیلاؤ کو کم کیا جائے کیونکہ اگر آبادی کا پھیلاؤ اسی حساب سے بڑھتا رہا تو میں آپ کو دعوے سے کہتا ہوں کہ یہ ملک ungovernable ہو جائے گا۔

جناب سپیکر! یہاں پر دوست یہ کہتے ہیں کہ ہمارے علاقے میں بڑی ترقی ہوئی لیکن ہمارے علاقے میں ایسی یونین کونسلیں بھی ہیں جہاں پر پوری یونین کونسل میں سکول نہیں ہے اور بچیوں کے سکول بھی نہیں ہیں تو براہ مہربانی وہاں پر سکول دیئے جائیں۔ بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، شکریہ۔ محترم حافظ فرحت عباس!

حافظ فرحت عباس: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللّٰھم ربی شرح لی صدری ویسر لی امری وحلل عقد مل ثانی یفکہ قولی۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔

جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے آج مجھے بجٹ پر بات کرنے کا موقع دیا۔ گزارش یہ ہے کہ تقریباً ساڑھے پانچ ہزار ارب روپے کا یہ بجٹ دیا گیا ہے۔ ہمارے وزیر خزانہ نے اُس دن بڑی محبت اور بڑے جذبات سے بجٹ پڑھنے کی کوشش کی اور اُس میں بار بار کسان دوست اور عوام دوست بجٹ بتانے کی کوشش کی۔ میں وزیر خزانہ صاحب چاہت علی صاحب کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ تُسیں بدو بدی کہندے رہ او۔ حقیقت میں یہ خسارے کا بجٹ ہے اس بجٹ کے facts and figures جو ان کی تقریر اور ان کی کتابوں سے نکلے ہیں وہ بتاتے ہیں کہ یہ خسارے کا بجٹ ہے۔ یہ 308۔ ارب روپے کا تو direct خسارہ بتا رہے ہیں۔ آپ کو وفاقی حکومت NFC کی مد میں 3773۔ ارب روپے دے رہی ہے تو آپ نے پنجاب سے کیا generate کرنا ہے۔ آپ پنجاب سے تقریباً 70۔ ارب روپے generate کرنے جا رہے ہیں۔ پچھلی دفعہ جو target رکھا گیا تھا آپ نے اُس کا 60 فیصد archive کیا تھا اور اب آپ 64 فیصد increase کر رہے ہیں اگر دیکھا جائے تو اس بجٹ کے facts and figures سے پتا چلتا ہے کہ یہ 1200۔ ارب روپے کے خسارے کا بجٹ ہے۔ ابھی یہاں کھوسہ صاحب وسیب کی بات کر رہے تھے اور ڈی جی خان کی بات کر رہے تھے میں بُزدار صاحب کو defend نہیں کروں گا لیکن میں facts and figures پر بات کروں گا جب بُزدار صاحب پاکستان تحریک انصاف کی حکومت چھوڑ گئے تھے تب اس صوبے میں 600۔ ارب روپے کا surplus تھا اور جس دن پرویز الٰہی نے صوبہ چھوڑا تھا اُس وقت یہ صوبہ 200۔ ارب روپے کا surplus تھا۔ آج آپ اس صوبے کو 12/10 سو ارب روپے کا خسارہ دے رہے ہیں اور آپ وہ خسارہ 64 فیصد tax بڑھا کر پورا کرنے جا رہے ہیں۔ آپ نے ایجوکیشن پر 669 Billion rupees رکھا ہے گزارش یہ ہے کہ آپ 1500 کے قریب سکولوں کو out source کرنے جا رہے ہیں۔ میں عام فہم زبان میں بات کروں تو آپ 1500 سکولوں کو ٹھیکے پر دینے جا رہے ہیں یعنی تعلیم کو ٹھیکے پر دینے لگے ہیں اگر آپ نے اس ملک میں ایجوکیشن کے ساتھ

یہ کرنا ہے تو اس سے بہتر ہے کہ آپ اس محکمے کو بند کر دیں لوگ اپنے بچوں کو جیسے مرضی پڑھا لیں گے۔ آپ بُزدار کو جو مرضی کہیں اُس کے دور میں جب بجٹ پیش کیا گیا تب پورا محکمہ خزانہ یہاں پر موجود ہوتا تھا وہ کم از کم نوٹس تو لیتا تھا۔ یہاں اس طرف بیٹھے ہوئے فارم 45 کے منتخب نمائندے ہیں بے شک اُس طرف بھی منتخب نمائندے ہوں مگر یہاں 12 کروڑ عوام کی بات تو کرنی ہے ناں۔ ہمیں اپنے ماضی سے سیکھنا چاہئے 1985 میں مسجد مکتب سکول کا ایک concept دیا گیا ٹھیک ہے معاشی حالات بُرے ہیں آپ نئے سکول نہیں بنا سکتے There is a wing, there is a way. اگر آپ کچھ کرنا چاہتے ہیں تو انہی سکولوں میں shifts 3 چلا سکتے ہیں۔ ایک شخص نے آپ ﷺ سے سوال کیا میں اس واقعہ کا مفہوم بیان کرنے کے لئے چھوٹا کر دیتا ہوں۔ اُس کے حالات بُرے تھے تو اُس نے سوال کیا آپ ﷺ نے پوچھا کہ تمہارے پاس کچھ نہیں ہے اُس نے کہا کہ میرے پاس ایک پیالہ ہے جو چیز ملتی ہے اُس میں رکھ کر کھالیتا ہوں اور ایک کمبل ہے اُس کو اوڑھ کے سو جاتا ہوں۔ حضور اکرم ﷺ نے دونوں چیزیں بِکوائیں اور کلہاڑی میں ایک دستہ اپنے ہاتھ مبارک سے ڈال کر دیا تاکہ وہ لکڑیاں کاٹ کر اپنا روزگار کما سکے۔ ہم لوگوں کو خیرات پر لگانے کی بجائے ہم ان کو روزگار پر لگائیں۔ آپ نے اگر کچھ کرنا ہے، آج ہمیں بتایا جارہا ہے کہ آئی ٹی سیکٹر کو ہم بڑھائیں گے۔ آپ کے ساتھ ہی انڈیا 1947 میں آزاد ہوا۔ آج اس کی IT exports اربوں ڈالر میں ہے۔ ادھر کیا ہے، ادھر پتا چلتا ہے کہ پی ٹی آئی کی ریلی ہے تو net بند کر دو۔ الیکشن آگیا ہے net بند کر دو ایسے ہی لوگوں کو awareness نہ آجائے۔ انصاف کی بڑی کرسی بڑا فائز ہوا ہوا چھوٹا کم ظرف انسان بلے کا نشان عوام سے لے لیتا ہے کہ لوگوں کو پتا نہ چلے مگر لوگ بھی سب جانتے ہیں۔ یہ وہی سوشل میڈیا کے volunteer warriors تھے جنہوں نے گھر گھر میں لوگوں کو بتایا۔ انہوں نے کسی کو چمٹا نشان دیا اور کسی کو بوٹ کا نشان دیا۔ انہوں نے اپنی طرف سے توہین کی کہ کسی کو بوٹ کا نشان دے دیا لوگوں نے اسے چھتر سمجھ کر ان پر مار کر اگلے بندے کو اسمبلی میں پہنچا دیا۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! آج بجائے اس کے کہ آپ آئی ٹی سیکٹر کو اٹھائیں۔ ہمارے پاس انفراسٹرکچر نہیں ہے، ٹھیک ہے کہ ہمارے پاس وسائل نہیں ہیں۔ آپ کے پاس یونیورسٹیاں ہیں وہ بند ہو جاتی ہیں۔ امریکہ اور کینیڈا میں بارہ گھنٹے کا فرق ہے۔ اگر کچھ کرنا ہے تو اس کو آپ software house

declare کر دیں۔ یہاں پاکستان میں جو لوگ IT export کر رہے ہیں وہ رات کے وقت بیٹھتے ہیں کیونکہ ان کا ہمارے وقت کے ساتھ بارہ گھنٹے کا فرق ہے۔ آپ اس premises کو استعمال کریں۔ یونیورسٹیوں اور کالجوں کی IT labs کو استعمال کریں جس طرح آج کل پرائیویٹ دفاتر میں دستر خوان کا concept آیا ہوا ہے اس طرح کے concepts دیں۔ اگر ہم نے کچھ کرنا ہے تو ہمیں اس قوم کو اٹھانے کے لئے out of the box solutions لانے پڑیں گے بجائے اس کے کشکول اٹھا کر کبھی سعودیہ چلے جائیں، کبھی چائنا چلے جائیں، کبھی امریکہ چلے جائیں اور بعد میں ذلت اور ندامت لے کر اس قوم کے سامنے واپس آ جائیں۔ یہ کام نہیں چلے گا۔ ہمیں اپنے پیروں پر کھڑا ہونا پڑے گا۔ آج پبلک سیفٹی اور پولیس کے لئے 220۔ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ یہ کس چیز کے لئے رکھے گئے ہیں جبکہ 187۔ارب روپے direct پولیس کے لئے رکھے گئے ہیں۔ ہم پرانے زمانے میں آباؤاجداد سے سنتے تھے کہ منگول ہوتے تھے جہاں خوشحالی ہوتی تھی وہ آتے تھے اور گھروں کے گھروں کی تباہی پھیر کر لوٹ مار کر کے بھاگ جاتے تھے۔

جناب سپیکر! اس وقت جو موجودہ آئی جی ہے یہ بھی اسی منگولوں کے قبیلے سے ہے۔ اس نے لوگوں کے گھروں میں تباہی پھیری ہے۔ اس پولیس نے کیا کیا ہے؟ اس پولیس نے یہ کیا ہے کہ ایک ایک بندے پر چالیس چالیس اور پچاس پچاس پرچے دیئے ہیں۔ اگر ایک بندہ اپنے گھر کی چاردیواری کے اندر احتجاجی پروگرام کرا رہا ہے تو اس پر پرچے دے دیئے۔

جناب سپیکر! میں آج اللہ تعالیٰ کے ناموں کے نیچے کھڑے ہو کر کہہ رہا ہوں کہ میرے وکیل کو کہا گیا کہ اس کی وکالت چھوڑ دو نہیں تو 9۔مئی کے کیس میں اندر کر دوں گا۔ یہ آئی جی کر رہا ہے۔ یہ پولیس کر رہی ہے۔ یہ چور اور ڈاکو تو کر نہیں سکتے۔ آپ بہاولپور سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ کے ساتھ ہی آگے رحیم یار خان کچے کا علاقہ شروع ہو جاتا ہے۔ آپ کی نظروں سے پچھلے دنوں کچے کے ڈاکوؤں کی ایک ویڈیو گزری ہو گی۔ وہ کچے کے ڈاکو احتجاج کر رہے ہیں اور وہ کس بات پر احتجاج کر رہے ہیں کہ پولیس نے منتھلی بڑھا دی ہے۔ Shame on you IG۔ جہاں ڈاکو یہ احتجاج کریں کہ منتھلی بڑھ گئی ہے۔ یہ وہاں کیا کریں گے۔ انہوں نے کیا کرنا ہے۔ یہ آج عمران کو اندر کر کے اور اس پر دو سو سے زائد مقدمات بنا کر بڑے خوش ہیں۔ میں اللہ تعالیٰ کو حاظر ناظر جان کر رب کعبہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جس دن اس شخص نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان کا

مقدمہ UNO میں لڑا تھا وہ اسی دن امر ہو گیا تھا۔ وہ اسی دن اپنی آخرت اور عاقبت بنا گیا تھا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! یہ لوگ جو مرضی کر لیں۔ وہ مرد قلندر اندر بیٹھا ہوا ہے۔ آپ 50 سینٹی گریڈ میں اس کے ساتھ کیا کر رہے ہیں۔ وہ اُف نہیں کر رہا۔ وہ رو رو کر باہر ڈیلیں کر کے 50 روپے کے اشٹام پیپر پر دس سال کے معاہدے کر کے دم دبا کر بھاگ نہیں رہا۔ یہ یہاں باتیں کرتے ہیں۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب ڈپٹی سپیکر: حافظ صاحب! Wind up کریں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! صبر کریں۔ ہم نے بڑی سنی ہیں۔ آپ دو منٹ ہماری بھی سن لیں۔

جناب سپیکر! آپ نے جو بجٹ میں ڈویلپمنٹ سکیمیں subject to collection of revenues رکھی ہیں۔ نہ نو من تیل ہو گا نہ رادھا ناچے گی۔ ان سے نہ collection ہو گی اور نہ ڈویلپمنٹ ہو گی۔ یہ collection رہیں گے تو ڈویلپمنٹ کریں گے۔

جناب سپیکر! یہاں ابھی بڑی باتیں کی گئی ہیں کہ عرق گلاب سے دھو دیا، فلاں کر دیا اور فلاں کر دیا۔ میں ہاتھ جوڑ کر کہتا ہوں کہ میرے حلقہ کے لوگوں کو عرق گلاب نہیں چاہئے بلکہ صاف پینے کا پانی چاہئے وہی دے دیں۔ میرے حلقہ کنٹونمنٹ کا ایریا ہے چونگی امر سدھو، گلستان کالونی اور قینچی امر سدھو ہے وہاں چھ چھ دن پانی آتا ہے۔ وہاں دو ٹیوب ویل خراب ہیں اور وہ چل نہیں رہے۔ خدا کا واسطہ ہے اپنی ترجیحات کو بدلیں جو ضروریات زندگی ہیں ان کی طرف دیکھیں۔ یہاں باتیں کرنے کو تو بہت ہیں۔ اگر باتیں کرنا شروع کروں تو دن سے رات ہو جائے۔ میں یہاں ایک ایک بندے کا جواب دے سکتا ہوں جو یہاں باتیں کرتے رہے ہیں۔ یہاں دو پوٹھوہار کے صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں۔ وہ منہ پھلا پھلا کر غصے سے بولتے رہے تو ہمیں پتا ہے کہ کمشنر راولپنڈی نے آپ کی کُلی کھول دی تھی۔ آپ سارے فارم 47 کے ہیں۔ آپ اپنے فارم 47 کو justify کرنے کے لئے بولتے رہیں۔ ہمیں پتا ہے۔ یہاں ایک شخص ایسا بھی بیٹھا ہے جس کا بیٹا ڈپٹی کمشنر تھا اس نے پورا راولپنڈی بیچ دیا اور بدلے میں کیا لیا ابا جی کی ٹکٹ اور ان کو جتوانے کی پوری کوشش

کی۔ وہ پھر بھی جیت نہیں رہے تھے تو وہاں ہمارا امیدوار چودھری یوسف تھا۔ اس کو اٹھا کر پولیس نےabduct کر لیا۔ سن لیں سن لیں۔ فارم 47سے آپ کو بھی تکلیف پہنچتی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حافظ صاحب! الحمدللہ فارم 47سے ہمیں کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ ہمیں فارم 45اور 47ملا ہے تو ہم اس ایوان کا حصہ بنے ہیں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! مجھے پتا ہے۔ مجھے ایک ایک بندے کا پتا ہے کہ کون کس کی سیٹ پر بیٹھا ہوا ہے۔ مجھے اصغر جوئیہ کا بھی پتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ بجٹ پر ہی رہیں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! میری گزارش سن لیں۔ وہ کہتے ہیں کہ غالب نے کہا تھا کہ:

آپ ہی اپنے قدموں پر چلا کرتے ہیں غالب
لوگوں کے کندھوں پر تو جنازے ہی آتے ہیں

آپ یہ دیکھ نہیں رہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حافظ صاحب! آپ کے پاس بس آخری منٹ ہے۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! آپ نے پندرہ پندرہ منٹ دیئے ہیں۔ میں نے تو ابھی سات منٹ بات کی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں۔ دس منٹ ہو گئے ہیں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! اسے بعد میں دیکھ لیجئے گا۔ آپ مجھے بات کر لینے دیں پھر حساب کتاب کر لیں گے۔ میری گزارش سنیں کہ اس کے بعد اس سے حوالات میں withdrawal کروا لیا کہ ریٹائرمنٹ ہو گئی ہے۔ عوام نے پھر بھی ڈھونڈ ڈھونڈ کر مہر لگا کر اسے جتوا دیا۔ اس کے باوجود فارم 47پر آنا پڑا۔ انہیں شرم ہی نہیں آئی۔ یہاں ایسے لوگ بیٹھے ہیں میں رب کعبہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جو تیسرے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حافظ صاحب! بہت شکریہ۔ جی، محترمہ رشدہ لودھی! (قطع کلامیاں)

حافظ صاحب!اس طرح نہ کریں۔ قریشی صاحب!اس طرح نہ کریں۔ آپ کو دس منٹ ہو گئے ہیں۔ آپ بجٹ پر رہیں۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔ چلیں آخری ایک منٹ لے لیں۔ جی، حافظ صاحب!

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! دو منٹ دے دیں۔ مجھے پتا ہے کہ جعلی Aristotlel نے بھی کچھ کہنا ہو گا۔

جناب سپیکر! یہاں women empowerment and women development کی بات ہوئی۔ یہ women empowerment and women development کیا ہے۔ Women empowerment یہ ہے کہ یہاں صائمہ کنول بیٹھی ہوئی ہیں، یہ ورکر ہیں ان کو عمران خان نے ٹکٹ دیا اور وہ آج وڈیروں کو ہرا کر یہاں آگئی ہے۔ یہ نادیہ کھر بیٹھی ہوئی ہیں، یہ زرتاج گُل، یہ کنول شوذب، یہ طیبہ راجہ اور دوسری طرف آپ ہیں۔ آپ جو بات women development کی بات کرتے ہیں تو خدیجہ شاہ سول سوسائٹی کی ایک خاتون ہے۔ اس کا قصور کیا تھا۔ وہ ایک پرامن احتجاج کے لئے نکلی آپ نے اسے ایک سال اندر کر دیا۔ وہ ایک interpore چلاتی ہے۔ وہ غریبوں کو نوکریاں دیتی ہے۔ یہاں سے لوگ باہر بھاگ رہے ہیں اور وہ یہاں لوگوں کو نوکریاں دے رہی ہے۔ آپ کچھ تو شرم کریں۔ آج آپ women empowerment کی بات کرتے ہیں۔ پولیس نے ریحانہ ڈار 70 سالہ عورت کے گریبان پر ہاتھ ڈالا۔ عمر ڈار کی زوجہ رُباڈار نیلو نیل اور کنول شوذب الیکشن میں نیلو نیل ہوئیں۔ آپ لوگوں نے ظلم کی انتہا کر دی۔ (قطع کلامیاں)

یہاں ان کے مقابلے میں فارم 47 والے بیٹھے ہوئے ہیں۔ مجھے پتا ہے جو cross talk کر رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حافظ صاحب! وقت ہو گیا ہے۔ آپ کی بات ہو گئی ہے۔ جی، محترمہ رشدہ لودھی! (قطع کلامیاں)

محترمہ رشدہ لودھی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ہم نے بہت تحمل کے ساتھ ان کی تمام تقاریر سنی ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک احمد خان بھچر صاحب! اس طرح نہ کریں۔ آپ کے دوسرے ممبران نے بھی بات کرنی ہے۔ جی، محترمہ! اپنی بات جاری رکھیں۔

محترمہ رشدہ لودھی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ رب العالمین۔ میں اپنی بات کا آغاز کرتی ہوں اس پاک ذات کے نام سے جو خالق کائنات ہے اور لاکھوں کروڑوں درود بھیجتی ہوں اس پاک

اور بابرکت ذات پر جو وجہ تخلیق کائنات ہے۔ اللہ اور نبی ﷺ کا نام جب لیا جائے تب بھی خاموشی اختیار نہیں کرتے اور یہ بات ریاست مدینہ کی بات کرتے ہیں۔

جناب سپیکر! یہاں پر بار بار یہ کہتے ہیں کہ ہم اپنے لیڈر کی خوشامد کرتے ہیں۔ یہ خود اپنے so called leader کی بات کرتے ہیں جب یہ اپنے لیڈر کی بات کریں جب یہ قصیدے پڑھیں تو وہ تعریف ہوتی ہے۔ تو اگر ہم اپنے لیڈر کی بات کریں تو وہ خوشامد جی ہاں اگر آگ لگتی ہے تو لگے اگر ان کو تکلیف ہوتی ہے تو ہو۔ ہم اپنے لیڈر کی بات کریں گے ہم کریں گے اپنے لیڈر کی تعریف، ہم پڑھیں گے اپنے لیڈر کے قصیدے، ہم کریں گے اپنے لیڈر کی عظمت کی تعریف کیونکہ ان کو یہ نہیں پتا کہ کوئی خاتون بات کر رہی ہے اور یہ ریاست مدینہ چلانے والے لوگ ہیں۔

جناب سپیکر! House in Order کریں تو پھر میں اپنی بات کروں کیونکہ یہاں پر ان میں تو سننے کا حوصلہ نہیں ہے۔ (قطع کلامیاں)

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! مجھے بات کرنے دیں میں mic کے بغیر بھی بات کر سکتا ہوں۔ میں جب 47 کی بات کرتا ہوں تو آپ کو تکلیف ہو گی آپ mic بند کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Order in the House please اس طرح نہ کریں حافظ صاحب تشریف رکھیں آپ اس طرح نہیں کریں۔ آپ نے اپنے ٹائم پر اپنی بات پوری کی ہے۔ آپ interrupt نہ کریں آپ مجھے Dictate نہ کریں آپ تشریف رکھیں۔ جی، محترمہ آپ اپنی بات جاری رکھیں۔

محترمہ رشدہ لودھی: جناب سپیکر! میں اپنے لیڈر کا نام ضرور لوں گی میاں محمد نواز شریف کے بارے میں، میں یہ کہوں گی کہ:

یہ الگ بات ہے کہ خاموش کھڑے رہتے ہیں
پھر بھی جو لوگ بڑے ہیں وہ بڑے رہتے ہیں
ایسے درویشوں سے ملتا ہے ہمارا شجرہ
جن کے جوتوں میں کئی تاج پڑے رہتے ہیں

(شور و غل)

جناب ڈپٹی سپیکر: نعیم اعجاز چودھری آپ تشریف رکھیں honourable member بات کر رہی ہیں۔ جی، محترمہ آپ اپنی بات جاری رکھیں۔

محترمہ رشدہ لودھی: جناب سپیکر! دو دن سے ہم ان کو سن رہے ہیں پھر ہم بھی ان کی کوئی تقریر نہیں سنیں گے۔ ان کو اتنی تمیز ہی نہیں ہے کوئی خاتون ممبر بات کر رہی ہے تو ادھر سے پتا چلتا ہے کہ ان کی تربیت کہاں سے ہوئی ہے۔ میں وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن کو مبارکباد پیش کرتی ہوں سالانہ بجٹ 25-2024 پیش کرنے پر جنہوں نے ہماری beloved leader محترمہ مریم نواز شریف کے وژن اور ٹیم کی شب و روز محنت سے بہترین اور عوام دوست بجٹ پیش کیا وہ بھی اس دور میں جب ملک اپنے بدترین وقت سے گزر رہا ہے۔ ایسے بجٹ کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی ہے۔ میں خراج تحسین پیش کرتی ہوں پہلی خاتون وزیر اعلیٰ بننے والی ہستی محترمہ مریم نواز شریف کو جنہوں نے 100 دن کے قلیل عرصہ میں اپنی قابلیت اور اپنے وژن سے ثابت کیا کہ عوام کی خدمت کیسے کی جاتی ہے۔ عکس نواز نے بہت کم وقت میں روٹی، آٹے اور گھی کی قیمت کم کر کے ایک ریکارڈ قائم کیا ہے۔ 8۔ فروری کے بعد وطن پاکستان اور صوبہ پنجاب کے ہر گزرتے وقت کے ساتھ ساتھ ترقی کی منازل تیزی سے طے کر رہا ہے۔ کروڑوں نوکریوں اور بڑی بڑی باتیں کرنے والے چار سالوں میں بھی ایک ترقیاتی کام نہ کر سکے جو میری قائد نے 100 دنوں میں کر دکھایا میں تو یہ کہوں گی کہ:

میں نے سمجھا ہی نہیں تمہیں مدِ مقابل اپنا
تم فضول میں بنے پھرتے ہو مخالف میرے

(اس مرحلہ پر جناب سپیکر کرسئ صدارت پر متمکن ہوئے)

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! یہ خود کتنے کتنے منٹ بات کرتے رہے ہیں اور ان کو ہمارے دو منٹ بھی برداشت نہیں ہوتے۔

جناب سپیکر: Order in the House please حافظ صاحب میں آپ کو پھر سے موقع دے دوں گا آپ تشریف رکھیں۔

محترمہ رشدہ لودھی: جناب سپیکر! اگر موقع دینا ہے تو میں پھر سے اپنی بات شروع کرتی ہوں کہ میری بات کو انہوں نے کسی کو سننے ہی نہیں دیا ہے۔

جناب سپیکر: آپ رشدہ ایک سیکنڈ please۔

سید مدد علی شاہ: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی، شاہ جی!

سید مدد علی شاہ: جناب سپیکر! جناب نوں سانوں حکم دیہند ا اختیار اے جناب آفتاب احمد جیسے بزرگ اور باعزت آدمی کو اپنا فرض ادا کرنا چاہیدا اے جدو کوئی بیٹی، بہن، ماں گل کرے تے اس دا خیال کرے۔ میری گزارش سن لو کم از کم رانا صاحب he is respectable politician اس چیز دا نوٹس لینا چاہیدا بس اتنی سی گزارش کرنی سی۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی، شاہ جی مہربانی۔ رانا صاحب میں آپ کو ایک سیکنڈ فلور دیتا ہوں آپ تشریف رکھیں۔ دیکھیں یہ universally for the all the members جن معزز اراکین کی تقریر میں جب بات کر رہے تھے تو کوشش کی کہ ان کی Interruptions نہ ہو اور اپنے مقرر کردہ وقت کے اندر وہ بات کریں اور جب کچھ معزز اراکین بات کرتے ہوئے بات میں طوالت بھی آجاتی ہے تو موقع کی مناسبت سے جیسے کرتے رہنا چاہئے کچھ میرے بیٹھے ہوئے honourable members نے بات کی جن کی بات میں Substance تھا اور وہ بات کر رہے تھے اور اس میں اس کی importance بھی تھی تو چلتا رہا تو میری آپ سے درخواست ہے کہ آپ یہ specially in this general discussion آپ اپنا مافی الضمیر بیان کریں آپ کہیں سمجھتے ہیں کہ آپ نے سیاسی نقطہ نظر کے مطابق بات کرنی ہے تو آپ کا حق ہے general discussion کی ایک President ہمارے پاس ہے اور Convention ہے یہ کہ اس میں ممبرز جو بات کرنا چاہتے ہیں وہ کرتے ہیں as long as it is parliamentary means اور اس کے اندر کوئی ایسے قابل حذف ریمارکس نہ ہوں تو اس وقت تک چیئر بھی بیچ میں intervene نہیں کرتی آپ نے دیکھا ہے میں نے بیٹھ کر گھنٹوں گھنٹوں آپ کی تقاریر سنی ہیں ڈپٹی سپیکر صاحب نے سنی ہیں تو میری درخواست ہو گی کہ honourable member is Speaking تو آپ ان کو بات کرنے دیا کریں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! آپ موجود تھے آپ نے دیکھا ہو گا کہ جب ہماری طرف سے کوئی ممبر interrupt کرتا تھا تو میں ان کو روک دیتا تھا۔ میری speech شروع ہوئی تو یہ مجھے بات

ہی نہیں کرنے دے رہے تھے آپ ٹائم نکال کر دیکھ لیں میں نے صرف پانچ منٹ بات کی ہے اور یہ دس، دس، پندرہ، پندرہ منٹ بات کرتے رہے ہیں۔

جناب سپیکر: حافظ صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ جی، رشدہ آپ بات جاری رکھیں میری بات سنیں it's still a very long list جو معزز ممبر بات کرنے کے لئے اپنی تیاری کرتے رہے ہیں تین چار روز سے یہ بجٹ پر بحث جاری ہے اگر ان اراکین کو موقع نہ مل سکا اور ہمارا وقت سارا اسی نوک جھونک میں گزر گیا تو پھر ان معزز اراکین کے ساتھ کافی زیادتی ہوگی تو میری آپ سے درخواست ہے کہ please maintain the order آپ میڈم بات کریں please۔

محترمہ رشدہ لودھی: جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ میں اپنی بات وہاں سے شروع کروں گی جہاں سے مجھے سنا نہیں گیا۔

جناب سپیکر: جی، please۔

محترمہ رشدہ لودھی: جناب سپیکر! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یہاں پر ہر بار یہ کہا گیا کہ اپنے لیڈر کی خوشامد کرتے ہیں اگر وہ تعریف کریں تو وہ خوشامد نہیں ہے اگر میرے دائیں جانب بیٹھے لوگ اپنے لیڈر کی بات کریں تو وہ قصیدے ہیں وہ خوشامد نہیں ہے؟

ہوا سے کہہ دو کہ یوں خود کو آزما کے دکھائے
بہت چراغ بجھاتی ہے اک جلا کے دکھائے

میں کروں گی اپنے لیڈر کی تعریف، میں کروں گی اپنے لیڈر کی بات اور میں کروں گی اپنے لیڈر کی عظمت کا اعتراف کیونکہ۔

یہ الگ بات ہے کہ خاموش کھڑے رہتے ہیں
پھر بھی جو لوگ بڑے ہیں وہ بڑے رہتے ہیں
ایسے درویشوں سے ملتا ہے ہمارا شجرہ
جن کے جوتوں میں کئی تاج پڑے رہتے ہیں

(نعرہ ہائے تحسین)

میاں محمد نواز شریف میرے لیڈر ہیں۔

جناب سپیکر! اب میں بجٹ کی جانب آؤں گی۔ میں وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن کو سالانہ بجٹ 25-2024 پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں جنہوں نے ہماری beloved leader محترمہ مریم نواز شریف کے vision اور ٹیم کی شب و روز محنت سے بہترین اور عوام دوست بجٹ وہ بھی اس دور میں پیش کیا جب ملک اپنے بدترین وقت سے گزر رہا ہے۔ ایسے بجٹ کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی۔ میں خراج تحسین پیش کرتی ہوں پہلی خاتون وزیر اعلیٰ بننے والی ہستی محترمہ مریم نواز شریف کو جنہوں نے 100 دن کے قلیل عرصہ میں اپنی قابلیت اور اپنے vision سے ثابت کیا کہ عوام کی خدمت کیسے کی جاتی ہے۔ مریم نواز صاحبہ نے بہت کم وقت میں روٹی، آٹے اور گھی کی قیمت کم کر کے ایک ریکارڈ قائم کیا ہے۔ آٹھ فروری کے بعد ملک پاکستان اور صوبہ پنجاب کے ہر گزرتے وقت کے ساتھ ترقی کی منازل تیزی سے طے کر رہا ہے۔ کروڑوں نوکریوں اور بڑی بڑی باتیں کرنے والے چار سالوں میں ایک بھی ترقیاتی کام نہ کر سکے جو میری قائد نے 100 دنوں میں کر دکھایا میں تو یہ کہوں گی کہ:

میں نے سمجھا ہی نہیں تمہیں مدِ مقابل اپنا
تم فضول میں بنے پھرتے ہو مخالف میرے

جناب سپیکر! موجودہ اعداد و شمار کے مطابق مہنگائی کی شرح 11.8 فیصد تک آچکی ہے جو 30 مہینوں کی ریکارڈ کم ترین سطح پر ہے۔ موجودہ بجٹ پر اگر ایک سرسری نظر بھی ڈالی جائے تو پتا چلتا ہے کہ یہ ایک vision کے تحت بنایا جانے والا بجٹ ہے، ایک غیر روایتی، عوام دوست اور ایک balance بجٹ ہے جس میں مختلف منصوبے اور پروگرام شامل کئے گئے ہیں جن میں سے چند ایک کا ذکر کرنا میں ضروری سمجھتی ہوں جیسے کہ Air Ambulance, Clinic on Wheels, Smog Lake, Punjab, Smart Safe City Program, CM Punjab Laptop Scheme, Punjab Meal Program, Working Women Day Care Center, Skill Development Plan for Transgenders, Minority Development Fund, Roshan Gharana, Kisan Dost Package, Garment City, کا قیام، کھیلتا پنجاب کے منصوبے۔ کھیلتا پنجاب کے حوالے سے میں ایک بات کا ذکر کرنا چاہوں گی کہ یہاں پر میں نے اپنے سپورٹس منسٹر سے درخواست کی

تھی کہ وہ گرمیوں میں بچوں کے لئے summer camp کا اہتمام کریں اور الحمدللہ وہ summer camp 25 تاریخ سے شروع ہو رہا ہے بچوں کے لئے Free Wi-Fi, Digital Punjab, Cancer hospital کا قیام Cardiology Institute کا قیام غرض کے ہر segment of society کی welfare کو مد نظر رکھا گیا ہے۔ میرا تعلق lawyer community سے ہے اور پنجاب کے غیور وکلاء نے مجھے اپنا قیمتی ووٹ دے کر ممبر پنجاب بار کونسل elect کیا ہے لہٰذا ان کی ویلفیئر کی بات کرنا میری ذمہ داری ہے۔ چونکہ میں پنجاب بار کونسل اور پنجاب اسمبلی دونوں کی ممبر ہوں تو مجھ پر دہری ذمہ داری عائد ہوتی ہے لہٰذا میں بار کونسل کی جانب سے اپنی سی ایم صاحبہ کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے حال ہی میں بار کونسل کے نمائندوں سے ملاقات کی اور بار کونسل کی بلڈنگ کے لئے پانچ کروڑ روپے کا فنڈ دیا اور مزید تعاون کی بھی یقین دہانی کروائی۔ یہاں میں ایک افسوسناک واقعے کا بھی ذکر کرنا چاہوں گی کہ ضلع اٹک کی کچہری میں ہمارے ایک انتہائی قابل وکیل ملک اسرار ایڈووکیٹ سپریم کورٹ اور ممبر پنجاب بار کونسل کو دن دہاڑے فائرنگ کر کے عدالت کے احاطے میں گولیاں مار کر شہید کر دیا گیا۔ اللہ پاک ان کے درجات بلند فرمائے۔(آمین) اس واقعہ پر سی ایم صاحبہ نے خود notice لیتے ہوئے نہ صرف اظہار افسوس کیا بلکہ lawyer protection act کے تحت دفعات بھی اس case میں شامل کروائیں اور ہدایت کی ہے کہ اس case کو خاص طور پر take up کر کے مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے جس کے لئے میں سی ایم صاحبہ کی نہایت شکر گزار ہوں۔ یہاں اپنی beloved leader سے گزارش کرتی ہوں کہ جب بھی کسی وکیل کی پیشہ ورانہ ذمہ داری کے دوران اس پر کوئی attack ہو تو lawyer protection act کے تحت اس کی implementation کو یقینی بنایا جائے۔ جس طرح میری لیڈر نے خواتین وکلاء کے لئے الگ bar rooms کی تعمیر اور خواتین وکلاء کے بچوں کے لئے day care center کے قیام کا اعلان کیا اس کے لئے بھی میں ان کی نہایت شکر گزار ہوں۔

جناب سپیکر! سب سے آخری گزارش یہ ہے کہ جس طرح جوڈیشل سوسائٹی ہے، پریس کلب ہاؤسنگ سوسائٹی ہے غرض کہ بے شمار اداروں کی housing societies ہیں تو اسی طرح سے lawyers کے لئے ان کی فلاح و بہبود کے لئے بھی lawyers housing society

کا قیام جلد از جلد عمل میں لایا جائے۔ میں ایک شعر اپنی beloved leader کی نذر کرتے ہوئے اپنی بات کو اختتام کی طرف لے جاؤں گی کہ:

اپنے اپنے حوصلے اپنی طلب کی بات ہے
چُن لیا ہم نے تمہیں سارا جہاں رہنے دیا

جناب سپیکر! آخر میں ایک بات کا ذکر کرنا بہت ضروری سمجھتی ہوں کہ یہاں پر مسلسل دونوں جانب سے یہ بات کی گئی کہ پنجاب میں لاہور میں زیادہ توجہ مرکوز کی گئی ہے تو میں یہ بتاتی چلوں کہ جنوبی پنجاب بھی ہمارا ہے، سنٹرل پنجاب بھی ہمارا ہے، فیصل آباد بھی ہمارا ہے، ٹوبہ ٹیک سنگھ بھی ہمارا ہے اور لاہور بھی ہمارا ہے کیونکہ لاہور ایک ایسا سٹی ہے جس نے اپنے ارد گرد کے بے شمار چھوٹے شہروں اور گاؤں کے لوگوں کو اپنے دامن میں سمیٹا ہوا ہے۔ لاہور کا دامن بہت وسیع ہے جہاں اتنے روزگار اور اتنی ایجوکیشن کی facilities ہیں کہ دور دور سے لوگ یہاں پر آتے ہیں اور لاہور ان کو اپنے دامن میں سمیٹ لیتا ہے اسی لئے لاہور کے بارے میں، میں بس یہ کہنا چاہوں گی جو میری ایک دوست شاعرہ شبانہ ندیم نے کہا ہے کہ:

نہیں جہاں میں مثال اس کی نہ شہر کوئی لاہور جیسا
یہ زمیں پر میرے خدا کی قدرت نہ مہر کوئی لاہور جیسا
یہاں جو آئے نہ خالی جائیں کہ اس کو داتا کی ہیں دعائیں
اس کا دامن بہت وسیع ہے سخی نہ کوئی لاہور جیسا
یہ خواب میرا خیال میرا یہ ہجر میرا وصال میرا
نہیں کوئی ہیر میرے جیسی نہ رانجھا کوئی لاہور جیسا
جو روزِ محشر خدا نے پوچھا جنت میں دوں میں مقام کیسا
نیازمندی سے مانگ لوں گی لاہور جیسا لاہور جیسا

پاکستان زندہ باد، پاکستان مسلم لیگ (ن) پائندہ باد۔

جناب سپیکر: ابھی ایک اور important مسئلہ ہے جس پر صبح سے کچھ ہمارے معزز اراکین بار بار میرے پاس آئے اور میرے پاس ایک لمبی لسٹ بھی ہے جس میں کم و بیش 40 کے قریب نام

گورنمنٹ side سے ہیں کوئی 20/ 22 کے قریب نام اپوزیشن side سے ہیں جبکہ ابھی رانا صاحب اس میں اور اضافہ کر گئے ہیں لہٰذا میری کوشش ہے کہ جو time ہمارے پاس available ہے we have to conclude the proceedings by any means before 7pm اور پھر اس کے بعد منسٹر صاحب نے اپنی wind up speech کرنی ہے۔ اس سے پہلے ہمیں ایک out of turn قوائد کی معطلی کر کے ایک انتہائی سنگین مسئلہ پر قرارداد پاس کرنی ہے کیونکہ we are not a dead house we are living house اور یہ across the party lines میری لیڈر آف اپوزیشن سے بات ہوئی محترمہ راحیلہ خادم حسین اس کی initially محرک تھی اور یہ جو واقعات پے در پے کسی کی بھی حکومت ہو lynching کے واقعات mob rule کے واقعات setting ablaze churches کے واقعات اب اس طریقے سے یہ معاملات جو ایک شکل اختیار کرتے جا رہے ہیں وہ انتہائی تشویش ناک ہیں بلکہ یہ معاملات اب اپنا toll وصول کرنے کی حد تک bother کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے ایک important قرارداد میرے پاس آئی ہے میں چاہوں گا کہ بجٹ پر بحث کی وجہ سے ہم اس قرارداد پر لمبی بات نہ کریں تو محترمہ راحیلہ خادم حسین، جناب سعید اکبر خان حکومت کی طرف سے جبکہ اقلیتوں سے جناب فیلبس کرسٹوفر،، جناب ایمانوئیل ایتھر، جناب اعجاز مسیح اور محترمہ شکیلہ جاوید، سید علی حیدر گیلانی اور محترمہ شازیہ عابد پیپلز پارٹی سے، اپوزیشن کی طرف سے ملک احمد خان بھچر، جناب امتیاز محمود، جناب آفتاب احمد خان، جناب شہاب الدین خان، حافظ فرحت عباس، جناب احمر رشید بھٹی اور چودھری محمد اعجاز شفیع all the political divides جتنے بھی اراکین تشریف فرما ہیں قواعد کی معطلی کی تحریک پیش کرنا چاہتے ہیں تو anyone of the members چونکہ محترمہ راحیلہ خادم نے initiate کیا تھا تو وہ اسے read out کر دیں۔ جی، محترمہ راحیلہ خادم حسین!

قواعد کی معطلی کی تحریک

محترمہ راحیلہ خادم حسین: جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ میں یہ تحریک پیش کرتی ہوں کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے ملک میں حالیہ Mob Lynching کے واقعات کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

جناب سپیکر: یہ تحریک پیش کی گئی ہے کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے ملک میں حالیہ Mob Lynching کے واقعات کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

یہ تحریک پیش کی گئی ہے اوراب سوال یہ ہے کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے ملک میں حالیہ Mob Lynching کے واقعات کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

(تحریک متفقہ طور پر منظور ہوئی)

قرارداد

جناب سپیکر: محرک اپنی قرارداد پیش کریں اور میں اس کے ساتھ یہ کہوں گا کہ جو اراکین اپنے نام دینا چاہیں تو دے دیں لیکن وہ دو، دومنٹ کی بات کریں گے۔ جی، محترمہ راحیلہ خادم حسین!

ملک میں Mob Lynching کے واقعات کی روک تھام کا مطالبہ

محترمہ راحیلہ خادم حسین: جناب سپیکر! شکریہ۔ میں یہ قرارداد پیش کرتی ہوں کہ:

"یہ ایوان اس بات پر مکمل یقین رکھتا ہے کہ حق زندگانی سب سے زیادہ قابلِ احترام حق ہے جیسا کہ آئین پاکستان میں درج ہے۔ پاکستان کا ہر شخص آئین کی نظر میں برابر ہے۔ دوسری صورت میں یہ ایوان ہماری حالیہ mob lynching کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیتا ہے۔ سیالکوٹ، جڑانوالہ، سرگودھا، سوات اور ملک کے دوسرے حصوں میں ہونے والے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتا ہے۔

یہ ایوان ان ہولناک اورالمناک واقعات کی شدید مذمت کرتا ہے۔ کسی بھی مہذب معاشرے میں یہ برداشت نہیں کیا جاسکتا لہٰذا یہ ایوان وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے پُرزور مطالبہ بھی کرتا ہے کہ یہ حکومتیں ہمارے تمام شہریوں کی

حفاظت کو یقینی بنائیں بشمول مذہبی اقلیتیں اور معاشرے کے دیگر کمزور طبقات۔ یہ ایوان وفاقی اور پنجاب کی حکومتوں سے بھی مطالبہ کرتا ہے کہ فوری طور پر مندرجہ ذیل اقدامات کئے جائیں۔

- قانون کی مؤثر عملداری
- فوری انصاف کی فراہمی کے لئے عدالتی اصلاحات اور عدالتی نظام کی مضبوطی
- مذہبی رواداری کو فروغ دینا
- عوام میں اس حساس موضوع پر آگاہی مہم

ان واقعات میں ملوث افراد کی نشاندہی کو یقینی بنایا جائے۔ متعلقہ قوانین کے تحت تفتیش اور مقدمہ چلایا جائے۔ ایوان یہ بھی توقع کرتا ہے کہ عدالتیں انصاف کی فراہمی کو فوری اور یقینی بنائیں گی۔"

جناب سپیکر: یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

"یہ ایوان اس بات پر مکمل یقین رکھتا ہے کہ حق زندگانی سب سے زیادہ قابلِ احترام حق ہے جیسا کہ آئین پاکستان میں درج ہے۔ پاکستان کا ہر شخص آئین کی نظر میں برابر ہے۔ دوسری صورت میں یہ ایوان ہماری حالیہ mob lynching کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیتا ہے۔ سیالکوٹ، جڑانوالہ، سرگودھا، سوات اور ملک کے دوسرے حصوں میں ہونے والے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتا ہے۔

یہ ایوان ان ہولناک اور المناک واقعات کی شدید مذمت کرتا ہے۔ کسی بھی مہذب معاشرے میں یہ برداشت نہیں کیا جاسکتا لہٰذا یہ ایوان وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے پُرزور مطالبہ بھی کرتا ہے کہ یہ حکومتیں ہمارے تمام شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنائیں بشمول مذہبی اقلیتیں اور معاشرے کے دیگر کمزور طبقات۔ یہ ایوان وفاقی اور پنجاب کی حکومتوں سے بھی مطالبہ کرتا ہے کہ فوری طور پر مندرجہ ذیل اقدامات کئے جائیں۔

- قانون کی مؤثر عملداری
- فوری انصاف کی فراہمی کے لئے عدالتی اصلاحات اور عدالتی نظام کی مضبوطی
- مذہبی رواداری کو فروغ دینا

- عوام میں اس حساس موضوع پر آگاہی مہم۔

ان واقعات میں ملوث افراد کی نشاندہی کو یقینی بنایا جائے۔ متعلقہ قوانین کے تحت تفتیش اور مقدمہ چلایا جائے۔ ایوان یہ بھی توقع کرتا ہے کہ عدالتیں انصاف کی فراہمی کو فوری اور یقینی بنائیں گی۔"

یہ قرارداد پیش کی گئی ہے اور اب سوال یہ ہے کہ:

"یہ ایوان اس بات پر مکمل یقین رکھتا ہے کہ حق زندگانی سب سے زیادہ قابلِ احترام حق ہے جیسا کہ آئین پاکستان میں درج ہے۔ پاکستان کا ہر شخص آئین کی نظر میں برابر ہے۔ دوسری صورت میں یہ ایوان ہماری حالیہ mob lynching کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیتا ہے۔ سیالکوٹ، جڑانوالہ، سرگودھا، سوات اور ملک کے دوسرے حصوں میں ہونے والے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتا ہے۔

یہ ایوان ان ہولناک اور المناک واقعات کی شدید مذمت کرتا ہے۔ کسی بھی مہذب معاشرے میں یہ برداشت نہیں کیا جاسکتا لہٰذا یہ ایوان وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے پُرزور مطالبہ بھی کرتا ہے کہ یہ حکومتیں ہمارے تمام شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنائیں بشمول مذہبی اقلیتیں اور معاشرے کے دیگر کمزور طبقات۔ یہ ایوان وفاقی اور پنجاب کی حکومتوں سے بھی مطالبہ کرتا ہے کہ فوری طور پر مندرجہ ذیل اقدامات کئے جائیں۔

- قانون کی مؤثر عملداری
- فوری انصاف کی فراہمی کے لئے عدالتی اصلاحات اور عدالتی نظام کی مضبوطی
- مذہبی رواداری کو فروغ دینا
- عوام میں اس حساس موضوع پر آگاہی مہم

ان واقعات میں ملوث افراد کی نشاندہی کو یقینی بنایا جائے۔ متعلقہ قوانین کے تحت تفتیش اور مقدمہ چلایا جائے۔ ایوان یہ بھی توقع کرتا ہے کہ عدالتیں انصاف کی فراہمی کو فوری اور یقینی بنائیں گی۔"

(قرارداد متفقہ طور پر منظور ہوئی)

MR SPEAKER: I would hope and I would ask the Government to take this matter with as much seriousness as it is suggested in this Resolution.

یہ معاملہ ایک بہت بڑی برائی کی صورت اختیار کرتا جارہا ہے۔ اس پر بات کرنے کے لئے میں حافظ فرحت سے کہوں گا کہ وہ اس پر بات کریں تاکہ repetition نہ آجائے۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! پہلے رانا آفتاب صاحب بات کرلیں ابھی میری تقریر رہتی ہے میں اُس میں بات کرلوں گا۔

جناب سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔ جی، رانا صاحب!

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! یہ بڑی ایک خوش آئند چیز ہے کہ ایک national issue پر تمام ہاؤس نے ایک متفقہ قرارداد پاس کی ہے۔ آئین پاکستان کے تحت Islamic Republic of Pakistan میں اقلیتوں کو پوری برابری کا حق ہے اور آرٹیکل 25 اس پر بڑا واضح ہے۔ یہ عدم برداشت، intolerance یہ ایسی چیزیں ہیں جو کسی معاشرے کو آگے نہیں جانے دیتی۔ جو ہماری مساجد ہیں، چرچز ہیں یا جو بھی عبادت گاہیں ہیں وہاں پر ہمیں سوچنا چاہئے کہ ہم کیا درس دے رہے ہیں۔ کیا اِن اقلیتوں کا پاکستان پر حق نہیں ہے جنہوں نے پاکستان بننے میں پاکستان کو opt کیا؟ کیا یہ بہتر نہ ہو کہ ہم سب لوگ بیٹھ کر اِس چیز کو ختم کردیں کہ ہم مسلمان ہونے کے ساتھ ساتھ سب سے پہلے پاکستانی ہیں۔ اس پاکستان نے ہمیں عزت دی ہے، اس نے ہمیں وقار دیا ہے اور یہ ہماری شناخت ہے۔ عدم برداشت کی یہ حالت ہے کہ اگر کوئی کسی کو ہارن دے تو وہ برداشت نہیں کرتا۔ ہم چھوٹی چھوٹی چیزوں میں الجھ جاتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ there is scientific کہ اگر غصہ آجائے تو صرف 12 منٹ کنٹرول کرلیں تو وہ ختم ہوجاتا ہے۔ دنیا کہاں پہنچ گئی ہے اور ہم کہاں ہیں۔ ان چیزوں کی وجہ سے آپ کے foreign investors چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں کہ یہاں ہمیں سکیورٹی نہیں ہے۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ چائنیز کے ساتھ کیا ہوا ہے، یہاں جو آتا ہے وہ save نہیں ہے۔ آپ نے سوات کا واقعہ بھی دیکھا ہے، ڈاکٹرز کے ساتھ جو عدم برداشت ہورہا ہے اور ہڑتالیں ہورہی ہیں وہ بھی اسی وجہ سے ہے۔ میری یہ گزارش ہے کہ

اس national issue پر ہمیں ایک ہونا چاہئے اور عدالتوں کو بھی اپنا نظام بہتر کرنا چاہئے۔ عدالتوں کو بھی چاہئے کہ اگر ان کی نشاندہی ہو گئی ہے تو ان کو کیفر کردار تک پہنچائیں۔ جیسا کہ آپ نے دیکھا کہ فیصل آباد میں ایک ٹرک کوکا کولا کا جا رہا تھا۔ بجائے یہ کہ اُس کی جان بچاتے 11 لاکھ کی بوتلیں اٹھا کر لے گئے۔ یہ ہمارا عجیب culture develop ہو گیا ہے۔ آج میں آ رہا تھا تو دیکھا کہ نہر میں ایک بچہ گرا ہوا تھا اُس کو بچانے کی بجائے وہ بسوں کو لوٹ رہے تھے۔ ہم سب کس طرف چل پڑے ہیں we are heading toward disaster ہمارا national character ختم ہو رہا ہے۔ مجھے ایک چھوٹے سے بچے نے پوچھا کہ رانا صاحب آپ تو بڑی باتیں کرتے ہیں کہ پاکستان یہ تھا وہ تھا۔ یہ ٹھیک ہے کہ ہم نے بڑا اچھا وقت دیکھا ہے، یہاں tolerance بھی دیکھی ہے۔ ہم لوگ اپنی فقہ کے علاوہ اگر کسی کا مذہبی تہوار ہوتا تھا ہم ضرور وہاں جاتے تھے بلکہ اُن کے ساتھ ان کی help کرتے تھے۔ اگر اہلِ تشیع ہے تو اُن کے ساتھ جا کر ہم سبیل بھی لگاتے تھے اور امام بار گاہ بھی جاتے تھے۔ سب کی عبادت گاہوں کا احترام ہونا چاہئے۔ ہر دو کلو میٹر کے بعد آپ کو مدرسے ملتے ہیں، مساجد ملتی ہیں اور دربار بھی ملتے ہیں کیا اُدھر ہم کسی کو یہ تلقین کرتے ہیں کہ ہم نے زندگی کیسے گزارنی ہے، بڑوں کا احترام کیسے کرنا ہے؟ یہاں تو لوگ اپنی بہن کو اس کا حق نہیں دیتے۔ کیا لڑکے کوئی اللہ کی علیحدہ کی مخلوق ہے کہ یہ حق لیتے ہیں؟ جب تک آپ کسی کو اُس کا حق نہیں دیں گے، میں کہتا ہوں کہ اقلیتوں کا ہم سے زیادہ حق ہے۔ اُن کی درسگاہیں ہیں، اُن کی عبادت گاہیں ہیں، اُن کا تحفظ ہونا چاہئے بلکہ جو بھی مسلمان ہے اُسے چاہئے کہ اپنی اقلیتوں کے ساتھ حسن سلوک کرنا چاہئے۔ میں اس قرارداد کی بھرپور تائید کرتا ہوں اور توقع کرتا ہوں کہ گورنمنٹ اس پر بڑا serious نوٹس لے گی اور پولیس کو ہمارے خلاف استعمال نہیں کرے گی بلکہ اُن شرپسندوں کے خلاف استعمال کرے گی۔

جناب سپیکر: بہت شکریہ۔ جناب فیلبس کرسٹوفر! آپ کی چِٹ میرے پاس آئی ہے لیکن آپ کے پاس صرف دو منٹ ہیں۔

جناب فیلبس کرسٹوفر: جناب سپیکر!شکریہ۔

وقت ملے تو دیکھنا تاریخ کی کتاب میں

پاکستان کو بنانے، سنوارنے میں ہم خاص تھے ہم خاص تھے

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر!میں اس عوام دوست بجٹ اور اقلیت دوست بجٹ پر اپنی قیادت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

میں آپ کو حلفاً کہہ رہاہوں کہ کوئی بھی مسیح آپ سرکار حضور پاک ﷺ اور قرآن مجید بلکہ کسی نبی پیغمبر، رسول اور کسی بھی مقدس کتاب کی توہین کا سوچ بھی نہیں سکتے۔ اگر کہیں بھی کوئی مسئلہ ہو تو اس کے لئے قانون موجود ہے کسی شخص کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ خود عدالت لگائے۔ حکومت پاکستان اور حکومت پنجاب دن رات جہاں اقلیتوں کی زندگی کو آسان، محفوظ اور حقوق کے تحفظ کو یقینی بنا رہی ہیں وہیں کچھ شر پسند عناصر اپنے ذاتی مفاد، حسد، ذاتی لڑائی جھگڑے کو مذہبی رنگ دے کر آئے روز قتل عام و مسیحی بستیاں چرچ جلا رہے ہیں۔ اقلیتوں کا جینا محال کر دیا گیا ہے۔ مسیحی لوگ اپنے آپ کو غیر محفوظ تصور کر رہے ہیں۔ پاکستان کے پرچم کے سبز رنگ کے ساتھ سفید رنگ بھی ہے جو ہمارا ہے اور بار بار اسے خون سے داغ دار کیا جاتا ہے جس سے پوری دنیا میں پاکستان کی بدنامی ہو رہی ہے یہاں پر اپنے مقدس ادارے عدلیہ کا بھی ذکر کروں گا کہ گوجرہ، شانتی نگر، جوزف کالونی اور دیگر ماضی کے واقعات میں شفاف انکوائری کر کے ان واقعات کی وجہ عناد لوگوں کے سامنے لائی جاتی اور تمام ملزمان کو قرار واقعہ سزا دی جاتی تو آج جڑانوالہ اور مجاہد کالونی میں یہ کچھ نہ ہوتا بلکہ عدلیہ نے ملک دشمن لوگوں کی بار بار رہائی کر کے اور بری کر کے ہم مسیحیوں کی دل آزاری کی ہے۔

جناب سپیکر!آپ سرکار حضور پاک کا مسیح قوم کے ساتھ تاریخی معاہدہ ہے جس میں مسلمانوں کو حکم دیا کہ آپ مسیح قوم کی جان و مال عبادت گاہوں کی حفاظت کریں گے۔ بابا قوم بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کا فرمان ہے کہ اقلیتیں برابر کے شہری ہیں، برابر کے حقوق دیئے اور ہماری جان و مال اور عبادت گاہوں کی حفاظت کا ذمہ دیا۔ ہمیں 1973 کا آئین پاکستان تحفظ کی ضمانت دیتا ہے۔ میرے محبوب قائد میاں محمد نواز شریف وزیر اعظم اور وزیر اعلیٰ صاحبہ اقلیتوں کو

شراکت دار سمجھتے ہیں باقی بھی تمام سیاسی پارٹیاں اقلیتوں کے حقوق کی بات کرتی ہیں پھر یہ کون لوگ ہیں جو آپ سرکار حضور پاک کے حکم کو بھی نہیں مان رہے؟ بابا قوم قائد محمد علی جناح کے حکم کو نہیں مان رہے اور آئین پاکستان کو بھی نہیں مان رہے تو میری پاکستان کے تمام اداروں سے درخواست ہے کہ ایسے ملک دشمن عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ ایسے واقعات کے ملزمان کو قانون کے مطابق قرار واقعہ سزا دی جائے تاکہ آئندہ پاکستان میں ایسے واقعات نہ ہو سکیں۔ پاکستان پائندہ باد۔

جناب سپیکر: جی، .thank you میری معزز اراکین سے درخواست ہے کہ میں ٹوکنا نہیں چاہ رہا اور یہ آپ کے جذبات ہیں تو بات کو ذرا مختصر پیرے میں رکھیں تاکہ تھوڑے وقت میں بات مکمل ہو۔ .we are actually short of time today جناب احمد خان بھچر! آپ اس پر بات کرنا چاہیں گے۔

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! میں بات تو کرنا چاہ رہا تھا لیکن ٹائم کی قلت کی وجہ سے میرے ایم پی اے علی آصف بگا صاحب ہیں وہ بات کریں گے چونکہ سرگودھا میں ایک واقعہ ہوا ہے تو میں صرف دو منٹ بات کروں گا۔

جناب سپیکر: جی، آپ بات کر لیں۔

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! آج جو قرارداد ہاؤس میں متفقہ طور پر پاس ہوئی ہے تو ویسے ہمارے حالات کے مطابق ہمیں کیوں ضرورت پڑ گئی ہے کہ ہم ایسی قراردادیں لے کر آئیں؟ 1500 سال پہلے تو ہمارا ایک مکمل دستور حیات ایک کتاب آچکی ہے اور قرآن پاک میں ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کی وجہ سے یہ چیزیں clear ہیں کہ اقلیت کو برابری کے حقوق ملنے چاہئیں بلکہ اگر آپ کے والدین غیر مسلم ہیں تو ان کا بھی ہمارے اوپر اتنا احترام رکھا گیا ہے تو definitely حالات کی وجہ سے frustration ہے۔ آج کل جو حالات بنے ہوئے ہیں تو مرکز میں گورنمنٹ ہے اور صوبے میں ہے اور جتنی governments ہیں تو ہم پورے ہاؤس کی طرف سے ان کو ضرور اپیل کریں گے کہ اس قرارداد کو صرف قرارداد تک محدود نہ رکھیں بلکہ اس پر implementation true spirit کے مطابق ہونی چاہئے۔ .Thank you very much

جناب سپیکر: جناب سمیع اللہ خان! میں چاہتا تھا کہ آپ اس پر بات کریں لیکن آپ نے چونکہ بجٹ کی جنرل speech پر بات کرنی ہے تو اُس میں اس حوالے سے بھی آپ کا input آنا چاہئے۔ جی، علی آصف بگا صاحب!

جناب علی آصف: جناب سپیکر! بہت شکریہ

جناب سپیکر: After this جیسے complete ہوتی ہے تو جناب سمیع اللہ خان! اس کے بعد آپ کی بجٹ speech ہے۔

جناب علی آصف: جناب سپیکر! Basically یہ جو واقعات بیان کئے ہیں ان میں ایک واقعہ چونکہ میری اپنی constituency میں ہوا ہے اور میری اپنی union council کی adjacent UC میں ہوا تو میں نے اس لئے request کی کہ مجھے موقع دیا جائے۔ پہلی بات یہ ہے کہ میں اس قرارداد کی مکمل طور تائید اور حمایت کرتا ہوں اس طرح کے واقعات نہیں ہونے چاہئیں کیونکہ پاکستان میں توہین رسالت اور توہین قرآن کے قانون موجود ہیں اور سزاؤں کا تعین بھی موجود ہے۔ جب خدانخواستہ اس طرح کا واقعہ ہوتا ہے تو قانون کو اپنا راستہ لینا چاہئے اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانا چاہئے۔ میں اس پر بالکل متفق ہوں۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس میں ایک problem یہ آتا ہے کہ اس law کو جو توہین رسالت اور توہین قرآن کا ہے اس کو abuse کیا جاتا ہے جیسے ایک بڑا مشہور واقعہ تھا اسلام آباد کا رمشاء مسیح کیس اسلام آباد میں ہوا تھا، میں اس وقت اسلام آباد میں تھا اور پورے واقعہ کا تقریباً عینی شاہد ہوں اس میں اس کرسچئن بچی پر الزام لگا کر اس کو ٹارگٹ کرنے کی کوشش کی گئی تھی لیکن ہمارے اداروں نے اس میں اچھی investigation کی اور وہ accuse کرنے والے صاحب نے live مانا کہ یہ میں نے کیا اور میں نے اس کو accuse کرنے کی کوشش کی لیکن اس کے بعد اس شخص کو کیا سزا ملی یہ کہیں نہیں آیا۔ اس پر خاموشی آگئی چونکہ آپ جب بھی توہین رسالت یا توہین قرآن ایکٹ minorities پر لگاتے ہیں اور ایک مسلمان جب اس کو abuse کرتا ہے تو اس کی سزا زیادہ سخت ہونی چاہئے۔ Unfortunately ہمیں ایسی کوئی precedent نہیں مل سکی۔ میں اس میں ایک اور بڑی important بات آپ سے کہنا چاہوں گا کہ پاکستان ایک ایسا ملک ہے جہاں مسلم اکثریت میں ہیں اور ایک بڑی واضح اکثریت ہے۔

آج تک کوئی ایک واقعہ ایسا تو نہیں ہوا کہ کسی مسلمان نے خدانخواستہ حضرت عیسیٰ علیہ سلام یا بائبل یا ان کی خدانخواستہ شان میں کوئی گستاخی کی کوشش کی ہو کیونکہ ان کتابوں اور ان انبیاء کی تکریم ہمارے ایمان کا حصہ ہے لیکن کیا وجہ ہے کہ یہ جو واقعہ مجاہد کالونی میں ہوا جو میرے colleague نے quote کیا، یہ actually ہوا، وہاں یہ توہین کی گئی جن لوگوں نے پہلی ریسکیو کال کی اور کہا کہ ہم سے غلطی ہوئی ہے ہمیں ریسکیو کیا جائے۔ اس نے کال نا صرف ہمیں بلکہ مسلم لیگ(ن) کے ٹکٹ ہولڈر candidate تھے ان کو بھی کال کی کہ ہم سے غلطی ہوئی ہمیں ریسکیو کیا جائے لیکن بعد میں جب انہیں سکیورٹی مل گئی پھر کہانی change ہونا شروع ہو جاتی ہے جیسے ہمارا ایک اقدام ہوتا ہے تو میں چاہتا ہوں کہ ایسے واقعات نہیں ہونے چاہئیں۔ یہاں minorities کے میرے colleagues موجود ہیں۔ ہمارے end سے اس ملک میں، میں نے سنا کہ کبھی کسی مسلم نے خدانخواستہ بائبل یا دوسری مقدس کتابوں کی توہین کی یا گستاخی کی ہو۔ اس پر ان کو اپنی community میں awareness بڑھانی چاہئے۔ مزید اس پر جو عدلیہ کا role ہے، تو جس نے جرم کیا تو وہ بھی منتقی انجام تک پہنچے اور اگر کسی نے اس کو abuse کیا تو اس کو بھی سزا ملتی نظر آنی چاہئے۔ یہ صرف کرسچئن کے بارے میں نہیں ہے مسلم کے ساتھ بھی واقعہ ہوا ہے جس بیچارے بندے کو جلا دیا گیا کہ تم تو قادیانی ہو حالانکہ ابھی تک جو شواہد بتا رہے ہیں وہ ایسا نہیں تھا اس کو personally target کیا گیا تھا۔ میں جہاں اس قرارداد کی حمایت کرتا ہوں تو وہاں پر میں یہ تجویز بھی پیش کرتا ہوں کہ ایک تو اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ جو مجرم ہے وہ کیفر کردار تک پہنچے جس نے جرم کیا ہے یا جس نے abuse کیا ہے۔ دوسرا ہمیں اپنی minority میں خاص طور پر کرسچئن کیمونٹی میں یہ awareness ضرور دینی چاہئے کہ کیوں ایسے واقعات ہوتے ہیں۔ ایسے واقعات کا سدباب ہونا چاہئے۔

جناب سپیکر: بگا صاحب! بہت شکریہ۔ راجہ شوکت عزیز بھٹی!

جناب شوکت راجہ: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی اہم issue ہے اور حالات واقعات بتاتے ہیں کہ رفتہ رفتہ ایک گھمبیر صورتحال اس سلسلے میں اس ملک میں بنتی جا رہی ہے۔ لوگ قانون کو، اداروں کے اختیار کو،

گورنمنٹ کے اختیار کو اپنے ہاتھ میں لینے آ رہے ہیں اور جیسے میرے فاضل دوستوں نے کہا ہے مجھے آج یہ خوشی ہوئی کہ بڑے اہم معاملے پر میرے اُس طرف بیٹھے ہوئے بھائیوں نے بھی بڑی سنجیدگی سے اس میں اپنا کردار ادا کیا اور یہ بات کسی جماعت کی نہیں اس ملک کی، اس ملک کے اُس سبز ہلالی پرچم کی، اس ملک کو بنانے والوں کی اور مذہبی لحاظ سے بھی یہ ہماری ذمہ داری ہے۔ جب ہمارا ایمان چار کتابوں اور ایک لاکھ 24 ہزار پیغمبروں پر ہے۔ ہمارا ایمان مکمل نہیں ہوتا ہم مزید کتابوں پر اور عیسٰی پر اور دوسرے پیغمبروں پر جب تک ایمان یقین نہ رکھیں۔ میری گزارش یہ ہے اس ہاؤس کا ایک رکن ہونے کے ناطے میں نے ایک بار پہلے بھی گزارش کی تھی کسی پر بھی کوئی الزام لگ جائے ایف آئی آر ہو جائے اور وہ 10 سال 20 سال 15 سال اندر بیٹھ کے بھگتتا رہے اور 20 سال بعد وہ آزاد بھی ہو جائے تو اُس کی تباہی اور بربادی ہو جاتی ہے۔ اس ضمن میں جو دفعات ہمارے criminal procedure court میں ہیں، جنہیں Non Bailable declare کیا ہوا ہے ہمارے جوڈیشل سسٹم کی ایک تاریخ پڑی ہے، بہت سارے لوگوں کے ساتھ ناانصافیاں بھی ہوتی ہیں اور ساری دنیا میں انصاف دینے کے لئے جب کسی کو سزا دیتے ہیں تو سب سے پہلی consideration یہ ہوتی ہیں کہ اس کا بیک ریکارڈ کیا ہے؟ اس کے کھاتے میں اس سے پہلے کوئی اس نوعیت کا جرم ہے، اس کا کریکٹر کیسا تھا؟ اس نوعیت سے اگر ایک جرم کی سزا 10 سال ہے تو پہلی بار کسی غلطی پر اسے دو سال یا تین سال یا کوئی آدمی جس کی سروسز کمیونٹی سروسز میں ہوں جیسے یہ بہن بھائی ہمارے colleague یہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔ ان کے لئے خصوصی رعایت ہوتی ہے لیکن جن دفعات کو Non Bailable declare کر کے اور 15,20 سال ایک آدمی اندر بیٹھا رہتا ہے اور ہمارے اس ملک میں ایف آئی آر ہونا کوئی یہ بات ثابت نہیں کر دیتا کہ آدمی مجرم ہے یا جو اُس پر دفعہ لگائی گئی ہے جو اُس پر الزام لگایا گیا ہے وہ سچ ہے۔ اُس وقت تک اُسے اپنے دفاع کا اختیار ہونا چاہئے۔

جناب سپیکر: رائے صاحب مہربانی۔ میں in the true spirit of this یہ mob lynching تو یہ تو ایک اور توہین ہے۔ تو اس پر جو due process ہے کسی بھی جرم کا ہمارے ملک کے قوانین توہین مذہب کو ایک عرصہ ہوا جرم قرار دے چکے ہیں ہیں، ہمارا آئین اس پر بڑا واضح ہے، اس پر ہمارے پاس جو laws ہیں Pakistan Penel Code کے اندر بڑے واضح ہیں اور اُن کی سزائیں

بڑیstringentہیں تو یہ جوmob lynching کے واقعات ہیں ان کی روک تھام پر آپ عوامی نمائندے ہیں آپ کی یہ رائے حکومت تک گئی ہے اس پر سنجیدگی کے ساتھ اس کو emergent basisپر باقاعدہ اس پر اپنے خیالات کا اظہار کرنے کے بعد حکومت وقت ان لوگوں کو کیفر کردار تک پر پہنچائے جو اس قسم کیmob lynchingکا باعث بنتے ہیں۔یہ اصل مدعا ہے۔آپ اس کو wind upکریں۔

جناب شوکت راجہ: جناب سپیکر!میری اس میں گزارش یہ ہے کہ اس کے لئے ٹرائل کاproper وقت مقرر ہونا چاہئے کہ اتنے دنوں میں اس کا فیصلہ ہو گا۔

جناب سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔

جناب شوکت راجہ: جناب سپیکر!ایک یا دو کیسز کا فیصلہ آجائے پھر کسی کی جرات نہیں۔

جناب سپیکر: یہ اس کی تجویز آگئی جیسے دیکھیں وہ پریانتھا کمار کا سیالکوٹ کا کیس تھا اُس نے ایک بڑیdeterrenceکی ہے، بہت بڑیdeterrenceاُس کے بعد دو سال کے عرصے میں یہ واقعہ پیش آنا باعث تشویش ہے اور آپ کے ایوان کی رائے حکومت وقت تک گئی ہے تو اس پر ضرور ہو گا۔

جناب ندیم صادق ڈوگر: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب سپیکر: جی، سردار صاحب!very briefly۔

جناب ندیم صادق ڈوگر: جناب سپیکر!میں صرف ایک منٹ بات کرنا چاہ رہا ہوں۔اقلیتوں کے حوالے سے بات ہو رہی تھی تو میں بھی ایک بات آپ کے نوٹس میں لانا چاہ رہا ہوں کچھ دن پہلے ہمارے شہر کے کچھ اقلیتی نمائندوں نے مجھے بلایا تھا اور انہوں نے مجھے اپنے دو مسائل بتائے تھے میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہ رہا تھا میرے لئے وہ حیران کن تھے پہلا تو انہوں نے کہا کہ ہمارے یہاں پر شادی کو رجسٹر کروانے کا کوئی قانون نہیں ہے جیسے مسلمانوں کے حوالے سے نکاح نامہ بنتا ہے انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس ایسا کوئی قانون نہیں ہے کہ ہمارے پاس کوئیevidence کوئیdocumental evidenceہو۔Secondly انہوں نے یہ بات کہی ہے جو میرے لئے حیران کن تھی کہ ہمارے اِدھر وراثت کی تقسیم کا کوئی طریق کار وضع نہیں ہے جیسے ہمارے

مذہب میں اب ہمارے قانون کے مطابق آدھا حصہ بہن کو جاتا ہے ایک حصہ بھائی کو جاتا ہے تو اُن کے لئے وراثت کی تقسیم کا کوئی قانون وضع نہیں کیا گیا تو براہ مہربانی یہ دو چیزیں ہیں یہ میں آپ کے نوٹس لانا چاہتا تھا۔

جناب سپیکر: جی، we should remain to the topic اعجاز صاحب! آپ بات کرنا چاہ رہے ہیں؟ ذرا بریف رکھیئے گا آپ کے پاس two minutes

جناب اعجاز مسیح: جناب سپیکر! آپ کا بہت شکریہ اور خاص طور پر میں ایوان کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ آپ اتنے اہم معاملے پر متفقہ قرارداد لے آئے، میں قومی اسمبلی اور خاص طور پر وزیراعظم شہباز شریف کا بھی اور ایپکس کمیٹی کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ایسے واقعات پر جو آپریشن شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مذہبی جنونیت اور انتہا پسندی کا جن بے قابو ہو چکا ہے اور آپ دیکھیں کہ جس طرح ابھی سوات میں جو مدین میں واقعہ ہوا ہے، اس کے ساتھ پھر سرگودھا کا واقعہ دیکھ لیں کہ وہاں نذیر مسیح کو جس طرح mob نے گلیوں میں گھسیٹ گھسیٹ کر مارا اور اس کے ساتھ ہی منڈی بہاؤالدین میں دو احمدیوں کا قتل کر دیا گیا اور پھر اُس سے پہلے جڑانوالہ میں ایک ہی دن 27 چرچوں کو جلا دیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم انتہا پر پہنچ گئے ہیں یہ ایسا نہیں ہے کہ یہ کوئی صرف اقلیتوں کا نقصان ہو رہا ہے یہ اس ملک کی سلامتی اور اس ملک کی اکانومی پر بہت بڑا اثر پڑ رہا ہے اور بدقسمتی یہ ہے کہ آج ملک میں اقلیتیں اپنے آپ کو غیر محفوظ تصور کر رہی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ انتہا پسندی جو صرف اس mob کی حد تک نہیں ہے، انتہا پسندی judiciary میں بھی ہے۔ سرگودھا کے اے ٹی سی کورٹ کے جو جج تھے جو اپنے آپ کو بڑا ایماندار کہتے ہیں، انہوں نے نذیر مسیح کے قتل کو، جنہوں نے اُن کو گلیوں میں گھسیٹ کے مارا تھا ان 44 لوگوں کو ضمانت پر رہا کر دیا۔ جنہوں نے چیف جسٹس کو لیٹر لکھا تھا کہ میں بڑا ایماندار آدمی ہوں تو انتہا پسند جج بھی ہیں جو judiciary میں بھی بیٹھے ہوئے ہیں جو اس طرح کے لوگوں کو سزا نہیں دیتے اور یہی ایک بڑا مسئلہ ہے کہ اب تک کسی کو سزا نہیں دی گئی جس کی بنیاد پر یہ سلسلہ اسی طرح چل رہا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ ایک مذہبی انتہا پسند جماعت جڑانوالہ میں بھی وہی کر رہی ہے، سرگودھا میں بھی وہی کر رہی ہے۔ کیا ریاست اتنی کمزور ہے کہ اس جماعت کو

لگام نہیں دے سکتی جو بر ملا وہاں پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں اور پھر کہہ رہے ہیں کہ ہم نے کسی کو نہیں چھوڑنا۔ میں اس ایوان سے گزارش کروں گا کہ ایوان میں minorities کی protection کا بل لایا جائے صرف مذمت کرنے سے یا resolution لانے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہو گا جب تک یہاں پر minority protection کا بل نہیں لایا جائے گا میں نہیں سمجھتا کہ اس طرح کے واقعات کو روکا جا سکتا ہے۔

جناب سپیکر: جی، اعجاز صاحب thank you very much آپ نے بڑی مؤثر بات کی ہے یہ آپ نے درست کہا ہے کہ اگر وہ جج صاحبان جو فیصلے کر رہے ہیں اُن کے فیصلوں میں ایسا عنصر جھلکے تو مناسب نہیں ہیں لیکن یہ کہنا کہ یہ صرف ایک resolution کی حد تک ہے اس resolution کی بڑی اہمیت ہے across the political divide اس ماحول میں جب cleavage اتنی deepened ہے اور اتنی تفاوت ہے اس مسئلے پر آپ نے دیکھا کہ تمام سیاسی جماعتوں کا ایک ہی نقطہ نظر ہے کہ اس طرح کے واقعات کا تدارک ہونا چاہئے بہت شکریہ

ملک فہد مسعود: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب سپیکر: جی، دو منٹ میں اپنی بات مکمل کیجئے گا۔

ملک فہد مسعود: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! آج یہ جو mob lynching کے حوالے سے قرارداد پیش کی گئی اس کو اکثریتی طور پر دونوں جانب سے منظور کیا گیا، اس کی حمایت کی گئی کیونکہ یہ مسئلہ نہ تو کسی سیاسی جماعت کا ہے، یہ مسئلہ انسانیت کا ہے، پاکستان میں رہنے والے ہر اُس شخص کا ہے، اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ آج اس ہاؤس میں اس مسئلہ پر جس طرح سے سنجیدگی دکھائی گئی ہے یہ قابل ستائش ہے۔ دوسرا میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ انتہا پسند کا تعلق کسی بھی مذہب کے ساتھ نہیں ہے، یہ انتہا پسند لوگ انسانیت کے بھی دشمن ہیں، یہ اس ملک کے بھی دشمن ہیں، اور یہ اس ملک کی بنیادوں کو بھی کھوکھلا کر رہے ہیں لیکن میں ساتھ ہی اس بات کا ذکر بھی کرنا چاہوں گا کہ میرے حلقہ میں آج سے تقریباً ڈیڑھ دو ماہ پہلے اس قسم کا ایک واقعہ پیش آیا جس میں قرآن پاک کی بے حرمتی کی گئی موقع پر mob اکٹھا ہوا اور انہوں نے قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے کی بھی کوشش کی لیکن

وہاں پر موجود ذمہ دار لوگوں نے اس بدبخت شخص کو وہاں سے نکال کر حوالہ پولیس کیا لیکن اس کے بعد اس شخص کے ساتھ کیا ہوا،میں اس حلقے کا ایم پی اے ہوں میرے علم میں بھی یہ بات نہیں ہے کہ اس شخص کو کیفر کردار تک پہنچایا گیا ہے یا نہیں ؟تو میں یہاں پر یہ بھی ڈیمانڈ کروں گا کہ اس قسم کے جو واقعات ہوتے ہیں کہ جب کوئی شخص موقع سے گرفتار کیا جاتا ہے تو اس کے خلاف کیا قانونی کارروائی کی گئی، قانون نے اس شخص کو سزا دی یا نہ دی کیونکہ وہاں پر جو لوگ تھے وہ ابھی بھی یہ سوال اٹھاتے ہیں کہ اس شخص کے ساتھ کیا کیا گیا؟ تو میں آپ سے یہ request کروں گا کہ میرے حلقہ کے حوالے سے وہاں کے جو ذمہ داران ہیں ان سے جواب لیا جائے اور میرے علم میں دیا جائے تاکہ میں اپنے حلقے کے لوگوں کو اس حوالے سے آگاہ کرسکوں۔

محترمہ شازیہ عابد: جناب سپیکر!میں نے بھی بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: محترمہ! I am just running short of time and every honorable member is sending me a chit to speak on this. I have limited number تو میں رمیش سنگھ سے کہوں گا کہ وہ اپنی بات کریں اور اپنی بات کو مختصر رکھیں۔ I have to get back to general discussion, last five minutes for this.

وزیر اقلیتی امور(جناب رمیش سنگھ اروڑا): جناب سپیکر!شکریہ۔یہ جو قرارداد محترمہ راحیلہ خادم حسین کی طرف سے پیش کی گئی ہے اور پھر اس پورے ہاؤس نے اس کو پاس کیا جہاں پر ایک اچھی روایت قائم ہوئی، وہاں میرے لئے ایک پریشانی کی بات بھی ہے کہ ہمیں ایسی قرارداد لانے کی ضرورت پیش ہی کیوں آئی ہے جبکہ میرے ملک کا آئین یہ کہتا ہے کہ پاکستان کے تمام شہریوں کے پاس برابر کے حقوق ہیں؟میری قائد محترمہ مریم نواز شریف بار بار یہ بات کہتی ہیں کہ minorities میرے سر کا تاج ہیں،جب پاکستان بنا تو بابائے قوم نے 11۔اگست کی تقریر میں کہا you are free to go to your temples, you are free to go to your churches and you are free to go to your mosques تو آج 77 سال گزرنے کے باوجود کیا وجہ ہے کہ آج ہمیں اس طرح کی قرارداد پیش کرنے کی ضرورت

پڑ گئی ہے؟ یہاں پر بار بار ایک بات کہی جا رہی ہے کہ پاکستان میں minorities safe نہیں we rest assure کہ اس اسمبلی میں یہ قرارداد پیش کی گئی being a cabinet minister or being a part of the provincial cabinet ہم اس پر من وعن کام کریں گے پاکستان میں اور بالخصوص پنجاب میں ہم نے minorities کو یہ احساس دلانا ہے اور ہماری حکومت اس حوالے سے دن رات کام کر رہی ہے اور یہ بڑا جائز minorities کا ایک کام ہے جیسا کہ ہم نے پچھلے چند مہینوں میں دیکھا ہے کہ سوات میں وہ mob lynching ہوئی آج تک جڑانوالہ واقعہ بھی کوئی نہیں بھول سکا، اس میں کوئی شک نہیں کہ سرگودھا میں جو واقعہ ہوا ہے اس میں پولیس اور ضلعی انتظامیہ نے جس طرح کام کیا ہے وہ قابل ستائش ہے، میں وہاں پر خود گیا اور اس فیملی سے ملاقات کی اور یہ بھی دیکھنا ہو گا کہ اس طرح کے واقعات کیوں ہو رہے ہیں؟ ابھی ایک میرے بھائی نے بہت اچھا پوائنٹ آؤٹ کیا ہے کہ ایک واقعہ ہوا ہے اور پولیس نے اس حوالے سے کیا ایکشن لیا ہے تو ہمیں اس چیز کو بھی دیکھنا ہو گا کہ کیا یہ جو کہہ رہے ہیں وہ حقیقت پر بھی مبنی ہے یا اس میں ان کی کوئی ذاتی رنجش ہے کیونکہ جب میں سرگودھا گیا اور اس فیملی سے ملا تو جو نذیر مسیح ہیں ان کی دو دن پہلے وہاں لوکل کسی شخص سے لڑائی ہوتی ہے اور اس لڑائی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان پر یہ کیس ڈال دیا جاتا ہے،میں نے پولیس کو بھی یہی کہا تھا کہ آپ بالکل اس حوالے سے investigate کریں؟اگلا مرحلہ جس پر پارلیمنٹ ایک ہے، جہاں پر حکومت determined ہے کہ ہم نے اپنی minorities کو پروٹیکشن دینی ہے،وہاں پر آپ کے توسط سے،اس پارلیمنٹ کے توسط سے اور being a part of the cabinet میں چیف جسٹس قاضی فائزعیسٰی کو request کرتا ہوں وہ جڑانوالہ واقعہ پر تشریف لے کر گئے تھے وہاں judiciary کو اپنا role play کرنا ہو گا کیونکہ تمام آنکھیں ان کی طرف دیکھ رہی ہیں لیکن بدقسمتی سے judiciary سے اس طریقے سے response نہیں آرہا،جس طریقے سے آنا چاہئے تھا اور واقعی جو لوگ اس میں مجرم ہیں چاہے وہ mob lynching میں ملوث ہیں،چاہے وہ قانون کو abuse کرنے میں ملوث ہیں،جب ان کو سزا ملے گی تو certainly اس کے بعد کام بہتر ہو گا اور پے در پے جس طریقے کے واقعات روز بروز ہو رہے ہیں تو یہ واقعات unrest within the country کر رہے ہیں but let me tell you کہ ہمارے اوپر internationally

pressure بھی بہت زیادہ ہے، خاص کر وہ قوتیں جن کے اپنے vested interest ہیں ،جو پاکستان کو defame کرتی ہیں، جو پاکستان کو isolate کرتی ہیں،جو پاکستان کو انتہا پسند ملک کہتی ہیں اور پاکستان کے بارے میں ایک منفی رائے رکھتی ہیں جب ہم GST plus کی بات کرتے ہیں یا ہم پاکستان کو آگے لے کر جانے کی بات کرتے ہیں یا international investment کی بات کرتے ہیں تو ایک بہت بڑا ہمارے اوپر blame لگ جاتا ہے چاہے وہ united nation ہو ہمارے اوپر لگ جاتا ہے۔ آخر میں، میں یہ کہنا چاہوں گا کہ یہاں پر میرج ایکٹ کے حوالے سے بات ہوئی ہے، یہاں پر وراثت کی تقسیم کے حوالے سے بھی بات کی گئی ہے تو میں اسی پارلیمنٹ کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں کہ اسی پارلیمنٹ نے میرج ایکٹ متفقہ طور پر پاس کیا ہے۔ہم اس پر کام بھی کر رہے ہیں اور آئندہ کچھ دنوں کے اندر سکھ میرج ایکٹ provincial cabinet سے پاس کروا کر implement کروانے جا رہے ہیں ۔ہم ہندو میرج ایکٹ پر بھی کام کر رہے ہیں اور 50 فیصد laws implement ہو چکے ہیں، مجھے نہیں پتا کہ یہ بات کہاں پر کی گئی ہے لیکن جہاں پر بھی یہ بات کی گئی ہے تو ان شاءاللہ چند دنوں میں اس حوالے سے اس پر مزید پیشرفت ہو گی۔ہم نے حالیہ بجٹ میں جو minorities کے حوالے سے 200 فیصد بجٹ میں اضافہ کیا ہے تو یہ ہماری گورنمنٹ کی commitment ہے towards the minority development کہ ہم اس پر کام کر رہے ہیں۔شکریہ

جناب سپیکر: جی، شازیہ عابد! اب آپ اپنی بات کریں کیونکہ People's Party must be represented.

محترمہ شازیہ عابد: جناب سپیکر! شکریہ۔ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کا فرمان ہے کہ "کسی ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کے قتل کے مترادف ہے" تو کسی بھی انسان کو کہیں پر بھی یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اپنے طور پر اس طرح قانون کو ہاتھ میں لے کر لوگوں کے فیصلے کرتا رہے۔ ہمارا آئین بھی اس ملک کے ہر شہری کے جان و مال کے تحفظ کا حق دیتا ہے۔اسی مذہبی انتہا پسندی کی وجہ سے ہم اپنا گورنر سلمان تاثیر شہید کروا بیٹھے ہیں، اسی مذہبی انتہاپسندی کی وجہ سے میرے ضلع کا نوجوان جنید جو کہ پی ایچ ڈی ہے وہ جیل میں ہے اور اس کا مقدمہ لڑنے کی

وجہ سے ہمارے ملتان کے وکیل راشد رحمان کو شہید کر دیا گیا۔ہمارے ملک میں یہ مذہبی انتہا پسندی انتہائی افسوسناک بات ہے۔ہماری پارٹی کے ایم پی اے شہباز بھٹی کو شہید کر دیا گیا۔یہ مذہبی انتہا پسندی ایسا نہیں کہ صرف minorities کے ساتھ رواں رکھی گئی ہے بلکہ یہ ذاتی مفاد کی بنیاد پر جہاں جس کا دل چاہتا ہے توہین مذہب کا الزام لگا کر خود ہی انصاف کرنا شروع کر دیتا ہے۔یہ بہت افسوسناک ہے ہم جہاں کورٹس کے اس کردار کو discuss کر رہے ہیں کہ کورٹس ان لوگوں کو سزا نہیں دیتی تو یہ بات بھی انتہائی افسوسناک ہے کہ courts pressurize ہو کر اس طرح کے کیسز سنتی بھی نہیں ہیں۔میں بطور وکیل ایسے بہت سارے کیسز میں پیش ہوئی ہوں، جہاں جج صاحبان انتہائی خوفزدہ ہوتے ہیں اور وہ اس طرح کا کیس سننے سے avoid کر رہے ہوتے ہیں ان لوگوں کے خوف سے جو کہ سڑکوں پر اکٹھے ہو کر جلاؤ گھیراؤ کرتے ہیں،ان کو مارتے ہیں۔ یہاں پر بہت ساری باتیں ہو چکی ہیں میں یہاں ایک دو باتیں ضرور کرنا چاہوں گی جہاں پر ہم سزا کی بات کر رہے ہیں تو no doubt کہ ان کو ضرور سزا ملنی چاہئے جو ہمارا قانون پی پی سی کے مطابق ان کو سزا تجویز کی گئی ان کو وہ سزا ضرور ملنی چاہئے ۔مگر بطور معاشرہ بھی ہمیں بھی اس پر ضرور بات کرنی چاہئے، ہماری مساجد میں جو خطبے ہوتے ہیں ان میں اس پر بات ہونی چاہئے اور ہمارے نصاب میں مذہبی رواداری کو سکھایا جانا چاہئے۔شکریہ

جناب سپیکر: بہت شکریہ۔ Thank you very much, now we take up the list for general discussion اور میں اجلاس کا وقت شام سات بجے تک بڑھا رہا ہوں۔تمام معزز اراکین اپنی بات مختصر پیرائے میں رکھیں۔جب کوئی معزز رکن بات کر رہے ہوں گے تو مجھے ان کو ٹوکنا اچھا نہیں لگے گا ،تو پلیز آپ خود ہی اس بات کا احساس کیجئے گا۔ I have a long list now to take care of جو معزز اراکین اور خاص طور پر minorities کے وہ ساتھی جو اس موضوع پر بات کرنا چاہ رہے تھے I assure you that we will keep an hour or so on this subject clearly once we have the time آج ہمیں بجٹ کے شیڈول کو follow کرنا ہے چونکہ یہ مسئلہ اتنا important تھا تو میں نے دونوں طرف سے اراکین کو اس پر بات کرنے کا موقع دیا۔جناب سمیع اللہ خان!

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ آج جو قرارداد آئی ہے اس پر تو میں صرف دو جملے کہنے ہیں کہ یہ جو mob lynching ہے جسے ہم دوسرے معنوں میں جتھہ کلچر بھی کہہ سکتے ہیں یہ انتہاپسندانہ خیالات کے نتیجے میں پیدا ہوتا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ 17-2016 میں پاکستان کی تمام اقلیتوں کے نمائندوں اور پاکستان کے مختلف فرقوں کے علماء نے اکٹھے بیٹھ کر ایک سال کی محنت کر کے پیغام پاکستان کے نام سے ایک document تیار کیا تھا لیکن اس کے بعد ہمیں آج تک یہ نہیں پتا کہ اس document کے ساتھ پچھلے پانچ سال سے کیا ہوا ہے۔ لہٰذا وفاقی حکومت سے میری گزارش ہو گی کہ وہ پیغام پاکستان کا جو ایک تاریخی document ہے جس سے پاکستان کے اندر رواداری بڑھ سکتی ہے اس پر فی الفور عمل شروع کیا جائے۔ تشویش کی بات یہ ہے کہ ابھی سب باتیں اقلیتوں کے حوالے سے ہوئی ہیں یہ درست ہے کہ اس جتھہ کلچر کا soft target اور پہلا target اقلیتیں ہوتی ہیں لیکن اب پاکستان کے اندر صورتحال اس سے آگے چلی گئی ہے۔ اب اس کا نشانہ صرف اقلیتیں نہیں ہیں بلکہ مسلمان اب مسلمانوں کو مار رہے ہیں۔ سوات کا واقعہ دیکھ لیں، اب جو زمین کے تنازعات ہیں ان میں بھی یہی خبریں آتی ہیں کہ ایک فریق دوسرے فریق پر توہین کے الزام لگا کر اپنے اس مقصد کو حل کرنا چاہتا ہے۔ اب یہ صرف اقلیتوں کا issue نہیں ہے بلکہ اب پورا معاشرہ اس کی لپیٹ میں آ گیا ہے اور مسلمان بھی اس کی لپیٹ میں آ گئے ہیں اس لئے پوری قوم کو اکٹھا ہو کر اس کے خلاف نہ صرف قراردادوں کے ذریعے حکومت اور اپنے اداروں پر پریشر بڑھانا چاہئے وہ ادارے سکیورٹی کے ہوں یا ہماری عدلیہ ہو ہم پارلیمنٹیرین اپنا پورا دباؤ ہر ادارے پر بڑھائیں کہ وہ اس عفریت کو قابو کرنے کے لئے اپنا role ادا کریں۔

جناب سپیکر! چونکہ آج بجٹ پر بحث کا آخری دن ہے مجھے بہت اچھا لگتا کہ اگر اس سائیڈ سے اور اس سائیڈ سے بجٹ پر کوئی بہت تفصیل کے ساتھ اس کا پوسٹ مارٹم کیا جاتا۔ کچھ دوستوں نے بہت اچھی تیاری کی لیکن زیادہ تر دوستوں نے پاکستان کی سیاست کا کوئی issue ایسا نہیں ہے جس پر خیال آرائی نہیں کی 9۔ مئی ہو، پاکستان کے اندر سیاسی بحران کی گونج ہو، دھاندلی کے issues ہوں، کرپشن کے issues ہوں اس بجٹ اجلاس کے دوران ہر issue پر خیال آرائی کی گئی اور میرے خیال میں کسی حد تک یہ جائز بھی تھی اور یہ روایت بھی ہے۔ میں اسے روایت کہتا ہوں چونکہ شاید رولز تو permit نہ کرتے ہوں لیکن روایت یہ ہے کہ جب بجٹ کا اجلاس ہوتا ہے

تو دوست اپنے حلقوں کے مسائل کے ساتھ ساتھ پاکستان کی سیاست پر بھی بات کرتے ہیں۔ مجھے پتا ہے کہ آپ رولز کو بہت سختی سے دیکھتے ہیں لیکن میں آپ سے تھوڑی سی آزادی اور اجازت لینا چاہوں گا کہ میں ان سیاسی issues کو اور کوئی ایسا issue نہیں ہو گا جس کی گونج ادھر سے نہیں آئی۔ مجھے اجازت دیجئے کہ ان پر جو میر انقطہ نظر ہے وہ میں اس ہاؤس کے سامنے رکھ سکوں۔ میں خاموشی سے بیٹھ کر ہر ممبر چاہے اپوزیشن سے ہوں یا حکومتی بنچز سے ہوں ان کی تقریر کو note کرتا ہوں اور میں بڑے غور سے اسے observe بھی کرتا ہوں۔ تقریباً 60 فیصد مقررین نے جو ادھر سے تھے انہوں نے 9۔ مئی کی بات کی ہے، 9۔ مئی کا جو واقعہ ہے یہ کسی ایک دن کی کہانی نہیں ہے اور نہ یہ کسی ایک واقعہ کا ردعمل ہے بلکہ ایک بہت اچھے شاعر قابل اجمیری کا ایک شعر ہے کہ:

وقت کرتا ہے پرورش برسوں
حادثہ ایک دم نہیں ہوتا

جناب سپیکر! 9۔ مئی کا حادثہ ایک دن میں نہیں ہوا، ہمیں جاننا پڑے گا کہ اس حادثے کی نوبت کیوں آئی؟ اور یہ بھی دوسرے معنوں میں جتھہ کلچر اور انتہا پسندانہ خیالات کا شاخصانہ تھا اور اس کی جڑیں 8 یا 9۔ مئی میں نہیں ہیں۔ اگر آپ نے اس کی جڑیں ڈھونڈنی ہیں تو آپ 2014 کے دھرنے میں چلے جائیں، دھرنا کرنا ہر سیاسی جماعت کا حق ہے میں اس پر بات نہیں کروں گا بلکہ میں ان انتہا پسندانہ خیالات کی بات کروں گا جو اس ملک کے نوجوانوں اور ادھر بیٹھے ہوئے میرے پی ٹی آئی کے دوستوں کے ذہنوں میں 2014 سے جو یہاں پر نفرت کا بارود بھرا گیا اس کی چند جھلکیاں آپ کے سامنے رکھوں گا۔ کہا گیا کہ جتنے حکمران ہیں یہ چور ڈاکو ہیں، وہاں ان دھرنوں کے اندر کہا گیا اور تسلسل کے ساتھ کہا گیا کہ۔۔۔

جناب محمد اسماعیل: جناب سپیکر! معزز رکن کو بات کرتے کتنا ٹائم ہو گیا ہے؟ کیا یہ بجٹ پر بات کر رہے ہیں؟

جناب سپیکر: دیکھیں ایک سیکنڈ ٹھہریں۔اسماعیل صاحب! آپ بیٹھیں تو سہی۔میں آپ چاروں پانچوں معزز اراکین سے کہنے لگا ہوں کہ کیا میں نے رانا آفتاب صاحب کو ٹائم سے زیادہ وقت نہیں دیا؟ کیا میں نے حافظ فرحت کو نہیں کہا کہ میں آپ کو دوبارہ موقع دیتا ہوں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! میں آ گیا ہوں۔

جناب سپیکر: ایک سیکنڈ ٹھہر جائیں۔آپ کا کوئی حق نہیں ہے کہ آپ نیچے سے ایسی آوازیں کس کر کہیں کہ سپیکر صاحب ایسا کریں۔میں نے جب ان کو روکنا ہے تو میں روک لوں گا۔آپ مجھے balance کر کے چلانے دیں میرے پلڑے میں آپ بھی ہیں میرے پلڑے میں یہ بھی ہیں۔آپ تکلیف نہ کریں بلکہ یہ برا کام مجھے کرنے دیں کہ میں نے کب کس کو روکنا ہے۔اسماعیل صاحب! Please don't do it.جی سمیع اللہ خان صاحب!

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! یہ نفرت کا بارود جو اس ملک کے نوجوانوں کے ذہنوں میں 2014 سے ڈالا گیا یہ سفر 9۔مئی تک آتا ہے۔وہاں صرف یہ نہیں کہا گیا کہ یہ چور ڈاکو ہیں بلکہ وہاں کہا گیا کہ پاکستان کے اندر ہنڈی حوالے کے ذریعے transaction ہونی چاہئے جو legal channel ہے اس کے ذریعے پاکستان کے اندر رقم نہیں آنی چاہئے۔وہاں سول نافرمانی کا کہا گیا، وہاں کہا گیا کہ بجلی کے بل جلائیں گے۔9۔مئی یہاں سے شروع ہوتا ہے آپ جب اس طرح کا جتھہ تیار کریں گے معصوم نوجوانوں کے ذہنوں میں نفرت کے بیج بوئیں گے اس کے آگے چلیں اس انتہا پسندی کا نقطہ عروج اس وقت آیا جب قومی اسمبلی میں No Confidence Motion پیش کی گئی تو پھر ایک نئی طرح کی انتہا پسندی کا ذہن بنایا گیا میر جعفر صادق کی گردان گنی گئی آئی ایم ایف کو خط لکھے گئے کہ پاکستان کے ساتھ کوئی معاہدہ نہ کیا جائے۔یہ انتہا پسندی تھی اور پھر ہم نے یہ بھی سنا کہ مجھے ہٹانے سے بہتر تھا پاکستان کے اوپر بم گرا دیا جاتا، ہم نے یہ بھی سنا کہ میری حکومت ختم کرنے سے بہتر تھا پاکستان کے چار ٹکڑے کر دیئے جاتے۔۔۔

(اس مرحلے پر معزز اراکین حزب اختلاف کی طرف سے جھوٹ ہے کی آوازیں)

جناب سپیکر: Please order in the House. Order in the House.جی، سمیع اللہ صاحب!

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! یہاں ہم نے یہ بھی سُنا کہ عمران نہیں تو پاکستان نہیں۔ یہ بارود میرے ملک کے نوجوانوں کے ذہنوں میں بھرا گیا ہے۔ یہاں میں یہ ضرور کہنا چاہوں گا کہ یہ 9۔ مئی کی دستاویز ہے جس کا کچھ حصہ میں نے آپ کے سامنے رکھا ہے۔ یہ 9۔ مئی کی تاریخی دستاویز ہے۔ جب آپ اپنے ملک کے نوجوانوں کے ذہنوں کی آبیاری اس طرح سے کریں گے تو یقیناً 9۔ مئی جیسے واقعات ہوتے ہیں۔ وہ واقعہ کیا تھا؟ ہمارے شُہداء کی یادگاروں کو جلایا گیا اور فوجی تنصیبات پر حملے کئے گئے۔ ہر اس نشانی کو ڈھونڈا گیا کہ کون سی نشانی ہے کہ جس پر پاکستانی فخر کر سکتا ہے تو اس پر جوتے برسائے گئے، ڈنڈے برسائے گئے اور آگ لگائی گئی۔ اب یہ کہتے ہیں کہ اس کا beneficiary کون ہے؟ کیا میں ان سے پوچھوں کہ ماڈل ٹاؤن واقعے کا beneficiary کون تھا اور کیا یہ اس کا جواب دیں گے؟ جب وہ واقعہ ہوا تو درجنوں لوگ مارے گئے۔ وہ کون صاحب تھے جو اس واقعے کو بنیاد بنا کر احتجاج کر رہے تھے۔ دو cousins اس واقعے کو بنیاد بنا کر احتجاج کے لئے لاہور سے اسلام آباد کی طرف روانہ ہوئے تھے۔ تو کیا ماڈل ٹاؤن کا واقعہ آپ نے کروایا تھا؟ اب میں کوئی سخت لفظ نہیں بولتا کیونکہ یہ سیاست میں بڑے سادہ ہیں۔

جناب سپیکر! حکومت وقت کوئی غلطی یا blunder کرے تو اس کی beneficiary اپوزیشن ہوتی ہے۔ یہ مسلمہ اصول ہے۔ یہ اصول صرف پاکستان میں نہیں بلکہ پوری دنیا میں یہی اصول کارگر ہے کہ اگر کسی حکومت کے دور میں کوئی سانحہ ہو گا تو اس کی beneficiary اپوزیشن ہو گی۔۔۔

(اذان عصر)

جناب سپیکر: جی، سمیع اللہ خان صاحب!

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! میں یہاں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ PTI حکومت کے اقتدار کے آخری دو چار ماہ کے دوران افغانستان سے دہشت گرد یہاں پاکستان میں لائے گئے اور ان کے لئے عام معافی کا اعلان اُس وقت جنرل فیض اور عمران خان صاحب نے مل کر کیا تھا۔ یہ عمل بھی 9۔ مئی کی منصوبہ بندی کا ایک حصہ تھا۔ اب ان کی کوشش ہے کہ 9۔ مئی کا ملبہ کسی دوسرے پر ڈال دیا جائے۔ بھئی! ساری تصاویر سامنے ہیں اور جو لوگ لاہور میں دو اڑھائی ہزار لوگوں کو ہانک کر لے کر

گئے ان سب کے چہرے واضح ہیں۔ان کی ویڈیوز موجود ہیں۔ میانوالی اور جی۔ایچ۔کیو ہیڈ کوارٹر میں جو کچھ ہوا اس کی سب ویڈیوز موجود ہیں۔اب یہ کہتے ہے کہ اس واقعے کے بارے میں جوڈیشل کمیشن بنایا جائے۔ بھئی! کل کو یہ مطالبہ تو TTP بھی کرے گی کہ جوڈیشل کمیشن بنائیں جبکہ TTP نے پاکستان کا کوئی مذہبی اور عسکری مقام نہیں چھوڑا کہ جس پر وہ حملہ آور نہ ہوئے ہوں اور دہشت گردی نہ کی ہو۔کل کو بات ہو گی کہ ان کو main دھارے میں لائیں اور پھر کہا جائے گا کہ ان کے لئے بھی ایک جوڈیشل بنا دیں۔ حضور! کمیشن ہمیشہ سیاسی issues کے لئے بنتے ہیں دہشت گردوں کے لئے نہیں۔ جتھہ لے کر حملہ کرنے والوں کے لئے دنیا میں کوئی کمیشن نہیں بناتا۔ مجھے دنیا کی کوئی ایک مثال دے دیں کہ ہجوم جا کر کسی ملک کی فوج کی اینٹ سے اینٹ بجا دے اور پھر اس کو رعایت ملی ہو۔یہ انقلابی پارٹی ہے اور یہ انقلاب برپا کرنے گئے تھے۔اگر انقلاب برپا ہو جاتا تو آپ کی اور میری گردن سلامت نہیں رہنی تھی۔اب انقلاب ناکام ہو گیا ہے۔دنیا میں تو یہ رواج ہے کہ جب انقلاب یا بغاوت ناکام ہوتی ہے تو پھر ایسا کرنے والے کے سر سلامت نہیں رہتے۔یہ شکر کریں کہ پاکستان کے اندر جمہوریت ہے۔پاکستان کے اندر عدلیہ ہے اور اگر یہ دو چیزیں پاکستان کے اندر نہ ہوتیں تو ان کے سر سلامت نہیں رہتے تھے۔میں ان کا دشمن نہیں ہوں لیکن میں خُدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ ان کے سر سلامت نہیں رہنے تھے۔صرف پاکستان کی لولی لنگڑی جمہوریت اور پاکستان کی عدلیہ ان کے سر بچانے کے درمیان ڈھال بن کر کھڑی ہوئی ہے۔ان کو شاید اس کا احساس نہیں ہے۔

جناب سپیکر! پاکستان کے اندر PTI نے ایک سیاسی جمہوری جماعت کے طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہے یا ایک جتھہ باز اور جلاؤ گھراؤ کرنے والے دہشت گرد سیاسی جماعت کے طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہے۔اس کے درمیان میں نہیں کھڑا،اس کے درمیان 9۔مئی کھڑا ہے۔9۔مئی بتاتا ہے کہ یہ پاکستان کی سیاست کے اندر کس طرح کا سیاسی کردار ادا کریں۔9۔مئی ایسا سانحہ ہے اور چونکہ وہاں سے 9۔مئی point out ہوا اس لئے میں نے چند گزارشات آپ کے سامنے رکھی ہیں۔اگر یہ ایسا موضوع ہے کہ اس نے 5 سال چلنا ہے تو اس حوالے سے 5 سال تک جو میرے خیالات ہیں وہ غلط بھی ہو سکتے ہیں لیکن ایک پاکستانی کے طور پر اور ایک democrat کے طور پر مجھے پتا ہے کہ یہ کہتے ہیں کہ یہ سسٹم کس طرح کا ہے کہ یہ بجٹ پیش انہوں نے کیا ہے لیکن بنا کے کسی اور نے دیا ہے۔کچھ خیال کرنا چاہئے،اب میں وہ سخت لفظ استعمال کروں گا۔مجھے آپ یا ان میں سے کوئی بھی

اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر صرف اتنا کہہ دیں کہ hybrid regime کا لفظ پاکستان کی سیاست میں کس دور میں شروع ہوا؟ میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مجھے تو اس سے پہلے نہیں پتا تھا کہ یہ hybrid regime کیا ہوتی ہے۔ یہ عمران خان کا vision تھا، hybrid regime and same page یہ وہی same page تھا جس نے پاکستان کے اندر ہم civilians کی space کو تھوڑا کیا۔ ہاں، یہ درست ہے کہ وہ عمل جو آپ نے شروع کیا ہم کمزور لوگ ہیں جو سیاسی لوگ ہوتے ہیں۔ آپ نے hybrid regime and same page کے نام پر جو space کسی دوسرے کو دے دی آپ کے دور میں تو آپ بجٹ کہتے ہیں۔ آپ نے تو پورا جمہوری نظام out source کر دیا تھا۔ ذرا پتا کریں آپ کی قومی اسمبلی کو چار سال کون چلاتا رہا ہے؟ پوری قومی اسمبلی out source کی ہوئی تھی۔ 18-2017 میں میاں محمد نواز شریف کا کیا قصور کیا تھا؟ وہ اپنی space کی لڑائی لڑ رہا تھا انہوں نے اُس کو چور ڈاکو کہہ کر civilians کی space کی لڑائی کو تباہ و برباد کیا۔

جناب سپیکر! میں اس موضوع کو چھوڑتا ہوں۔ ان کا ایک پسندیدہ موضوع ہوتا ہے جو فروری 2024 کے الیکشن میں دھاندلی کے حوالے سے یہاں پر کہا جاتا ہے۔ ان کا ایک مسئلہ ہے میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں ان کا مطالعہ پاکستان، ان کی تاریخ پاکستان 2022 سے شروع ہوتی ہے ان کے لئے اس سے پہلے آئین شکنی کس نے کی، اُس کو کون کون support کرتا رہا سب اُس میں شامل ہیں لیکن ان کا جب تاریخ پاکستان کا امتحان آتا ہے وہ 1947 سے نہیں آتا، وہ پاکستان 2022 سے شروع ہوتا ہے۔ پاکستان کے اندر دھاندلی کی تاریخ فروری 2024 سے شروع نہیں ہوتی یہ پاکستان کی تاریخ کا ایک لمبا سفر ہے۔ کون سا الیکشن ہے جس پر دھاندلی کے الزام نہیں لگے؟ چلیں، ہم 1977 میں نہیں جاتے جب دھاندلی کے الزام پر ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کو ختم کیا گیا۔ کم از کم 2018 تک تو دو قدم پیچھے کر لیں وہاں تک تو آجائیں۔ پھر یہ بھی کہتے ہیں کہ ہمیں حیرت ہوتی ہے کہ اسلام آباد میں MNAs نے اللہ کے ناموں کے نیچے کھڑے ہو کر حلف کیسے اُٹھایا؟ ہو سکتا ہے کہ ان کی بات ٹھیک ہو لیکن کچھ باتیں میں بھی بتانا چاہتا ہوں۔ 2018 کے الیکشن میں RTS بٹھایا گیا۔ لاہور شہر میں عمران خان نے خواجہ سعد رفیق کے مقابلے میں الیکشن لڑا، خواجہ صاحب جیت رہے تھے لیکن خواجہ صاحب کو 600 ووٹوں سے ہرا کر عمران خان کو جتایا گیا۔ یہاں پر لاہور کے MPAs جو موجود ہیں اُنہیں تو اس تاریخ کا پتا ہے۔ اب میں آخری مثال دوں گا کہ قاسم سُوری کے خلاف لشکری رئیسانی

نے الیکشن لڑا، ان کی اصطلاحات کے مطابق فارم 47 کے نتیجے میں قاسم سُوری کا اعلان ہو گیا۔ یہ کیس tribunal میں چلا گیا یہ ذرا اُس کا فیصلہ پڑھ لیں۔ انہوں نے کہا کہ 65 ہزار invalid ووٹ ہیں پتا ہی نہیں کہ وہ کن کے ہیں۔ تھوڑا اور forensic ہوا تو پتا چلا کہ 52 ہزار ووٹوں پر جو انگوٹھے تھے وہ ہاتھوں کے نہیں بلکہ پاؤں کے لگائے ہوئے تھے تو میں یہ پوچھوں گا کہ قاسم سُوری نے اُسی ہال میں حلف اُٹھایا تھا جہاں پر اللہ کے نام لکھے ہوئے ہیں یا میں بُری بات کروں کہ کسی اور جگہ جا کر حلف اُٹھایا تھا۔ انہوں نے دو حلف اُٹھائے تھے ایک حلف دھاندلی شُدہ الیکشن کے بعد MNA کا اُٹھایا اور دوسرا حلف انہوں نے ڈپٹی سپیکر کا اُٹھایا۔ (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: جناب سمیع اللہ خان اپنی بات کر رہے ہیں میں اُس کے بعد حافظ فرحت عباس کو موقع دوں گا وہ اپنی پوری بات کر لیں گے۔ (قطع کلامیاں)

ایک سیکنڈ ٹھہریں۔ خدا نخواستہ میرا کسی کے ساتھ کوئی inimical مسئلہ نہیں ہے میں سب کو وقت دینا چاہتا ہوں لیکن میں ساتھ ساتھ یہ بھی چاہ رہا ہوں کہ یہ وقت جو ابھی میری اور آپ کی اس بات چیت میں ضائع ہو رہا ہے It takes a minute or two minutes and takes further more minutes. اگر آپ نہ بھی بولیں تو میں مظاہرہ کراؤں گا۔ جناب سمیع اللہ خان!

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! آپ نے سیاسی مسائل کو اگر پنچائتی انداز سے حل کرنا ہے تو یہاں سے کوئی کھڑا ہو کر کہے کہ سمیع صاحب میں یہ سورۃ یٰسین لے کر آیا ہوں آپ اس پر ہاتھ رکھ کر کہہ دیں کہ آپ صحیح جیتے ہیں ہم اس کو پنچائتی انداز کہتے ہیں اور یہ ہمارے قوانین، آئین اور عدالتیں، یہ ان سب سے ماورا ایک طریق کار ہے اور یہ ہمارے معاشرے میں ہے میں اس پنچائتی انداز کو بھی welcome کرتا ہوں۔ آئیں سیاسی مسائل کو پنچائتی انداز سے حل کرتے ہیں تو پھر میرے بھی کچھ سوال ہیں اگر آپ نے مجھ سے پنچائتی فیصلہ لینا ہے تو پھر توشہ خانہ کی گھڑی کا عمران خان سے حلف کیوں نہ لیا جائے مجھے یہ ذرا بتا دیں؟ [* * * * * * * * * * * *] اس کا حلف پر فیصلہ کر لیتے ہیں۔ حافظ فرحت عباس صاحب سورۃ یٰسین لے کر جیل میں چلے جائیں اور عمران خان کا ہاتھ رکھوا کر یہ حلف لے کر آجائیں۔ سیاسی issues کو پھر عدالتوں میں کیوں لے کر جانا ہے۔ (قطع کلامیاں)

---

* بحکم جناب سپیکر الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

جناب سپیکر: حافظ صاحب!ایک سیکنڈ ٹھہریں۔میری بات سُنیں۔ایک سیکنڈ ٹھہر جائیں۔(قطع کلامیاں)

جناب سمیع اللہ خان! ایک سیکنڈ آپ بھی تشریف رکھیں .I need a minute حافظ صاحب! آپ بھی تشریف رکھیں۔ چلیں طے کر لیتے ہیں۔(قطع کلامیاں)

حافظ فرحت عباس! آپ ایک سیکنڈ ٹھہریں۔ آپ تشریف رکھیں۔ ایسا کر لیں کہ آپ طے کر لیں کہ مجھے حزبِ اختلاف کی کسی رُکن کی یہ request نہیں آئے گی کہ مجھے extended time دیں.I have to create the balance مجھے پتا ہے میں اس اسمبلی کو چار مہینے سے چلا رہا ہوں۔ جن اراکین کی تقریر میں substance ہونا ہے to the best judgment of this Chair میں نے پوری ایمانداری کے ساتھ ان کو وقت دے دیا ہے۔دوسری بات یہ ہے کہ آپ طے کر لیں کہ گھروں تک بات نہیں جانی۔ آپ یہاں پر جو سیاسی نعرہ بازی کرتے ہیں۔۔۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! آپ یہ الفاظ حذف کر دیں۔

جناب سپیکر: حافظ صاحب! میں کرتا ہوں۔ آپ میری بات سن لیں۔ یہ تو ایک تقریر ہے لیکن نعرہ بلا سوچے سمجھے لگتا ہے یا سوچ سمجھ کر لگایا جاتا ہے یا جذبات کے تابع لگایا جاتا ہے یا تضحیک کے لئے لگایا جاتا ہے۔ نعرہ کی اس کے علاوہ کوئی قسم نہیں ہے۔ اب سیاسی کارکن جب نعرہ لگاتا ہے تو وہ نعرے لگا لگا کر چھت اکھاڑ دیتا ہے۔ یہ تو صرف تقریر ہے۔ اگر کسی کے باپ کے نام کے ساتھ چور لگا کر نعرہ برداشت ہو سکتا ہے، وہ آپ کا نعرہ سنتے ہیں۔ میری آپ سے درخواست ہے کہ میرے دیکھنے اور میرے مشاہدے میں یہ پہلی تقریر ہے جو آپ کو offensive آ رہی ہے۔ آپ ذرا سنیں تو سہی۔

(اس مرحلے پر معزز رکن حزب اختلاف جناب محمد اسماعیل نے اپنی نشست پر بیٹھے ہوئے بات کی)

اسماعیل صاحب! I am addressing the House and as long as the Speaker addressing the House no member can interrupt.You are in a habit of doing this. آپ میرے بزرگ ہیں اور میرے بڑے بھائی ہیں۔ میں آپ کا بہت احترام کرتا ہوں۔ آپ ایسا نہ کیا کریں اور آپ مجھے مجبور نہ کریں کہ میں آپ کو بتاؤں کہ چیئر سے

ہوتی بات میں interrupt کرنے کے معنی کیا ہوتے ہیں۔ Please don't do it. جی، سمیع صاحب! آپ continue کریں اور wind up بھی کریں۔

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! میں wind up کر رہا ہوں۔ اگر میرے کسی دوست کو اعتراض ہے تو میں خود کہوں گا کہ میرے الفاظ کو حذف کیا جائے لیکن 190 ملین پاؤنڈ کا بھی پنچائت میں فیصلہ کر لیتے ہیں۔ وہ حلف اٹھالیں تو یہ تو ذاتی بات نہیں ہے کہ پاکستانی ریاست کا 60۔ارب روپیہ عمران خان نے کابینہ سے خفیہ رکھ کر پاکستان کے ایک شخص کے اکاؤنٹ میں نہیں ڈالا۔ یہ اس پر حلف لے کر آجائیں اور اس طرح کے جتنے سیاسی سوال ہیں۔ انہوں نے میری بات کو غلط سمجھا ہے۔ اس طرح کے جتنے سیاسی سوال اس طرف سے اُس طرف بنتے ہیں ہو سکتا ہے اُس طرف سے بھی اس طرف بنتے ہوں۔ آپ ایک پنچائت کا بندوبست کریں اور پاکستان کے سارے لیڈروں، قانون اور عدالتوں کو ای طرف رہنے دیں۔ اس پر اگر فیصلہ ہو جائے تو میں نے یہ نہیں کہا کہ مجھے اعتراض ہے لیکن آپ سیاست کے امریش پوری نہیں ہیں کہ جہاں آپ کھڑے ہوں گے لائن وہاں سے شروع ہو گی۔ آپ بالکل سیاست کے امریش پوری نہیں ہیں۔ اگر وہاں کوئی ایک اصول میرے اوپر لاگو کریں گے تو کچھ اصول آپ پر بھی لگیں گے۔ پاکستان کی تاریخ میں دھاندلی صرف 2024 میں نہیں ہوئی پاکستان کے ہر الیکشن پر سوال اٹھتے رہے ہیں۔ میں تو ایک سیاسی کارکن کے طور پر یقین مانیں میں کہتا ہوں کہ ان کو راستہ ملنا چاہئے۔ ان کو اگر الیکشن میں دھاندلی پر اعتراض ہے۔ ویسے تو میں ازراہ مذاق کہتا ہوں کہ یہ کہتے ہیں یہ فارم 47والے ہیں حالانکہ میں قسم اٹھاکے کہتا ہوں یہ بھی سارے فارم 47 والے ہیں۔ ان کے پاس ہے کیونکہ فارم 47 کے بغیر رزلٹ بنتا ہی نہیں ہے۔ یہ اپنے اپ کو اگر کہتے ہیں کہ ہم فارم 47 کے بغیر ایم پی اے بن گئے ہیں تو مجھے حیرت ہے۔ میں ازراہ مذاق یہ بات کر رہا ہوں لیکن چلیں یہ فارم 47 کہہ کر درحقیقت کہہ رہے ہوتے ہیں کہ یہ دھاندلی سے آئے ہیں۔ میں تو اس طرح اس بات کرتا ہوں کہ فارم 49فارم 48 سارے ان کے پاس بھی ہیں جس نے اس ہاؤس میں آکر حلف لیا۔ اس کے پاس سارے فارم ہیں۔ چلیں میں تو ان کو یہ grace دیتا ہوں کہ بھئی یہ دھاندلی کہنا چاہتے ہیں کہ یہ یہ بندہ دھاندلی سے آیا ہے۔

جناب سپیکر! 2018کا RTSبٹھا کے جس طرح نتائج بنائے گئے ہم نے اس پر شور کیا۔ ان میں سے معلوم نہیں کچھ دوست تھے یا نہیں تھے۔ آپ وہاں بیٹھ کر فارم 47 کہتے ہیں۔ ہم وہاں بیٹھ کے RTS کے نعرے لگاتے تھے کہ دھاندلی ہوئی ہے۔ جمہوریت کے اندر گنجائش ہوتی ہے۔ عمران خان نے قومی اسمبلی میں شاہ محمود قریشی کی ڈیوٹی لگائی کہ جناب یہ RTS کا جو دھاندلی کا ایشو ہے اس کو دیکھنا چاہئے۔ اس پر ایک پارلیمانی کمیشن قومی اسمبلی کے اندر بن گیا۔ جس نے 2018 کے الیکشن میں دھاندلی کے ایشوز کو دیکھنا تھا۔ اس کمیشن کی تشکیل ہوگئی اس کانوٹیفکیشن ہوگیا لیکن اس کے بعد اس کی ایک میٹنگ بھی نہیں ہو سکی۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ اگر میرے اوپر اعتراض ہے، قومی اسمبلی میں کسی پر اعتراض ہے اور کسی اور صوبے کی اسمبلی پر اعتراض ہے۔ ہمیں خیبر پختونخوا میں اعتراض ہو سکتا ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن روز یہ بات کرتے ہیں کہ خیبر پختونخوا میں آپ کی حکومت ہے اور آپ وہاں دھاندلی سے جیتے ہیں۔ آپ آئیں جمہوریت میں راستہ دیتے بھی ہیں اور لیتے بھی ہیں۔ آپ آئیں بیٹھیں اس دھاندلی کے ایشو کو بھی حل کریں۔

جناب سپیکر! وقت کم ہے۔ میرے دو پوائنٹ اور تھے لیکن وہ میں چھوڑ رہا ہوں۔ میرے پاس کرپشن پر بڑی تفصیل ہے۔

جناب سپیکر: سمیع صاحب! آپ یہ حشر پھر کسی دن کے لئے اٹھا رکھیں۔ اب ذرا جواب دعوٰی بھی تو لیں۔ جی، حافظ فرحت عباس!

(اس مرحلے پر معزز اراکین حزب اختلاف نے کہا کہ سمیع صاحب کو مزید وقت دے دیں۔)

یہ میرا فیصلہ ہے۔ آپ مجھے dictate نہیں کر سکتے۔ مجھے تو آپ سارے آگے لگا رہے ہیں۔ جی، حافظ عباس!

حافظ فرحت عباس: الھم رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي۔ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي۔ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي۔ يَفْقَهُوا قَوْلِي۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔

جناب سپیکر: آپ نے صرف ایک جملہ نہیں کہنا جو میں کہہ رہا ہوں وہ آپ کو معلوم ہے۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! پھر آپ وہ الفاظ حذف کر دیں۔ آپ کہہ دیں کہ میں نے وہ الفاظ حذف کر دیئے ہیں۔ میں نہیں بولوں گا۔

جناب سپیکر: جی، expunge کر دیئے ہیں۔ میں نے already کہہ دیا ہے۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! ایک شعر ہے کہ:

وفا کرو گے تو وفا کریں گے
جفا کرو گے تو جفا کریں گے
ہم آدمی ہیں تم جیسے
جیسا تم کرو گے ویسا ہم کریں گے

جناب سپیکر! انہوں نے پنچائت کی بات کی ہے۔ جناب منشاء اللہ بٹ ہمارے بزرگ سمیع اللہ کو تھاپیاں دے رہے ہیں۔ میں ایمانداری سے کہتا ہوں کہ ان کی سیٹ پر بھی مہر کاشف جیتا تھا۔ میں اللہ تعالیٰ کو حاضر ناظر جان کر اور حلف اٹھا کر کہتا ہوں کہ سمیع اللہ صاحب کی سیٹ پر انجینئر یاسر گیلانی جیتا تھا۔ وہ یہاں موجود نہیں ہیں میں ان کی جگہ حلف دیتا ہوں۔ ہم فارم 47 کی بات کر رہے ہیں اور ہاں ہم بات کرتے ہیں مگر ہم فارم 47 کی یہ بات کرتے ہیں کہ فارم 45 یا ووٹوں کو گنے بغیر فارم 47 پکڑا کر لوگوں کو ادھر اسمبلی میں بھیج دیا گیا ہے۔ یہاں جس کا نام لیں گے تو میں ایک ایک سیٹ کا بتا سکتا ہوں۔ ہماری کون سی خاتون جو ہماری ٹکٹ پر جیت کر اُدھر بیٹھی ہیں میں ان کا بھی بتا سکتا ہوں۔ مجھے ایک ایک چیز کا پتا ہے۔

جناب سپیکر! انہوں نے خان صاحب کے حلقہ کی بات کی تو وہ میرا ہی حلقہ تھا۔ یہ اچھا کیا کہ انہوں نے وہاں سے بات کی ہے۔ (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: کاشف صاحب! یہ آپ کا کام نہیں ہے۔ No cross talk let him speak آپ logic سے بتائیں اور سمیع صاحب کی بات کا جواب دیں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! انہوں نے 2018 کی بات کی کہ عمران خان کے مقابلے پر خواجہ سعد رفیق صاحب الیکشن لڑے اور بقول ان کے کہ وہ الیکشن جیت گئے اور RTS بٹھایا گیا۔ میں ان کو 2013 میں لے جاتا ہوں۔ میں اس وقت پنجاب یونیورسٹی کا طالب علم تھا۔ میں عمران خان کا سپاہی تھا۔ مجھے خان صاحب نے وہیں سے ایم پی اے کی ٹکٹ میاں نصیر کے مقابلے میں دی تھی اور خواجہ سعد رفیق وہاں سے ایم این اے کا الیکشن لڑ رہے تھے۔ اس الیکشن کے بعد رات کو

جب نواز شریف نے تقریر کی اس وقت 25 پولنگ سٹیشن رہ گئے تھے۔ آپ جا کر چیک کر لیں کسی پر 250 اور کسی پر 300 فیصد vote casting کروا کر جتوایا گیا۔ خان صاحب نے چار حلقوں کی بات کی تھی۔ ان چاروں حلقوں کا جب تیا پانچا کیا گیا تو الیکشن ٹربیونل سے ان چند حلقوں سے ثابت ہوا کہ خواجہ سعد رفیق نہیں جیتے تھے بلکہ ہارے تھے۔ ان کے خلاف الیکشن ٹربیونل نے فیصلہ دیا۔ میاں نصیر کے خلاف الیکشن ٹربیونل نے فیصلہ دیا۔ میں نے ساڑھے تین سال کیس لڑا تھا، اس کے بعد جب کیس جیت گئے تو پھر انہوں نے سپریم کورٹ کے stay پر باقی ڈیڑھ سال گزارا اور اس طرح پانچ سال پورے کئے تھے۔

جناب سپیکر! اگر تاریخ کی بات کرنی ہے تو پھر 1985, 1988 یا جہاں سے شروع کرنا ہے کر لیں۔ یہ توفیض حمید پر الزام لگا رہے ہیں۔ آپ کی حکومت ہے۔ آج کل بڑے اچھے مراسم ہیں۔ آپ اس کا احتساب کریں۔ اگر اس نے غلطی کی تھی تو احتساب کریں۔ مگر اس کا بھی تو بتائیں یہ تو ابھی الزام ہے۔ سپریم کورٹ میں IJI کیس میں، مہران بنک سکینڈل میں اس وقت کے ISI کے چیف نے کہہ دیا کہ ہم سے پیسے لے کر IJI نے الیکشن لڑا تھا۔ وہ تو ریکارڈ کا حصہ ہے۔ یہ گھر میں بیٹھے گھڑی ہوئی باتیں نہیں ہیں۔ میں زیادہ لمبی تقریر نہیں کروں گا اور دو دو جملوں میں ان کے سارے جواب دے دوں گا۔ توشہ خانہ توشہ خانہ کہتے ہیں اور گھڑی اتار کر دکھا دیتے ہیں۔ بھئی! اس نے گھڑی کے پیسے دے کر پھر لی ہے۔ اس نے چوری نہیں کی۔

جناب سپیکر! اس نے BMW چوری نہیں کی جو توشہ خانہ میں غیر قانونی ہے کوئی بندہ گاڑی نہیں لے سکتا توشہ خانہ کے اصول کے مطابق BMW کس کے گھر سے برآمد ہوئی ہے بتا دیں مجھے کس کے گھر سے برآمد ہوئی ہے؟ نہیں نہیں رک جائیں گی جتھوں کی بات کی گئی بالکل جتھے نہیں ہونے چاہئیں مجھے بتا دیں جسٹس سجاد علی شاہ جو پاکستان کے سب سے بڑی عدالت ہے سپریم کورٹ ادھر کس نے جتھے بھجوائے تھے کس مسلم لیگ ہاؤس سے وہ جتھے بن کے گئے تھے اور کس کی سربراہی میں گئے تھے اور کس نے فنڈنگ کی تھی اور کون کون اس میں involve تھا۔ جتھوں کی اس ملک میں ابتدا بھی انہوں نے کی ہے۔ ٹھیک ہے سمیع صاحب اس وقت پاکستان پیپلز پارٹی میں تھے۔

جناب سپیکر: تصویر لگا لیں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! کوئی مسئلہ نہیں ہے تصویر ہمارے دل میں ہے۔ پورے پاکستان قوم کے دل میں عمران خان کی تصویر ہے جہاں نہ بھی لگے تو کیا ہے۔ اس وقت کن جتھوں نے سجاد علی شاہ کی کورٹ میں حملہ کیا تھا۔ آپ بھی سر فرسٹ کلاس کمپنی چلاتے ہیں آپ بھی وکالت کے شعبے سے ہیں آپ کو پتا ہو گا ہم سے زیادہ بہتر پتا ہو گا یہ کون سے لوگ تھے۔ وہ شخص مرحوم ہو گیا ہے اس لئے میں ان کا نام نہیں لے رہا مگر آپ کو بھی پتا ہے اور یہ پاکستان کی تاریخ ہے۔ سپریم کورٹ کے ججوں کو خریدنے کے لئے کوئٹہ بریف کیس کے بریف کیس دے کر کس کو بھیجا گیا تھا اور اس کے بعد جب وہ مہم جوئی کامیاب ہو گئی تو اس کی کامیابی کے عوض صدر پاکستان بنا دیا گیا۔ یہاں تو ریوڑیوں کی طرح عہدے بانٹے گئے ہیں۔ آج ہمیں باتیں کرتے ہیں۔ ابھی یہاں باتیں ہو رہی تھیں 9۔ مئی کی میں cantonment کا رہنے والا ہوں میں وہاں سے الیکشن جیت کر آیا ہوں اللہ کے فضل سے cantonment میں چار MPAs کے حلقے لگتے تھے چاروں پاکستان تحریک انصاف نے لاہور سے جیتے ہیں جا کر ریکارڈ چیک کر لیں۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں نے 43 ہزار ووٹ 2013 میں بھی لیا تھا اگر ہم لوگوں نے اندر جا کر کچھ کیا ہوتا تو ہمیں ایف آئی آر میں نامزد کرتے ابھی ڈھائی ہزار بندہ کہہ رہے تھے۔ چار، پانچ، چھ مہینے بعد پانچ ہزار سے زیادہ لوگوں کو تتمہ بیانوں میں ڈال دیا ہے۔ آپ ہمیں کہہ رہے ہیں ڈھائی ہزار جتھا چلا گیا تھا۔ گزارش یہ ہے کہ یہ کہہ رہے ہیں footage موجود ہے بھائی اگر footage موجود ہے تو آپ لوگ عدالت میں کیوں نہیں پیش کر رہے CCTV footage کس نے چوری کی ہوئی ہے تاکہ دودھ کا دودھ پانی کا پانی نہ ہو جائے۔ آپ نکالیں CCTV footage ہم نے اگر غلط کیا ہو ہمیں چوک میں پھانسی لگا دیں۔ ہر کام 9۔ مئی، 9۔ مئی کیونکہ خود کچھ کر نہیں سکتے 9۔ مئی 9۔ مئی کہہ کر کسی کی بیساکھیوں پر رہنا چاہتے ہیں۔ مگر جو حالات و واقعات ہیں رہ نہیں سکیں گے۔ آپ کو CM ہاؤس کی صورتحال بتا دیتے ہیں نام میں نہیں لیتا چلیں۔ میں یہ کہتا ہوں مہارانی اور دو کنیزوں کے ساتھ اس وقت حکومت چلائی جا رہی ہے۔ ایک بندہ پنڈی ڈویژن کا ایم پی اے CM ہاؤس گیا تو ایک کنیز جھاڑ پونچ کر رہی تھی وہ بھی اس ہاؤس کی ممبر ہے اس ایم پی اے نے کہا یہ کیا کر رہی ہیں انہوں نے کہا ڈر ہے پتا نہیں یہاں کوئی کیمرے نہ لگا دے۔ اپنے جو کرم اور کرتوت کئے ہوتے ہیں اپنے گھر میں ہی اس کا ڈر لگا ہوتا ہے۔ آپ باتیں اس طرح کی کریں گے۔

چودھری افتخار حسین چھچھر: جناب سپیکر! اس کو expunge کریں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! میں نے کسی کا نام لیا ہی نہیں ہے expunge کہاں سے کرنا ہے۔

جناب سپیکر: میری معزز اراکین سے درخواست ہے کہ مجھے یہ کردار ادا کرنے دیں۔ مجھے proceedings چلانے دیں you' re just wasting time nothing else

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! ہم تو زیادہ لمبی باتیں کیا کریں گے وہ کہتے ہیں گھر کے بھیدی لنکا ڈھارہے ہیں۔ زبیر عمر سابقہ گورنر سندھ میرے ترجمان تھے اور نہ ہی یہاں پر کسی بیٹھے ہوئے ممبر کے ترجمان تھے نہ کسی کے معتمد خاص تھے۔ وہ جن کے ترجمان تھے وہ مریم صاحبہ اور نواز شریف صاحب کے ترجمان تھے وہی بیان دے رہے ہیں کہ کس طرح رات کو چوری چھپے آپ پر میں نے بات نہیں کرنی سر آپ پھر میرا mic بند کر دیں گے میں آپ والی بات نہیں کروں گا نہ میں یہاں ڈگی کی بات کروں گا۔ مگر زبیر عمر کی بات ضرور کروں گا۔

جناب سپیکر: آپ بات کرلیں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! میں نہیں کروں گا میں نے کہہ دیا میں نہیں کروں گا۔

جناب سپیکر: آپ میری بات تو سن لیں ایک سیکنڈ ٹھہریں تو سہی یہ بات ضرور سن لیں۔ آپ بڑی اچھی تقریر کر رہے تھے آپ اسی track پر رہیں detrack نہ ہوں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! زبیر عمر نے کیا کہا؟ آج یہاں پاکستان پیپلز پارٹی کا کوئی دوست مجھے نظر نہیں آرہا نیلم جبار صاحبہ موجود تھیں وہ بھی چلی گئی ہیں یا اگر وہ رانا صاحب موجود ہوتے تو ان سے پوچھ لیں میری بجٹ پر ان سے بات نہیں ہوئی انہوں نے کہا ہے ہم سپورٹ نہیں کر رہے یہ کس طرح بن گیا یہ ہو گیا وہ ہو گیا ہے۔ وہ ندیم افضل چن کا بیان آپ کی بھی نظروں سے گزرا ہو گا کہ ہمیں کہتے ہیں 10 سیٹیں ہیں آپی 17 جیت نیں ساڈا منہ نہ کھلوان ہمیں برابر کا حصہ دیں۔ دیکھیں وہ کہتے ہیں گھر کے بھیدی لنکا ڈھارہے ہیں۔ اس وقت آپس میں ہی کیک کا پیس کھانے پر لڑ رہے ہیں۔ یہ لوگ صرف حکومت کرنے آتے ہیں اپنے کرپشن کے cases معاف کرانے اور اگلی کرپشن کرنے اور باہر منی لانڈرنگ کرنے آتے ہیں۔

جناب سپیکر: آپ اپنی بات کو Wind up کریںplease۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! آپ سمیع صاحب کا ٹائم نکال لیں اور میرا ٹائم بھی نکال لیں ابھی تو آدھا بھی نہیں ہوا۔

جناب سپیکر: آپ نے پہلے بھی تو10 منٹ بات کی ہیں۔ اب دوسری بار آپ کو ٹائم دیا ہے۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! پہلی دفعہ سات منٹ دیئے تھے۔

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! wind up کروائیں دو دفعہ موقع دے دیا ہے۔ مجھے بھی بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: سمیع صاحب میں آپ کو بھی موقع دیتا ہوں آپ بیٹھ جائیں وقت تو ضائع نہ کریں میں نے کہا ہے wind up کر دیں۔ اچھا حافظ صاحب چلیں اب wind up کریں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! میں wind up کرتا ہوں۔ سمیع صاحب حوصلہ رکھیں مجھے پتا ہے گھر میں بات کرنے کا موقع نہیں ملتا تو یہاں ہی آپ نے کرنی ہے۔

جناب سمیع اللہ خان: حافظ صاحب میں تمہارے گھر بھی جاؤں گا۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! اسی وی [* *] دس دیواں گے بیٹھ جاؤ برداشت کرو۔

جناب سمیع اللہ خان: میں [* *]۔ (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: ایک نمبر اور دو نمبر کا جھگڑا اس ہاؤس میں آپ please نہ کریں کیونکہ میرے ساتھ آپ جو بات کر رہے ہیں مجھے وہ سمجھنے تو دیں۔ سمیع صاحب! I just to want to understand first باقی proceeding بعد میں چلے گی۔ کیا بات ہوئی جو میں نہیں سن سکا اور جو objectionable تھی۔ مجھے دو باتیں پہلے objectionable لگیں جو میں نے expunge کر دیں۔ آپ ایک سیاسی کارکن ہیں اگر کسی نے ذاتیات پر یا آپ کی فیملی پر کوئی نازیبا بات کی ہے تو I will ask the Member apologies میری تمام معزز اراکین سے یہ درخواست ہے کہ ہم گھر اور گرہستی والے

* بحکم جناب سپیکر الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

لوگ ہیں۔ آپ Please اگر کسی کی فیملی کے متعلق بات کرتے ہیں تو اس میں احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔ اگر کوئی ایسی بات ہوئی ہے جو میں نہ gage کر سکا کہ کیا ہوئی ہے تو سمیع صاحب! آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ کیا بات ہوئی ہے؟ No cross talks please, You don' t have to name anyone آپ "گول" بات کریں اور آپ کو repeat کرنے کی ضرورت نہیں۔

جناب سمیع اللہ خان: جی، ٹھیک ہے۔ جناب سپیکر! میرا موٴقف صرف یہ ہے کہ فون پر سوشل میڈیا ہے ناں اس پر آپ جو مرضی کہیں۔

جناب سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔

جناب سمیع اللہ خان: ٹھیک ہے ناں۔ یہاں نہ مسلم لیگ (ن) کا جلسہ ہے نہ پی ٹی آئی کا جلسہ ہے کہ آپ جو بھی کہہ دیں گے اس پر کوئی رد عمل نہیں آئے گا۔ اگر میں یہاں پر پی ٹی آئی کے بارے میں کچھ کہوں گا تو مجھے پتا ہے کہ وہ دوست بیٹھیں گے اور ہو سکتا ہے کہ اس سے دوگنا جواب دیں۔

جناب سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! اسی طرح یہاں بیٹھ کر یہ پی ٹی آئی کی کوئی میٹنگ نہیں ہو رہی، اپنے جلسے میں جب وہ ہمیں گالیاں دیتے ہیں تو آگے سے تالیاں بجتی ہیں تو یہاں تالیاں نہیں بجنی بلکہ یہاں پر اگر آپ گالی دیں گے، سوشل میڈیا پر جو کہا جاتا ہے وہ یہاں دہرائیں گے تو یہاں سے رد عمل آئے گا اور اُدھر سے بھی آئے گا۔ انہوں نے جو سوشل میڈیا پر جی دو کنیزیں جھاڑ پونچھ کر رہی تھیں، یہ سوشل میڈیا پر یا اپنی meetings میں کریں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، سچی بات ہے۔ میری اسمبلی میں کی گئی ساری تقاریر اٹھا کر دیکھ لیں کہ کسی دور میں بھی سپیکر صاحب کو expunge کرنے کی ضرورت نہیں پڑی۔ میں نے آج کی تقریر میں ایک لفظ بولا اور میں نے خود آپ سے request کی کہ میرے وہ لفظ کارروائی سے حذف کر دیئے جائیں۔ میں چیلنج سے کہتا ہوں، ان کو تو شاید چلیں، ہم سب کو تین ماہ ہوئے ہیں، جو پچھلے میرے پانچ سال، جو اس سے پہلے پانچ سال تو میں نے کبھی below the belt اشارے کنائے، مجھے اشارے کنائے میں کچھ نہیں کہنا آتا۔ سب کو آتا ہے ادھر سے بھی آتا ہے اور ادھر سے بھی آتا ہے۔ او جی، میں اوہدی دی گل کرناں کہ بچے چھڈ کے،

میں کہناں نئیں چاہندا لیکن میں کہہ دتا اے۔ یار یہ رنگ بازی یونیورسٹیوں میں چلتی ہے یہ پنجاب اسمبلی ہے۔ میں کہناں نئیں چاہندا میں کہہ دتا۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! صاف ظاہر ہے کہ جو بندہ خود اس طرح کے جملے بازی نہیں کرتا تو اس سے برداشت بھی نہیں ہوتی لیکن اس کے باوجود اگر میری بات سے حافظ صاحب کا دل دکھا ہے تو میں معذرت چاہتا ہوں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر: میری تمام معزز اراکین سے I am trying to teach this, otherwise once the Speaker is speaking you are bound by law, if you don't like it you can go outside but once the Speaker is speaking every member has to listen to it چاہے بات جتنی بھی ناپسند آ رہی ہو۔ فطری بات ہے آپ کچھ کہنا چاہ رہے ہیں اور میں آپ کو کہنے نہیں دے رہا تو آپ کو یہ بات ناپسند آنا ایک فطری عمل ہے لیکن کیا کریں کہ یہاں سامنے 350 کے قریب اراکین بیٹھے ہیں اور سب کا مقصد اپنا مدعا بیان کرنا ہے۔ کچھ حدود ہیں، کچھ قواعد کی پابندی ہے، کچھ ضوابط ہیں اور کچھ procedure ہے۔ میری آپ سے یہ درخواست ہے کہ یہ ایوان اس چیز کا متحمل کبھی بھی نہیں ہو سکتا کہ آپ اپنے جملوں میں اتنی کاٹ لائیں اور اس کے اندر اتنی سختی لے آئیں جس سے اتنی نفرت آجائے کہ جس کی بنیاد پر گالم گلوچ شروع ہو جائے تو وہ تمام ایسے الفاظ جو اس طرح کے کہے گئے چاہے سمیع صاحب کی طرف سے چاہے سبطین بخاری صاحب کی طرف سے چاہے حافظ فرحت صاحب کی طرف سے، حافظ صاحب! آپ بڑے مدلل طریقے سے اس سیاسی تاریخ کا جائزہ لے رہے تھے اور مجھے جو بتایا گیا تھا اس کے برعکس لگ رہی تھی۔ آپ نے بڑے اچھے پیرائے میں جو سمیع صاحب نے سیاسی باتیں آپ کے کھاتے میں ڈالی جا سکتی تھیں جو آپ ان کے کھاتے میں ڈال سکتے تھے، بڑے اچھے پیرائے میں آپ بات کر رہے تھے، اگر اس میں تضحیک کا پہلو آئے گا، کسی کی طرف سے بھی تو میری آپ سے درخواست ہو گی کہ please اس سے اجتناب کریں۔ I am expunging all the words سمیع صاحب نے magnanimity کی تو حافظ فرحت صاحب! آپ بھی کریں۔ جی، You are Members, colleagues please

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا تو میں آپ کو گزارش کر دیتا ہوں۔ میں نے بات کر لی تھی اور میں کھل کر بات کرتا ہوں ناں۔ انہوں نے [******] کی بات کی تو میں نے اس کا جواب دیا جس پر آپ نے کہہ دیا کہ آپ نے نہیں کرنی تو میں نے کہا کہ میں نہیں کروں گا تو آپ expunge کر دیں۔ میں کھڑا بات کر رہا تھا کہ انہوں نے کہا کہ [********]---

جناب سپیکر: I will not allow

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! سن لیں ناں میں بات کرتا ہوں۔ جب انہوں نے ہمارے لیڈر کی جو .Mrs ہیں وہ ہمارے لئے بھی ماں کی طرح ہیں۔ جب آپ اس طرح بات کریں گے، میں نہیں چاہتا کیونکہ میں نے کبھی گھر کی خواتین پر بات نہیں کی اور نہ میں کبھی کروں گا۔ جب یہ کریں گے تو جواباً مجھے بات کرنی پڑی۔

جناب سپیکر: اچھا ٹھیک ہے۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! اگلی بات بھی سن لیں۔ میں نے جب اس کا جواب دیا تو انہوں نے مجھے کہا [***************] آپ نے ساری کارروائی حذف کر دی تو میں بھی ان سے معذرت کرتا ہوں کیونکہ یہ مجھ سے بڑے ہیں۔

جناب سپیکر: Thank you very much. I would suggest کہ پورے ہاؤس کو clap کر کے ان کو congratulate کرنا چاہئے that they have expunge the words اور ایک میری advise, request اور میں ایک rule بنانے لگا ہوں کہ none of the members will utter any such word جس میں کسی کی فیملی dignity یہ آئین کے خلاف ہے اور اگر کوئی کسی کی dignity violate کرے گا تو یہ Article of dignity of man کی violation ہو گی I will stop that speaker to speak پھر آپ اس پر مجھ پر معترض نہیں ہو سکیں گے۔ جی، حافظ صاحب! جاری رکھیں۔

---

* بحکم جناب سپیکر الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! گزارش تھی کہ یہاں بڑے ہی عجیب و غریب قسم کے اور مضحکہ خیز الزام لگائے گئے کہ 190 ملین پاؤنڈ، وہ 190 ملین پاؤنڈ جو سپریم کورٹ کے اکاؤنٹ میں جمع ہیں اور اس کا case چل رہا ہے۔ یہاں اگر case کا فیصلہ ہونا ہے تو چلیں باری باری اپنی وکالت کر لیتے ہیں اور دلائل دے لیتے ہیں۔ عمران خان نے کوئی منی لانڈرنگ کر کے ایون فیلڈ یا پارک لین کے اپارٹمنٹس نہیں لئے بلکہ اس نے یہاں سپریم کورٹ کے اکاؤنٹ میں جمع کروائے، ٹھیک ہے۔ وہ کس دور میں منی لانڈرنگ ہوئی؟ اس پیسے کو واپس کب لایا گیا؟ وہ 190 ملین پاؤنڈ عمران خان کے دور میں اس ملک میں واپس آیا اور سپریم کورٹ کے خزانے میں پڑا ہے اور وہ کسی کے گھر میں نہیں پڑا۔

جناب سپیکر! اگلی بات کی گئی کہ جب حکومت سے اتارا تو کہا گیا کہ ملک کے چار ٹکڑے ہو جائیں یہ ہو جائے اور وہ ہو جائے۔ ٹھیک ہے گھر بیٹھ کر بندے نے سوچا ہو گا اور کہہ دیا ہو گا۔ ایسی بات کبھی زندگی میں نہ عمران خان نے کی ہے، پاکستان تو دور کی بات ہے عمران خان تو امت کا سوچتا ہے۔ آج میں خدا کی قسم اٹھا کر کہتا ہوں رب کعبہ کی قسم! اگر آج عمران خان باہر ہوتا تو فلسطین کا یہ حال نہ ہوتا۔ عمران خان امت مسلمہ کو اکٹھا کرنے کے لئے نکل گیا ہوتا اور اگر کوئی بندہ stand لے رہا ہوتا۔۔۔

(اس مرحلے معزز رکن حزب اقتدار ملک محمد وحید کی طرف سے ہاتھ جوڑ کر کہا گیا کہ جناب سپیکر! ڈوب مرنے کا مقام ہے، ایہہ اسمبلی اے، شرم کرنی چاہی دی اے، کشمیر کھوا کے فلسطین دی گل کر رئے، اسیں عزتاں دے رکھوالے آں اور میں لعنت بھیجدا اس ایسی گفتگو تے")

جناب سپیکر: Order in the House, ملک وحید صاحب! خاموشی اختیار کریں۔ (قطع کلامیاں)

ملک صاحب! اپنی نشست پر تشریف رکھیں۔ مجھے آپ کے جذبات کی قدر ہے تے غصہ آنا جائز گل اے please، دوبارہ اجتناب کرو ایک دوجے دیاں خواتین دا نام لین توں۔ میں ایہہ کہہ رہیاں۔ allow me to conducted جی، حافظ صاحب!

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! مجھے نہیں پتا تھا کہ فلسطین کے حق میں بات کرنی اتنی معیوب سمجھی جائے گی جن کے یہودیوں کے ساتھ کاروباری مراسم ہوں تو واقعی ان کو تکلیف پہنچتی ہو گی۔ میں سمجھ سکتا ہوں۔

جناب سپیکر: حافظ صاحب! Wind up کریں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! آج کہا کہ سانحہ ماڈل ٹاؤن کا beneficiary جو تھا، ماڈل ٹاؤن کا سانحہ جب ہوا، حکومت میں جو لوگ تھے، دانستہ طور پر کس نے کیا سارا آپریشن lead اور کیوں کیا، ساری دنیا کے سامنے ہے۔ اس کے بعد سے court سے stay order ہے، فیصلہ آئے گا تو چیزیں زمین پر لوگوں کے سامنے آجائیں گی۔ آج میں آپ سے ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ اس دن ایک معزز رکن کا استحقاق مجروح ہوا۔ کمشنر نے فون نہیں اٹھایا یا کمشنر نے انہیں threat کیا۔ Threat اس لئے کہا کیونکہ پچھلے کمشنر راولپنڈی نے بتا دیا تھا کہ سارے فارم 47 والے ہیں تو انہوں نے ان کو لفٹ نہیں کروائی مگر ہم تو اپنے پیروں پر چل کر آئے ہیں، اپنی قوت بازو پر، اللہ کی مدد سے اور عمران خان کے ووٹ پر آج یہاں بیٹھے ہیں۔ میں ریکارڈ پر لا دیتا ہوں کیونکہ اگلے دو چار دنوں میں شاید ہو جائے، میرے وکیل کو پچھلے ایک ہفتے سے threat کیا جا رہا ہے کہ اس کی وکالت چھوڑ دو نہیں تو 9۔ مئی کے مقدمے میں نامزد کر دیں گے۔ کر دیں، فرق نہیں پڑتا کیونکہ ہم سارے ہی بھگت کر آئے ہیں۔ یہاں جو بھی بیٹھا ہے وہ بھگت کر ہی آیا ہے کوئی ایک بھی پھولوں کی سیج سے نہیں آیا یہ آگ کا دریا عبور کر کے آئے ہیں۔ عزم و ہمت اور استقامت کے ساتھ آئے ہیں کسی کے بوٹ پالش کر کے نہیں آئے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر: حافظ صاحب! اب wind up کر دیں۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! میں ایک شعر سنا کر بات ختم کرنے لگا ہوں۔ جس طرح عمران خان کے اندر ہمت اور استقامت ہے، میاں محمود الرشید کا 70 سال کی عمر میں اپنڈکس کا آپریشن ہوا ان کو تیسرے دن ہی لے گئے۔ اُن کو بخار تھا پھر بھی۔۔۔

جناب محمد سبطین رضا: وہ ڈرامہ تھا۔۔۔ (شور و غل)

جناب سپیکر: دیکھیں، آپ بہت باعزت لوگ ہیں۔ آپ سننے کا حوصلہ رکھیں، آپ جمہوری لوگ ہیں۔

جناب محمد سبطین رضا: جناب سپیکر! تھک گئے ہیں۔۔۔

جناب سپیکر: میں آپ سے زیادہ تھکا ہوا ہوں please don't interrupt

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! میاں محمود الرشید کا 70 سال کی عمر میں اپنڈکس کا آپریشن ہوا اور ڈاکٹر کہہ رہے ہیں کہ ان کو پیر تک یہاں رکھا جائے لیکن اُن کو بدھ کو زبردستی اٹھا کر ہسپتال سے لے گئے۔ اعجاز چودھری کو stent ڈلے ہوئے ہیں اُنہیں ہسپتال چیک نہیں کروایا جا رہا۔ یاسمین راشد 70 سالہ کینسر کی مریضہ ہیں۔ عالیہ حمزہ اور صنم جاوید ایک سال سے پولیس کے پاس ہے اور اس کے باوجود ان کا موبائل ڈھونڈنے آ گئے جو پہلے دن ہی انہوں نے اپنی custody میں رکھ لیا ہوا تھا۔ عمر چیمہ، طیبہ راجہ اور خدیجہ شاہ کے ساتھ کیا کیا گیا یہ کبھی بھی جمہوری معاشروں میں اس طرح نہیں کیا جاتا۔ یہ ڈکٹیٹر شپ کے دور میں بھی اس طرح نہیں کیا جاتا۔ ضیاء الحق کے دور میں بھی بھٹو کی پارٹی کو اس طرح treat نہیں کیا گیا تھا جس طرح ہمارے ساتھ کیا گیا۔

جناب سپیکر: حافظ صاحب! بہت شکریہ۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! میں نے بس ایک شعر سنانا ہے:

وہ حلقہ یاراں تو بریشم کی طرح نرم
رزم حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن
یہ غازی، یہ تیرے پُر اسرار بندے
جنہیں تونے بخشا ہے ذوقِ خدائی
دونیم اِن کی ٹھوکر سے صحرا و دریا
سمٹ کر پہاڑ اِن کی ہیبت سے رائی

(نعرہ ہائے تحسین)

سالانہ بجٹ برائے سال 25-2024 پر عام بحث (۔۔۔جاری)

جناب سپیکر: بہت شکریہ۔ میرا خیال ہے کہ جو سمیع صاحب نے تقریر کی اور اپنا مافی الضمیر بیان کیا اور بڑے سیاسی پیرائے میں کیا۔ حافظ صاحب نے جو باتیں کی جس پر ملک وحید صاحب کو بہت

غصہ آیا اور صحیح آیا۔ اگر میں وہاں بیٹھا ہوتا تو شاید اس سے زیادہ غصے سے اٹھتا، حسن صاحب بھی اٹھے۔ میری آپ سے درخواست ہے کہ پلیز، ایسی باتیں جو below the belt ہوں جو آپ کی بھی dignity کے خلاف ہوں ان کو نہ کریں۔ جی، نعیم صاحب!

چودھری نعیم اعجاز: نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ وتعز من تشاء وتذل من تشاء۔ وہ جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہے جسے چاہتا ہے ذلت دیتا ہے۔

جناب سپیکر! تمام تعریف و کبریائی صرف رب کریم کے لئے ہے۔ آپ ﷺ کی ذات اور آپ کے آل پاک مبارکہ پر بے شمار درود و سلام۔ میرا جو آج کا مؤقف تھا وہ بنیادی طور پر اپنے علاقے اور بجٹ کے بارے میں ہے میں اسی پر بات کروں گا۔ ملک کو اس وقت معاشی چیلنج کا سامنا ہے۔ موجودہ معاشی صورتحال میں اتنا متوازن بجٹ پیش کرنے پر میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ، صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر! بطور رکن پنجاب اسمبلی میرا یہ فرض بنتا ہے کہ میں اپنے حلقے کی عوام کے لئے آواز اٹھاؤں اور ایوان میں پیش کروں۔ میرا حلقہ وفاقی دارالحکومت کے انتہائی قریب ہونے کے باوجود بھی راولپنڈی کا پسماندہ ترین علاقہ ہے۔ میرے حلقے کی آبادی 9 لاکھ کے قریب ہے جو ایک این اے کے برابر ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ سابقہ ممبران اسمبلی جو میرے حلقے میں جیت کر آئے اور ایوانوں تک پہنچے لیکن میرے حلقے کی غریب عوام کے لئے کچھ نہ کر سکے۔ نہ کسی بھی ایوان میں انہوں نے کبھی آواز اٹھائی۔

جناب سپیکر! میں سب سے پہلے تعلیم کے حوالے سے بات کروں گا۔ میرے حلقے کے زیادہ تر سکولوں کی بلڈنگ انتہائی خستہ حال ہے۔ موجودہ حکومت نے سکولوں کی تعمیر و مرمت کے لئے آئندہ مالی سال میں مجموعی طور پر 42۔ ارب 50 کروڑ روپے مختص کئے ہیں میری وزیر خزانہ سے درخواست ہو گی کہ میرے حلقے کے سرکاری سکولوں کو آئندہ مالی سال کے ترقیاتی بجٹ میں شامل کیا جائے۔ ہماری حکومت نے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ہائر ایجوکیشن کے لئے 17۔ ارب روپے

مختص کئے تو میری وزیر خزانہ سے درخواست ہے کہ میرے حلقے میں یونیورسٹی کا بجٹ آئندہ مالی سال کے لئے شامل کیا جائے جس کے لئے 200 کنال زمین یونیورسٹی کے نام پر میں خود وقف کروں گا۔

جناب سپیکر! اگر صحت کی بات کی جائے تو موجودہ حکومت نے صحت کے لئے 539۔ ارب 15 کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔ میرے حلقے کی عوام اس بنیادی سہولیات سے محروم ہے جس میں کوئی سرکاری ہسپتال موجود نہیں ہے۔

(اس مرحلے پر جناب ڈپٹی سپیکر کرسئ صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، اپنی بات جاری رکھیں۔

چودھری نعیم اعجاز: جناب سپیکر! میں وزیر خزانہ کی توجہ راولپنڈی کے دو ہسپتالوں کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں جن میں جوڑیاں THQ اور ہسپتال رواج THQ ہیں جن میں تقریباً 70 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے اور دونوں ہسپتالوں کو آئندہ مالی سال بجٹ میں فوقیت دی جائے تاکہ غریب عوام کو بنیادی سہولت میسر ہو سکے۔

جناب سپیکر! شعبہ پرائمری اینڈ سکینڈری سکولز کے ترقیاتی بجٹ کی مد میں 42۔ارب 60 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ میری تجویز ہے کہ BHUs اور RHCs کے ساتھ تمام ڈسپنسریوں کو بھی فعال کیا جائے تاکہ دیہاتی علاقوں میں بھی معیاری خدمات کو یقینی بنایا جا سکے۔

جناب سپیکر! معاشی اور اقتصادی ترقی کے لئے انفراسٹرکچر لازم و ملزوم ہے۔ شاہراہوں کے لئے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں 143۔ارب روپے مختص کئے جا رہے ہیں۔ راولپنڈی کی واحد چکری روڈ ہے جو تقریباً 40 کلومیٹر پر مشتمل ہے جو راولپنڈی رِنگ روڈ سے موٹروے کے ساتھ منسلک ہے۔ پنجاب ہائی وے کے سروے کے مطابق تقریباً 4۔ارب روپے اس روڈ کی لاگت ہے جو کہ PP-10, PP-11 اور PP-12 پر مشتمل ہے۔ میری وزیر خزانہ سے درخواست ہے کہ آئندہ مالی سال بجٹ میں اس کو شامل کیا جائے۔

جناب سپیکر! ابھی میرے بھائی نے یہاں پر یہ فرمایا ہے کہ میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ عمران خان اگر باہر ہوتے تو فلسطین کا یہ حال نہ ہوتا۔ میں یہ کہتا ہوں کہ جب عمران خان باہر تھے تو پورے پاکستان کو پیغام دیا کہ دس سیکنڈ کے لئے آپ سانس روک لیں کشمیر آزاد ہو جائے

گا۔ انہوں نے وہی کرنا تھا جو اُس وقت کیا تھا اس کے علاوہ انہوں نے کچھ نہیں کرنا تھا۔ اُن کی طاقت تھی کہ صرف دس سیکنڈ کے لئے سانس روک لیں انہوں نے سانس روک کر کشمیر تو آزاد کرا لیا اب وہ فلسطین آزاد کرنے چلے ہیں۔ پھر یہ کہتے ہیں کرپشن۔ کرپشن تو فرح گوگی سے شروع ہوتی ہے اور اسی پر ختم ہوتی ہے۔ فرح گوگی کون تھی؟ اس نے اس ملک کے اندر تھوڑی کرپشن کی؟ پھر یہ فرماتے ہیں کہ ہم فارم 47 کی پیداوار ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ یہ دھرنوں کی پیداوار ہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب ڈپٹی سپیکر: نعیم صاحب! پلیز بجٹ پر رہیں۔

چودھری نعیم اعجاز: جناب سپیکر! یہ محترم فرما رہے ہیں کہ ہماری حکومت کٹورا لے کر ہر جگہ چل رہی ہے۔ مجھے بتائیں کہ آپ کا عمران خان جس نے یہ دعوے کئے تھے کہ میں کبھی کسی سے بھیک نہیں مانگوں گا اُس نے کون سا ملک چھوڑا؟ وہ کٹورا لے کر جگہ جگہ گیا تھا۔ آپ نے یہ سنا تھا کہ دنیا میں ایک دجال آئے گا اور فتنی دجال ہو گا۔ وہ فتنی دجال اس وقت اڈیالہ جیل میں ہے اور یہ سارے اس کے نیچے بیٹھے ہوئے ہیں جو فتنہ پھیلا رہے ہیں۔ (شور و غل)

جناب سپیکر! یہ فرما رہے ہیں کہ ہم لوگ پراجیکٹ چور ہیں۔ ہم نے موٹر وے چوری کیا، ہم نے سی پیک چوری کر لیا، ہم نے گوادر چوری کر لیا۔ مجھے یہ بتائیں کہ ساڑھے تین سال میں ان لوگوں نے سوائے دھرنوں کے اور کیا کیا؟۔ ہر بات پر قسمیں کھائی جاتی ہیں۔ قرآن اٹھانے کے علاوہ ان کا کوئی کام ہے؟ یہ اپنے ساڑھے تین سالوں میں کوئی ایک پراجیکٹ بتا دیں جو انہوں نے کیا ہو۔ بار بار اِن کی انگلیاں اِس موجودہ حکومت کے اوپر اُٹھتی ہیں۔ اِن کو تو یہ بھی نہیں تمیز کہ جب ایک عورت بات کر رہی ہو تو اُس کے ساتھ کیسے بات کرنی ہے۔ وہ حضرت محمد ﷺ کا نام لے رہی اور یہ ڈیسک بجا رہے ہیں ان کا صرف اور صرف ایک ہی کام ہے شور شرابا کرنا، ایوان کے اندر اس کا احترام نہ کرنا۔ یہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ بڑا احترام کرتے ہیں آپ نے جو سعودیہ میں ادب پیش کیا تھا وہ ساروں کو پتا ہے اور ابھی تک وہ سارے بندے اندر پڑے ہوئے ہیں۔ شکرانے کا کلمہ پڑھیں کہ انہوں نے پھر آپ کو معافی دے دی۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چودھری صاحب! آپ please wind up کریں۔

چودھری نعیم اعجاز: آپ ذراان کے کارنامے دیکھیں کہ ہمیں ہر وقت کہتے ہیں کہ فارم 47 تو ہم فارم 47 کا forensic کرا لیتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ کون صحیح ہے اور کون غلط ہیں۔ آپ لوگ جتنے بھی بیٹھے ہیں آپ لوگوں کا کوئی ڈیٹا انٹر ہے ؟۔۔۔(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: Please no cross talk چودھری صاحب! please آپ بجٹ پر رہیں اور جلدی wind up کریں۔ چودھری صاحب! میرے پاس ایک طویل لسٹ ہے۔

ملک محمد وحید: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک وحید صاحب! Please آپ تشریف رکھیں۔

چودھری نعیم اعجاز: جناب سپیکر! ان میں برداشت کرنے کی ہمت نہیں ہے، یہ ہماری نہیں سن سکتے۔ ان میں سننے کی ہمت نہیں۔ وہ ہم لوگ ہیں جو چپ کر کے ان کو سنتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چودھری صاحب! آپ specifically budget پر رہیں۔

چودھری نعیم اعجاز: جناب سپیکر! میں بجٹ پر تقریر کر رہا ہوں لیکن میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ ہم جب بھی تقریر کرتے ہیں ان سے ایک سیکنڈ برداشت نہیں ہوتی اور یہ گھنٹہ گھنٹہ لگے رہتے ہیں اب سننے کی تھوڑی سی برداشت رکھیں۔ ابھی تو آغاز محبت ہے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا۔ ابھی تو شروعات ہے اور ان شاءاللہ اللہ پاک خیر کرے گا بالکل آپ لوگوں کو ٹھیک کریں گے۔

جناب سپیکر! میں بات کر رہا تھا کہ ہائی وے کے سروے کے مطابق چکری روڈ جس کی لاگت 4۔ارب روپے بنتی ہے، یہ PP-10، PP-11 اور PP-12 تین ایم پی ایز کی constituency پر مشتمل ہے آئندہ مالی سال بجٹ میں اس کو شامل کیا جائے۔ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں کہ اس سے پہلے یہ پھر وہی بات کر رہے ہوں جو ان کی اپنی شور شرابے اور واویلہ کی عادت ہے کیونکہ ایوان کے اندر بہت سارے معزز بھائی بیٹھے ہوئے ہیں اب time short ہے اور کام زیادہ ہے۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ جناب حسن ملک!

جناب حسن ملک: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔ جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ مجھے آپ نے بات کرنے کا موقع دیا۔ میں دوسری دفعہ اس ایوان میں

منتخب ہو کر آیا ہوں اور آج میں اپنے ضلع کے لوگوں کا جنہوں نے مجھ پر بھروسہ کیا، اعتماد کیا اور اس ایوان تک پہنچایا ان کے مسائل بجٹ کے حوالے سے آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ میرا تعلق جس ضلع سے ہے اس کا نام خوشاب ہے خوشاب فارسی کے دو الفاظ سے بنا ہے۔ خوش کا مطلب میٹھا اور آب کا مطلب پانی ہے۔ خوشاب نام ہمیں ایک مغل گریٹ بادشاہ ظہیر الدین بابر نے دیا اور آج قسمت کی ستم ظریفی دیکھیں اور حکومت کی نااہلی دیکھیں کہ آج خوشاب کہلانے والا ضلع پینے کے میٹھے پانی کی بوند بوند کو ترس رہا ہے۔ عید پر بھی وہ دن نہیں آتا کہ جب خوشاب اور جوہر آباد میں پانی مکمل طور پر ہر گھر میں پہنچ سکے۔ water supply schemes جو دیہی علاقوں میں 1985 میں بنی تھی ان کے حالات یہ ہیں کہ وہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں کئی مکمل طور پر تباہ ہو چکی ہیں اور اس میں سیوریج کا پانی شامل ہو چکا ہے۔ تمام آبادی یہ آلودہ پانی پی کر ہیپاٹائٹس جیسی موذی امراض کا شکار ہو رہی ہے۔ یہ ہمارا basic right جو پانی ہے اس کے یہ حالات ہیں۔ اگر ہم صحت کی طرف آئیں تو ڈی ایچ کیو ہسپتال اور ٹی ایچ کیو ہسپتال خوشاب کے بیڈز ملا لئے جائیں تو ٹوٹل بیڈز 295 بنتے ہیں۔ یہ 295 بیڈز کے ساتھ ہمارے ڈویژن کا سب سے چھوٹا ہسپتال ہے یہ زیادتی یہاں پر ختم نہیں ہوتی۔ پورے ضلع میں کہیں بھی ایم آر آئی مشین نہیں ہے۔ اگر خوشاب کے مقیموں کو ایم آر آئی یا کسی بھی کام کے لئے ایسی سہولت سے مستفید ہونا ہو تو انہیں دوسرے اضلاع کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ فیصل آباد اور سرگودھا جانا پڑتا ہے، یہ ظلم یہاں پر ختم نہیں ہوتا اور ہمارے ساتھ ناانصافی یہاں پر نہیں رُکتی۔ جب 2018 میں عمران خان کی حکومت آئی تو وہاں سے ایم این اے ملک عمر اسلم تھے جو آج بھی وہاں سے پی ٹی آئی کے ٹکٹ پر دوبارہ ایم این اے منتخب ہوئے ہیں۔ انہوں نے عمران خان کے ساتھ مل کر fully funded schemes کے تحت تین ٹراما سنٹرز بنائے ایک نوشہرہ، ایک خوشاب اور ایک قائد آباد ہے۔ یہ fully funded schemes تھیں سارے پیسے آگئے تھے لیکن صرف پی ٹی آئی کا ہونے کی وجہ سے یہ منصوبہ delay کا شکار ہے آج ایک ایک کروڑ روپیہ بھی ان کا ریلیز ہو چکا ہے لیکن مکمل نہ لگا اس کو التواء کا شکار کیا گیا ہے جس کی وجہ سے جتنی بھی قیمتی جانوں کا ضیاع ہو رہا ہے تو اس کا جواب یہ ریاست اور حکومت آج بھی اس دنیا میں دے گی اور اگلے جہاں میں بھی دے گی۔ میری یہاں پر یہ اپیل ہے کہ ان کو جلدی مکمل کرایا جائے اور ہسپتالوں میں جو ان ٹراما سنٹرز کو ایمرجنسی کے طور پر use

کر رہے ہیں ان میں ٹراما سنٹر کی machines بھی ہیں تو یہاں ان کو ٹراما سنٹرز کے طور پر ہی استعمال کیا جائے۔

جناب سپیکر! تیسرا بنیادی حق، پانی اور صحت کے بعد انسان اور جانور میں جو فرق کرتا ہے وہ تعلیم ہے۔ ہمارے ساتھ تعلیم کے حوالے سے بھی زیادتی ہو رہی ہے۔ خوشاب پورے خوشاب ڈویژن کا نا صرف وہ واحد ضلع ہے بلکہ ہماری boundaries باقی جن اضلاع کے ساتھی لگتی ہیں چاہے وہ جھنگ ہو، چاہے وہ چکوال ہو اور چاہے وہ جہلم ہو۔ ہر ضلع میں اپنی یونیورسٹی ہے اگر کہیں یونیورسٹی نہیں ہے تو وہ ضلع خوشاب میں نہیں ہے۔ کالجز کو دیکھ لیں تو پی ٹی آئی حکومت کے دور میں مٹھہ ٹوانا میں گرلز ڈگری کالج کے لئے فنڈز آئے، اس کی چاردیواری بنی لیکن ہماری حکومت جاتے ہی جب پی ڈی ایم کی حکومت آئی تو انہوں نے وہی فنڈز ختم کر دیئے اور اس کو unfunded scheme کر دیا۔ آج اس کالج کی چاردیواری موجود ہے لیکن وہاں پر عمارت نہیں ہے۔ اسی طرح ڈگری کالج فار بوائز ہے جس میں صرف ایک ٹیچر ہے اور ڈگری کالج فار گرلز بغیر ٹیچر کے چل رہا ہے۔ ایسا ظلم ستم شاید ہی کسی ضلع میں ہو جو ہمارے ساتھ روا رکھا گیا۔ میں جس حلقے سے منتخب ہو کر آیا ہوں وہاں کی ایک بہت اہم تحصیل نوشہرہ ہے نوشہرہ تحصیل میں جو کالجز ہیں ان کی حالت یہ ہے کہ جو انٹر کالج فار بوائز کالج تھا وہ سالوں پہلے اپ گریڈ ہو کر ڈگری کالج بوائز بنا لیکن آج تک اس میں ایک کمرہ کا اضافہ نہیں ہوا اس کا ایک کمرہ بھی فالتو نہیں بنایا گیا اور وہ بچے اسی انٹر کالج میں ڈگری کی تعلیم بھی حاصل کر رہے ہیں۔ نوشہرہ میں ہی ڈگری کالج فار گرلز ہے اس کی ایک دیوار سالوں پہلے گر گئی تھی یعنی ایک عرصہ پہلے لیکن عرصہ گزر جانے کے بعد بھی وہ دیوار نہیں بنائی جا سکی۔ کامرس کالج نوشہرہ بچوں کے لئے بنایا گیا وہ 1986 سے کام کر رہا ہے لیکن اس کے پاس اپنی بلڈنگ نہیں ہے صرف تین ٹیچرز ہیں ہمارے ساتھ یہ ظلم کالجز کی حد تک ہو گیا۔ اس کے بعد اگر آپ سکولز کی طرف آ جائیں تو سکولز کا اتنا برا حال ہے کہ 324 سکولز کو privatize کر دیا گیا ہے۔ 324 سکولوں کی جو لمبی لسٹ ہے جن کو privatize کیا گیا ہے ان میں criteria یہ رکھا گیا ہے جہاں پر دو ٹیچر یا ایک ٹیچر ہے یا کوئی ٹیچر نہیں ہے تو وہاں پر ٹیچر نہ ہونے کی وجہ سے ان سکولوں کو privatize کیا جا رہا ہے۔ وادی سون تحصیل نوشہرہ یہ صرف میرے حلقے میں ایک ہی تحصیل ہے جس میں 48 کے قریب سکولز privatize ہو رہے ہیں میرا آپ سے سوال یہ ہے کہ اگر یہاں ٹیچرز نہیں ہیں تو یہ کس کا قصور ہے؟

میں نے یا ان حلقے والوں نے یا تحصیل نوشہرہ یا ضلع خوشاب کے لوگوں نے تو ان کو ٹیچروں کو بھرتی نہیں کرنا تھا بلکہ یہ ریاست کی ذمہ داری ہے۔ آج بھی ہمارے نوجوان بچے اور بچیاں بی ایڈ اور ایم ایڈ کر کے اس انتظار میں بیٹھے ہیں کہ ہمیں ریاست اور حکومت کب موقع دے گی کہ ہم اپنے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کر سکیں گے لیکن اب ٹیچرز نہ ہونے کی وجہ سے ان سکولوں کو ختم کیا جا رہا ہے یا privatize کیا جا رہا ہے میرے خیال میں اس سے بڑا ظلم خوشاب کے ساتھ نہیں ہو گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! Please wind up کریں۔

جناب حسن ملک: جناب سپیکر! گرین initiative کے نام سے تین اضلاع چکوال، جہلم اور میانوالی میں بہت سارا کام ہو رہا ہے، وہاں wildlife پر کام ہو رہا ہے اور green plantation بھی ہو رہی ہے لیکن اگر کوئی ضلع نظر انداز کیا گیا ہے تو وہ ضلع خوشاب ہے۔ جوہر آباد میں ایک سفاری پارک بنا، آج اسے مکمل ہوئے 9 سال ہو گئے ہیں، اس کی بلڈنگ بھی مکمل ہے اور یہ ایک اچھا پراجیکٹ ہے لیکن لوگ راہ تک رہے ہیں کہ شاید یہاں پر جانور آئیں۔ یہاں پارک میں چند جانور بھی لائے گئے تھے۔ یہ پورے ڈویژن کے لئے تفریحی مقام تھا لیکن وہ چند جانور بھی محسن نقوی کے کہنے پر لاہور سفاری پارک میں منتقل کر دیئے گئے ہیں۔ وہ سفاری پارک آج انتظامیہ، حکومت اور ہم سب کا منہ چڑھا رہا ہے۔ اس پراجیکٹ کو مکمل کیا جانا چاہئے، اس میں SNE ہونی چاہئیں، اس میں بھرتیاں ہونی چاہئیں اور اس میں جانور رکھ کر لوگوں کو تفریح کا موقع دینا چاہئے اس کے علاوہ ہمارا لفٹ اریگیشن کا پراجیکٹ تھا جو جلال پور کینال کا ایک بہت بڑا پراجیکٹ تھا جو ملک نعیم خان نے دیا اس کو وہیر تک extend کرنا چاہئے اور لفٹ اریگیشن کو فی الفور شروع کرنا چاہئے۔ تا کہ ہمارے جو زیادہ سے زیادہ مہاڑ کا علاقہ ہے وہ سیراب ہو سکے اور ہمارے جو کسان مشکل میں پھنسے ہیں وہ نکل سکیں۔ ہمارا ایک رقبہ تھل کا ہے تھل صحرائی رقبہ ہے۔ یہاں پر پچھلے تین چار سالوں سے آسمانی آفات، کبھی ژالہ باری، کبھی کسی وجہ سے اُن کی فصلیں تباہ ہو رہی ہیں۔ یہاں کے لوگ اپنے تھوڑے تھوڑے پیسے جمع کر کے بنکوں سے فنڈ لے کے، loan لے کر فصلیں لگاتے تھے فصلیں بیچنے کے بعد کچھ پیسے bank loan کی شکل میں واپس کرتے تھے، کچھ اُس سے اگلی فصل لگاتے تھے لیکن آج جب سالوں سے تباہی ہو رہی ہے تو وہ نہ بنک کا قرضہ دے سکتے ہیں، نہ ان کے پاس

نئی فصل لگانے کے لئے پیسے ہیں تو ان کی بھی کوئی دادرسی کرنی چاہیے، اُن کے لئے ایک تھل کینال کا پراجیکٹ جس کے پی ٹی آئی کے دور میں پیسے بھی آ گئے تھے لیکن وہ بھی unfunded کر کے لے لی گئی اور ظلم کی روش اختیار کی گئی جس کو فی الفور ختم ہونا چاہیے۔ میں یہاں پر ایک شعر پڑھتا ہوں جہانگیر بادشاہ نے جب پہلی دفعہ کشمیر کو دیکھا تھا تو اُس کی خوبصورتی کو دیکھ کر اُس نے کہا تھا کہ:

گر فردوس بر روئے زمیں است
ہمیں است و ہمیں است و ہمیں است

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! please wind up کریں۔

جناب حسن ملک: جناب سپیکر! میں کہتا ہوں کہ جہانگیر بادشاہ نے وہ والا علاقہ دیکھا تھا میری تحصیل نوشہرہ میں ایک علاقہ سون ویلی تحصیل نوشہرہ کو نہیں دیکھا تھا اگر اُس نے دیکھا ہوتا تو وہ شعر یہیں کے لئے پڑھتا اسی علاقے کے لئے پڑھتا کہ اگر دنیا میں کہیں جنت ہے تو وہ یہی ہے یہاں پر ہمارے پاس تین زبردست جھیلیں ہیں، پہاڑوں کے بیچ میں یہ جھیلیں ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! بس آپ کے پاس آخری منٹ ہے۔ please wind up کریں۔

جناب حسن ملک: جناب سپیکر! میں آپ سے دو منٹ لوں گا، میں تو کوئی ایسی بات بھی نہیں کر رہا جس سے کسی کی دل آزاری ہو کم از کم ہمارے حلقے کے مسائل ہیں اُن کو تو مجھے بتانے دیں explain کرنے دیں، آپ نے کسی کو بھی نہیں روکا تو میری آپ سے یہی گزارش، التماس ہے کہ مجھے بھی نہ روکا جائے۔ میں آپ کو بتا رہا تھا یہ آپ کی بھی information میں addition ہو گا کہ یہ ایک ایسی جگہ ہے کہ جہاں پر تین جھیلیں ہیں ایک وادی پہاڑوں کے درمیان، ایسی خوبصورت جھیلیں جس میں سب سے بڑی اُچھالی جھیل 943 ایکڑ زپر، اس کے بعد کھبیکی جھیل ہے 700 ایکڑ پر، اُس کے بعد جھالر جھیل 42 ایکڑ پر یہ خوبصورت جھیلیں پہاڑوں کے درمیان ہیں جو پہاڑ شیشم، ملبری، بیری، سیمل، پولائی کاہو کے درختوں سے ڈھکے ہوئے ہیں، ایسی خوبصورت جگہ اور یہاں پر wildlife ہرن، اڑیال اور partridges لیکن ہمارے پاس Siberian migration سے جو دنیا میں rare ہو چکی ہے White-headed duck وہ بھی آتی ہے Greater flamingos آتی ہیں اور یہاں پر ہمارے پاس اور بھی۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! اور بھی honourable members نے بات کرنی ہے۔

جناب حسن ملک: جناب سپیکر! میں آپ کے صرف دو منٹ اور لوں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں ملک صاحب! اب آپ please بس کر دیں۔

جناب حسن ملک: جناب سپیکر! آپ ایسا نہ کریں کیوں کہ آپ نے کسی کو بھی نہیں روکا یہ تو زیادتی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! اگر آپ کی کچھ چیزیں رہ گئی ہیں تو آپ لکھ کر فنانس منسٹر کو دے دیں۔

جناب حسن ملک: جناب سپیکر! میں نے ایک ایک گھنٹہ speeches سنی ہیں۔ میں یہاں پر صبح سے بیٹھا ہوں اگر آج ہم ہمارے مسائل آپ کو نہیں سنائیں گے تو کس کو سنائیں گے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! میرے پاس بڑی لمبی طویل فہرست ہے۔ اُن اراکین کا بھی استحقاق ہے انہوں نے بھی اپنے حلقے کی بات کرنی ہے۔

جناب حسن ملک: جناب سپیکر! میں نے کوئی ایسی بات نہیں کی ہم انتظار کر رہے ہیں کم از کم میرا ضلع جو مسائل سے بھرا پڑا ہے مجھے اس کی بات تو کرنے دیں، آپ بات بھی نہیں کرنے دیتے۔ یہ مہربانی فرمائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کو بات کرتے ہوئے 11 منٹ ہو گئے ہیں۔

جناب حسن ملک: جناب سپیکر! اُدھر سے ایک ایک گھنٹہ بات کی گئی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! آپ کو 11 منٹ دیئے ہیں اُدھر بھی 11,11 منٹ دینے پڑیں گے۔ اس طرح تو صرف دو چار ممبرز ہی بات کر سکیں گے۔

جناب حسن ملک: جناب سپیکر! اگر آپ مجھے بولنے دیں گے تو میں تین منٹ میں اپنی بات ختم کر دوں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ دوسروں کا بھی دھیان رکھیں۔

جناب حسن ملک: جناب سپیکر! آپ مجھے تین منٹ دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! please اس طرح نہ کریں۔ آپ بڑے honourable ہیں۔

جناب حسن ملک: جناب سپیکر! آپ اگر بحث میں نہیں پڑتے تو میں دو منٹ میں اپنی بات مکمل کر لیتا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! اگر آپ کی کوئی تجاویز رہ گئی ہیں تو وہ آپ please لکھ کر فنانس منسٹر صاحب کو دے دیں۔

جناب حسن ملک: جناب سپیکر! مجھے اپنی بات تو ختم کر لینے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! آپ please تشریف رکھیں۔ جی، جناب فیصل اکرام!

جناب فیصل اکرام: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! شکریہ۔ سب سے پہلے میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے ہمیں کامیابی عطا کی۔ میں اپنے حلقے سیالکوٹ پی پی۔46 کے ووٹرز کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے اپنے اعتماد سے نوازا اور اپنی آواز بنا کر اس مقدس ایوان میں بھیجا ہے میں اپنی پارٹی قیادت میاں محمد نواز شریف، میاں محمد شہباز شریف، محترمہ مریم نواز کا بھی تہہ دل سے مشکور ہوں۔ اپنے شہر سیالکوٹ کی پہچان و قیادت خواجہ محمد آصف کا شکر گزار ہوں جن کی راہنمائی مجھے ہر قدم پر میسر رہی۔

جناب سپیکر! محترمہ چیف منسٹر، جناب وزیر خزانہ اور ان کی پوری ٹیم کو میں ان مشکل حالات میں ایک بیلنس بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دُعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے نیک مقاصد میں کامیابی عطا فرمائے آمین۔

جناب سپیکر! میرا حلقہ سیالکوٹ پاکستان کی معیشت میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے اس مشکل دور میں بھی میرے شہر کے ہنر مند، مزدور، industrialist, exporters 4۔ارب ڈالر سے زائد کا زر مبادلہ اپنے پیارے پاکستان کے خزانے میں contribute کرتے ہیں۔ سیالکوٹ کی برآمدات نا صرف ملک کی معیشت کو مضبوط کرتی ہے بلکہ ہماری بین الاقوامی شناخت کو بھی مستحکم کرتی ہیں۔ سیالکوٹ میں بھی عوامی سہولیات کا فقدان ہو چکا ہے، اس سلسلے میں میری چند گزارشات ہیں جنہیں میں پیش کرنا چاہوں گا سیالکوٹ میں علامہ اقبال ہسپتال جو اس ٹائم 465 بیڈ کا ہے اس کو بڑھا کر 1 ہزار بیڈ کا کیا جائے، اس میں Angioplasty, Angiography اور بائی پاس جیسی

سہولیات میسر کی جائیں۔ابھی ہمارے مریضوں کو لاہور یا وزیر آباد اِن امراض کے علاج کے لئے، سیالکوٹ میں ایک Burn Unit اور Cancer Diagnostic Centre کا قیام بھی ناگزیر ہے۔ سردار بیگم ہسپتال جو دوسرا ہسپتال میرے حلقے میں under renovation ہے میری استدعا ہو گی کہ اس کے تمام شعبہ جات کو فعال کیا جائے۔اس کے ساتھ ہی ساتھ سیالکوٹ میں کوئی بھی چلڈرن ہسپتال موجود نہیں سیالکوٹ میں ایک Specialized Pediatric Hospital دیا جائے۔ تعلیم کے شعبے میں سی ایم صاحبہ نے آئی ٹی یونیورسٹیز کا اعلان کیا ہے میں چاہوں گا کہ سیالکوٹ میں ایک آئی ٹی یونیورسٹی اور اُس سے ملحقہ نے آئی ٹی پارک تعمیر کیا جائے تاکہ میرے شہر کے لوگ جو برآمدات کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں اس کو استعمال کرتے ہوئے پاکستان کی آئی ٹی انڈسٹری کو وسعت دیں اور پاکستان کے لئے قیمتی زرمبادلہ لے کر آئیں۔اس کے ساتھ ہی اس کی وجہ سے علاقے کے نوجوان لڑکے لڑکیوں کو باعزت روزگار میسر ہو گا۔

جناب سپیکر! دنیا ہنر مندی تعلیم کی طرف جا رہی ہے۔چیف منسٹر صاحبہ نے ایک skilled program 2۔ارب 97 کروڑ کی لاگت سے اس بجٹ میں رکھا ہے۔میری استدعا ہو گی کہ سیالکوٹ میں 4 institutes شہر کے ہر کونے میں vocational training institutes کا قیام عمل میں لایا جائے، جس سے سیالکوٹ کی انڈسٹری سے متعلق ہنر teach کئے جائیں، جس سے نا صرف ہماری انڈسٹری کو skilled labor میسر ہو گی بلکہ ہر فرد کو روزگار بھی میسر ہو گا۔سیالکوٹ میں یو ای ٹی انجینئرنگ یونیورسٹی کے لئے فنڈز مختص کئے گئے تھے لیکن پچھلے چند سالوں سے اس پراجیکٹ کو کوئی فنڈ میسر نہیں کیا گیا۔میری استدعا ہو گی کہ سیالکوٹ میں یو ای ٹی یونیورسٹی کے فنڈز کو بحال کیا جائے اور اسے اسی financial year میں مکمل کیا جائے۔ایجوکیشن کے حوالے سے میرے بھائی رانا سکندر حیات منسٹر سکولز ایجوکیشن سیالکوٹ تشریف لائے تھے ہم نے انہیں سیالکوٹ میں سکولز کی missing facilities کے بارے میں آگاہ کیا تھا۔میری استدعا ہو گی کہ منسٹر صاحب ان تمام missing facilities کو پورا کروائیں۔اس کے ساتھ ہی ساتھ ایک نیا سکول احمد نگر بونگا میں بنایا جائے سیالکوٹ میں سپیشل چلڈرن کے لئے کوئی بھی سکول موجود نہیں میری استدعا ہو گی کہ ہمارے سپیشل بچوں کے لئے ایک سکول کی تعمیر کی جائے۔آبادی کے بڑھتے ہوئے طوفان سے سیالکوٹ میں ٹریفک کے بے جا مسائل ہیں، سیالکوٹ رِنگ روڈ اے ڈی پی میں

موجود ہے لیکن اس کے لئے کوئی فنڈ مختص نہیں کیا گیا میری استدعا ہو گی کہ اسی financial year میں رِنگ روڈ کے منصوبے کے لئے پیسے رکھے جائیں۔اس کے ساتھ ہی ساتھ رنگپورہ رڑی سے ایسٹرن بائی پاس تک براستہ آلو چک اور ریحانہ ایک سڑک کی تعمیر کی جائے،ایک سڑک جو گلشن اقبال پارک سے دوبرجی ملیاں سیور یج کے ساتھ تعمیر کی جائے۔یہ سڑک نہایت ضروری ہے کیونکہ یہ ہمیں جی ٹی روڈ سے لنک کرتی ہے۔سمارٹ سیف سٹی کے اندر بھی سیالکوٹ کا حصہ رکھا جائے، سیالکوٹ کی تاجر برادری کا ایک دیرینہ مطالبہ ہے کہ ہماری صوبائی گورنمنٹ اپنے تمام ملحقہ ٹیکسوں کو ایک ٹیکس میں club کر کے اُنہیں export payment receiving کے mode کے اندر ہی receive کر لے جیسے FBR collect کرتی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بہت شکریہ۔فیصل صاحب باقی ساتھیوں نے بھی بات کرنی ہے۔جی، please آدھا منٹ بات کر لیں۔

جناب فیصل اکرام: جناب سپیکر!اسی حوالے سے سیالکوٹ تقریباً ساڑھے3۔ارب روپے کی EOBI کی social security contribution کرتا ہے، ہمارے سوشل سکیورٹی ہسپتال اور سکولوں کے حالات نہایت خستہ ہیں ان دونوں چیزوں کو upgrade کیا جائے۔ میرج گرانٹ اور ڈیتھ گرانٹ کے cheques جو ہماری لیبر کا حق ہے وہ پچھلے چند سالوں سے نہیں دیئے گئے۔وزیراعلیٰ صاحبہ کی ٹیم نے 2017 سے 2021 تک کے cheques کلیئر کر دیئے ہیں تو میری استدعا ہو گی کہ باقی ماندہ cheques کو بھی clear کیا جائے۔Environment Friendly Busses کا آغاز کیا جا رہا ہے ان بسوں کا سیالکوٹ کے لئے بھی حصہ رکھا جائے۔سیالکوٹ میں سپورٹس گراؤنڈز اور پلے گراؤنڈز نہ ہونے کے برابر ہیں حالانکہ یہ کھیل کا سامان پوری دنیا میں بھیجتا ہے اور لیبر کے حوالے سے ایک لیبر کالونی دی جائے۔میاں محمد شہباز شریف نے سیالکوٹ چیمبر جرنلسٹ کالونی کا وعدہ کیا تھا تو میری استدعا ہو گی کہ اس کو بھی پورا کیا جائے ۔میں سی ایم صاحبہ اور وزیر خزانہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ میری ان submissions کو 25-2024 کا حصہ بنایا جائے۔ بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی فیصل صاحب !بہت شکریہ۔جی،اب قاضی احمد اکبر تشریف رکھتے ہیں۔

قاضی احمد اکبر: جناب سپیکر!سب سے پہلے تو جو بجٹ 25 -2024 پیش کیا گیا میں تو اس کو سرخی پاؤڈر کا بجٹ کہوں گا،اس میں سب سے پہلے تو ہمیں ایکfeedback form دیا گیا تھا،جو ممبرز نے fill up کرنا تھاوہ فارم ہم نےfill up کر کے پاس ہی رکھا اور وہ ہم سے کسی نے نہیں واپس مانگا اور پھر منسٹر صاحب نے اپنی تقریر میں کہا کہ ہم نے بجٹ کے حوالے سے پبلک سے بھی input لی تو جہاں ممبران سے input نہیں لی گئی ،وہاں پبلک سے کیاinput لی گئی ہو گی؟ پہلے 100 دن کا واویلا بڑا کُوٹ کُوٹ کر بار بار کیا گیا اور کہا گیا کہ تمام OPDاور emergencies میں دوائیاں موجود ہیں تو میں فنانس منسٹر صاحب اور آپ کو بھی دعوت دیتا ہوں کہ آپ میرے حلقے میں آ کر دیکھیں کسی ایکBHU کسی ایک RHC یا کسی THQ میں کوئی دوائی نہ OPD میں اور نہ ایمرجنسی میں available ہے ،اس کے علاوہ انہوں نے کہا کہ ہم 11.8 inflation percent پر لے آئے ہیں تو inflation rate کا جو ریٹ ہوتا ہے وہ base rate پر ہوتا ہے اگر آپ اس کی actual calculation کریں تو وہ آج بھی 22 فیصد پر ہے تو ایک دفعہ پھر آپ کو بجٹ میں سرخی پاؤڈر کا اثر نظر آئے گا۔پھر منسٹر صاحب نے claim کیا کہ 100 فیصد کا cash cover موجود ہے جہاں پر 960 بلین روپے کی receives کا ٹارگٹ کیا گیا ہو اور 54 فیصد اضافے کے ساتھ کیا گیا ہو تو پچھلے بجٹ میں جب یہ ٹارگٹ دیا گیا تو اس کا 40 فیصد ٹارگٹ achieve نہیں ہو سکا اس 960 بلین روپے کا اگر پانچ فیصد بھی achieve نہ ہوا تو میں سمجھتا ہوںcash cover کوئی نہیں ہے اس لئے یہ بھی جھوٹ بولا گیا۔اس کے بعد 9.5 ۔ارب روپے روشن گھرانہ،9۔ارب ایگریکلچر ٹیوب ویلز کے لئے رکھا گیا لیکن آپ المیہ دیکھیں کہ ابھی تک فیڈرل سولر مینوفیکچرنگ پالیسی 2024 ECC میں چوتھی مرتبہ delay کر دی گئی جب آپ کی وفاقی حکومت ہی اس پر فیصلہ نہیں کر سکی کہ سولر کو آگے چلانا ہے یا نہیں چلانا تو انہوں نے بجٹ میں پیسے کس لئے مختص کر دیئے؟ کسان کارڈ میں پانچ لاکھ کسانوں کے لئے 75 بلین روپے رکھے گئے جو ڈیڑھ لاکھ روپیہ فی کسان بنتا ہے اور آپ نے گندم نہ خرید کے ان کو 7 لاکھ روپے کا ٹیکہ لگایا ہے۔آپ کی توجہ چاہوں گا فری وائی فائی تو دینے کو تیار ہیں لیکن پچھلے کئی مہینوں

سے twitter کھولنے کو تیار نہیں ہے ،کمال حکومت ہے جو فری وائی فائی تو دینے کو تیار ہے لیکن فائر والز لگا رہی ہے تا کہ یوٹیوب پر سچ نہ بولا جا سکے، تا کہ دھاندلی کی بات نہ ہو سکے تا کہ فارم 47 کا جو سچ ہے وہ سامنے نہ آسکے ۔ایجوکیشن اور ہیلتھ کے لئے جو بجٹ رکھا گیا میں سمجھتا ہوں کہ وہ بہت کم بجٹ ہے اور اس میںTHQs and BHUs revamping کی بات کی گئی ہے میں یہاں پر کئی مرتبہhighlight کر چکا ہوں کہ میری تحصیل کے ٹراما سنٹر کی بلڈ نگ تیار کھڑی ہوئی ہے، میری تحصیل کی ای۔لائبریری کی بلڈنگ تیار کھڑی ہوئی ہے کروڑوں روپیہ اس پر لگ چکا ہوا ہے لیکن اس میں نہ سٹاف، نہSNE،نہ دوائیاں دی جا رہی ہیں اور نہ ہی کوئی سہولتیں دی جا رہی ہیں میری ایک دفعہ پھر یہ درخواست ہوگی کہ حضرو کے ٹراما سنٹر اور ای۔لائبریری کو جلد از جلد فنکشنل کیا جائے۔ تختی لگانے کی بات ہے تو مسلم لیگ(ن)والے سارے پراجیکٹس پر اپنی تختی لگالیں اور تسلی کرلیں لیکن عوام کو ریلیف دیں جب تک عوام کو ریلیف نہیں دیں گے یہ بات آگے نہیں چل پائے گی۔ پھر مجھے بڑی خوشی ہوئی خواجہ سراؤں کے لئے ایک ارب روپیہ رکھا گیا واہ جی واہ کیا بات ہے ایک ارب روپیہ خواجہ سراؤں کے لئے تو یہ زبردست بات ہے لیکن ایک چیز اس ایک ارب روپیہ دینے سے ثابت ہوتی ہے کہ جیڑاا ینہاں نوں جناں کٹدا اے ایہہ اوس آستے اونے زیادہ پیسے رکھدے نیں۔ خواجہ سراؤں نے پولیس کو بھی مارااور خواجہ سراؤں نے رؤف حسن پر بھی حملہ کیا اور ایک ارب روپیہ بھی ان کو مل گیا لیکن میں نے وہ پورا کاغذ پڑھا اس میں کہیں بھی بوٹوں کا فنڈ نہیں ریلیز کیا گیا،یہ بھی بڑا ضروری تھا کہ خواجہ سراؤں کے جو بوٹ ہیں ان کے لئے بھی پیسے ریلیز کرنے چاہئے تھے ۔BHU جلالی اور حمید کی بلڈنگ گر چکی ہوئی ہے، میں متعدد بار کہہ چکا ہوں اور مجھے ان شاءاللہ امید ہے کہ یہ جو block allocation ہوئی ہے اس میں لازمی اس کا خیال رکھا جائے گا۔ یہاں پر بار بار حکومتی بنچز کی طرف سے یہ ذکر ہوتا ہے کہ ہم رو رہے ہیں یا ہمارا لیڈر رو رہا ہے تو میں کہتا ہوں کہ روئے تو وہ تھے جب پوری قوم نے اٹک قلعے میں ان کو روتے ہوئے دیکھا تھا، روئے وہ تھے جن کےplatelets گر گئے تھے، روئے وہ تھے جو مشرف کے ساتھ ڈیل کر کے گئے تھے، ہمارا مرد مجاہد، ہمارا قلندر اور ہمارا جان باز آج بھی جیل میں مردوں کی طرح کھڑا ہوا ہے ۔یہ کہتے تھے کہ 6 دن عمران خان جیل میں نہیں گزار سکے گا

لیکن آج ساڑھے تین سو دن سے زیادہ وہ جیل میں گزار چکا ہے اور وہ مردوں کی طرح وہاں پر کھڑا تھا وہ کہتا ہے کہ میں برداشت کروں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: قاضی صاحب! آپ اپنی speech wind up کریں۔ آپ کے پاس آخری 30 سیکنڈ کا وقت ہے۔

قاضی احمد اکبر: جناب سپیکر! ہمارے فنانس منسٹر صاحب بار بار ابے کا ذکر کرتے ہیں تو میں بھی یہاں پر ایک بات کرنا چاہتا ہوں کہ ضیاء الحق کس کا ابا تھا، اس کے بعد مشرف سے این آر او کس نے لیا، اس کے بعد جنرل باجوہ کے ذریعے سے حکومت کون لے کر آیا، ابے تو آپ بار بار بدلتے رہے ہیں، ایک ابا نہیں دو ابے نہیں، تین ابے نہیں بلکہ سینکڑوں آپ کے ابے ہیں، آپ تو بوٹ پالش کر کے سامنے آئے ہیں۔ پھر ہمارے ایک ممبر نے کہا کہ قیدی نمبر 804 وہاں پر کوئی پاؤڈری ہے۔ ایک بات ذہن میں رکھئے گا ہمارا جو مرشد ہے، ہمارا باس ہے وہ brand ہے brand---

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، قاضی صاحب! بہت شکریہ۔

قاضی احمد اکبر: جناب سپیکر! اس نے پشاوری جوتی پہنی تو وہ کپتان چپل بن گئی اس نے سفید شلوار قمیض پہنی تو وہ brand بن گیا، اس نے نیلی شرٹ پہنی تو وہ پاکستان میں شارٹ ہو گئی وہ قیدی بنا تو قیدی نمبر 804 مشہور ہو گیا۔ آپ کب تک گرائیں گے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ جی، جناب محمد احمد خان لغاری اپنی بات کریں۔

جناب محمد احمد خان لغاری: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ۔ میں محترمہ مریم نواز کو اور فنانس منسٹر کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے ان مشکل وقت میں بھی اتنا عوام دوست بجٹ پیش کیا۔ میں فخر سے کہتا ہوں کہ ہماری حکومت نے محکمہ صحت اور تعلیم کو revolutionize کرنے کا عزم ٹھان رکھا ہے، اس کی گواہی اس بجٹ میں air ambulance, clinic on wheels, mobile hospitals, BHU and RHC کی revamping کی شکل میں نظر آتی ہے۔ اگر میں تعلیم کے شعبے کی بات کروں تو ایجوکیشن میں لیپ ٹاپ سکیم، سکول میل پروگرامز اور انڈر گریجویٹ سکالرشپ پروگرام جیسے منصوبے اس

میں شامل ہیں جو ان شاءاللہ پنجاب کو آگے لے کر جائیں گے۔اگر آپ مجھے تھوڑا سا بجٹ سے ہٹ کر بات کرنے کا موقع دیں تو شہاب الدین صاحب میرے بزرگ ہیں، میرے لئے قابل احترام ہیں انہوں نے بجٹ کے حوالے سے ساؤتھ پنجاب کی بات کی تو میں کوئی نمبرز دیکھ رہا تھا تو 2018 اور 2019 کے اندر ضلع ڈی جی خان کے جو چیف منسٹر سردار عثمان بزدار تھے جو ہمارے قابل احترام ہیں، ہمارے بھائی ہیں تو انہوں نے ضلع ڈی جی خان کے لئے 6.32 بلین روپے کا بجٹ دیا تھا اور اس سال میں فخر سے اپنے بزرگ شہاب الدین صاحب کو کہہ سکتا ہوں کہ ڈی جی خان کے لئے محترمہ مریم نواز نے 8۔ارب روپے کا پیکج رکھا ہے۔اگر میں ان کے اپنے ضلع کی بھی بات کروں تو 19 -2018 کے اندر ضلع لیہ کے لئے 0.77 بلین روپے کا بجٹ تھا اور اس مرتبہ محترمہ مریم نواز نے صرف ضلع لیہ کے لئے 3.40 بلین روپے کا بجٹ رکھا ہے۔اس بجٹ میں جو سب سے قابل تحسین بات مجھے نظر آئی۔ وہ یہ ہے کہ عمومی طور پر ہوتا یہ ہے کہ جب ایک حکومت جاتی ہے اور دوسری حکومت آتی ہے تو ان کے ongoing projects نئی حکومت ختم کر دیتی ہے۔میں اس کی مثال اپنے ضلع سے دیتا ہوں کہ 2013 سے 2018 کی حکومت کے بیچ میں شہباز شریف صاحب نے فورٹ منرو ڈویلپمنٹ اتھارٹی بنائی لیکن جیسے ہی ہماری حکومت گئی تو اس اتھارٹی کو تحریک انصاف کی حکومت نے ختم کر دیا لیکن اس بجٹ میں فنانس منسٹر اور محترمہ مریم نواز نے اس کے برعکس ڈی جی خان کے اندر جو پی ٹی آئی کے اچھے منصوبے تھے جن میں وومن یونیورسٹی تھی، کارڈیالوجی ہسپتال تھا ان کے لئے بھی فنڈز مختص کئے ہیں۔

جناب سپیکر! اگر میں اپنے حلقے کے حوالے سے فورٹ منرو کی بات کرتا چلوں تو فورٹ منرو پنجاب کا مری بن سکتا ہے، اگر فنانس منسٹر صاحب یہ note فرمائیں تو بڑی مہربانی ہو گی کہ فورٹ منرو کے لئے کوہ سلیمان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے اندر فنڈز مختص کئے جائیں تاکہ ہم اس کی واٹر سپلائی سکیمز، اس کا کیڈٹ کالج اس کی جو Chair Lift کے پراجیکٹس ہیں جو بدقسمتی سے پچھلی حکومت میں ختم ہو گئے تھے ہم انہیں پھر سے چالو کر سکیں۔اس کے علاوہ فورٹ منرو کے اندر road connectivity کا بہت serious issue ہے۔ادھر ٹورازم کو فروغ دینے کے لئے فنانس منسٹر سے گزارش ہے کہ ہمارے کوہ سلیمان کے جو باقی علاقے ہیں جن میں رونگن ہے، مال گواش ہے، عراقی گاج، عراقی موہن ہے، یہاں پر میرے قیصرانی بھائی بھی بیٹھے ہوئے ہیں وہ بھی کوہ سلیمان سے ہیں ان کے

ایریاز اور ہمارے ایریاز کو فورٹ منر وسے link کرنے کے لئے مہربانی کر کے روڈ انفراسٹرکچر کے لئے پیسے دیئے جائیں۔

جناب سپیکر! مجھ سے پہلے سردار صلاح الدین خان کھوسہ نے یہاں پر بڑی تفصیل سے بارڈر ملٹری پولیس کے بارے میں بات کی ہے، ہماراجو کوہ سلیمان کا خطہ ہے اس کی پولیسنگ بارڈر ملٹری پولیس کے ذمہ ہوتی ہے۔ میں آپ کو فخر سے بتاتا چلوں اور فنانس منسٹر صاحب کی بھی توجہ چاہئے کہ پچھلے سو سال کے اندر اور اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے کوہ سلیمان واحد خطہ ہے جہاں پر foreign funded terrorism اور religious extremism نہیں ہے مہربانی کر کے اس بجٹ میں بارڈر ملٹری پولیس کے لئے فنڈز مختص کئے جائیں تاکہ وہ اپنا جدید اسلحہ، تھانوں کی uplift ٹریننگ اور پروموشن کا انتظام کر سکیں۔ اس کے علاوہ جیسے سردار صلاح الدین کھوسہ نے فرمایا تھا بیس سال سے اس فورس کے اندر بھرتی نہیں ہوئی۔ مہربانی کر کے اس پر نظر ثانی کی جائے اور اس فورس میں بھرتی کی جائے۔

جناب سپیکر! آپ اور میں دونوں اور ادھر ہمارے اکثر بھائی across the divide جنوبی پنجاب کے بیٹھے ہیں۔ جنوبی پنجاب کا سب سے بڑا مسئلہ پینے کے پانی کا ہے، فنانس منسٹر صاحب سے گزارش ہے کہ مہربانی کر کے میرے حلقے کے لئے اور ڈی جی خان ڈویژن کے لئے پینے کے پانی کے لئے پیکج دیا جائے تاکہ ہم اپنے علاقے کے اندر RO Plants، فلٹریشن پلانٹ اور ہماری جو existing water supply schemes ہیں انہیں solarize کر سکیں۔ میرا اپنا تعلق بلکہ آپ کے ہاؤس کے اندر یہاں پر چار ممبرز میرے حلقے کے اندر قصبہ چوٹی زیریں کے رہائشی ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! پلیز wind up کریں۔

جناب محمد احمد خان لغاری: جناب سپیکر! میں دو منٹ میں wind up کرتا ہوں۔ میں عرض کر رہا تھا کہ میرے حلقے میں ایک قصبہ چوٹی زیریں کا ہے جہاں سے آپ کی پارلیمنٹ کے چار ایم پی ایز بیٹھے ہیں۔ ادھر کا سیوریج سسٹم پچھلے پانچ سال میں بالکل درہم برہم ہو گیا ہے مہربانی کر کے اس کے لئے بھی کچھ سوچا جائے اور ہمیں فنڈز دیئے جائیں۔ میں خوش قسمت ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہے کہ میرے حلقے میں ایک علاقہ ہے جس کا نام سخی سرور ہے اس علاقے کا سب سے بڑا

فائدہ یہ ہے کہ یہ جو شہر ہے یہ حضرت سخی سرور کے دربار سے منسلک ہے ادھر ہر سال ہزاروں اور لاکھوں زائرین آتے ہیں مگر اس کا بھی پچھلے پانچ سال میں نظام بالکل الٹا سیدھا ہو چکا ہے۔مہربانی کر کے ہمیں سخی سرور پیکج دیا جائے تاکہ اس کے لئے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سٹریٹ لائٹس اور زائرین کی سکیورٹی کے لئے انتظامات کر سکیں۔

جناب سپیکر! میرا پہلا tenure ہے تین چار دن سے یہاں بجٹ تقاریر ہو رہی ہیں اگر میرے بھائی مجھے اجازت دیں تو میں بھی فارم 45 اور 47 کی تھوڑی سی بات کرنا چاہتا ہوں۔ میرا تعلق ضلع ڈیرہ غازی خان سے ہے، ضلع ڈی جی خان دو حصوں میں divided ہے اس کا ایک حصہ ڈی جی خان اور تحصیل کوٹ چھٹے کا ہے اور دوسرا حصہ تونسہ شریف کا ہے۔ اب اس خطے میں کمشنر ایک ہے، ڈی سی او ایک ہے آر پی او ایک ہے ڈی پی او ایک اور تو اور یہاں پر محکمہ زراعت والے بھی ایک ہی ہوتے ہیں۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ جب رزلٹ آئے تو الحمدللہ میرے بڑے بھائی میرے قابل احترام خواجہ شیراز صاحب ہیں اللہ تعالیٰ نے انہیں ایم این اے بنایا انہوں نے اپنی عوام سے ووٹ لیا اور ماشاءاللہ آج وہ اسمبلی کے اندر ہیں۔ میرے والد صاحب کے دوست قابل احترام خواجہ صلاح الدین صاحب آج بطور ایم پی اے ہمارے ساتھ ہاؤس میں بیٹھے ہیں۔ یہ میرا چھوٹا بھائی طاہر قیصرانی بیٹھا ہے اور مجھے دیکھ کر ہنس رہا ہے۔ اگر اویس لغاری جیت جائے، احمد لغاری جیت جائے، اسامہ جیت جائے، علی لغاری جیت جائے تو ہم فارم 47 والے ہو گئے وہی ڈی سی او ہے، وہی کمشنر ہے، وہی آر پی او ہے وہی ڈی پی او ہے زراعت والے بھی وہی بیٹھے ہیں تو آپ 45 والے اور میں 47 والا۔ مجھے یہ بات سمجھ نہیں آئی۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! پلیز wind up کریں۔

جناب محمد احمد خان لغاری: جناب سپیکر! میں آخر میں حکومت پنجاب اور خصوصی طور پر محترمہ مریم نواز شریف اور وزیر خزانہ کو اس بجٹ دینے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اپنی نادر CM اور بہادر بہن کے لئے چند اشعار کہنا چاہتا ہوں۔ محترمہ میڈم اور وزیر خزانہ کی خدمت میں شاکر کے اشعار پیش کر رہا ہوں:

تو محنت کر محنت دا صلہ جانے خدا جانے
تو ڈیوا بال کے رکھ چا ہوا جانے خدا جانے
خزاں دا خوف تاں مالی کوں بزدل کر نہیں سکدا
چمن آباد رکھ باد صبا جانے خدا جانے

بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! بہت شکریہ۔جی، جناب ایاز بودلہ!

جناب ایاز احمد: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔جناب سپیکر! شکریہ۔ میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے وقت عنایت فرمایا۔میرا تعلق ضلع ملتان کی تحصیل شجاع آباد سے ہے اور میرا حلقہ پی پی۔222 ہے وہاں پر جس طرح سے پورے سرائیکی بیلٹ میں problems ہیں same problems میرے حلقے میں بھی ہیں۔ تحصیل شجاع آباد میں جتنے water purification plants ہیں بد قسمتی سے اس وقت وہ سارے بند پڑے ہیں اور وہ غیر فعال ہیں۔ان میں سے کوئی پلانٹ ایسا نہیں ہے جو موقع پر چل رہا ہو۔اس کے علاوہ میرا حلقہ پانچ لاکھ سے زائد کی آبادی پر مشتمل ہے اس میں تقریباً دو لاکھ کی آبادی میٹھے پانی کی سہولت سے محروم ہے۔میں منسٹر صاحب سے استدعا کروں گا کہ وہ بھی پاکستانی ہیں وہ بھی tax payer ہیں اور پنجاب کے ہی باسی ہیں۔جب سے پاکستان بنا ہے اگر آج تک ہم ان کو پینے کے لئے میٹھا پانی نہیں دے سکے تو یہ ہمارے لئے لمحہ فکریہ ہے ہمیں اسے دیکھنا چاہیئے۔

جناب سپیکر! شجاع آباد کا مین سیوریج سسٹم اور خاص طور پر وہاں کا جو ہسپتال ہے اس کی capacity پہلے سے بھی کم کر دی گئی ہے اس کے دس بیڈ کم کر دیئے گئے ہیں۔وہاں پر آٹھ لاکھ کی آبادی کے لئے وہاں کے ہسپتال میں دل کا کوئی ڈاکٹر موجود نہیں ہے۔میری استدعا ہے کہ وہاں پر خاص طور پر کارڈیک سپیشلسٹ ضرور ہو جیسا کہ ماضی میں ہیپاٹائٹس کے لئے سپیشل یونٹ دیا گیا الحمدللہ اب وہ وہاں پر working میں ہے لیکن اسے بھی فنڈز کی کمی کا سامنا ہے۔بجٹ کے ساتھ ساتھ میں تھوڑی سی گزارش کرنا چاہوں گا کہ حکومتی بنچز کے میرے دوستوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم صاحبہ کے سو دنوں کی کارکردگی کو بہت سراہا ہے۔انہوں نے اپنی کارکردگی میں پہلی بسم اللہ

کاشتکاروں پر پڑھی اور جو گندم کا حال کیا وہ آپ کے سامنے ہے۔ آپ کا تعلق بھی زمیندار گھرانے سے ہے اور اس ہاؤس میں اکثریتی لوگ وہ بیٹھے ہیں جو زراعت سے وابستہ ہیںin fact پاکستان کی ساری معیشت زراعت سے منسلک ہے اور یہ ایک زرعی ملک ہے لیکن گندم کی خریداری نہ کر کے ہمیں ایک بہت بڑا معاشی نقصان ہوا ہے۔ یہ سو دن کا پہلا میڈل ہے۔ دوسرا میڈل تعلیم کا ہے۔ جب اللہ سبحان تعالیٰ نے یہ کائنات بنائی تو اپنے نبی ﷺ کے صدقے بنائی جب نبی ﷺ پر قرآن مجید نازل ہوا تو پہلا لفظ اقراء کا تھا۔ اقراء سے ہی ہمارا قرآن مجید شروع ہوا۔CM صاحبہ کی کارکردگی پر یہاں پل باندھے جا رہے ہیں لیکن انہوں نے تعلیم پر پہلی بسم اللہ پڑھی ہے انہوں نے سکولوں کا کیا حال کیا ہے؟ کیا یہ حل ہے کہ سکولوں کو پرائیویٹائز کر دیا جائے پرائیویٹ بندوں کو دے دیا جائے۔ یعنی سکولوں کوprivatize کیا جائے۔ میں یہ سُن کر حیران ہوا ہوں کیونکہ یہ مسئلے کا حل نہیں ہے۔ وہ غریب لوگ جو اپنے بچوں کو سرکاری سکولوں میں نہیں پڑھا سکے وہ پرائیویٹ اداروں میں کیسے پڑھائیں گے؟ میں On the floor of the House یہ بات کر رہا ہوں کہ میرے نزدیک پاکستان اور خاص طور پر صوبہ پنجاب میں تعلیم کا جو بھی بُرا حال ہوا ہے اس کے ذمہ دار یہ (Punjab Educational Endowment Fund(PEEF کے ادارے ہیں۔ یہ PEEF والے کروڑپتی ہو گئے جبکہ گورنمنٹ کے ٹیچرز اس تنخواہ میں اپنے بچوں کو خود نہیں پڑھا سکتے اور ان کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے۔ اگر پاکستان میں الیکشن ہوں تو گورنمنٹ کے ٹیچرز کی ڈیوٹی لگتی ہے۔ پاکستان میں پولیو کے قطرے پلانے ہوں تو اساتذہ کی ڈیوٹی لگتی ہے۔ اسی طرح مردم شماری میں بھی ٹیچرز کی ڈیوٹیاں لگائی جاتی ہیں یعنی بچوں کو تعلیم دلوانے کے علاوہ ہم ہر کام ان ٹیچرز سے لے رہے ہیں۔ میری گزارش ہے کہ ہمیں اس بارے میں تھوڑی سی نظر ثانی کی ضرورت ہے۔

جناب سپیکر! میں آخر میں اتنی گزارش ضرور کروں گا کہ میں نے اس اسمبلی میں جو ماحول دیکھا ہے وہ انتہائی نامناسب ہے۔ میں پہلی دفعہ ایم پی اے منتخب ہوا ہوں اور میرا یہ پہلا تجربہ ہے۔ عمران خان کے ووٹ کے صدقے اللہ پاک نے مجھے عزت دی ہے۔ اس سے پہلے میں نے بطور چیئرمین یونین کونسل فرائض سرانجام دیئے ہیں۔ جس speed سے میں پنجاب اسمبلی کو ترقی کرتا دیکھ رہا ہوں میرے خیال میں ہم بہت جلد قومی اسمبلی والے معیار تک پہنچ جائیں گے۔ قومی اسمبلی میں جو گفتگو کا معیار ہے اور جو نازیبا الفاظ وہاں پر استعمال ہوتے ہیں ہم بڑی تیزی

کے ساتھ اس طرف جا رہے ہیں۔اس معزز ایوان سے تعلق رکھنے والے دونوں اطراف کے اراکین کو اس بارے میں کوئی لائحہ عمل بنانا چاہئے۔

جناب سپیکر! عمران خان اس ملک میں ایک حقیقت ہیں۔ان کی جماعت ایک حقیقت ہے۔کوئی اس کو تسلیم کرے یا نہ کرے۔سیاست کا طالب علم ہونے کی حیثیت سے میرے خیال میں ہم اپنے حصے کا سچ بولنا چاہتے ہیں لیکن دوسرے کا سچ سُننا نہیں چاہتے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ایاز بودلہ صاحب! بہت شکریہ۔تشریف رکھیں۔اب جناب سلطان باجوہ صاحب بات کریں گے۔

جناب سلطان باجوہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیمO لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہO جناب سپیکر! آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے اس ایوان میں بجٹ پر اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیا ہے۔میں وزیر اعلیٰ محترمہ مریم نواز شریف اور وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں اور انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک بہت ہی بہترین اور عوام friendly بجٹ پیش کیا ہے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں امید کرتا ہوں کہ ان شاءاللہ یہ بجٹ نہ صرف صوبہ پنجاب کی معیشت کے لئے بہتر ثابت ہو گا بلکہ یہ پنجاب کے عوام کی زندگیاں بھی آسان کرے گا۔میں سلطان باجوہ ضلع ننکانہ سے آزاد امیدوار کے طور پر اس معزز ایوان کا حصہ بنا ہوں۔میں پی پی۔132 کی عوام کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے مجھ پر بھروسہ کیا ہے اور مجھے دس ہزار کی lead سے جتوا کر اس ایوان میں بھیجا ہے۔اس موقع پر میں اپنے والد محترم طارق محمود باجوہ کا ذکر ضرور کرنا چاہوں گا جنہوں نے سال 2008 سے لے کر 2013 تک اور 2013 سے لے کر 2018 تک اس علاقے کی نمائندگی کی ہے۔میاں محمد شہباز کے دور حکومت میں میرے والد صاحب نے اربوں روپے کے funds کے ساتھ اپنے علاقے میں بہت زیادہ ترقیاتی کام کروائے ہیں۔انہوں نے ہمارے علاقے میں اچھی کارپٹ سڑکیں بنوائی ہیں۔ہماری ماؤں بہنوں کے لئے walking tracks اور اچھے پارکس بنائے ہیں۔بچوں کے لئے بھی پارکس بنائے گئے اور ان میں جھولے لگوائے ہیں۔اس کے علاوہ سانگلہ ہل کو THQ ہسپتال کا تحفہ بھی طارق باجوہ اور میاں شہباز شریف نے دیا تھا۔مجھے یہ

کہتے ہوئے بہت شرم محسوس ہو رہی ہے کہ پچھلی حکومت کے دور میں سانگلہ ہل میں ایک بھی کام نہیں کروایا گیا بلکہ جن سڑکوں کا ذکر میں نے پہلے کیا ہے ان کی کوئی مرمت نہیں کروائی گئی اور ساری سڑکیں تباہ و برباد ہو چکی ہیں۔ اس علاقے میں بچوں کے لئے جو پارکس بنائے گئے تھے ان کے جھولے اُکھاڑ کر فروخت کر دیئے گئے ہیں۔ سانگلہ ہل کے THQ ہسپتال کے پاس اب funds نہیں ہیں شاید وہ ایک یا دو ہفتے چلے گا۔ ان سب خرابیوں کا ذمہ دار کون ہے؟

جناب سپیکر! میں یہ بات فخر سے بتا رہا ہوں کہ اس بجٹ میں سانگلہ ہل کے لئے کافی نئی سڑکیں تعمیر کرنے کے لئے funds مختص کئے گئے ہیں۔ اسی طرح THQ ہسپتال سانگلہ ہل کو revamp کرنے کا منصوبہ شامل کیا گیا ہے۔ سانگلہ ہل سے شاہ کوٹ تک کی سڑک، سانگلہ ہل سے صفدر آباد کی سڑک، سانگلہ ہل سے مڑ بلوچاں کی سڑک اور سانگلہ ہل سے فیصل آباد کی سڑک کو اس مرتبہ ADP میں شامل کیا گیا ہے۔ میں اپنے عوام سے وعدہ کرتا ہوں کہ ایک ایک روپیہ لوگوں کی خدمت پر لگاؤں گا۔

جناب سپیکر! میں یہ بات بتاتے ہوئے بہت فخر محسوس کرتا ہوں کہ اس ایوان کے کم عمر نوجوانوں میں میرا شمار ہوتا ہے۔ یہ بجٹ دیکھ کر مجھے کافی خوشی ہوئی ہے کیونکہ اس میں youth پر کافی زیادہ focus کیا گیا ہے۔ اس بجٹ میں undergraduate scholarship دیئے جا رہے ہیں اور Digital Punjab Scheme کے تحت I.T Cities بنائے جائیں گے۔ اس کے ذریعے ہم اپنی نوجوان نسل کو digital skill میں educate کریں گے اور ان شاءاللہ وہ اچھی skill حاصل کرنے کے بعد freelancing کر کے اپنے کاروبار کر سکیں اور دنیا بھر میں اچھی نوکریاں لے سکیں گے۔

جناب سپیکر! میرے حلقہ کی 90 فیصد عوام کا تعلق کسان گھرانوں اور چھوٹے کاروبار کرنے والوں سے ہے۔ اس بجٹ میں پنجاب کسان کارڈ کا اجراء کیا جا رہا ہے، Solarization of Agriculture Tube-wells کا منصوبہ شامل کیا گیا ہے۔ اس بجٹ میں گرین ٹریکٹر پروگرام شامل کیا گیا ہے۔ ہم نے کسانوں کے لئے اس بجٹ میں جو پروگرام شامل کئے ہیں وہ سب قابل تعریف ہیں۔ اس میں بجٹ جس طرح Youth, Health and Education پر توجہ دی گئی ہے اس سے پہلے کبھی ان تینوں شعبوں پر اتنا زیادہ focus کبھی نہیں کیا گیا۔ یہی پنجاب کا مستقبل ہے اور ان شاءاللہ اسی کی وجہ سے صوبہ پنجاب میں خوشحالی آئے گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، باجوہ صاحب! wind up کر لیں۔

جناب سلطان باجوہ: جناب سپیکر! میں دو منٹ میں wind up کر لیتا ہوں۔ فنانس منسٹر صاحب یہاں موجود ہیں اور دیکھ رہا ہوں کہ وہ points note کر لیں گے۔ میں ان سے درخواست کروں گا کہ میرے حلقے کے کچھ مسائل بھی note down کر لیں اور کوشش کریں کہ ان problems کو جلد از جلد resolve کروایا جائے۔ سانگلہ ہل میں THQ ہسپتال ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ سانگلہ ہل کو ایک ٹراما سنٹر دیا جائے تا کہ کسی مریض کو دو اڑھائی گھنٹے کا سفر طے کر کے علاج کے لئے لاہور نہ آنا پڑے۔ اس کے علاوہ سانگلہ ہل گورنمنٹ گرلز کالج کی عمارت بہت خستہ حال ہو چکی ہے۔ ہماری بچیاں اس گرمی میں بھی باہر لان میں بیٹھ کر تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔ میری درخواست ہے کہ اس کالج کی عمارت فوری طور پر بنوائی جائے اور اس بجٹ میں اس کے لئے funds مختص کئے جائیں۔ اس کے علاوہ سانگلہ ہل میں سیوریج سسٹم بالکل درہم برہم ہو چکا ہے۔ میرے علاقے کے تین محلے سیوریج کے پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ میری درخواست ہے کہ اس سیوریج سسٹم کو ٹھیک کیا جائے۔

جناب سپیکر! میرے علاقے میں امن و امان کی صورتحال بہت ابتر ہو چکی ہے۔ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ اس بارے میں خصوصی طور پر notice لیا جائے۔ وہاں پر ہر روز چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں ہو رہی ہیں۔ یہ صورتحال اب ناقابل برداشت ہو چکی ہے۔ میں نے اپنی بجٹ تقریر کی تیاری کی اور اس کے بعد میں آج صبح اسمبلی پہنچا ہوں۔ میں نے اپنا فیس بک کھولا تو اس پر پہلی خبر یہ تھی کہ آج صبح ایک تاجر بھائی سے ایک لاکھ بیس ہزار روپے چھین لئے گئے ہیں۔ اس کے پندرہ منٹ بعد میں باہر چائے پینے کیا گیا ہوں تو دوسری خبر آگئی کہ ایک دوسرے تاجر بھائی سے ایک لاکھ پچاس ہزار روپے گن پوائنٹ پر چھین لئے گئے ہیں۔ میں حکومت سے درخواست کروں گا کہ جلد از جلد اس مسئلے کو حل کیا جائے۔

جناب سپیکر! میں آخر میں اپنے حلقے کی عوام کا بہت شکریہ ادا کروں گا کہ جنہوں نے آزاد حیثیت سے مجھے اس ایوان میں پہنچایا ہے۔ان کے پیار کے بدلے میں ایک شعر پڑھوں گا کہ:

میں لکھاں شکر ادا کیتے
رب مخلص یار عطا کیتے

بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، شکریہ۔ اجلاس کا وقت شام 7 بجے تک تھا تو اب اجلاس کا وقت آدھا گھنٹہ extend کیا جاتا ہے۔جناب رضی اللہ خان!

(اس مرحلے پر اجلاس کا وقت آدھا گھنٹہ بڑھا دیا گیا)

جناب رضی اللہ خان: جناب سپیکر! شکریہ۔ میرے سامنے سے اخبار کی ایک heading گُزری جس میں وزیر خزانہ نے کہا تھا کہ Punjab will not compromise on its share in NFC Award. بہت اچھی بات ہے کہ اپنا حق حاصل کرنے کے لئے یہی جذبہ ہونا چاہئے لیکن میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب دوسروں کو یہ حق دینا ہو تو اُس وقت یہ جذبہ کدھر چلا جاتا ہے؟ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب یہ NFC Award لیا گیا اور پنجاب کا رقبہ show کیا گیا تو کیا اُس میں کہروڑپکا تحصیل کا رقبہ شامل تھا یا نہیں تھا۔جب آبادی show کی گئی تو کیا اُس میں کہروڑپکا کی آبادی شامل تھی یا نہیں تھی؟ جب پسماندگی show کی گئی تو کیا میرے علاقے کی پسماندگی show کی گئی یا show نہیں کی گئی؟ اگر ایسا کیا گیا ہے تو ہمارا due share ہمیں ملنا چاہئے۔ جب میں بجٹ کو دیکھتا ہوں تو اس میں مجھے اپنی تحصیل کے لئے کچھ نظر نہیں آتا۔ میں اپنی سابقہ تقاریر میں سارے مسئلے بیان کر چکا ہوں۔ میں اپنے تمام معزز وزراء کو درخواستیں دے چکا ہوں، reminder دے چکا ہوں لیکن سب کچھ ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا گیا۔ اگر آپ یہی رویہ رکھیں گے تو لوگوں میں احساس محرومی پیدا ہو گا جو ہمارے ملک کے لئے بہتر نہیں ہے۔ بہر حال میں نہیں سمجھتا کہ میری تقریر سے اس بجٹ میں کوئی قومہ یا فُل سٹاپ تبدیل ہونے والا ہے لیکن میرا فرض ہے کہ میں یہاں پر اپنے علاقے کے مسائل بیان کروں۔

جناب سپیکر!30 سال پہلے میری عوام کا مطالبہ تھا کہ ایک پُل تعمیر کیا جائے جس کو شاہ ابو طاہر پُل کا نام دیا جائے جو قادر پور چَنا سے خیر پور ٹامیوالی تک تھا تا کہ میرے کسانوں کو حاصل پور اور چشتیاں جیسی بڑی منڈیوں تک رسائی ملے، اُنہیں اجناس کا بہتر ریٹ ملے اور اس کا ایک فائدہ یہ بھی ہو گا کہ میری نوجوان نسل جو اس وقت منشیات اور جرائم کی طرف مائل ہے اُن لوگوں کو روزگار ملے گا جب یہ connectivity بڑھے گی تو اُدھر سرمایہ کاری آئے گی، economic activities پیدا ہوں گی جس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ اس پُل سے میرے علاقے کا مستقبل وابستہ ہے، میرے نوجوانوں کا مستقبل وابستہ ہے، میرے کسانوں کی روٹی روزی وابستہ ہے۔ اِدھر ٹریفک میں تھوڑا سا مسئلہ آ جائے تو مہینوں میں پُل اور انڈر پاس بن جاتے ہیں۔ ہم 30 سال سے پُل مانگ رہے ہیں جو آج تک نہیں ملا۔

جناب سپیکر! وزیر اعلیٰ صاحبہ کا ایک نعرہ ہے "صاف سُتھرا پنجاب"۔ میری خواہش ہے کہ اُس نعرے کا کچھ اثر میرے علاقے پر بھی ہو۔ سیوریج سسٹم مانگا گیا وہ نہ دیں کم از کم میونسپل کمیٹی کو فعال کر دیں۔ ہر طرف سے فون آتا ہے کہ جناب! یہاں پر پانی کھڑا ہے گزر نہیں سکتے اس کا کچھ کریں۔ CEO صاحب سے کہتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ فنڈز نہیں ہیں ہم نے requisition بھیجی ہوئی ہے کہ 5 کروڑ روپیہ دیا جائے۔ ہم نے واجبات بھی ادا کرنے ہیں لیکن ہمیں کچھ بھی نہیں دیا گیا۔ وزیر خزانہ سے میری التماس ہے کہ میونسپل کمیٹی کہروڑ پکا کو فعال کیا جائے۔

جناب سپیکر!8 کالجوں کی سکیمیں پیش کی گئیں جس میں 7 کالجوں کی سکیموں کو منظور کر لیا گیا لیکن واحد ایسوسی ایٹ کالج فار گرلز دھنوٹ کو نکال دیا گیا۔ میری گزارش ہے کہ اُس کالج کو بھی منظور شُدہ سکیموں میں شامل کیا جائے۔

جناب سپیکر! آج کل ہمارے ہاں گردوں کی امراض بڑھتی جا رہی ہیں تو ہمارے پاس اس وقت dialysis کی 4 مشینیں ہیں جو کہ وہاں کے مخیر حضرات غلام محمد حسین بلوچ اور نعیم چوہان نے ہمیں دو دو مشینیں دیں وہ مزید بھی ایک ایک مشین دینا چاہتے ہیں۔ اگر ہمیں وہاں پر ایک nephrologist، ایک technician اور دو نرسیں مل جائیں تو ہمیں ملتان یا بہاولپور جانے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔

جناب سپیکر! میری تحصیل میں ایک Rehabilitation Centre بھی نہیں ہے۔ اس وقت دھنوٹ میں آپ کو زمین acquire کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے تو دھنوٹ کو ایک RHC دیا جائے۔ دربار شیر کبیر والی، خان دا کھوہ والی کافی ہیں لیکن ایک مین رستہ کہروڑ پکا سے لودھراں کی سڑک ہے جو میری تحصیل کو لودھراں اور بہاولپور سے ملاتا ہے، یہ سڑک 2019 سے pending ہے۔ وہاں پر 1122 کی service بھی نہیں چل سکتی تو میری گزارش ہے کہ اُس روڈ کو مکمل کیا جائے تاکہ ہم وہاں پر یونیورسٹی کا رُوٹ بھی منظور کرا لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بہت شکریہ۔ جناب احمد اقبال صاحب!

جناب احمد اقبال چودھری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ جناب سپیکر! میں اپنی تقریر شروع کرنے سے پہلے یہ کہنا چاہوں گا کہ میرا تعلق پاکستان مسلم لیگ سے ہے اور ابھی وہاں سے کوئی آواز آئی کہ اگر عمران خان ہوتا تو پتا نہیں فلسطین کا مسئلہ حل ہو جاتا۔ میں اس ایوان کو یہ یاد کرانا چاہتا ہوں کہ اگر مسلم لیگ نہ ہوتی اور مسلم لیگ قائداعظم نہ ہوتا تو آج پاکستان نہ ہوتا۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں سب سے پہلے تو وزیر اعلیٰ محترمہ مریم نواز شریف کو داد دینا چاہوں گا کہ انہوں نے اتنے کم وقت میں صوبہ پنجاب کو دوبارہ پٹڑی پر چڑھا دیا جس کو پچھلے پانچ سال ایک سازش کے تحت جیسے گاڑی کا انجن نکال کر اور اُس کے پُرزے نکال کر بالکل ناکارہ بنانے کی کوشش کی جاتی ہے اسی طرح سے پچھلے پانچ سال پنجاب کے ساتھ زیادتی ہوتی رہی اور اس صوبے کو بالکل مفلوج کر کے رکھ دیا گیا۔ ضلع نارووال میں ہونے والے تمام ترقیاتی کام چاہے وہ نارووال میڈیکل کالج ہو، چاہے وہ لاہور سیالکوٹ موٹروے ایکسپریس وے ہو، اُن تمام کاموں کو روک کر شاید یہ سمجھتے تھے کہ لوگوں کو تکلیف دینے سے حکومت ہوتی ہے۔ حکومت میں آ کر لوگوں کو سہولیات دینی ہوتی ہیں اس لئے آج آپ اُس سائیڈ پر بیٹھے ہوئے ہیں اور ہم اس سائیڈ پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں جہاں اپنی حکومت اور وزیر خزانہ کو داد دینا چاہوں گا کہ انہوں نے اس بجٹ میں عوام پر ٹیکسوں کا اضافی بوجھ نہیں ڈالا وہاں پر میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ اس صوبے

کے اندر اشرافیہ کو جو سہولیات دی جاتی ہیں ہمیں اُن پر نظر ثانی کرنی چاہئے۔ غریب پر ٹیکس نہ لگائیں لیکن امیر پر ضرور ٹیکس لگائیں اور اُس ٹیکس کو غریب پر خرچ کریں اُس کی سب سے بڑی مثال یہ ہے کہ ہر سال اربوں روپے سڑکوں اور شاہراہوں کی تعمیر پر خرچ ہوتے ہیں۔ خاص طور پر لاہور شہر میں پچھلے ایک ڈیڑھ سال میں نگران حکومت نے ہر جگہ انڈر پاسز اور اوور ہیڈ بریجز بنائے یہ اربوں روپے کے infrastructure projects بنائے اور یہ سہولت اشرافیہ کے لئے پیدا کی گئی ہے جو DHA اور DHA کے نیو فیزز میں رہتی ہے تاکہ اُنہیں ٹرانسپورٹ کی سہولت ملے لیکن وہ اُس infrastructure کے لئے ٹول ٹیکس کی مد میں ایک روپیہ بھی ادا نہیں کرتے تو میں وزیر خزانہ کو یہ تجویز پیش کرنا چاہوں گا کہ ایسے projects جن سے اشرافیہ کو سہولت ملتی ہو، بریجز ہوں، اوور ہیڈز ہوں، فلائی اوورز ہوں ان پر اُسی طرح ٹول ٹیکس لگنا چاہئے جیسے رنگ روڈ پر ٹول ٹیکس لگتا ہے، جیسے موٹروے پر ٹول ٹیکس لگتا ہے تاکہ ان منصوبوں سے بھی حکومت پیسے کما سکے۔ غریب آدمی تو میٹرو بس اور اورنج ٹرین میں پیسے دے کر بیٹھتے ہیں۔

جناب سپیکر! یہ ہمارے ٹرانسپورٹ سیکٹر کی anomaly ہے جس کو fix کر کے ہم مزید ریونیو حاصل کر سکتے ہیں۔ اسی طرح ہاؤسنگ سوسائٹیز کی ایک bonanza پنجاب کے اندر شروع ہوئی ہے۔ آپ یہاں لاہور سے نکلیں اور جموں کے بارڈر تک جہاں پر سرکار نے سڑک بنا دی وہاں پر پراپرٹی کے انویسٹر پہنچ گئے اور زرعی زمین کو انہوں نے convert کر کے plotting کرنی شروع کر دی ہے۔

جناب سپیکر! گورنمنٹ کی investment، tax pay money ٹ اور اس کے profit سے یہ رئیل اسٹیٹ سیکٹر اور ڈویلپرز کما رہے ہیں۔ ان سے ہاؤسنگ کی ڈیمانڈ پوری نہیں ہو رہی۔ آج بھی پنجاب کے اندر کوئی کم قیمت ہاؤسنگ سوسائٹی موجود نہیں ہے۔ گورنمنٹ اتنا بڑا regulator ہے۔ گورنمنٹ اپنے رولز میں ترمیم کر کے یا تو انہیں پابند کرے کہ یہ کم قیمت کی high density housing development کرے تاکہ غریب آدمی وہاں پر مکان afford کر سکے۔ اس وقت پورے کا پورا رئیل اسٹیٹ سیکٹر بلیک اکانومی کا ڈیپازٹ اکاؤنٹ بنا ہوا ہے جس کی کوئی پوچھ گچھ نہیں ہے اور جس پر گورنمنٹ کوئی ٹیکس نہیں کما سکتی۔

جناب سپیکر! یہ بڑے اہم سوالات ہیں۔ اگلے دن حفیظ پاشا نے ہمیں بریفنگ دی کہ ایک ٹریلین روپے کی ADP ہماری compromise ہو چکی ہوئی ہے۔ NFC نے اپنا share چھوڑنے پر پٹرولیم لیوی پر اپنے پیسے چھوڑنے میں کچھ اہم چیزیں ہیں جن کی صرف نشاندہی کر کے اپنی تقریر کا اختتام کروں گا۔

جناب سپیکر! یہ پنجاب کا صوبہ پانچ دریاؤں کی دھرتی ہے۔ سندھ طاس معاہدے کے بعد ہم نے راوی کا پانی بھارت کو دے دیا۔ میرا حلقہ وہ حلقہ ہے جہاں سے جموں اور بھارت سے راوی پاکستان کے اندر داخل ہوتا ہے۔ آج وہ دریائے راوی جہاں صدیوں سے یہ پورا خطہ راوی کی وجہ سے آباد ہے۔ آج وہ دریائے راوی صحرا کا منظر پیش کر رہا ہے۔ 28۔ فروری 2024 کو بھارت نے شاہپور کنڈی ڈیم بنا کر راوی کا آخری قطرہ بھی روک لیا ہے۔ یہ بہت serious مسئلہ ہے۔ 1950 کی دہائی میں جب سندھ طاس معاہدہ ہوا تھا تو پاکستان کی حکومت نے ان دریاؤں پر چھوٹے ڈیمز بنانے تھے۔ اگر ہم نے فوری طور پر پنجاب حکومت نے یا Water Conservation Projects شروع نہ کئے Recharging wells نہ بنائے، چھوٹے ڈیمز نہ بنائے اور راوی کو Reirrigate نہ کیا تو آپ کی ساری باسمتی کی ایکسپورٹ ختم ہو جائے گی۔

جناب سپیکر! مسائل تو بہت زیادہ ہیں لیکن میں چاہوں گا کہ پنجاب کے اندر ایک تو سندھ طاس معاہدے کی وجہ سے ہونے والے مسائل ہیں ان کو دیکھا جائے۔ آخر میں، میں اپنے حلقہ کے اس طبقے کی بات کروں گا جو جموں کے بارڈر کے ساتھ یا ورکنگ باؤنڈری کے ساتھ لوگ رہتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں کہ جب بھارت اور پاکستان کے درمیان کشیدگی ہوتی ہے تو اپنی جانوں کی قربانی پیش کرتے ہیں۔ ان کے جانور مرتے ہیں اور مال مویشی پر حملے ہوتے ہیں۔ 2024 میں لاکھوں لوگ یہاں سے اڑھائی گھنٹے کی مسافت پر بارڈر ایریا میں جو رہتے ہیں ان کے پاس نہ موبائل فون کی سروس ہے اور نہ ان کے پاس انٹرنیٹ کی سروس ہے۔۔۔

(اذان مغرب)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جناب احمد اقبال!

جناب احمد اقبال چودھری: جناب سپیکر! صوبہ پنجاب کے لئے ایک بڑی پریشان کن بات ہے کہ گورنمنٹ کا سائز اتنا بڑا ہو گیا ہے کہ اگر آپ بجٹ کے document دیکھیں تو صرف ایک کھرب روپیہ ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن پر خرچ ہو رہا ہے جبکہ کل اخراجات دو کھرب روپے کے ہیں۔ اس وقت تقریباً 54 فیصد خرچہ صرف اور صرف سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن کا ہے۔ اس چیز کو ہمیں بڑی سنجیدگی سے لینا ہو گا کہ سرکار نے اتنی over hiring ہر لیول پر کی ہوئی ہے۔ تحصیل لیول پر افسران بٹھائے ہوئے ہیں جو کام نہیں کرتے۔ ڈسٹرکٹ لیول پر افسران بٹھائے ہوئے ہیں جو کام نہیں کرتے۔ ہمیں ایک دفعہ ہیڈ کاؤنٹنگ کر کے یہ دیکھنا چاہئے کہ کون سے productive ملازمین ہیں اور کون سے non-productive ہیں۔ ان کو کسی کام لگانا چاہئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، احمد صاحب! بہت شکریہ

جناب احمد اقبال چودھری: جناب سپیکر! پراپرٹی ٹیکس پنجاب حکومت کا بہت بڑا source of income ہے۔ جس میں صرف 29۔ارب روپے بجٹ اکٹھا کیا گیا۔ ہم ابھی تک 1958 کے پراپرٹی ٹیکس کے قانون کو follow کر رہے ہیں جبکہ پراپرٹی ٹیکس میں پوری دنیا value base tax پر چلی گئی ہے۔ چنائے انڈیا کا ایک شہر ہے جس کی آبادی صرف لاہور جتنی ہے۔ چنائے شہر اس وقت پورے پنجاب سے زیادہ پراپرٹی ٹیکس اکٹھا کر رہا ہے تو میں فنانس منسٹر کو یہ بھی تجویز کروں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: احمد صاحب! اگر آپ کے کچھ پوائنٹس رہ گئے ہیں تو آپ فنانس منسٹر صاحب کے ساتھ share کر لیں۔

جناب احمد اقبال چودھری: جناب سپیکر! ٹھیک ہے۔ میں آخری بات کروں گا کہ کل شہزاد اکبر صاحب نے ایک بیان دیا ہے۔ انہوں نے اعتراف کیا ہے کہ جو احتساب کے کیس پی ٹی آئی نے بنائے تھے وہ جھوٹے تھے۔ یہ مکافات عمل ہے کہ میرے والد محترم احسن اقبال نے اڈیالہ جیل کی اسی کوٹھری میں جھوٹے کیس پر سزا کاٹی تھی جہاں آج ان کا لیڈر ایک fancy gym بنا کر بیٹھا ہوا ہے۔ وہی تحریک لبیک جس کو خان صاحب نے شہہ دے کر ہمارے خلاف ختم نبوت ﷺ کا

propaganda شروع کیا۔ میرے والد نے اس نفرت کی گولی بھی کھائی۔ میں ان کو یہ کہنا چاہوں گا کہ:

مٹی کی محبت میں ہم آشفتہ سروں نے
وہ قرض اتارے ہیں جو واجب بھی نہ تھے

بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بہت شکریہ۔ جناب اسامہ اصغر گجر!

جناب اسامہ اصغر علی گجر: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! میں 803۔ارب بجٹ خسارے پر بات بعد میں کرتا ہوں۔ جیسے میرے بھائی نے کہا قائد اعظم مسلم لیگ میں نہ ہوتے تو آج پاکستان نہ ہوتا تو میرے بھائی آپ مسلم لیگ ن میں کیا کر رہے ہیں آپ مسلم لیگ ق میں جاؤ۔ میں کافی دیر سے سن رہا ہوں گورنمنٹ کی طرف سے جو ہمارے بھائی تقریریں کر رہے ہیں 10،10 منٹ کی وہ پہلے پانچ منٹ بجٹ کی تعریف کرتے ہیں تو اگلے پانچ منٹ اس کی نفی کرتے ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ پہلے وہ پیرس دکھاتا ہے بعد میں وہ سونامی بن رہا ہوتا ہے۔ اب میں تعلیم کی طرف آؤں گا ہمارے سرکاری ملازمین جو کافی احتجاج میں ہیں۔ Leave Encashment کے کالے قانون کی طرف توجہ دلاؤں گا کہ اس کو ختم کیا جائے اور جو سکولوں کی نجکاری آپ کر رہے ہیں وہ نجکاری جس کو آپ PEF میں دے رہے ہیں یقین جانیے وہ جو آٹھ سے دس ہزار روپے پر آپ ٹیچر رکھتے ہیں وہ بچوں کی study کوئی اچھے طریقے سے نہیں کر سکتے یا تو ان کی تنخواہ بڑھائی جائے یا سکولوں کو upgrade کر کے گورنمنٹ اس پر توجہ دے اور جو میرے حلقے کے سکولوں کی buildings کافی پرانی ہو چکی ہیں۔ ہمارے گاؤں 156 چک کے سکول کی چھت سے پتھر گرنے سے ایک بچی زخمی ہو گئی لیکن شاید وہاں آپ کی توجہ نہیں گئی۔ CEO ہیلتھ نے بھی اس پر توجہ نہیں دی کہ آپ اس کو بجٹ میں ڈال کر اس سکول کو نئی بلڈنگ کی طرف لے کر جاتے ہیں۔ میں یہ بھی کہوں گا کہ آپ نے جیسے 20 سے 25 فیصد تنخواہیں سرکاری ملازمین کی بڑھائی ہیں اس کے ساتھ ساتھ آپ نے ان پر ظالمانہ ٹیکس بھی لگا دیا تنخواہیں آپ نے بڑھا دیں چلیں آپ نے ان پر جو ٹیکس لگایا ہے وہ کم از کم واپس کریں۔ میں صحت پر

بات کروں گا میں نے پچھلی تقریر میں بھی اپنے حلقے کی بات کی کہ میرے حلقے میں mother and child hospital پچھلی عمران خان کی گورنمنٹ نے شروع کیا اور وہ تقریباً complete ہو چکا ہے۔ اس کو بس اب فعال کرنا ہے میں کہتا ہوں وہ فعال بھی ہو اس کو ایک ٹیچنگ ہسپتال بنایا جائے تاکہ میرے جنوبی پنجاب کے سٹوڈنٹ کو ایک موقع ملے کہ وہ اپنے گھر میں رہ کے اپنی ٹیچنگ ہسپتال کی تعلیم وہاں حاصل کر سکیں۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میرے لیہ سٹی وہاں DHQ میں Rescue 1122 ambulance کم ہیں۔ اکثر patients کو ملتان کی طرف ریفر کیا جاتا ہے۔ جو serious patients ہوتے ہیں ان کو بھی انتظار کرنا پڑتا ہے کہ تین مریض اکٹھے ہو جائیں تو پھر ایک ایمبولنس میں جائیں تو میں کہتا ہوں کہ آپ air ambulance کا بعد میں انتظام کرنا پہلے ہمارے جنوبی پنجاب کی ایمبولنسز کو پورا کر دیا جائے۔ سڑکوں کا حال یہ ہے میرے لیہ کی سڑکیں جو ongoing sehemes ہیں۔ جس میں جاتو بستی، شاہنواز بستی عید گاہ وہاں پتھر تقریباً مکمل ہو چکا ہے لیکن وہاں صرف لُک کی ضرورت ہے اس کو سکیم سے نکال دیا گیا میں کہتا ہوں کہ کیا یہ ملک کا نقصان نہیں ہے اتنا بجٹ وہاں لگا کر صرف اس پر لُک نہیں ڈالی گئی اس کو چھوڑ دیا گیا۔ اسی طرح شیخوں والے محلے میں وہاں بھی پتھر ڈلا ہوا ہے لیکن اس پر لُک نہیں ڈالی گئی وہ بھی اربوں روپے کا نقصان ہے میں وزیر خزانہ سے کہوں گا کہ جو چیزیں ongoing sehemes چل رہی ہیں کم از کم ان کو complete کر دیں جو شروع ہی نہیں ہوئی تو انہیں رہنے دیں جو صرف آخری مراحل میں ہیں ان کو مکمل کیا جائے۔ میرا لیہ شہر اور لدھانہ قصبہ کی سیوریج کی بھی یہاں بات کروں گا اس وقت ادھر سیوریج کی بہت سخت ضرورت ہے۔ کیونکہ وہاں ہر طرف گندہ پانی نظر آتا ہے تو میں توقع کرتا ہوں وزیر خزانہ سے کہ اس طرف توجہ ضرور دیں گے۔ میں محکمہ جنگلات کی بات کروں تو پچھلے tenure میں عمران خان نے ایک شجر کاری مہم چلائی تین سال تک اس کو فنڈ ملتے رہے۔ وہاں میرے علاقے میں تقریباً 1363 ایکڑ۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، آپ اپنی بات کو Wind up کریں please۔

جناب اسامہ اصغر علی گجر: جناب سپیکر! میں آپ کا بس ایک منٹ لوں گا۔ وہاں 1363 ایکڑ پر مزدور لوگوں نے مل کر کام کیا۔ اب آخری دو سال میں اس کو فنڈ جاری نہ ہو سکا۔ میں چاہوں گا کہ

اس کو فنڈ جاری کیا جائے۔ میں آخر میں پولیس کی بات کرتا ہوں میں نے پچھلے جمعہ اپنے قائد عمران خان کی کال پر ایک احتجاج کی کال دی تو وہاں کی پولیس خاص طور پر DPO نے، میں تو آپ سے توقع رکھتا ہوں کہ آپ ہمارے لئے Rescue بنیں گے لیکن آپ ہمیں Rescue نہیں کر سکے لیکن ہمیں اپنی عوام کو Rescue کرنا ہے اور میں اس پولیس کو یہ کہتا ہوں کہ اپنے آپ کو لگام دو اس سے پہلے کہ پولیس کے گریبان پر عوام کا ہاتھ ہو اور ہم پولیس کو سڑکوں پر گھسیٹیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ گجر صاحب! جی، جناب سبطین رضا صاحب!

جناب محمد سبطین رضا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمدللہ رب العالمین درود پاک حضور ﷺ اور ان کی آل پر اللھم صل علی محمد وآل محمد وعجل فرج قائم آل محمد۔ جناب سپیکر! شکریہ۔ میں سب سے پہلے تو یہ بہترین بجٹ پیش کرنے پر وزیر خزانہ اور خصوصاً وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ ان حالات میں آج تک پنجاب کی تاریخ میں اس سے بہتر بجٹ پیش نہیں کیا گیا۔ ٹیکس فری بجٹ اور جس میں ہر angle کو دیکھا گیا ہے۔ چھوٹی بک ہے مکمل، جامع، متناسب جو الفاظ بھی کہے جائیں اس میں کم ہیں۔ تو وہ میاں نواز شریف کی بیٹی مریم نواز صاحبہ نے جو آج وزیر اعلیٰ پنجاب ہیں وہ جن مشکل حالات سے گزری ہیں ان مشکل حالات سے گزر کر انہوں نے ثابت کیا ہے کہ وہ لیڈر بن کر اُبھری ہیں اور کندن بن کر نکلی ہیں۔ اپنے مشکل حالات سے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، سات بجے تک ٹائم تھا تو آدھا گھنٹہ اجلاس کا وقت بڑھاتے ہیں۔

(اس مرحلے پر بحکم جناب ڈپٹی سپیکر اجلاس کا ٹائم 30 منٹ کے لئے بڑھا دیا گیا)

جناب محمد سبطین رضا: جناب سپیکر! جی وزیر علیٰ پنجاب مریم نواز صاحبہ عاجزی و انکساری کا پیکر ہیں۔ وہ محبت اور خلوص کی اعلیٰ مثال ہیں اور اتنی محنت سے اتنی دل لگی سے اتنی ہمت سے اس پنجاب کی بہتری کے لئے کام کر رہی ہے اور ہم ان کا اس محنت پر اس بارے میں ایک شعر کہوں گا:

ان کا طوفاں بھی راستہ نہیں روکا کرتے
جو سمندر کی پناہوں میں پلا کرتے ہیں

جناب سپیکر! ان شاءاللہ تعالیٰ میں اپنی لیڈر مریم نواز صاحبہ کو کہوں گا کہ ہم آپ کے سپاہی ہیں، ہم آپ کے ساتھ ہیں، ہم آپ کے ساتھی ہیں اور ان شاءاللہ آپ کا ساتھ اس طرح دیں گے اور اس کے لئے بھی ایک شعر کہوں گا:

کرو نا فکر ضرورت پڑی تو ہم دیں گے
رگوں کا خون چراغوں میں ڈالنے کے لئے

جناب سپیکر! ان کے مقابلے میں جس بندے کا نام لیا جاتا ہے اب میں Tyrian Khan کا بابا کہوں گا چڑھ جائیں گے قاسم کے ابو پر ناراض نہیں ہوتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شاہ صاحب آپ بجٹ پر رہیں۔

جناب محمد سبطین رضا: جناب سپیکر! بجٹ کے علاوہ مجھے بات کرنے کی اجازت بھی ہے۔ میں بجٹ پر بھی آرہا ہوں۔ وہ Tyrian Khan کے بابا کا نام لے کر مقابلہ کیا جاتا ہے جو متکبر انسان ہیں اس میں تکبر ہے میں یہ ہوں میں وہ ہوں میں یہ کرتا ہوں میں وہ کرتا ہوں اور ایک میں جس میں ہو اس سے اللہ اتنا سخت ناراض ہوتا ہے کہ میں وہ ذات ہے جو کہہ سکتے ہیں کہ میں ہوں اس کے علاوہ جو کہے میں ہوں وہ بالکل انسان اپنے آپ کو برباد کر دیتا ہے اور ایک بلھے شاہ کا شعر یاد ہے کہ:

پھلاں دا توں عطر بنا
عطراں دا فیر کڈ دریا
دریا وچ فیر رج کے نہا
مچھلیاں وانگوں تاریاں لا
فیر وی تیری بو نئیں مکنی
پہلے اپنی میں مکا

میں مکاؤ، غرور اور تکبر سے نکلو۔ اس متکبر انسان نے CPEC کو بند کر کے پاکستان کا جو بیڑہ غرق کیا ہے۔ اگر یہ CPEC کو بند نہ کرتا تو پاکستان آج Asian tiger ہوتا، ہم مقروض نہ ہوتے، ہم لوگوں کو قرضہ دے رہے ہوتے، پاکستان کے ذمہ 2017 میں میاں نواز شریف نے

آئی ایم ایف کا تمام قرضہ اتارا۔ 22-2021 میں وہ کیا پاکستان بنایا جس پاکستان کو آئی ایم ایف کا مقروض کر کے چھوڑ دیا اور یہ صرف CPEC کو بند کرنے کی وجہ سے ہوا۔ CPEC پاکستان کی اور ایشیاء کی ترقی کا راز تھا لیکن اس شخص نے سارے منصوبے کو برباد کر کے رکھ دیا ہے ورنہ آج پاکستان کا CPEC مکمل ہوتا اور پاکستان ترقی کر رہا ہوتا۔

جناب سپیکر! میں گزارش کروں گا کہ اس قوم کو صرف اور صرف "ٹیریان کے بابا" نے جھوٹ سکھایا ہے اور گالیاں دینی سکھائی ہیں۔ جھوٹ بولو اور اتنا بولو، اتنا بولو کہ لوگ سچ سمجھنے لگیں اور گالیاں اتنی دو کہ اگلا بندہ شرمندہ ہو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سبطین صاحب! Wind up کریں۔

جناب محمد سبطین رضا: جناب سپیکر! صرف ایک منٹ میں مکمل کرتا ہوں۔ ہم سرائیکی کلچر کے لوگ ہیں۔ ساڈے علاقے دے وچ پہلے زمانے دے وچ جیہڑا بندہ گالاں دیندا سی او نہوں لوک "کمینہ" کہندے سن اور آج "یوتھیے" کہتے ہیں۔ گالیاں دینے والے کو "یوتھیا" کہا جاتا ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سبطین صاحب! ایسا نہ کہیں۔

جناب محمد سبطین رضا: جناب سپیکر! جھوٹ اور گالیاں دینے والے کو "یوتھیا" کہا جاتا ہے۔ میری بات سنیں کہ ان کا نام قوم یوتھ سے قوم جھوٹ رکھ دو۔ میں یہاں پر کہتا ہوں کہ انہیں قوم یوتھ کی بجائے قوم جھوٹ کہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سبطین صاحب! یہ مناسب نہیں ہے۔

جناب محمد سبطین رضا: جناب سپیکر! Sorry اچھا میں معذرت کرتا ہوں۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سبطین صاحب! تشریف رکھیں کیونکہ ہم نے 8 بجے تک اسے wind up کرنا ہے۔

جناب محمد سبطین رضا: جناب سپیکر! صرف ایک منٹ دے دیں کیونکہ میں ایک اہم مسئلے کی نشاندہی کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جلدی سے کریں۔

جناب محمد سبطین رضا: جناب سپیکر! اگر یہاں وزیر مواصلات و تعمیرات موجود ہوتے تو وہ میری بات note کرتے کہ میں نے ان کی منت کی اور 20 دفعہ انہیں ملا اور میں نے چیف منسٹر صاحبہ کو بھی کہا کہ ایم ایم روڈ یعنی مظفر گڑھ تک کا road جو قاتل road کے نام سے مشہور ہے اسے مہربانی کر کے double کیا جائے کیونکہ یہاں پر 1500 لاشیں سالانہ اٹھانا پڑتی ہیں۔ وزیر مواصلات ہوتے تو میں ایک اور بات سناتا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سبطین صاحب! ابھی کافی اراکین نے بات کرنی ہے اس لئے آپ تشریف رکھیں اور یوں نہ کریں کیونکہ ہم نے 8 بجے تک سب کو موقع دینا ہے ناں۔ آپ کا چھٹا منٹ چل رہا ہے۔

جناب محمد سبطین رضا: جناب سپیکر! بس دو منٹ دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، last منٹ اور دو منٹ میں بڑا فرق ہے سبطین صاحب! بس آخری 30 سیکنڈ ہیں اور اپنی بات مکمل کر لیں۔

جناب محمد سبطین رضا: جناب سپیکر! اگر اس منصوبے کو repair میں لے کر آئے ہیں تو ہم 3000 لاشیں سالانہ اٹھائیں گے کیونکہ ہمیں وہ one way road چاہئے جو کہ 31۔ارب روپے کا منصوبہ ہے۔ جتنا اس سال بنتا ہے بنا دیں باقی اگلے سال میں بنا دیں۔ One way road نہیں بنے گی تو اس ٹوٹی پھوٹی سڑک پر ٹریفک حادثات میں 1500 لوگ سالانہ موت کے منہ میں جاتے ہیں۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سبطین صاحب! بہت وقت ہو گیا ہے اس لئے آپ تشریف رکھیں۔

جناب محمد سبطین رضا: جناب سپیکر! آخری بات کر لینے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، سبطین صاحب! ایسے نہ کریں اور اپنی نشست پر تشریف رکھیں۔ اگر آپ کے کوئی points رہ گئے ہیں تو وزیر خزانہ صاحب تشریف رکھتے ہیں تو آپ ان سے share کر لیں ناں۔ آپ ان سے share کر لیں۔

جناب محمد سبطین رضا: جناب سپیکر! آخری بات کر لینے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

جناب محمد سبطین رضا: جناب سپیکر! علی پور تا خیر پور، فتح پور روڈ کو بھی مکمل کیا جائے اور اس کے بعد علی پور اور جتوئی کو ملا کر ضلع بنایا جائے۔ یہ وہ مسائل ہیں جو میں بار بار عرض کر تا رہا ہوں تو مہربانی کر کے انہیں بجٹ میں شامل کیا جائے اور خدا کے واسطے میں پھر repeat کروں گا کہ مظفر گڑھ روڈ 31۔ارب روپے سے double road بننا ہے تو اسے بنایا جائے۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ سبطین صاحب! جی، رائے مرتضیٰ صاحب!

رائے محمد مرتضیٰ اقبال: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! بہت بہت شکریہ۔ اس سے پہلے کہ میں بجٹ پر جنرل گفتگو کروں تو فلسطین کے مسئلے پر میں گزارش کرنا چاہوں گا۔ فلسطین کا مسئلہ ایسا ہے جو پوری امت مسلمہ کا مسئلہ ہے۔ ہر پاکستانی کے دل کا مسئلہ ہے، ہر پاکستانی اس وقت پچھلے 10 مہینے سے جو بمباری وہاں پر ہو رہی ہے اور جو غزہ کی پٹی کو flat کر دیا گیا ہے اس پر غمگین ہے۔ میں پورے ہاؤس کے سامنے یہ بات رکھنا چاہوں گا اور حکومت سے بھی مطالبہ کرنا چاہوں گا کہ ٹھیک ہے ہم جنگ نہیں کر سکتے کیونکہ ہم غلام قوم ہیں اور ہم اپنے نوجوانوں کو اجازت نہیں دے سکتے کہ جا کر فلسطین میں جہاد کریں اور اپنا حصہ ڈالیں۔ ہم نہیں کر سکتے تو کیا ہم امداد میں حصہ ڈالنے کے لئے ایک اچھا gesture اس ہاؤس کی طرف دے سکتے ہیں؟ میری اور اس ہاؤس کے سارے ممبران کی ایک ایک مہینے کی تنخواہ اس میں ڈالی جائے اور حکومت بھی اس میں کچھ اچھا حصہ ڈالے تاکہ ایک امدادی پیکج بنا کر ہم فلسطین کی طرف روانہ کریں۔ یہ وہ کم از کم کام ہے جو ہم کر سکتے ہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! پچھلے جمعہ کو میں اپنے قریبی جامع مسجد نماز کے لئے گیا ہوں تو مفتی صاحب نے بڑے دکھ سے بتایا کہ اس مہینے ہمارا بجلی کا بل دو لاکھ 60 ہزار روپے آیا ہے۔ ہمارے ہاں مہینے میں نمازیوں سے جو چندہ اکٹھا ہوتا ہے وہ 50 ہزار سے زائد نہیں ہوتا تو یہ بل ہم کیسے ادا کریں؟ انہوں نے عام نمازیوں سے اپیل کی ہے کہ ماہانہ حصہ بڑھائیں اور میں اس حکومت سے اپیل کرتا ہوں کہ above the party line آپ جو سولرائزیشن کر رہے ہیں تو اس میں مساجد کو زیادہ سے زیادہ

سولر کرنے کے لئے ہر شہر میں ہر دیہات میں جو بڑی مساجد ہیں انہیں سولر کرنے کا پروگرام بنائیں۔اس سے ہماری مساجد چل سکیں گی ورنہ ان کے بجلی کے میٹر کٹ جائیں گے۔

جناب سپیکر! بجٹ بڑا اہم documents ہے اور یہ بڑا اہم موقع ہے کیونکہ پورے سال میں حکومت کا جو plan ہوتا ہے اور جو vision ہوتا ہے وہ اس میں ظاہر ہوتا ہے۔ حکومت بتاتی ہے کہ ہم نے کیسے ٹیکس اکٹھے کرنے ہیں اور کیسے عوام پر ٹیکس لگانے ہیں تو اس بجٹ کے اندر لوگوں کو بڑی امیدیں ہوتی ہیں۔لوگ دیکھ رہے ہوتے ہیں کہ ہمارے لئے کیا ریلیف ملنے والا ہے تو معذرت کے ساتھ جو جو دعوے کئے گئے ہیں ساتھ ساتھ ان کی نفی موجود ہے یا آپ کی پالیسیوں میں اس کی نفی موجود ہے۔ اگر آپ زراعت کی بات کریں تو 75۔ارب روپے کی رقم کسانوں کو سستے قرضے دینے کے لئے رکھی گئی ہے تو ہمیں وہ قرضے نہیں چاہئیں۔ایک اندازے کے مطابق صرف ضلع ساہیوال میں گندم کی خریداری نہ کر کے 52۔ارب روپے کا نقصان کسانوں کا ہوا ہے۔ ایسا کسی جمہوری تو کیا کوئی مارشل لاء دور میں بھی نہیں ہوا جو عوام کو سیدھا کہہ دے کہ ٹھیک ہے ہم نے آپ کو کہا تھا کہ 3900 روپے فی من گندم لگائیں اور ہم خریدیں گے۔ آج ہم کہیں کہ ہم نہیں خریدتے۔ اڑھائی سال سے تقریباً آپ لوگوں کی continuance حکومت ہے۔ آپ مانیں نہ مانیں لیکن regime change کے بعد درمیان میں نگران حکومت آئی اور آج جو حکومت ہے یہ continuity ہے۔ ان پر ملبہ ڈال دو، ان پر ڈال دو عوام کے ساتھ دھوکا ہوا ہے۔ کبھی کسی نے گندم خریدنے سے اس طرح انکار نہیں کیا۔ ہمارا تو مطالبہ یہ ہوتا ہے، میں پچھلی مرتبہ قومی اسمبلی میں تھا، اپنی حکومت سے بھی یہی مطالبہ کرتا رہا ہوں کہ آپ زمینداروں کی حوصلہ افزائی کے لئے صرف گنے پر اور گندم پر "سپورٹ پرائس" دیتے ہیں تو آپ اس میں اور فصلوں کو بھی شامل کریں۔ اس میں کاٹن شامل کریں اور کنولا کو شامل کریں تاکہ آپ کا ملک خود مختار ہو اور خود کفیل ہو اور باہر سے ڈالر دے کر ہمیں چیزیں نہ منگوانی پڑیں۔ یہ ایسا سیکٹر ہے جو آپ کی پوری اکانومی چلاتا ہے۔ "کورونا" میں سب کچھ بند ہو گیا لیکن زراعت نے آپ کی اکانومی کو اٹھائے رکھا۔ اس کے ساتھ آپ کے پاس foreign exchange آتی ہے اور اس کے اندر سب سے بڑی آپ کی لیبر فورس engage رہتی ہے، بے روزگاری اتنی زیادہ ہے اور ہمیں لوگوں کو مصروف کرنا ہے، لوگوں کو روزگار دینا ہے یا بے روزگار کرنا ہے تو گندم والے فیصلے سے آپ نے زمیندار کی کمر توڑ

دی ہے۔ میں آپ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ آج آپ رقم مختص کریں جس سے زمیندار کا حوصلہ بڑھے کہ اگلی دفعہ گندم کی، کماد کی اور کپاس کی خریداری ضرور ہو گی تو کم از کم ایسا کرنا چاہئے۔

جناب سپیکر! آپ نے OPD medicines کی بات کی، موبائل ہسپتال کی بات کی اور ہیلتھ سیکٹر میں ہیلتھ کارڈ ایک کامیاب منصوبہ چل رہا ہے۔ اگر دوسری حکومت نے اس پر زیادہ کام کیا ہے تو کیا یہ عوام کا جرم ہے، آپ نے اس کے اندر facilities کم کرنا شروع کر دی ہیں اور پیسوں کی رقم کم کرنا شروع کر دی ہے تو مہربانی کر کے اس منصوبے کو چلایا جائے کیونکہ اسی میں عوام کا فائدہ ہے۔ اگر 37 ہزار روپے آپ wages بڑھا کر خوشی منا رہے ہیں تو آپ مہنگائی دیکھیں۔ 300 یونٹ بجلی کے مفت دینے کا آپ نے وعدہ کیا تھا تو آج آپ کے پاس وفاق کی حکومت بھی ہے اور صوبے کی حکومت بھی ہے تو وہ 300 مفت یونٹ غریب آدمی ڈھونڈتا پھر رہا ہے کہ وہ کیسے ملیں گے؟ گیس کا بل دیکھ لیں اور پٹرول میں 20 روپے لیوی آپ کی وفاقی حکومت نے بڑھا دی ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رائے صاحب! جلدی سے wind up کریں۔

رائے محمد مرتضیٰ اقبال: جناب سپیکر! تھوڑی سی گنجائش دیجئے گا۔ کہتے ہیں کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہیں بڑھا دی گئی ہے اور ساتھ ہی ان پر ٹیکس عائد کر دیا گیا ہے تو میں مطالبہ کرتا ہوں کہ کم از کم گریڈ 14 تک کے ملازمین کو ٹیکس سے استثنیٰ دیا جائے کیونکہ یہ غریب اور مڈل کلاس کے لوگ ہیں اور انہیں قتل نہ کیا جائے۔ پولیس میں 187 ملین روپے کی گرانٹ دی گئی ہے تو ساتھ ساتھ ہم جو پولیس سے کام لے رہے ہیں، مجھے افسوس ہوتا ہے کہ نوجوان پڑھے لکھے افسران سے ہم illegal کام لے رہے ہیں۔ پچھلے ہفتے میرے علاقہ میں لوگ میرے گھر میں صرف داخل ہونے جا رہے تھے اور وہ کچھ نہیں کر رہے تھے تو انہیں گرفتار کر کے ان پر مقدمات بنا دیئے گئے اور اگلے ہی دن عدالت نے انہیں ڈسچارج کر دیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رائے صاحب! بہت شکریہ۔

رائے محمد مرتضیٰ اقبال: جناب سپیکر! تھوڑی سی گنجائش دیجئے۔ اس کے علاوہ بڑے بڑے پراجیکٹس رکھے گئے ہیں، آئی ٹی سٹی، ہسپتال وغیرہ وغیرہ لیکن بجٹ allocation کچھ نہیں یا

10 فیصد تو یہ لوگوں کی آنکھوں میں دھول ہے۔ اس طرح بجٹ کامیاب نہیں ہو گا یا اس کی واہ واہ نہیں ہو گی۔ پہلی مرتبہ ایکسپورٹ پر آپ نے ٹیکس لگا دیا گیا ہے حیرت ہے کہ کون ایکسپورٹ کرنے پر ٹیکس لگاتا ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: رائے صاحب! Please wind up کریں۔

رائے محمد مرتضیٰ اقبال: جناب سپیکر! تھوڑا سا موقع دیجئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بس آخری 20 سیکنڈ میں مکمل کریں۔

رائے محمد مرتضیٰ اقبال: جناب سپیکر! تھوڑا سا موقع دیں کہ نوجوانوں کو مفت لیپ ٹاپ دیتے ہیں لیکن نوجوانوں کو امید کون دے گا، روزگار کون دے گا کیونکہ پڑھا لکھا نوجوان ملک سے بھاگ رہا ہے۔ آپ نے آٹو موبائل سیکٹر بند ہو رہا ہے اس کے علاوہ real estate sector کے شعبہ میں بہت سارے نوجوانوں کو رکھا ہوا ہے اس پر ٹیکس پر ٹیکس، ٹیکس پر ٹیکس لگائے جا رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رائے صاحب! Thank you۔ جی، محترم محسن ایوب خان!

رائے محمد مرتضیٰ اقبال: جناب سپیکر! ایک دو points رہ گئے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رائے صاحب! اگر کوئی points رہ گئے ہیں تو وزیر خزانہ کے ساتھ share کر لیں کیونکہ وہ تشریف رکھتے ہیں۔ 8 بجے ہم نے wind up کرنا ہے۔

رائے محمد مرتضیٰ اقبال: جناب سپیکر! صرف ایک منٹ دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جلدی کریں۔

رائے محمد مرتضیٰ اقبال: جناب سپیکر! میں اپنے علاقے میں تین منصوبوں کا ذکر کرنا چاہوں گا جن پر ہماری حکومت کے دوران initiative لیا گیا لیکن حکومت جلدی ختم ہونے کی وجہ کام نہیں ہو سکا۔ ٹراما سنٹر مکمل ہو گیا ہے لیکن اس میں equipment نہیں ہیں، ڈاکٹرز نہیں ہیں اور عملہ بھرتی نہیں کیا جا سکا۔ ہمارا چیچہ وطنی لیہ روڈ کا ضمنی بجٹ میں بھی اُس کا ذکر کیا گیا لیکن ابھی تک اُس میں پیسے نہیں رکھے گئے۔ وہ 200۔ ارب روپے کا منصوبہ ہے اور اس کو ایشیئن ڈویلپمنٹ بنک نے فنانس کیا ہے۔ میں مطالبہ یہ کرتا ہوں کہ اس پر چیچہ وطنی کی طرف سے کام شروع کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رائے صاحب! آپ کا پوائنٹ آگیا ہے لہٰذا اب آپ تشریف رکھیں۔ جی، محسن ایوب خان!

جناب محسن ایوب خان: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! میں آپ کا، اس ایوان کا اور اپنے حلقے کی عوام PP-12 کا بہت شکر گزار ہوں کہ جن کی بدولت آج یہ بجٹ 25-2024 میں، مجھے اس ایوان سے خطاب کرنے کا موقع ملا ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ چند ماہ میں ہماری چیف منسٹر مریم نواز شریف نے جب سے قیادت سنبھالی تو ہماری پنجاب حکومت اپنے پاؤں پر کھڑی ہو گئی ہے۔ نا صرف اُن کے ناقدین بھی یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہو گئے کہ اب پنجاب میں قائد کے اس قول پر "کام، کام، کام اور صرف کام" پر عمل ہو رہا ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! جب سے چیف منسٹر صاحبہ نے حلف اٹھایا ہے اُس دن سے چیف منسٹر صاحبہ نے دن رات صرف اس صوبے کی عوام کی خدمت میں صرف کئے ہیں۔ نہ انہوں نے خود آرام کیا نہ اپنی کیبنٹ کو آرام کرنے دیتی ہیں۔ انہوں نے اس صوبے میں میرٹ کلچر کو دوبارہ فروغ دیا۔ میں اُن کا شکر گزار صرف اس بات پر ہوں کہ انہوں نے میرے حلقہ PP-12 ٹیکسلا کے حلقے میں محکمہ آثارِ قدیمہ کو 13 ۔ کروڑ روپے کی گرانٹ دی۔ اس کے علاوہ مریم نواز صاحبہ لاء اینڈ آرڈر، شعبہ صحت، تعلیم، کھیل، صفائی اور ہر شعبے میں خود نگرانی کر رہی ہیں۔ اسی نگرانی کی وجہ سے ان تمام شعبوں میں بہتری واضح نظر آ رہی ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس دفعہ پنجاب حکومت نے بجٹ پیش کیا اور یہ حقیقی معنوں میں عوام دوست بجٹ ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! اس بجٹ میں کوئی ٹیکس نہیں لگایا گیا اور سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 20 سے 25 فیصد تک کا اضافہ کیا گیا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مہنگائی کے باعث عام انسان مڈل کلاس کی کمر ٹوٹی ہوئی ہے جس کی وجہ سے حکومت کے لئے بھی کافی پریشانی ہے۔ حکومت کے جو اقدامات ہیں ان میں سب سے پہلے روٹی کی قیمت کو کم کر دیا گیا ہے اس کے علاوہ دیگر ضروریات کی چیزوں میں خاطر خواہ کمی نظر آ رہی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محسن صاحب! Wind up کریں۔

جناب محسن ایوب خان: جناب سپیکر! میں wind up کر رہا ہوں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بس 30 سیکنڈ میں wind up کریں۔

جناب محسن ایوب خان: جناب سپیکر! پھر میرے خیال میں، میں آخر میں پنجابی اِچ ای گل کر لینا۔ میری طرفوں صلاح اے ایس اسمبلی آ ستے۔ اسی جدھوں اسمبلی اچ خطاب کرنے آں، اساں تساں نوں واں کر کے خطاب کرنا چائی دا، اِک دوجے تے اُنگلی نئی کرنی چائی دی۔ اے اساں تے انگلی کرنے آں اسی اینہاں تک کرنے آں تے کم خراب ہوندا اے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! دوسری اے وے کہ جیہڑی اساں آہنے واں بار بار کہ جی تُسی اپنے لیڈر راں دی تعریف کیوں کرنے او۔ اسی نہ منع کرنے آں کہ تُسی اپنے لیڈر دی تعریف نہ کرو۔ اسی وی آہنے واں کہ تُسی اپنے لیڈر دی تعریف کرو اسی نہ روکنے تے اسی وی اپنے لیڈر دی تعریف کرنے آں تے تسی نہ روکو۔ اے میری دوسری صلاح اے فیر لڑائی کٹ سی۔ میری تیسری صلاح اے وے کہ اے جے فارم 47 تے 45 آکھدے نے تے میںڈے حلقے ناں ایم این اے مسلم لیگ (ن) دا اے لیکن اسی پہلے دو ایم پی اے نے۔ اِک پی ٹی آئی ناں دوجا مسلم لیگ (ن) ناں۔ تے ایتھے کوئی اساں نئی جیہڑے رٹرننگ آفیسرز اوہی اے پورا محکمہ اوہی لگا ہویا اے۔ اودھر او پی ٹی آئی جیتیا ایدھر میں (ن) جیتیاں تے 47 تے 45 تے کوئی نئیں ہویا نا جی۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جناب طیاب راشد!

جناب طیاب راشد: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! بہت شکریہ۔

کبھی تو ظلم و ستم کا رواج بدلے گا
مجھے یقین ہے کہ ایک دن سماج بدلے گا
فضا میں گونجے گے اب انقلاب کے نعرے
گھروں سے نکلے گی دنیا سماج بدلے گا
حساب ہو گا غداروں سے تنکے تنکے کا
اِن شاء اللہ میرے نگر سے لٹیروں کا راج بدلے گا

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں ایک سیاسی جماعت کا کارکن نمائندہ ہونے سے پہلے ایک پاکستانی ہوں اور میں سمجھتا ہوں اور میری خواہش ہے کہ یہ پاکستان اپنے پیروں پر کھڑا ہو۔ اس پاکستان میں معاشی استحکام آئے۔ میں چاہتا ہوں کہ پاکستان کی نوجوان نسل جو آج اس پاکستان سے امید چھوڑ کر بیٹھی ہے میری دعا ہے کہ وہ اس پاکستان کے نظام پر اعتماد کرے۔ ایک سیاسی کارکن ہونے کے ناتے میں یہ بات ضرور کہنا چاہتا ہوں اور میری اس بات سے سب اتفاق کریں گے کہ پاکستان میں معاشی استحکام اس وقت تک نہیں آ سکتا جب تک پاکستان میں سیاسی استحکام نہیں آئے گا۔ میں یہ بات کہنے میں حق بجانب ہوں کہ اس پاکستان میں کوئی تسلیم کرے یا نہ کرے سیاسی استحکام تب ہی آئے گا جب میرا قائد عمران خان اس نظامِ حکومت کا حصہ بنے گا، اس پاکستان کے سیاسی نظام کا حصہ بنے گا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! اس کے بغیر اس پاکستان میں یہ حقیقت ہے کہ اور اللہ کے فضل سے یہ حقیقت بن چکی ہے کہ عمران خان کے بغیر اس ملک میں سیاسی استحکام نہیں آ سکتا۔ یوتھ کی نمائندگی کرتے ہوئے نوجوانوں کی بات کرتے ہوئے آج ہم بات کرتے ہیں کہ پاکستان کی یوتھ اس ملک کو چھوڑ کر جا رہی ہے۔ یقیناً یہ بات درست ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ بے روزگاری ضرور تھی یقیناً بے روزگاری کے لئے کوئی مؤثر اقدامات نہیں کئے گئے لیکن پھر بھی کہیں نہ کہیں اس پاکستان کی یوتھ کو ایک گھمنڈ تھا وہ گھمنڈ اس پاکستان کی یوتھ کو اس ملک کے نظام پر تھا، اس ملک کے آئین پر تھا، اس ملک کے قانون پر تھا لیکن پچھلے کچھ ادوار سے اور بالخصوص جو یوتھ نے عمران خان پر اعتماد کیا 8۔ فروری کے الیکشن پر۔ جب اس الیکشن پر ڈاکا مارا گیا تو وہ بچا کچا اعتماد بھی پاکستان کی یوتھ کا اس نظام پر تھا اس پر بھی پانی پھِر گیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: طیاب صاحب! Wind up کریں پانچ منٹ ہو گئے ہیں۔

جناب طیاب راشد: جناب سپیکر! ابھی پانچ منٹ نہیں ہوئے جب ہوں گے تو سب کو پتا چل جائے گا۔ میں بجٹ پر بات کروں گا۔ پاکستان میں اور پنجاب میں جو بجٹ آیا اس میں BHUs اور RHCs کی revamping کے لئے اربوں روپے رکھے گئے تو میں سوال یہ کرنا چاہتا ہوں کہ آج بھی جو صوبہ پنجاب ہے اور اس کے بیشتر ہسپتال بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ اگر میں اپنے شہر شیخوپورہ

کی بات کروں تو شیخوپورہ میں نہ ہی ڈی ایچ کیو ہسپتال میں ایک مناسب آپریشن تھیٹر ہے اور نہ ہی شیخوپورہ میں ایک Cardiac Center ہے جیسے ایک proper Cardiac Center کہا جاتا ہے وہ موجود نہیں ہے اور نہ شیخوپورہ کے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں dialysis machine available ہے جس سے پورا ضلع اس سہولیات سے آراستہ ہو سکے۔ Mother and Care Center تو بنا دیا گیا ہے لیکن آج بھی وہاں موجود ڈاکٹرز اور ڈی ایچ کیو ہسپتال میں موجود ڈاکٹرز سہولیات کے نہ ہونے کی وجہ سے صرف اور صرف لاہور کا راستہ بتانے کے لئے بیٹھے ہوئے ہیں۔ revamping بہت ضروری ہے لیکن یہ صرف شعبدہ بازیاں ہیں۔ پہلے تو ہم نے نام سنا تھا شوباز کا اب ایک شوباز پلس ٹک ٹاکر اس صوبے کی وزیر اعلیٰ بن گئی ہیں۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: طیاب راشد صاحب! آپ please wind up کریں۔

جناب طیاب راشد: جناب سپیکر! میں نے ابھی بات کرنی ہے مجھے موقع دیں۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: طیاب راشد صاحب! آپ اس طرح نہ کریں۔ دیکھیں یہاں ہمارے دوسرے معزز اراکین بھی اپنے حلقے کی بات کر لیں گے۔ آپ wind up کریں آپ کے پاس آخری تیس سیکنڈ ہیں۔

جناب طیاب راشد: جناب سپیکر! مجھے بات مکمل کرنے دیں۔ ایک شوباز وزیر اعلیٰ پلس مل گئی ہیں یہ صرف اور صرف ان کے کمیشن کھانے کے بہانے ہیں۔ یہ نام تو بڑی آسانی سے رکھ لیتے ہیں نواز شریف کارڈیک ہسپتال، نواز شریف کینسر ہسپتال، میں ان نے سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ [******************]۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں ان الفاظ کو حذف کرتا ہوں۔ ان الفاظ کو کارروائی کا حصہ نہیں بننا چاہئے۔ بہت شکریہ۔ جناب عمران جاوید!

جناب طیاب راشد: جناب سپیکر! میری بات تو مکمل ہونے دیں۔۔۔

---

* بحکم جناب ڈپٹی سپیکر الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: طیاب راشد صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ دیکھیں! ہم نے 8 بجے اجلاس ختم کرنا ہے۔

جناب عمران جاوید: جناب سپیکر! میں آج آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے اس مقدس ایوان میں بولنے کا موقع فراہم کیا۔۔۔

جناب طیاب راشد: جناب سپیکر! میری بات مکمل ہونے دیں مجھے میرے حلقے کے مسائل پر بات کرنے کا موقع دیں۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: طیاب راشد صاحب! دیکھیں کہ آپ نے پانچ منٹ پہلے left right کی بات کی ہے اب آپ اس طرح نہ کریں۔

جناب طیاب راشد: جناب سپیکر! میرے پانچ منٹ مکمل نہیں ہونے دیئے؟ مجھے بات کرنے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کے پانچ منٹ مکمل ہو چکے ہیں، آپ چیک کر سکتے ہیں۔ آپ اس طرح نہ کریں۔

جناب طیاب راشد: اگر آپ مجھے بات نہیں کرنے دیں گے تو میں بولتا رہوں گا۔ میں دیکھتا ہوں کہ مجھے کس طرح بات نہیں کرنے دیتے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: طیاب راشد صاحب! یہ کوئی بات کرنے کا طریقہ نہیں ہے۔ آپ کس طرح چیئر کے ساتھ بات کر رہے ہیں، یہ کوئی بات نہیں ہے، آپ کمال کرتے ہیں۔ آپ کو پتا ہونا چاہئے کہ چیئر کے ساتھ کس طرح بات کرتے ہیں۔ آپ تشریف رکھیں۔

جناب عمران جاوید: جناب سپیکر! میرے فاضل دوست نے باپ کی بات کی تو ان کو یہ نہیں پتا کہ یہ جس رنگیلے قیدی کی بات کرتے ہیں وہ روز باپ بدلتا ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عمران جاوید! آپ بھی please بجٹ پر رہیں۔

جناب عمران جاوید: وہ روز باپ بدلتا ہے اور اس باپ کے پاؤں میں بیٹھتا ہے جو یہ رنگیلے قیدی کی بات کر رہا ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عمران جاوید! please آپ بھی بجٹ پر بات کریں۔

جناب عمران جاوید: جناب سپیکر! ان کو شرم نہیں آتی اور آنی بھی نہیں ہے، شرم اس لئے نہیں آنی کیونکہ جس رنگیلے نے ان کو سکھایا ہے اس نے ان کو یہی بد تمیزی سکھائی ہے۔ میرے فاضل دوست نے hospitals کی بات کی تو پچھلے چار سال وہ hospitals کس نے تباہ و برباد کئے؟ یہ سچ نہیں بول سکتے اس وقت شرم نہیں آئی، اس وقت ڈوب کر نہیں مرے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عمران جاوید! آپ please بجٹ پر بات کریں۔

جناب عمران جاوید: یہ انڈے اور مرغیاں بیچتے رہے ہیں انہوں نے چار سال انڈے مرغیاں بیچی ہیں ان کو باپ نے یہی تو سکھایا تھا کہ بیٹا مرغیاں پال لیں انڈے بیچیں گے اور ملک چلا لیں گے۔ یہی صرف ان کو پتا ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ آج ان کو اس بات پر شرم نہیں آتی جب یہ دوست بزدار حکومت کو defend کرتے ہیں۔ ان کو اس وقت شرم نہیں آتی جب یہ انڈے اور مرغیوں سے پاکستان کی معیشت کو پرواں چڑھانا چاہتے تھے لیکن ہوا کیا؟ اس وقت شرم نہیں آئی پھر ایک رنگین قیدی رنگیلا جب وہ کسی باپ کے گھٹنوں میں بیٹھا ہوا تھا تو وہ پاکستان کی معیشت کے گھٹنوں میں بیٹھ گیا اور لے ڈوبا۔ آج ہمارا ہر ساتھی بات کرتا ہے کہ پینے کا صاف پانی نہیں ہے تو آپ اپنے حلقوں میں ذرا آنکھیں کھول کر دیکھو تو سہی جن پر تختیاں جناب میاں محمد نواز شریف کی لگی ہوئی ہیں (نعرہ ہائے تحسین)

وہ پانی جو آپ کی اس گوگی اور بزدار نے بند کئے اس وقت آپ کی آنکھیں بند تھیں اس وقت شرم نہیں آئی اور آنی بھی نہیں۔۔۔ (قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عمران جاوید! please آپ چیئر کو address کریں۔ آپ کے پاس تیس سیکنڈ ہیں۔

جناب عمران جاوید: جناب سپیکر! میں آج یہاں بیٹھا تھا تو میرے ایک دوست نے بات کی کہ پاکستان کا نام بدل دینا چاہئے، واقعی ان کی سوچ ایسی ہے کیونکہ ان کے لیڈر کی سوچ ایسی ہے جو کبھی کسی کو باپ کہتا ہے، کبھی کہتا ہے کہ میں same page پر ہوں اور پھر اسی باپ کو جانور کہتا ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! ان کی سوچ ایسی ہے لیکن ان شاءاللہ تعالیٰ اسلامی جمہوریہ پاکستان تا قیامت اسلامی جمہوریہ پاکستان رہے گا، اس کی معیشت کی بحالی، ہمارا لیڈر، پاکستان کا لیڈر اور امت مسلمہ کا لیڈر میاں محمد نواز شریف کے نظریہ سے ہو گی، میاں محمد نواز شریف کا نظریہ ہے کہ پاکستان کو ایشیئن ٹائیگر بنانا ہے اور ان شاءاللہ تعالیٰ وہ وقت بھی دور نہیں ہے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں کچھ سفارشات اپنے حلقے کے حوالے فنانس منسٹر صاحب کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں۔ وزیر خزانہ! آپ کی تھوڑی سی توجہ چاہتا ہوں۔ ہمارے حلقہ PP-163 میں ایک گوالا کالونی ہے اس کے جو مالکانہ حقوق ہیں وہ کافی دیر سے نہیں دیئے گئے اور میں چاہتا ہوں کہ اس پر ایک کمیٹی بنائی جائے اور ان لوگوں کو مالکانہ حقوق دیئے جائیں۔ اسی طرح میرے حلقے میں ایک کاچھا منڈی ہے اس کی بھی allotment نہیں کی گئی اگر اس کی allotment بھی کر دی جائے تو وہاں سے بھی revenue generate ہو گا اسی طرح سے ایک خیرہ ڈسٹری بیوٹری ہے جس کا پانی وہاں کے غریب مکینوں کے گھروں میں جا رہا ہے اس پر بھی کام کیا جانا ضروری ہے اور اس حلقہ میں دوسری بڑی کرسچئن کمیونٹی رہائش پذیر ہے ان کے قبرستان کا ایک بہت دیرینہ مسئلہ ہے اس کے لئے بھی کوئی جگہ allocate کی جائے۔ اسی طرح سے میرے حلقے میں technical college کی بھی بہت سخت ضرورت ہے اگر نیا کالج نہیں بنایا جا سکتا تو وہ کالج جو پہلے بنے ہوئے ہیں۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، عمران جاوید صاحب! بہت شکریہ

جناب عمران جاوید: جناب سپیکر! صرف دو منٹ دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، آپ میری سنیں کہ اگر آپ کے کوئی points رہ گئے ہیں تو please آپ وزیر خزانہ سے شیئر کر لیں۔ بہت شکریہ۔ آپ تشریف رکھیں۔ اجلاس کا وقت آدھا گھنٹہ بڑھایا جاتا ہے۔ میری تمام معزز ممبران سے گزارش ہے کہ ہم تقریر کے لئے تین منٹ مختص کرتے ہیں۔ شکریہ۔ جناب ذوالفقار علی بھٹی!

(اس مرحلے پر بحکم جناب ڈپٹی سپیکر اجلاس کا وقت آدھا گھنٹہ بڑھایا گیا)

جناب ذوالفقار علی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ صلی اللہ علیٰ حبیب محمد والہ واصحابہ وبارک وسلم، ایاک نعبد و ایاک نستعین۔ جناب سپیکر! میں سب سے پہلے 100 day performance پر بات کرنا چاہوں گا کہ پچھلا بجٹ approve کیا گیا تو BHUs اور RHCs کے لئے 40۔ارب روپے کا بجٹ رکھا گیا جو آج بڑھا کر 42۔ارب 64 کروڑ روپیہ رکھا گیا مگر میرے ضلع کا کوئی بھی بی ایچ یو یا آر ایچ سی پر آج تک کوئی development نہیں کی گئی یہ hundred days کی پرفارمنس ہے۔ اس کے بعد میرے شہر سرگودھا میں نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر بنانے کا فیصلہ کیا جو میں نے اُس ٹائم بھی کہا کہ یہ سب سے پہلے چودھری پرویز الٰہی کے ٹائم میں یہ کارڈیالوجی سنٹر approve ہوا پھر چودھری حامد حمید نے اپنے والد صاحب کے نام سے یہ کارڈیالوجی سنٹر approve کیا۔ آج یہ پھر 2024 میں نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر کے نام سے approve کیا جا رہا ہے لیکن مجھے نہیں لگتا کہ یہ اب بھی بنانے میں سیریس ہیں، تین ماہ گزر گئے جس کا بجٹ 10۔ارب تھا آج وہ بجٹ 8۔ارب 84 کروڑ روپیہ ہو گیا۔ کیا مہنگائی کم ہو گئی ہے، مہنگائی تو بڑھی ہے، یہ بجٹ 10۔ارب سے 11۔ارب ہونے کی بجائے کم ہو گیا ہے۔ آج بھی وہاں پر ایک اینٹ بھی نہیں لگائی گئی اور Nawaz Sharif Institute of Cancer، نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر Who is Mr Nawaz Sharif? نواز شریف اس ملک کے لئے وہ نام ہے جس نے پوری دنیا میں پاکستان کو بدنام کیا۔ پاناما لیکس میں 2017 میں سپریم کورٹ آف پاکستان نے یہ فیصلہ دیا ہے former Chief Justice Azmat Saeed Khossa Sahib نے کہا یہ he is a money launderer. He is a Sicilian mafia and Godfather. وہ نواز شریف ہے جو فارم 47 کے پیچھے چھپا ہوا ایک انسان ہے۔ آج این اے 130 کھولیں تو آپ کو پتا چل جائے گا کہ وہاں ڈاکٹر یاسمین راشد جیتی ہوئی ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بھٹی صاحب! Thank you very much

جناب ذوالفقار علی: جناب سپیکر! No sir no, no never, no sir no

جناب ڈپٹی سپیکر: بھٹی صاحب! آپ کیا کر رہے ہیں؟

جناب ذوالفقار علی: جناب سپیکر! ابھی تو میں نے بجٹ پر آنا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بھٹی صاحب! آپ تشریف رکھیں۔

جناب ذوالفقار علی: جناب سپیکر !Never یہ 5ہزار 446۔ارب روپے کا بجٹ جس میں سے 830۔ارب روپے کا خسارہ،75 percent یہ بجٹ تو آپ نے این ایف سی ایوارڈ سے لے لیا، یہ جو54 percent budget آپ enhance کر کے محصولات سے لینا چاہ رہے ہیں، پاکستان میں ایسی کیا ترقی ہو گئی ہے، کیا پہلا بجٹ آپ کبھی محصولات سے پورا کر سکیں ہیں؟ اس دو سال میں اس ملک میں صرف غربت اور مہنگائی آئی ہے اس پی ڈی ایم حکومت نے اپنے دو سال میں لوگوں کو روٹی سے بھی محروم کر دیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بھٹی صاحب!Thank you very much اب آپ please تشریف رکھیں۔

جناب ذوالفقار علی: جناب سپیکر !No never ابھی میں نے بات کرنی ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بھٹی صاحب! اب آپ اس طرح نہ کریں آپ تشریف رکھیں۔

جناب ذوالفقار علی: ابھی میں نے بات کرنی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بھٹی صاحب! آپ تشریف رکھیں اس طرح نہ کریں۔ میں نے آپ کو تین منٹ کا کہا تھا آپ کے چار منٹ ہو گئے ہیں۔ بھٹی صاحب !.Thank you very much جی، محترم جناب ارشد ملک صاحب! آپ کے پاس تین منٹ ہیں۔

جناب ذوالفقار علی: جناب سپیکر! یہ کیا بات ہوئی؟

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! ابھی تو کام شروع ہی نہیں ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! اپنی بات جاری رکھیں۔

جناب محمد ارشد ملک: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! آپ کا شکریہ۔ یہ جو پوچھ رہے ہیں میاں محمد نواز شریف کون ہے تو میں ان کو بتانا چاہتا ہوں عقل سے بے بہرہ لوگوں کو کہ میاں نواز شریف ہی وہ قائد ہے جس نے اسلامی جمہوریت پاکستان کو بچایا، جس نے موٹر ویز کے جال بچھائے، وہی قائد ہے جس نے یونیورسٹیاں بنائی، جس نے hospitals کی لائنیں لگائیں۔ جس نے لاہور کو، پنجاب کو اور پھر پاکستان کو سی پیک جیسے منصوبے دیئے ایک ہی قائد ہے جس کا نام میاں محمد نواز شریف ہے اور ان کا جو قیدی ہے وہ بدبخت جس کے بارے میں نے اسی اسمبلی کے

فلور پر یہاں پر پرویز الٰہی صاحب بیٹھے تھے اور میں نے بتایا تھا کہ یہ جو ریاست مدینہ کا نعرہ لگاتے ہیں ان میں سے کم لوگ بیٹھے ہیں جو میرے ساتھ پچھلی اسمبلی میں تھے۔

جناب سپیکر! ان بد بختوں نے اس پاکستان اور پنجاب کو ریاست نابینا بنا کر چھوڑا اور انہوں نے اس ملک اور اس صوبے کو ایک مر دار کے حوالے، وہ بزدار نہیں تھا ایک مر دار وزیر اعلیٰ تھا۔ میں ان abnormal حالات میں ایک اعلیٰ بجٹ پیش کرنے پر اپنی قائد محترمہ مریم نواز شریف کو سلام پیش کرتا ہوں اور اُنہیں appreciate کرتا ہوں۔ وزیر خزانہ کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے abnormal حالات میں جو فیصلے کئے ہیں وہ تاریخی فیصلے ہیں۔ میں نے وزیر خزانہ کی اور اپوزیشن لیڈر کی تقریر سنی اور باقی بھی ان لوگوں کی تقاریر سنی ہیں۔

جناب سپیکر! ان عقل سے بے بہرہ لوگوں کو بتائیں اس وقت پنجاب میں قرضہ کم ہوا، 11 لاکھ سے زیادہ لوگ فیلڈ ہسپتالوں سے مستفید ہو رہے ہیں، جو کسان ہیں، زمیندار ہیں اُن کے لئے گرین ٹریکٹر سکیم سے لے کر اُنہیں اربوں روپے کے قرضے بغیر سود کے فراہم کئے جا رہے ہیں۔ میں یہاں پر revamping کی بات کرتا ہوں چونکہ میرا وقت ہے 10,15 منٹ سے کم ہوتے ہوتے اب آپ نے تین منٹ کی پابندی لگائی ہے آپ مہربانی کریں چلیں اُنہی حالات کو برقرار رکھیں 5,7 منٹ بات کرنے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں ملک صاحب! آپ اپنی بات جلدی مکمل کریں۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! جو حلقے کے حالات ہیں وہ تو discuss کرنے ہیں ابھی تو چونکہ اُن کی بات کا جواب تھا جو ہیلتھ کے حالات ہیں ایک جو PHFMC کا ادارہ ہے اس کی abbreviation کا تو مجھے نہیں پتا لیکن مہربانی فرمائیں اور میرے ضلع ساہیوال کو اس ٹھیکیداری نظام سے بچایا جائے۔ آج آر ایچ سیز کے حالات اور بی ایچ یو کے کہ وہاں پر ایس ایم اوز اور ایم اوز appoint نہیں ہو رہے۔ اُن کے پاس ڈاکٹرز کی کمی ہے ان ٹھیکیداروں سے بچا کر حکومت اسے اپنے کنٹرول میں لے اور آر ایچ سی کمیر جو تحصیل لیول ہسپتال ہے اُسے 24 گھنٹے کے لئے فعال کیا جائے۔

جناب سپیکر! میں ایک اور گزارش کروں گا کہ کمیر محمد پناہ کی ہستی ہے اور بستی ہے وہاں پر 1 لاکھ سے زیادہ کی population اُسے تحصیل کا درجہ دیا جائے تاکہ وہاں پر لوگوں کے مسائل حل ہو سکیں۔ وہاں کمیر میں دانش سکول کا قیام کروایا جائے اب میں صرف اپنے حلقے کو discuss کر رہا ہوں۔ ڈی ایچ کیو جو ٹیچنگ ہسپتال اور جو حاجی قیوم ہسپتال ہے اس کو فعال کیا جائے۔ جو آپ نے پچھلے دنوں واقعہ سنا ہے وہ صرف اور صرف نااہلی ہے چونکہ نئی بلڈنگ پوری فعال نہیں ہو سکی اور پی آئی سی جس طرح ملتان سے لاہور کے درمیان میں کوئی پی آئی سی ہسپتال نہیں ہے، فیصل آباد علیٰحدہ سائیڈ پر ہے تو پی آئی سی کی ایک علیٰحدہ بلڈنگ اور ایک علیٰحدہ ہسپتال ہمیں دیا جائے کیونکہ ساہیوال ایک ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہے۔

جناب سپیکر! ساہیوال کا جو ایک دیرینہ مسئلہ تھا جو میں وزیر صاحب کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ جو پچھلے تین مہینے کا آپ نے بجٹ دیا تھا اس میں ساہیوال کا جو پرانا جی ٹی روڈ ہے اُسے dualization دیا گیا تھا اور اس بجٹ میں آپ نے ہماری وہ scheme miss کر دی ہے میں چاہتا ہوں کہ آپ اُس کو add کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ملک صاحب! wind up کریں۔ آپ کے پاس آدھا منٹ ہے۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! ساہیوال ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہے ہمارا موٹروے سے رابطہ نہیں ہے پہلے اس کو اے ڈی پی میں رکھا گیا تھا ہمارا موٹروے سے لنک بنایا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! بہت شکریہ۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! صرف 2 منٹ اور دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب! پانچ منٹ ہو گئے ہیں، اس طرح نہ کریں۔ اب آپ کے پاس آخری منٹ ہے۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! ایجوکیشن کے سلسلے میں جو سکولز بند کئے ہیں اُن کو بحال کیا جائے۔ ایک میرے علاقے میں گورنمنٹ محمودیہ سکول ہے اُسے ہائر سیکنڈری سکول کا درجہ دیا جائے اور سرکی روڈ پر ایک گرلز سکول ہے اسے ہائر سیکنڈری سکول بنایا جائے تاکہ بچوں اور بچیوں کو سہولت دی جا سکے۔ میں آخری بات کر کے آپ سے اجازت چاہوں گا کہ یہ جو لوگ بار بار

فارم 45اور فارم47 کا نعرہ لگاتے ہیں تو ان سے یہی پوچھ لیں کہ فارم45اور فارم47والے یہ کون ہیں؟ میں آپ کے سامنے کھڑا ہوں میں دعوے سے کہتا ہوں کہ ہم جتنے لوگ بیٹھے ہیں ،اللہ کا شکر ہے ہمارے پاس فارم 45 اور فارم 47 بھی ہے اور ہم میاں محمد نواز شریف کے ماننے والے ہیں۔ میں آخر میں ایک شعر عرض کر دوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک صاحب !جی، سنا دیں۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر!جہاں پہنچ کے تم لوگوں کے قدم ڈگمگائے تھے ان شاءاللہ تعالیٰ اسی مقام سے آج ہم اپنی ترقی کا آغاز کریں گے۔ میاں محمد نواز شریف زندہ آباد، مریم نواز شریف زندہ باد۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، اب جناب زاہد اسماعیل بھٹہ اپنی بات کریں۔

جناب محمد زاہد اسماعیل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔

جناب محمد اسماعیل: جناب سپیکر! میں پہلے بات کر لوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، آپ پہلے بات کر لیں۔

جناب محمد اسماعیل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ صلے علی رسولہ الکریم۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔ ایاک نعبد وایاک نستعین قرآن پاک کی ایسی آیت ہے جس کو سن کر ہمیں تسکین بھی ملتی ہے اور قرآن پاک کے لفظ کو بول کے ہم اپنی فتح کا نشان بناتے ہیں ۔ادھر بیٹھے ہوئے میرے ایک دوست شوکت صاحب تھے وہ ایاک نعبد وایاک نستعین کو بہت برا سمجھ رہے تھے۔ میں کہہ رہا ہوں کہ آپ ایسا لفظ استعمال کر کے عمران خان کا نام استعمال کرتے ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں یہ توہین ہے، یہ جرم ہے ان کو سمجھنا چاہئے کہ ایاک نعبد وایاک نستعین کا مطلب کیا ہے؟ میرا لیڈر عمران خان اسی آیت کو پڑھ کر پوری دنیا میں مشہور ہو گیا کیونکہ وہ یہ آیت ایاک نعبد وایاک نستعین پڑھ کر سٹیج پر آتا تھا۔(شور وغل)

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک وحید صاحب !اس طرح نہ کریں آپ ٹائم ضائع نہ کریں۔

جناب محمد اسماعیل: جناب سپیکر!انہوں نے جتنا میرا وقت ضائع کرنا ہے میں نے اتنا مزید وقت لینا ہے۔ میں ان کو صرف ایک ہی لفظ بتانا چاہتا ہوں اگر انہوں نے اپنی پارٹی کی لیڈر شپ کی

اتنی ہی تعریفیں کرنی ہیں تو یہ لمبی سی ٹِک بنالیں کبھی اُدھر اٹھائیں اور کبھی اِدھر کو اٹھائیں تو ان کو اپنی تعریفوں کا خود ہی پتا چل جائے گا۔ میں ان کی 100 دن کی کارکردگی پر سی ایم صاحبہ سے ایک request کرنا چاہتا ہوں وہ کہتے ہیں کہ ہم نے 100 دن میں بہت کارکردگی دکھائی ہے تو میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ 100 دن میں جو آپ نے رمضان شریف میں راشن کا جو بُرا حال کیا وہ راشن غریبوں کو تو نہیں مل سکا مگر گوداموں میں پڑا پڑا وہ راشن سڑ گیا اور میں یہ ثابت کر سکتا ہوں کہ بعد میں وہی راشن جانوروں کو سپلائی کیا گیا۔ دوسری بات اپریل میں جو کسانوں کے ساتھ کیا وہ آپ اور پورا ہاؤس جانتا ہے کہ خدا کی قسم اگر یہ 100 دن کی کارکردگی میں صرف اور صرف اپنے ملک کے کسان کی بھلائی ہی کر دیتے تو شاید ان کا کہیں نام پیدا ہو جاتا لیکن یہ لوگ ایسا نہیں کر سکتے ۔مگر میری سی ایم صاحبہ نے وہ اپنا وعدہ ضرور پورا کر دیا ان کا ایک بیانیہ تھا اس 100 دن میں کہ وچوں وچوں کھائی جاؤ اُتوں رولا پائی جاؤ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، محترم! آپ اپنی speech wind up کریں۔

جناب محمد اسماعیل: جناب سپیکر! انہوں نے اپنا بیانیہ پورا کر دیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اسماعیل صاحب! آپ کا تین منٹ کا وقت مختص ہے لیکن اب آپ کا چوتھا منٹ چل رہا ہے۔

جناب محمد اسماعیل: جناب سپیکر! میں پورا ٹائم لوں گا۔ صبح ممبران 15 منٹ تک بات کرتے رہے ہیں لیکن آپ مجھے پانچ منٹ دینے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ پلیز۔ میں 9۔ مئی کے حوالے سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمیں ہر وقت 9۔مئی کا طعنہ دیا جاتا ہے ہم 9۔ مئی کے victim ہیں، ہم 21۔جون کو بھی اپنے اوپر ایف آئی آر کروا کر آئے ہیں۔ میں یہ بات اشارے سے کہنا چاہتا ہوں کہ:

آ جاؤ کبھی حالات کی زد میں تم
پھر پوچھیں گے خدا ہے کہ نہیں

جناب ڈپٹی سپیکر: جی بہت شکریہ! اب آپ تشریف رکھیں۔

جناب محمد اسماعیل: جناب سپیکر! صبح ممبران 15 منٹ تک بات کرتے رہے ہیں لیکن آپ مجھے پانچ منٹ دینے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ پلیز! وقت ضائع ہو رہا ہے۔ یہ اپنے لیڈر کی بات کرتے

ہیں، خدا کی قسم میں اس لیڈر کا نام ہی نہیں لینا چاہتا جو لیڈر اوباما کے سامنے بات نہ کر سکے، جیب سے پرچی نکالے اور بات کرے، میرا لیڈر عمران خان ٹرمپ کے سامنے ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر بیٹھا کرتا تھا تو وہ لیڈر ہے جس کے لئے ہم بات کرنا فخر سمجھتے ہیں۔ میں دور نہیں جاؤں گا صرف اپنے حلقے کے بارے میں کچھ کہنا چاہتا ہوں ،اس کے بعد میں نے ایک شعر بھی سنانا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ شعر سنا دیں۔

جناب محمد اسماعیل: جناب سپیکر! شعر تو میں نے کہنا ہے کیونکہ یہاں ہاؤس میں شعروں کا رواج بن چکا ہے۔ اس بجٹ میں آپ نے عوام کو کیا دیا ہے؟ آپ نے نیو جنریشن، فنانس اور ایجوکیشن کو بجٹ دے دیا لیکن جن سرکاری ملازمین نے اس ملک کی خدمت کی ان کے لئے آپ نے پنشن میں ایک پیسے کا اضافہ نہیں کیا۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اب آپ شعر سنا دیں۔

جناب محمد اسماعیل: جناب سپیکر! میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: فنانس منسٹر صاحب آپ کا شعر سننے کے لئے بیٹھے ہیں لہٰذا آپ پلیز شعر سنا دیں۔

جناب محمد اسماعیل: جناب سپیکر! آج کا دن پھر شعر و شاعری پر چلے گا۔ میں وزیر خزانہ سے گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے 2024 میں دو مرتبہ بجٹ پڑھا ہے یہ اپنے آخر میں ایک شعر لکھتے ہیں کہ:

جیت تب ہوتی ہے جب مان لیا جاتا ہے
جیت تب ہوتی جب مان لیا جاتا ہے

جناب سپیکر! انہوں نے تو کبھی ہار مانی ہی نہیں ہے کیونکہ یہ جمہوریت کے علمبردار ہی نہیں ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔

جناب محمد اسماعیل: جناب سپیکر! میں اس شعر کو پورا کروں گا۔ جمہوریت میں شعر کا سلسلہ چلتا ہے۔ بات یہ ہے کہ انہوں نے کہا کہ:

جیت تب ہوتی جب مان لیا جاتا ہے
ہار تب ہوتی جب مان لیا جاتا ہے
جیت تب ہوتی ہے
جب ہاتھ جوڑ کے فارم 47 مان لیا جاتا ہے

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ جی، اب محترم عدنان افضل چٹھہ! اپنی بات کریں۔

جناب عدنان افضل چٹھہ: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! Thank you for giving me an opportunity to represent the people of my constituency on the floor of this honourable House ہم جب طالب علم تھے تو ہم یہ سمجھتے اور پڑھتے تھے کہ opposition is always a government in waiting ایک متبادل حکومت ہے لیکن مجھے بڑے افسوس کے ساتھ اپنی اُس طرف کے معزز اپوزیشن کے ممبران کا conduct دیکھ کر یہ حیرانگی ہو رہی ہے کہ ہم نے آپ کی جتنی بھی تقاریر سنی ہیں، کسی ایک تقریر میں بھی بجٹ کے حوالے سے کوئی objective proposal نہیں دی۔ اللہ تعالیٰ ان کو ان کا اصل کردار ادا کرنے کی توفیق دے کہ یہ جس کام کے لئے اپوزیشن کے ممبران بنے ہیں، ان کے حلقے کی لوگ بھی ان سے expect کر رہے ہوں گے کہ یہ اپنا اصل کردار ادا کریں۔ آج میں اس بجٹ پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو 100 دن کے حوالے سے revolutionary governance پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ان کے initiatives میں سے چند آپ کے سامنے on the floor of the House پیش کرنا اور ان کو appreciate کرنا چاہتا ہوں۔ وزیر اعلیٰ صاحبہ نے Punjab road initiative program شروع کیا، اس میں میری constituency is one of the biggest beneficiary of that road initiative program کہ میری constituency کو انٹر ڈسٹرکٹ روڈ مل رہی ہے، علی پور چٹھہ سے گوجرانوالہ روڈ، علی پور چٹھہ سے حافظ آباد روڈ اور جو ہمارا خواب موٹروے کے ساتھ لنک کرنا تھا تو اس حوالے سے ہمیں تین سڑکیں مل رہی ہیں، اس پر میں وزیر اعلیٰ صاحبہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

دوسرا انہوں نے عیدالاضحیٰ کے موقع پرpersonally جو تاریخی صفائی ستھرائی کا پروگرام مانیٹر کیا اور اس کو اتنی خوبصورتی سے execute کروایا کہ آج تک پنجاب میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر اتنی صفائی ستھرائی نہیں دیکھی گئی، اس پر بھی میں وزیراعلیٰ صاحبہ کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر! وزیراعلیٰ صاحبہ نے اس بجٹ میں خصوصی طور پر نوجوانوں کے لئے جو پروگرام شروع کئے ہیں جن میں نواز شریف آئی ٹی پارک ہے میرے اپوزیشن کے ممبر ہر وقت نواز شریف آئی ٹی پارک کی بات کرتے تھے لیکن ان کو یہ پتا نہیں ہے کہ یہ نواز شریف آئی ٹی پارک پنجاب کے نوجوانوں کے لئے کیا امید کا پیغام لا رہا ہے، اس پنجاب کے آئی ٹی پارک میں already دنیا کی known companies اپنا interest show کرواچکی ہیں۔ اسی آئی ٹی پارک کے نتیجے میں پنجاب میں incubation centers بنیں گے وہ incubation center پنجاب کے پڑھے لکھے نوجوانوں کے ideas کو incubate کریں گے ان کو hatch کریں گے اور ان کو startup کے لئے لے کر جائیں گے، startup کے لئے ان کی ساری امداد کی جائے گی اور انہی نوجوانوں میں سے، وزیراعلیٰ صاحبہ کے اسی آئی ٹی نواز شریف پروگرام میں سے unicorn نکلیں گے اور جو ہمسائے ممالک آئی ٹی میں اس لیول پر پہنچ چکے ہیں ان شاءاللہ پنجاب کے نوجوانوں کو بھی چائنا اور انڈیا کے نوجوانوں کے برابر سہولتیں ملیں گی۔

جناب سپیکر! وزیراعلیٰ صاحبہ کے digitalization of solar tube well program کے تحت اب پنجاب کا کسان بھی سولر ٹیوب ویل کی طرف جائے گا۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چٹھہ صاحب! پلیز wind up کریں۔

جناب عدنان افضل چٹھہ: جناب سپیکر! اب ان شاء اللہ تعالیٰ پنجاب کے نوجوانوں کے پاس دوبارہ لیپ ٹاپ کی سکیم آئے گی، دوبارہ ان کے ہاتھوں میں لیپ ٹاپ ہوں گے، بچیوں اور بچوں کے لئے بائیکس ہوں گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چٹھہ صاحب! آخری تیس سیکنڈ۔ پلیز! wind up کریں۔

جناب عدنان افضل چٹھہ: جناب سپیکر! میں دو تین چیزوں کی طرف وزیر خزانہ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ میرے حلقے میں unique situation یہ ہے کہ دو بیراجز ہیں ایک ہیڈ خانکی بیراج

اور ایک قادر آباد بیراج ہے وہاں ایک ایسا گاؤں ہے جسے دریا برد ہونے کا خطرہ ہے اس کے لئے ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے بھی فنڈز کے لئے request کی ہوئی ہے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس دفعہ 35 فیصد مون سون کی بارشیں زیادہ ہونے کا خطرہ ہے۔ کہیں اس طرح نہ ہو جائے کہ دیر ہو جائے اور ہم اس کے لئے فنڈز نہ دے سکیں۔لہٰذا اس کے حفاظتی بند کے لئے فوری طور پر فنڈز جاری کئے جائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چٹھہ صاحب! پلیز تشریف رکھیں، بہت شکریہ۔جی، جناب کاشف پنسوتا!

(معزز ممبران حزب اختلاف کی طرف سے آوازیں ادھر سے بھی بات کرنے کی اجازت دی جائے)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کی طرف بھی آ رہے ہیں۔

جناب کاشف نوید: نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔جناب سپیکر! میں سب سے پہلے اپنے اللہ پاک کی ذات کا شکریہ ادا کرتا ہوں پھر بالخصوص اپنے حلقے کی عوام کا، راؤف خالد گروپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں جن کی بدولت میں اس ایوان میں پہنچا ہوں۔ میں اپنی قائد محترمہ مریم نواز کو پہلی خاتون وزیر اعلیٰ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں بلکہ فخر سے یہ بات کہنے میں حق بجانب ہوں کہ ان شاء اللہ تعالیٰ محترمہ پنجاب کی کامیاب ترین وزیر اعلیٰ ثابت ہوں گی۔ صاف ستھرا پنجاب پروگرام جو کہ مریم نواز صاحبہ کے وژن کے مطابق اس کو پذیرائی ملی اور میں بحیثیت ممبر صوبائی اسمبلی ان شاء اللہ تعالیٰ اسے بھرپور کامیاب کرنے میں اپنی کوشش کروں گا۔ میرا حلقہ پی پی۔242 تحصیل فورت عباس جو زیادہ تر چولستان پر مشتمل ہے، وہاں شہر کا انفراسٹرکچر اور ٹی ایم اے کے جو مسائل ہیں اور میرے جو حلقے کے مسائل ہیں وہ میں آپ کی وساطت سے وزیر خزانہ کی خدمت میں گوش گزار کرنا چاہ رہا ہوں۔ خصوصی طور پر جو شہر کا انفراسٹرکچر ہوتا ہے جو صفائی کا نظام ہوتا ہے وہ ٹی ایم اے پر منحصر ہوتا ہے لیکن میری ٹی ایم اے default کر چکی ہے کوئی مشینری نہیں ہے صفائی کا کوئی نظام نہیں ہے۔ وہاں 14 واٹر سپلائز ہیں جس میں اس وقت صرف 4 واٹر سپلائز پورے شہر کو پانی مہیا کرتی ہیں جو انتہائی ناکافی ہیں اور فنڈز نہ ہونے کی وجہ سے میری ٹی ایم اے فورٹ عباس تقریباً default کر چکی ہے۔

جناب سپیکر!اس کے ساتھ ساتھ میں یہ گزارش کرنا چاہ رہا ہوں کہ پاکستان میں کاٹن پیدا کرنے میں میرا ضلع بہاولنگر دوسرے نمبر پر ہے اور گندم پیدا کرنے میں پہلے نمبر پر ہے۔ میں اپنے کسان بھائیوں کے لئے بات کرنا چاہ رہا ہوں محترمہ مریم نواز شریف اور وزیر خزانہ کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ کسان کارڈ کا بہت شکریہ لیکن کسان کو اس کی فصل کا اصل ریٹ دلوانا چاہئے اس میں مڈل مین کو تو فائدہ ہو گا۔ چونکہ ساری فصلیں کھیت سے منڈی تک آتی ہیں اور بکتی ہیں اور کسان آڑھتی سے بیج کھاد سپرے اور ڈیزل لیتا ہے اور سال کے بعد آڑھتی کو اپنی فصل دیتا ہے اور آڑھتی مناسب منافع لے کر حکومت کے ریٹ کے مطابق حساب کرتا ہے لہٰذا یہ مثال کہ مڈل مین کو فائدہ ہو گا سراسر بددیانتی کے مترادف ہے۔ آج بھی 80 فیصد گندم کسانوں کے گھروں میں پڑی ہے اور فری باردانہ نہ دے کر بہت بڑا ظلم اور زیادتی کی گئی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پنسوتا صاحب! پلیز wind up کریں۔

جناب کاشف نوید: جناب سپیکر! میرا حلقہ تحصیل فورٹ عباس ضلع بہاولنگر کی آخری تحصیل ہے جو بارڈر پر ہے وہاں سہولیات کا فقدان ہے، نہری پانی وارہ بندی اختیار کی گئی ہے اس سے میرے کسان کا بے پناہ نقصان ہوا ہے، tails کے کسانوں کو بہت پریشانی کا سامنا ہے ہوا ہے۔ میرا حلقے میں 25 سال سے کوئی ڈویلپمنٹ نہیں ہوئی اور سڑکوں کی اتنی بری حالت ہے کہ ہارون آباد اور فورٹ عباس روڈ 55 کلو میٹر ہے، میں نے وزیر خزانہ سے بھی گزارش کی اور وزیر اعلیٰ صاحبہ اور وزیر C&W کی طرف سے سے میرے سے commitment کی گئی لیکن اس کے لئے فنڈز مختص نہیں کئے گئے۔ 25 کلو میٹر مکمل ہو چکے اور 25 کلو میٹر بقایا ہے لہٰذا وزیر خزانہ سے گزارش ہے کہ اس 25 کلو میٹر سڑک کے لئے خصوصی شفقت فرمائی جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پنسوتا صاحب! آخری تیس سیکنڈ۔ پلیز! wind up کریں۔

جناب کاشف نوید: جناب سپیکر! جی، ٹھیک ہے۔ میری گزارش ہے کہ میرے حلقے میں موضع مروٹ میں 1122 کا قیام بہت ضروری ہے 70 کلو میٹر distance ہے۔ اس کے ساتھ نادرا کے لئے 70 کلو میٹر دور دراز کے علاقے سے فورٹ عباس میں آتے ہیں لہٰذا نادرا کا آفس بھی مروٹ

میں ہونا چاہیئے۔ میں وزیر خزانہ جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن، وزیر اعلیٰ پنجاب کو عوام دوست بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ میں ایک شعر کے ساتھ اجازت چاہوں گا:

ابھر رہے ہیں فضاؤں میں دلنشین پرچم
کنارے مشرق و مغرب کے ملنے والے ہیں
ہزار برق گرے ہزار آندھیاں چلیں
وہ دیپ جل کر رہیں گے جو جلنے والے ہیں

بہت شکریہ، پاکستان پائندہ باد

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ جی، جناب زاہد اسماعیل بھٹہ!

جناب محمد زاہد اسماعیل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔ جناب سپیکر! شکریہ۔ آپ نے جو پانچ منٹ دیئے ہیں ان شاء اللہ میں اسی ٹائم میں سمندر کو کوزے میں بند کرنے کی کوشش کروں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بھٹہ صاحب! میں نے پانچ منٹ نہیں بلکہ تین منٹ دیئے ہیں۔

جناب محمد زاہد اسماعیل: جناب سپیکر! جتنے بھی بجٹ آئے ہیں اور ان میں ترقی کے جو اہداف رکھے گئے ہیں صحت کے حوالے سے، صاف پانی کے حوالے سے، تعلیم کے حوالے سے جتنے بھی اہداف رکھے گئے ہیں بجٹ میں جتنا بھی پیسا رکھا گیا ہے۔ میں نے نہیں دیکھا کہ آج تک میرے ضلع مظفر گڑھ میں بجٹ کا پورا پیسا استعمال ہوا ہو۔ ہمیشہ مظفر گڑھ کا بجٹ دوسرے اضلاع پر لگا دیا جاتا ہے لیکن آج تک مظفر گڑھ میں بجٹ کا پیسا نہیں لگا، ہمارے مظفر گڑھ کی آبادی 40 سے 45 لاکھ ہے لیکن وہاں ایک یونیورسٹی تک موجود نہیں ہے، صحت کے مسائل ہیں، پانی کے مسائل ہیں۔ اس کے علاوہ سیوریج کے مسائل ہیں بلکہ ان گنت مسائل ہیں میں کن کن مسائل کا ذکر کروں۔ مظفر گڑھ میں میرا حلقہ پی پی۔270 خان گڑھ، روحیلانوالی قانون گوئی پر مشتمل ہے وہاں جو ہسپتال ہیں وہاں آج تک کڈنی سنٹر نہیں بن سکا، میرا حلقہ پانچ لاکھ آبادی کا لیکن کڈنی سنٹر نہیں، برن یونٹ نہیں ہے، ٹراما سنٹر نہیں ہے۔ عوام ملتان جاتی ہے اور ملتان سے لاہور آتی ہے لیکن مظفر گڑھ آج تک ان چیزوں سے محروم ہے۔ ایک جی ٹی روڈ ہے جسے قاتل روڈ کہا جاتا ہے۔ جس کے لئے بجٹ کے اندر

31۔ ارب روپے رکھے گئے ہیں لیکن خدا کی قسم اگر یہ کہیں کہ ہم اس روڈ کو سرخی پاؤڈر لگا کر روڈ بنا دیں گے تو ہمیں نا قابل قبول ہو گا۔ ہمیں one way روڈ چاہئے جہاں ہزاروں جانیں جاتی ہیں لاکھوں لوگ زخمی ہو چکے ہیں ہمیں one way road کے علاوہ کوئی روڈ منظور نہیں ہے۔ میرے حلقہ پی پی۔270 میں روحیلانوالی اڑھائی لاکھ آبادی کی قانون گوئی ہے لیکن اس میں گرلز کالج نہیں ہے، بوائز کالج نہیں ہے، سیوریج کے ان گنت مسائل ہیں، ہسپتال کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔ کرپشن کا نیا باب جو revamping کے نام پر کھولا گیا ہے اس کے لئے جو پیسا رکھا گیا ہے اس کی جگہ ہم ہسپتال کے نئے کمرے بنا سکتے ہیں اور جگہوں پر وہ پیسا خرچ کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر! 2018 میں پی ٹی آئی کی حکومت میں جنوبی پنجاب کے لئے بجٹ میں 34 فیصد حصہ دیا گیا تھا ہمیں وہ دوبارہ دیا جائے۔ منسٹر صاحب اکثر اوقات ہمیں اخلاقیات کا درس دیتے ہیں کہ ہم کسی کو کرپٹ کہہ دیں چور کہہ دیں یعنی ہم کوئی سچ بات کہہ دیں تو یہ ہمیں اخلاق کا درس دیتے ہیں کہ ان کے لئے اخلاقیات کے لیکچر شروع کئے جائیں تو میں اخلاقیات کی بات کرتا چلوں کہ اخلاقیات اس وقت کہاں گئی تھیں کہ جب 9۔ مئی کے بعد ہماری خواتین عالیہ حمزہ، صنم جاوید اور یاسمین راشد کو بے گناہ پکڑا گیا تھا، یہ اخلاقیات اس وقت کہاں گئی تھیں کہ جب ہمارے پارلیمانی لیڈر میاں اسلم اقبال کو اس اسمبلی میں آنے سے روکا گیا، یہ اخلاقیات اس وقت کہاں گئی تھیں کہ جب ہمارے لیڈر شاہ محمود قریشی اور دوسرے بہت سے بے گناہ افراد کو جیل میں ڈالا گیا تھا؟ ان سب کا ایک ہی قصور ہے کہ وہ عمران خان سے محبت کرتے ہیں۔ آپ عمران خان کی محبت ہمارے دلوں سے نہیں نکال سکتے۔

جناب سپیکر! دنیا میں seven deadly sins ہوتی ہیں۔ ان seven deadly sins میں pride, greed, lust, envy, gluttony, wrath and sloth شامل ہیں اور یہ آپ میں بدرجہ اتم موجود ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، زاہد اسماعیل صاحب! مہربانی کر کے wind up کر لیں۔

جناب محمد زاہد اسماعیل: جناب سپیکر! اس میں ایک لفظ "gluttony" استعمال ہوا ہے اس میں دونوں طرح کے کھانے شامل ہیں۔ (معزز رکن نے ہاتھ کے اشارے سے بتایا) آئیں ہم سب مل

کر بیٹھتے ہیں اور اخلاقیات کی بات کرتے ہیں۔ ہم اخلاقیات کی یہ بات کرتے ہیں کہ ہمارے تمام ادارے اپنے حدود و قیود میں رہ کر کام کریں گے۔ آئیں جنوبی پنجاب کو دل سے اپناتے ہیں اور جنوبی پنجاب کے لئے اپنا دل کھلا کرتے ہیں۔ جنوبی پنجاب ہر دن آپ سے ایک قدم دُور ہوتا جارہا ہے۔ وہاں کے لوگوں کے اندر آپ کے لئے نفرت بڑھتی جارہی ہے کیونکہ آپ کا کینسر سنٹر اور آئی۔ٹی سنٹر لاہور کے لئے ہے۔ کیا جنوبی پنجاب پاکستان کا حصہ نہیں ہے، کیا جنوبی پنجاب اس پنجاب کا حصہ نہیں ہے اور ہم جنوبی پنجاب کو کب تک محروم رکھیں گے؟ میری التماس ہے کہ جنوبی پنجاب کو بجٹ کا 34 فیصد پورا share دیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، زاہد اسماعیل صاحب! آپ کے پاس آخری 30 seconds ہیں۔

جناب محمد زاہد اسماعیل: جناب سپیکر! میں آخر میں سرائیکی کا ایک چھوٹا سا شعر محترمہ عظمیٰ کاردار اور دوسرے ان لوگوں کے لئے پیش کرتا ہوں جو کہ ہماری طرف سے حزب اقتدار کی طرف چلے گئے ہیں۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ:

کاغذ تے لکھ کے لفظ وفا
نت گھول کے پی ، متاں اثر تھیوۓ

بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، مہربانی۔ اب سردار عبدالعزیز خان دریشک صاحب بات کریں گے۔

جناب عبدالعزیز خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ میں سب سے پہلے ایک بہترین اور متوازن بجٹ پیش کرنے پر اپنی وزیر اعلیٰ محترمہ مریم نواز شریف اور وزیر خزانہ میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ان کو مبارکباد دیتا ہوں۔ پچھلے دور میں پنجاب کے معاشی حالات تباہ ہو گئے تھے ان شاءاللہ ہمارے دور حکومت میں صوبہ پنجاب ناصرف اپنے پاؤں پر کھڑا ہوگا بلکہ پنجاب کی ترقی پورے ملک میں دیکھی جائے گی۔

جناب سپیکر! جو اچھے اقدامات اُٹھائے جاتے ہیں اور عملی کام ہوتے ہیں وہ خود بولتے ہیں۔ ہماری حکومت کے پہلے 100 دنوں میں مہنگائی کم ہوئی ہے اور معاشی حالات بہتر ہو رہے ہیں۔ ہسپتالوں میں مریضوں کو مفت ادویات مل رہی ہیں۔ اب عوام کی طرف سے یہ آوازیں

آرہی ہیں کہ جتنے کام پہلے 100 دنوں میں ہماری وزیر اعلیٰ صاحبہ نے کئے ہیں اس سے پہلے کسی نے نہیں کئے۔ پی ٹی آئی والے صرف نعرے لگاتے ہیں انہوں نے اپنے دور حکومت میں کچھ بھی نہیں کیا بلکہ انہوں نے تو اس صوبے کا بُرا حال کر دیا تھا اور ملک ایک شدید معاشی بحران میں مبتلا ہو گیا تھا۔ ان شاءاللہ ہماری حکومت کی طرف سے جب 2026-2025 کا بجٹ پیش ہو گا تو ہمارا صوبہ مکمل طور پر ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہوں گا۔ لوگوں کو نوکریاں مل رہی ہوں گی اور ترقیاتی کام بھی ہو رہے ہوں گے۔

جناب سپیکر! میں مختصر وقت میں اپنے حلقے کے حوالے سے کچھ گزاشات کرنا چاہتا ہوں۔ ہمارا ضلع راجن پو راور خاص طور پر میرا حلقہ زرعی علاقہ ہے۔ ہمارے علاقے میں 1966 میں ڈی۔ جی خان کینال بنی تھی اور اس کے link-III سے راجن پور کو پانی مل رہا تھا۔ ہمیں داجل کینال اور link-III سے 4400 کیوسک پانی مل رہا تھا۔ یہ 1966 کی بات ہے اب تو کافی زیادہ رقبے آباد ہو گئے ہیں لیکن ہمیں اب صرف 3300 کیوسک پانی مل رہا ہے۔ میری درخواست ہے کہ ہمارے علاقے کے لوگوں کی پانی کی اس کمی کو پورا کیا جائے۔ پہلے یہ تجویز آئی تھی کہ داجل کینال کی extension ہو گی اور اگر داجل کینال کی extension کر دی جائے تو پھر ہمارے علاقے کی مزید ایک لاکھ ایکڑ زمین آباد ہو جائے گی۔ ہمارے علاقے میں ایک لاکھ ایکڑ رقبہ جو اس وقت غیر آباد پڑا ہوا ہے اگر وہ آباد ہو جائے تو اس سے صوبہ پنجاب اور ہمارے علاقے کے لوگوں کو فائدہ ہو گا اور وہاں کے لوگوں کو روزگار میسر ہو گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! مہربانی کر کے wind up کر لیں۔

جناب عبدالعزیز خان: جناب سپیکر! مجھے مزید دو منٹ دے دیں۔ آپ دیکھیں کہ ہم کتنی دور سے آئے ہوئے ہیں۔ میرے علاقے میں flood and hill torrent کی وجہ سے بہت زیادہ نقصان ہوتا ہے۔ ہماری دو سے تین یونین کونسلیں ایسی ہیں کہ جو مکمل طور پر hill torrent کی زد میں آجاتی ہیں۔ جہان پور، فتح پور اور چک شکاری کے علاقوں کا پورا structure تباہ ہو چکا ہے۔ یہ وہ جگہیں ہیں کہ جہاں پر انسان اور جانور ایک جگہ سے اکٹھے پانی پیتے ہیں۔ ان علاقوں کی سڑکیں تباہ ہو چکی ہیں۔ میری درخواست ہے کہ ان تباہ شُدہ سڑکوں کی نئے سرے سے تعمیر کر کے بحال کی

جائیں۔ میرے علاقے کے لوگوں کے لئے پینے کے پانی کا مناسب انتظام کیا جائے تاکہ ان کو پینے کے لئے صاف پانی میسر آسکے۔

جناب سپیکر! ہمارے ہاں Border Military Police (BMP) ہے جو کہ اس علاقے میں policing کا کام کرتی ہے۔ ان میں 1987 سے آج تک بھرتی نہیں ہوئی۔ اس BMP میں نئی بھرتی کی جائے تاکہ وہ law and order کی صورتحال کو کنٹرول کر سکیں اور بارڈر کی حفاظت بھی اچھے طریقے سے کر سکیں۔

جناب سپیکر! ہمارے علاقے میں ایک کاٹن ریسرچ سنٹر بنایا گیا ہے لیکن اس کو ملتان کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے۔ مہربانی کر کے ہمارے علاقے کے کاٹن ریسرچ سنٹر کو خود مختار کیا جائے تاکہ وہ ہماری آب و ہوا کے مطابق کاٹن کی فصل کے لئے ریسرچ کر سکیں اور لوگوں کو اس سنٹر میں ہونے والی ریسرچ کا کوئی فائدہ ہو سکے۔ چونکہ وقت کی قلت ہے تو میں خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ علیہ کے شعر کے ساتھ اپنی تقریر کا اختتام کروں گا:

ہن تھی خوش فریدا شاد ول
ڈکھیں کوں نہ کر یاد ول
ایہہ جھوکاں تھیسن آباد ول
اے نین نئیں واہنی ہک منڑی
تھیسی اوھا جہڑی رب گڑنی

بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، اب محترمہ اسماء ناز بات کریں گی۔

محترمہ اسماء ناز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ مجھے بہت خوشی ہو رہی ہے کہ میں ایک ایسے تاریخی بجٹ اجلاس کے موقع پر اظہار خیال کر رہی ہوں جو پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ کے دور میں پیش ہوا۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بجٹ اس حوالے سے بھی تاریخی ہے کہ یہ بجٹ کئی سالوں بعد پنجاب کو تعمیر و ترقی کی راہ پر دوبارہ گامزن کرنے کی جانب ہماری حکومت کی وہ کاوش ہے جس کی پنجاب کی عوام کو توقع تھی کیونکہ موجودہ حالات میں surplus بجٹ پیش کرنا

آسان نہ تھا۔ گزشتہ چار سالوں میں پنجاب کے ساڑھے 12 کروڑ عوام کے مسائل کو حل کرنے کی بجائے جس طرح فیصلہ سازی ہو رہی تھی اُس کے نتیجے میں پنجاب کو مسائلستان بنا دیا گیا تھا مگر ہم اپنی لیڈر وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے چند ماہ دن رات ایک کر کے چار سالہ گند صاف کر کے صوبے کی تاریخ کا سب سے بڑا بجٹ پیش کیا۔

جناب سپیکر!صحت، تعلیم، لیپ ٹاپ سکیم، سوشل پروٹیکشن، ماحول دوست بس سروسز، انفراسٹرکچر اور کسانوں کو بلاسود قرضوں کی فراہمی کے لئے خطیر رقم کا مختص ہونا اور کوئی نیا ٹیکس نہ لگانا یہ ایک تاریخی کارنامہ ہے جس پر پنجاب کی عوام وزیر اعلیٰ اور وزیر خزانہ کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق عوام کی خدمت کے لئے air ambulances, free medicines, revamping of government hospitals, electric motor bikes, skills develop upgradation, digital Punjab, کھیلتا آگے بڑھتا پنجاب، خواتین کی فلاح و بہبود اور پروٹیکشن کے لئے پراجیکٹس سے لے کر آٹے، روٹی اور اشیائے خوردونوش کی کمی تک صرف باتوں کی حد تک نہیں رہا بلکہ یہ سب کچھ کر کے دکھایا۔

جناب سپیکر! عوام پر بوجھ ڈالے بغیر اپنے ذرائع سے revenue میں اضافہ کرنا اس بجٹ کا عوام دوست ہونے کا ثبوت ہے جو ان شاء اللہ پنجاب کو خود کفالت کی طرف لے کر جائے گا۔ معاشی طور پر مضبوط کرے گا، ملک میں نفرت، جھوٹ اور افراتفری کی بجائے تعمیر و ترقی اور آگے بڑھنے کے دور کا دوبارہ آغاز ہو چکا ہے۔

جناب سپیکر! وقت کی مناسب سے میں اپنے الفاظ کہنا چاہوں گی بطور خاص پنجاب کے سیاحتی دل مری کا ذکر کرنا چاہوں گی۔ مری کے لئے 5۔ ارب روپے کی خطیر رقم مختص کرنے سے جہاں خطہء کوہسار میں تعمیر و ترقی کے نئے دور کا آغاز ہو گا وہاں سیاحت کو بھی فروغ ملے گا۔ میں اپنی پہاڑی زبان میں مری کی جانب سے محترمہ مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گی۔ میڈم چیف منسٹر! مری نے ترقیاتی کماں پر جس طرح تُساں اپنی زیر نگرانی وچ کم کراندے پئے او، مری نے عوام تہہ دل سے تُساں کی خراج تحسین پیش کرنی۔ مری کل وی پاکستان مسلم لیگ (ن) کا ساں، اَج وی پاکستان مسلم لیگ (ن) نا واں اور ان شاء اللہ اگلے آنے آلے مستقبل وچ وی پاکستان مسلم لیگ (ن) دا ہو سی۔ بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بہت شکریہ۔ وزیر خزانہ صاحب! آپ wind up speech کل ہی پھر کریں گے؟

وزیر خزانہ وپارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! میں کل wind up speech کروں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔ اب آج کے اجلاس کا وقت ختم ہو گیا ہے۔

Now the House is adjourned to meet on Tuesday 25th June 2024 at 11:00 am.